باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

# ماہنامہ عبقری ® لاہور

218

جولائی 2024ء ذوالحجہ/محرم الحرام 1445/46 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

- جولائی میں ہندوستانی چائے! فوائد جانیے آپ بھی کبھی نہ چھوڑیں گے
- معصوم لڑکی کی بد دعائیں مجھے کھا گئیں! اے کاش میں ایسا نہ کرتا
- شہدائے کربلا کا عظیم عمل! مشکلات ختم' پریشانیاں دور
- ''سرخ دھاگہ'' بچوں کی ہر بیماری میں مؤثر! فوری اثر
- ریاست میں بیٹھے قلندر نے امیر کبیر ہونے کا راز بتا دیا
- 5 لاکھ آپریشن کا خرچہ! 50 روپے میں شفاء مل گئی
- معذور' کمزور' اپاہج مریضوں کیلئے زبردست نسخہ
- روشن چہرہ، دماغ اور صحت میں نئی تازگی کا گُر
- ہم پر مسلط جنّی کو آگ لگی اور وہیں راکھ ہوگئی
- 80 سال کی عمر میں بھی گھنے اور مضبوط بال
- کمر درد ختم' قد بڑھ گیا! طریقہ ہم بتاتے ہیں
- پانی کے کنارے جنات کے ٹھکانے

قیمت 50/-

## 9 اور 10 محرم الحرام

کی مقبول گھڑیوں میں مقدر، نصیب، بخت کو پانے کیلئے تسبیح خانہ میں تشریف لائیں۔

عبقری رسالہ کا نیا سلسلہ! (اگست 2024ء سے آغاز)

## آئیے آپ کو عامل کامل بنادیں

روحانی صدری راز ان کا طریقہ' باجازت اعمال ہر ماہ آپ کو بتائے اور سکھائے جائیں گے

## شیخ الوظائف کی کراچی آمد!

28 جولائی 2024ء اتوار

دوپہر ............ 1:00 بجے

12 روحانی پیکیج بالکل فری

**بمقام:** صائمہ ٹریڈ ٹاور بالمقابل جنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی | تفصیلات اندرونی صفحات پر


عبقری شربت الائچی اور صندل

تازگی، فرحت اور ٹھنڈک کا بھرپور احساس!




گھر بیٹھے منگوانے کیلئے رابطہ کریں: 0304-1112261


**باخبر رہیں** | لوگ شیخ الوظائف کے نام پر عامل' حکیم' پیر' خلیفہ' شاگرد' دوست بن بیٹھے' اپنے مال' جان اور ایمان کی حفاظت کریں' ایسے لوگوں کی اطلاع بذریعہ واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کیجئے! 0343-8710009

عَبۡقَرِیٍّ حِسَانٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (القرآن)

یاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

صاحبزادے: پیر رومی عبقری۔ پیر شبلی عبقری۔ پیر غزالی عبقری

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان ہر فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

# ماہنامہ عبقری لاہور

## جولائی 2024ء

شمارہ نمبر 1 | جلد نمبر 19 | جولائی 2024ء ذوالحجہ/محرم الحرام 46-1445 ہجری

قیمت -/50 روپے | سالانہ ممبر شپ اندرون ملک 1440 روپے بیرون ملک سالانہ 64US$

## فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | پانی کے کنارے جنات کے ٹھکانے (حال دل) | 27 | کمزور دختم قد بڑھ گیا! طریقہ ہم بتاتے ہیں |
| 4 | چند دن میں ٹائیفائیڈ بخار کا جڑ سے خاتمہ! | 28 | تسبیح خانہ کا عاشق جن! انکشافات کا انوکھا جہاں |
| 5 | جھونپڑی ٹوٹے گی تو محل تیار ہوگا! بالکل ایسے ہی ہوا | 29 | معصوم لڑکی کی بددعائیں مجھے کھا گئیں! |
| 6 | بچوں کی تربیت کے غیر موزوں طریقے | 35 | آسٹریلیا میں مقیم بھائی عبقری کا دیوانہ |
| 7 | ہر ناممکن کام مضبوط سفارش سے کروایئے | 38 | صلہ رحمی کی برکات نے نسلوں کو رنگ دیا! |
| 8 | کاغذ پر جتنی رقم لکھیں اتنی ملے گی! آزمودہ عمل | 39 | جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار) |
| 9 | گھر بنایئے' لگایئے' گوری رنگت پایئے! | 41 | گھر دولت کے ڈھیر لگ جائیں گے |
| 10 | شہدائے کربلا کا عظیم عمل! مشکلات ختم | 42 | جوانی کی یہ عادت بڑھاپا اذیت ناک بنائے |
| 11 | حضرت ابراہیم شماس سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف | 43 | جولائی کا صدقہ |
| 12 | دل' جگر اور دماغ کی طاقت کا قدرتی شاہکار | 44 | سورج مکھی! بہترین غذائی تحفہ! |
| 13 | جادو سے تڑپتے سسکتے خط اور علاج | 45 | کمر لوہا ہڈیاں مضبوط اور کینسر کو ختم کردینے والا نسخہ |
| 14 | صحت مند' چمکدار اور خوبصورت دانتوں کیساتھ مسکرایئے! | 46 | قارئین کے سوال قارئین کے جواب |
| 15 | میری نسل' خاندان بھر کی زندگیاں بدل گئیں | 47 | دوسروں کا علاج کرنے والا لاعلاج مرض کا شکار! |
| 16 | ایک پھونک سے کرائے دار سے مالک مکان بن گئے | 48 | ہنستا بستا گھر اجڑ گیا سکون کا لمحہ بھی میسر نہیں! |
| 17 | قابل رحم شوہر سنگدل بہو اور ظالم ساس | 50 | ہم پر مسلط جنتی کو آگ لگی اور وہیں راکھ ہوگئی |
| 20 | وسیع غیبی رزق پانے کے مجرب عملیات | 54 | درویش کی ایسی نصیحت جو آپ کو مالا مال کردے! |
| 21 | بس 7 چاکلیٹ بانٹ دیں! نسلیں سنوار لیں! | 55 | آپ کا خواب اور شیخ الوظائف کی روشن تعبیر |
| 22 | شیخ الوظائف کی مجلس طب! | 58 | ایک لڑکی کے جسم سے جن نکلنے کا خوفناک واقعہ |
| 23 | 5 لاکھ آپریشن کا خرچہ 50 روپے میں شفا مل گئی | 60 | پکا جواری اپنا سب کچھ لٹا چکا تھا' ولی بن گیا |
| 24 | بڑھاپے اور موٹاپے کا غبار! اچانک کیسے چھٹا؟ | 63 | مسجد کی خدمت نے بیماریوں اور بدبختی کا صفایا کردیا |
| 25 | الجھے خطوط سلجھے جواب | 65 | نقش دریائے نیل کا عمل |
| 26 | "سرخ دھاگہ" بچوں کی ہر بیماری میں موثر فوری اثر | | |


ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

حدیث: لوگوں میں بہتر وہ ہے جو انسانوں کو نفع پہنچاتا ہے۔ (کنز العمال)

## عیدالاضحیٰ پر عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن کی خدمات (عبقری ٹرسٹ)

### اجتماعی قربانی میں لوگ عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن پر اعتماد کیوں کر رہے ہیں؟

- حفظان صحت کے اصولوں کے عین مطابق ذبح
- ماہرین صحت اور جید علماء کی زیرنگرانی
- تمام شرعی تقاضوں کی تکمیل کیساتھ
- بہترین اور معیاری پیکنگ
- مقررہ وقت پر گوشت کی فراہمی
- تجربہ کار افراد کی زیرنگرانی جانوروں کی خریداری
- مستحقین کی تصدیق کیساتھ باعزت طریقے سے گوشت کی فراہمی

### جن شہروں میں اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا گیا

① لاہور۔ ② شیخوپورہ۔ ③ فیصل آباد۔ ④ گوجرہ۔ ⑤ قصور۔ ⑥ چکوال۔ ⑦ ملتان۔ ⑧ فتح جنگ۔ ⑨ کہروڑ پکا۔ ⑩ لودھراں۔ ⑪ احمد پور شرقیہ۔ ⑫ دائرہ دین پناہ۔ ⑬ روہی۔ ⑭ سکھر۔ ⑮ دادو۔ ⑯ پنوخیل۔ ⑰ خیرپور۔ ⑱ نورکوٹ۔ ⑲ حیدرآباد۔ ⑳ کراچی۔ ㉑ مری بھوربن۔ ㉒ پشاور۔ ㉓ مانسہرہ۔ ㉔ جتوئی۔

### عیدالاضحیٰ کی دیگر خدمات

- روزانہ پردیسی بیوپاریوں کیلئے بہترین' تازہ' لذیذ وسیع لنگر
- باعزت طریقے سے ہر فرد کے ہاتھ میں تازہ لنگر کی فراہمی
- 24 گھنٹے انسانوں اور جانوروں کیلئے صاف پانی کی سبیل
- بیوپاریوں کیلئے موبائل چارجنگ کی سہولت کا وسیع انتظام
- میٹھے ٹھنڈے مشروب کی سبیل' جہاں باوقار طریقے سے شربت پلایا جارہا۔
- سینکڑوں خاندانوں میں ماہانہ وظیفہ کی باقاعدگی سے ادائیگی

### آئیں آپ بھی بے سہاروں کا سہارا بنیں!

عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن نے درج ذیل شعبہ جات میں جس طریقے سے بلاتفریق رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت کی وہ اپنی مثال آپ ہے۔

زلزلہ زدگان | سیلاب متاثرین | ماہانہ راشن تقسیم | واٹر فلٹر پلانٹ | صحت میڈیکل کی سہولیات | غریب بچیوں کیلئے جہیز کا سامان

**MEEZAN BANK**
Account Title: Ubqari Trust
Account Number: 0219-0101089043
IBAN: PK30MEZN0002190101089043

تجاویز' شکایات و رابطہ کیلئے 0343-8710009

رجسٹریشن نمبر: RP/6237/L/S/10/1534

شیخ الوظائف سے ملاقات کے ٹوکن کیلئے 0322-4688313

گھر بیٹھے عبقری کتب وادویات منگوانے کیلئے 0304-1112261

عبقری آفیشل واٹس ایپ گروپ جوائن کرنے کیلئے +92-332-7552382 +92-321-4343500

شیخ الوظائف کے اسسٹنٹ سے طبی و روحانی مشاورت کیلئے 042-37597605 042-37552384 042-37425801-3

فون کے اوقات: پاکستانی وقت کے مطابق صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک

اکابر پر اعتماد (عبقری وظائف کے مستند حوالہ جات جانیے) /akabirparaitmad

خط وکتابت کا پتہ: دفتر ماہنامہ عبقری' قرطبہ چوک عبقری اسٹریٹ مزنگ چونگی لاہور۔ ناغہ بروز اتوار

گوگل میپ پر Ubqari Dawakhana لکھیں

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

# اُمت پر سب سے زیادہ مہربان!

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا۔ ابوبکرؓ کو سب لوگوں سے زیادہ حقدار سمجھتے ہیں کہ وہ آپ ﷺ کے نماز کے ساتھی اور ثانی اثنین ہیں اور حضور ﷺ نے اپنی حیات ظاہری میں ان کو نماز پڑھانے کا حکم فرمایا۔ (شرح نہج البلاغہ ابن ابی حدید شیعی)

شفیع اُمت صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے حضرت سیدنا جبریل امین علیہ السلام سے استفسار فرمایا: میرے ساتھ ہجرت کون کرے گا؟ تو سیّدنا جبریل امین علیہ السّلام نے عرض کی: ابوبکرؓ (آپ کے ساتھ ہجرت کریں گے)، وہ آپ ﷺ کے بعد آپ کی اُمت کے معاملات سنبھالیں گے اور وہ اُمت میں سے سب سے افضل اور اُمت پر سب سے زیادہ مہربان ہیں۔ (جمع الجوامع، ج11)

جواں مردی اور حقیقی سخاوت یہ ہے کہ آدمی دوسروں کی تکلیف اپنے سر لے۔ (حضرت ابوبکر صدیقؓ)

# سخی اور غریب پرور اُم المومنین رضی اللہ عنہا

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس اللہ کے رزق میں سے جو بھی چیز آتی وہ اس کو اپنے پاس نہ روکے رکھتیں بلکہ اسی وقت (کھڑے کھڑے) اس کا صدقہ فرما دیتیں۔'' (بخاری)

حضرت عطاء بن ابن الرباحؒ کہتے ہیں۔ حضرت عائشہؓ سب سے زیادہ فقیہ سب سے زیادہ بہتر اور لوگوں میں سب سے زیادہ صائب الرائے تھیں۔ تفقہ فی الدین کا ماہر، آیات قرآن کے شان نزول اور علم فرائض کا جاننے والا آپؓ سے زیادہ کسی اور کو نہیں دیکھا۔ (مستدرک)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے کہ اگر غیب دانی کے دعویٰ کا خیال نہیں ہوتا تو میں کہتا کہ پانچ اشخاص جنتی ہیں۔ (1) وہ محتاج جو عیالدار مگر صابر ہو۔ (2) وہ عورت جس کا خاوند اس سے راضی اور خوش ہو۔ (3) وہ عورت جس نے اپنے شوہر کا حق مہر معاف کر دیا ہو۔ (4) وہ جس کے والدین اس سے خوش ہوں۔ (5) وہ جو اپنے گناہوں سے سچی توبہ کرے۔

# حالِ دل

# پانی کے کنارے جنات کے ٹھکانے

ایڈیٹر کے قلم سے — جو میں نے دیکھا، سنا اور سوچا

## خودکشی کا بڑھتا ہوا رجحان

ساحل سمندر اور دریاؤں کے کناروں پر جتنے بھی لوگ رہتے ہیں ان سب لوگوں کو اکثر مسائل' مشکلات' نفسیاتی الجھنیں' ذہنی تناؤ' کھچاؤ' ذہنی اعصابی بے چینی' بے کلی' بے قراری رہتی ہے' خودکشی کے رجحانات کا بڑھ جانا' گھریلو جھگڑے' ہروقت اپنے آپ سے' معاشرے سے' گھر سے' لوگوں سے' مالک سے' ماتحت سے' لڑنا' الجھنا' بے زار رہنا' پریشان رہنا' پھر اس کیلئے ٹینشن کی گولیاں کھانا' ادویات استعمال کرنا اور آہستہ آہستہ نشہ کی طرف چلتے چلے جانا' نشہ کا حد سے زیادہ بڑھ جانا' یہ سب چیزیں بڑی انوکھی ہیں اور بہت زیادہ پائی جاتی ہیں پھر اس کے بعد جرائم کی زندگی' قتل' جبر و زیادتی اور پھر اس سے بھی آگے معاملات نکل جاتے ہیں۔

## ساحل سمندر کے عاشق اور دیوانے جنات

پوری دنیا کی سائنس اور انگریز اب یہ ماننے کو تیار ہو گئے ہیں کہ دراصل ساحلوں پر جناتی چیزیں اور ان کی شرارتیں بہت زیادہ ہیں۔ وہاں یہ مخلوق حد سے زیادہ ہے اور اس مخلوق کی ایذا رسانی اس لیے زیادہ ہے کہ ساحلوں پر اکثر ننگے یا نیم عریاں لوگ ہوتے ہیں' ان کا جسم' ان کے بال اور ان کے جسمانی اعضاء کو جنات بہت پسند کرتے ہیں۔ جنات ان پر عاشق اور ان کے دیوانے ہوتے ہیں۔ ان اعضاء سے یہ جناتی اور شیطانی چیزیں بہت زیادہ کھیلتی اور لطف اندوز ہوتی ہیں۔

جن لوگوں کو جنات نظر آتے ہیں اب بھی دنیا میں بہت ہیں' میں نے یہ ساری باتیں انہی سے سنی ہیں یا پھر ساحلوں پر رہنے والے لوگ اپنے مشاہدات اور تجربات بتاتے ہیں۔

## ملاح بابا کے انوکھے انکشافات

کراچی میں دوران کلینک ملاقات کیلئے ایک پرانے ملاح آتے تھے' باباجی تھے' اس وقت وہ ملاحوں کے سردار تھے' ان کی زندگی سمندر میں گزری' بہت بوڑھے تھے' کہنے لگے کہ جو لوگ سمندر میں مچھلیاں پکڑتے ہیں ہفتوں' مہینوں سمندر میں رہتے ہیں یا جو سمندر' دریا کے کنارے رہتے ہیں ان میں بہت کم تعداد ایسی ہے جو نماز' تسبیح' ایمان' روحانیت سے واقف ہوں' ورنہ وہاں بہت زیادہ جرائم اور بے راہ روی کی دنیا دیکھی گئی ہے اور یہ سو فیصد حقیقت ہے اور اس کے نتائج بہت برے ہوتے ہیں۔ وہ بابا ملاح مجھے کہنے لگا: میں بھی ایسا ہی تھا مگر ایک حادثہ نے میری زندگی بدل دی۔

## ایک سچے درویش سے ملاقات

ہوا یہ کہ میں گھر میں مسلسل بیماریوں' تکالیف' روگوں میں مبتلا تھا' میں نے اپنے بڑوں کو بھی ایسے دیکھا کیونکہ وہ بھی ملاح تھے' میں علاج معالجہ کے لیے ایک درویش کے پاس گیا جو واقعی سچے درویش تھے' انہوں نے ملاحوں کی زندگی' پانی کے کنارے کے حادثات اور جناتی شکار ہونے والی عورتیں اور مردوں کے کچھ حالات بتائے۔

انہوں نے تو مختصر بات کی لیکن میرا ذہن یکا یک پچھلی زندگی اور لوگوں کے مسائل پر کھلتا چلا گیا' وہ ساری کڑیاں ملتی چلی گئیں' کڑیوں پر کڑیاں' باتوں پر باتیں کھلتی اور ڈھلتی چلی گئیں اور مجھے احساس ہوا کہ یہ بات بالکل سچ ہے۔

## آئیے آپ بھی یہ بھید جان لیں!

پھر میں درود' کلمہ' نماز اور روحانیت کی طرف مائل ہوا میں نے آنکھوں سے بہت سے نظارے دیکھے کہ ساحلوں پر جنات کتنا زیادہ لوگوں کو متاثر' پریشان کرتے ہیں اور لوگ ان کی وجہ سے کتنی تکلیف' مصیبت میں مبتلا ہوتے ہیں اور یہ بالکل حقیقت ہے' سو فیصد سچائی ہے' اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ یہ بھید جانیں اور تفصیل سے جانیں تو پھر عبقری کی سائٹ پر ''عبقری جادوئی لائبریری'' کی سیر کریں اور اسے توجہ سے دیکھیں' آپ کے سامنے بہت راز اور بھید کھلیں گے اور آپ کو حقائق پتہ چلیں گے۔ عبقری کی ویب سائٹ WWW.UBQARI.ORG پر جائیں وہاں ''عبقری جادوئی لائبریری'' پر کلک کریں اور ایک نئی دنیا میں داخل ہو جائیں۔
https://ubqari.org/article/ur/details/11361-Sclentific-Research-On-Evll-Eye

## جادو جنات' مشکلات' بندشیں' الجھنیں اور رکاوٹیں اب نہ رہیں گی!

دعائے حزب البحر کا طاقتور ترین نقش! صدیوں سے عامل کامل حضرات اس نقش کی تاثیر پانے کیلئے انتھک محنت' مشقت اور چلے کرتے رہے مگر یہ سعادت ہر کسی کو نہیں ملی۔ تاریخ میں پہلی بار شیخ الوظائف کے ہاتھ سے لکھا ہوا یہ نقش عبقری اگست 2024ء کے شمارہ میں شائع کیا جائے گا۔ ماہ صفر کی نوچندی جمعرات یہ رسالہ تسبیح خانہ لے آئیں' خاص عمل کروایا جائے گا' شامل ہو کر اس نقش کی تاثیر پالیں' جادو جنات' مشکلات' الجھنیں اور رکاوٹیں اس نقش کے آگے ٹھہر نہ سکیں گی۔

# رشتوں کی دراڑیں ختم، گھر کو جنت بنانے اور روزگار کے وسیع نظام کیلئے ضرور پڑھیے

## نام امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہٗ کے فوائد وکمالات صدیوں سے آزمودہ آج بھی اتنے ہی مؤثر، ہر ماہ انوکھے سچے واقعات ضرور پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گھر میں والدہ اور اہلیہ کے درمیان نہیں بنتی تھی اور ان کے اس رویے کا سب سے زیادہ نقصان مجھے ہورہا تھا۔ والدہ کو سمجھا نہیں سکتا تھا اور اہلیہ سمجھتی نہیں تھی۔ مجھے جب عبقری میں حضرت عمرؓ کے نام کا نقش ملا تو مجھے اس کے علاوہ اپنی اس مشکل کا کوئی حل نظر نہیں آیا۔ میں نے اس نقش کا دیا گیا عمل کیا اور اللہ سے دعا کی کہ حضرت عمرؓ کو میرا پیغام پہنچا کہ آپ ہی میرے گھر کا معاملہ حل فرمائیں۔ اللہ کی شان اس عمل کے بعد کبھی میرے گھر میں معمولی جھگڑا بھی نہیں ہوا۔ والدہ اور اہلیہ میں اتنا حلم پیدا ہوگیا کہ وہ کسی بات پر بھی غصہ نہیں کرتیں۔ میرا گھر جنت بن گیا ہے۔ (نجیب اللہ، کراچی)

### سالوں سے الجھا کیس حل ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پیشے کے اعتبار سے میں وکیل ہوں۔ کچھ عرصہ پہلے ایک نجی ادارے نے مجھ سے رابطہ کیا۔ ان کا عدالت میں ایک بہت پرانا کیس چل رہا تھا۔ جو وکیل یہ کیس لڑ رہا تھا اس سے ناامید ہوکر انہوں نے یہ کیس مجھے دیا۔ بہت پیچیدہ معاملہ تھا لیکن میں نے تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ یہ حق پر ہیں۔ ان دنوں مجھے عبقری رسالہ میں میں نے نام حضرت عمرؓ کا نقش ملا۔ میں نے نقش کا عمل کیا اور حضرت عمرؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کرکے دعا کی۔ اس کیس کی کاروائی ہوئی اور فیصلہ ہمارے حق میں ہوگیا۔ میں بھی حیران اور مدعی بھی حیران تھے۔ میں سمجھتا ہوں یہ حضرت عمرؓ کے نقش کا کمال ہے ورنہ یہ کیس عرصہ دراز سے لٹک رہا تھا۔ (محمد عثمان، لاہور)

### لوگوں میں عزت ومرتبہ ملا

جب سے حضرت عمرؓ کے نام کا نقش ملا ہے میری تو زندگی بدل گئی ہے۔ جو لوگ مجھ سے بات نہیں کرتے تھے اب وہ بھی میرا ادب کرنے لگے ہیں، جہاں جاتا ہوں لوگ عزت کرتے ہیں۔ میری زندگی میں یہ کمال حضرت عمرؓ کے نقش کی برکت سے ہوا ہے۔ (ف، ن)

### آمدن میں اضافے کا فوری عمل

بچوں کے سکول کی فیس زیادہ تھی۔ اتنی فیسیں بھرنا مشکل ہو رہا تھا۔ میں نے کئی لوگوں سے سفارش کروائی لیکن فیس کم نہ ہوئی۔ میں نے عبقری میں نام حضرت عمرؓ کے نقش کا عمل کیا۔ اللہ نے میری روزی میں برکت دے دی اور کاروبار کا نظام وسیع ہوگیا۔ اب بچوں کی فیس اور گھر کے تمام اخراجات آسانی سے پورے ہوجاتے ہیں۔ (زمان، پشاور)

**نوٹ: قارئین!** عبقری کے گزشتہ شماروں جولائی 2022ء، جولائی 2023ء، اگست 2023ء ستمبر 2023ء کے شماروں میں نقش حضرت عمرؓ اور نومبر 2023ء میں دریائے نیل کا نقش شائع ہوچکا ہے۔ ابھی عبقری دواخانہ یا قریبی ایجنسی ہولڈر سے طلب فرمائیں۔

# چند دن میں ٹائیفائیڈ بخار کا جڑ سے خاتمہ!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو برکت وعافیت، صحت وتندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے اور آپ کی نسلوں کو دنیا وآخرت میں کامیابیاں عطا فرمائے، آمین۔ عبقری اور تسبیح خانہ سے تعارف کے بعد زندگی میں ایسا چین وسکون نصیب ہوا ہے جو پہلے میسر نہ تھا۔ عبقری رسالہ کے لئے ٹائیفائیڈ بخار سے متعلق اپنا ایک آزمودہ نسخہ تحریر کررہا ہوں، جو کوئی بھی اس بیماری میں مبتلا شخص استعمال کرے گا امید کرتا ہوں اس سے بہت نفع ہوگا۔

ٹائیفائیڈ بخار انتڑیوں کی ایک ایسی بیماری ہے جو ایک خاص قسم کے بیکٹیریا کی وجہ سے لاحق ہوتی ہے۔ یہ خصوصاً سینہ، شکم اور پشت پر نمایاں ہوتے ہیں۔ اس کا مرکز ''آنتیں'' ہیں۔ یہیں اس جراثیم کے برے اثرات خون میں شامل ہوتے ہیں۔ اس بخار کے جراثیم چھوٹی آنتوں کے غدود میں ورم اور قرح (وہ زخم جس میں پیپ بھی پیدا ہوجائے) پیدا کرتے ہیں۔ یہ جراثیم جگر، تلی، پتہ، دماغ کی جھلیاں اور ہڈی کے گودے میں بھی سرایت کرجاتے ہیں اور فضلات کے ذریعے خارج ہوتے رہتے ہیں۔ ان کی افزائش آنتوں میں بہت تیزی سے ہوتی ہے۔ گندہ پانی، مضر صحت خوراک، ٹائیفائیڈ کی بڑی وجہ ہیں، اس مرض سے شفاء یاب ہونے کے بعد بھی کچھ لوگوں کے فضلات میں اس مرض کے جراثیم مہینوں تک خارج ہوتے رہتے ہیں۔ یہ بیماری برسات اور گرم موسم یعنی جون، جولائی اور اگست میں زیادہ پھیلتی ہے۔ اس بیماری سے نجات کے لئے مسلسل ادویات کا استعمال کیا جاتا ہے لیکن بعض لوگوں کا مرض زیادہ بڑھ جاتا ہے جس کے علاج کے لئے زیادہ وقت درکار ہوتا ہے۔

### بیماری کا جڑ سے خاتمہ

آیئے اس بیماری سے متعلق اپنا ایک آزمودہ نسخہ پیش کرتا ہوں، ٹائیفائیڈ بخار میں مبتلا افراد کچھ عرصہ اسے استعمال کریں، ان شاء اللہ بیماری جڑ سے ختم ہوجائے گی۔

ایک پاؤ گلو، ایک پاؤ اجوائن لے کر انہیں اچھی طرح صاف کرکے چار لٹر پانی میں اچھی طرح پکائیں۔ جب آدھا لٹر سے کم پانی باقی رہ جائے تو اسے اتار کر چھان لیں اور دوسرے برتن میں چینی ڈال کر یہ پانی اس میں ڈال دیں اور جب گاڑھا ہوجائے تو اتار لیں، ٹھنڈا کر کے کسی بوتل میں ڈال لیں۔ خالی پیٹ صبح کے وقت ایک چمچ اور رات کو کھانے کے بعد ایک چمچ استعمال کریں۔ سات دن مسلسل استعمال کرنے کے بعد سات دن ناغہ کر کے دوبارہ سات دن اسی ترتیب کے ساتھ استعمال کریں، ان شاء اللہ چند دن میں ہی ٹائیفائیڈ بخار کا مرض ختم ہوجائے گا۔ یہ نسخہ میں نے کئی لوگوں کو بتایا، استعمال کروایا جس سے انہیں شفاء نصیب ہوئی۔

نوٹ: اس نسخہ کو استعمال کرنے کے دوران روٹی کھانے سے پرہیز کریں، نرم غذاؤں کا استعمال کریں۔

خون روک شفاء
لیکوریا، رحم اور کمر درد کا بہترین علاج
خاص ایام کو مقررہ وقت اور مقدار میں لاتی ہے۔ جسم کے کسی بھی حصہ سے خون آرہا ہو اسے روکتی ہے۔ لیکوریا۔ رحم کی تقویت۔
بواسیر، پیچش میں خون روکے۔ نکسیر کیلئے لاجواب

# تسبیح خانہ کی نسبت ملی! ہر ادھوری خواہش پوری

شکیلہ پرویز' لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! بچپن سے برکت و عافیت کے لفظ سنتے آئے ہیں مگر ان الفاظ کی اہمیت اور برکت کا اندازہ آپ اور تسبیح خانہ سے تعارف کے بعد ہوا کیونکہ زندگی کی الجھنوں' مسائل اور مشکلات میں مبتلا تھی' ہر طرح کی کوششیں کرنے کے باوجود بھی ان سے نجات نہیں مل رہی تھی مگر جیسے تسبیح خانہ سے نسبت ہوئی تو زندگی یکسر تبدیل ہو کر رہ گئی۔ اللہ تعالیٰ نے تسبیح خانہ کے ساتھ ایسی برکات اور رحمتیں منسلک کی ہوئی ہیں جنہیں الفاظ میں بیان کرنا ناممکن ہے۔ تسبیح خانہ سے تعارف کے بعد اللہ کا شکر ہے میرے تمام مسائل حل ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ زندگی میں ذکر' تسبیح اور نماز کی توفیق نصیب ہوئی ہے۔ آپ سے نسبت کے بعد یہ احساس پیدا ہوا کہ اگر نیت ٹھیک ہو تو منزل مل ہی جاتی ہے اور اس کا اثر آنے والی نسلوں پر بھی ہوتا ہے۔ مجھے میرے بچے بہت تنگ کرتے تھے' بات بات پر جھگڑتے تھے جس وجہ سے گھر کا سارا ماحول خراب ہوا' ہر وقت بے چینی اور پریشانی ذہن پر سوار رہتی تھی۔ اللہ کا شکر ہے آپ سے نسبت کے بعد بچوں کے اخلاق میں نمایاں مثبت تبدیلیاں آئی ہیں' گھر میں امن اور سکون کی فضا قائم ہوئی ہے۔ حالات کی تنگی بہت زیادہ تھی لیکن الحمدللہ اب تونگری کے دروازے کھل گئے ہیں' نعمتوں اور وسائل میں بہت وسعت و برکت نصیب ہوئی ہے۔ رہائش کے مسائل تھے اس میں بھی آسانیاں ملی ہیں۔ عبقری رسالہ سے دیکھ کر وظیفہ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ پڑھنا شروع کیا' اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے گھر عطا فرمایا اور مالی تنگی بالکل ختم ہو گئی۔ گھر میں بیماریوں کے ڈھیرے تھے' ہر وقت کوئی نہ کوئی بیماری گلے پڑی رہتی۔ علاج کے لئے کبھی کسی ہسپتال' کبھی کسی ڈاکٹر کے پاس آنا جانا لگا رہتا مگر شفاء نہ ملتی۔ اب الحمدللہ بغیر ادویات کے اللہ تعالیٰ نے بیماریوں سے نجات عطا فرما دی ہے۔ اگر گھر میں کبھی کوئی بیمار پڑ جائے اور سمجھ نہ آرہی ہو تو مسلسل لَا خِلَابَةَ پڑھنا شروع کر دیتی ہوں تو اس بیماری کا علاج اللہ تعالیٰ دل میں ڈال دیتے ہیں۔ اسی وظیفہ کی وجہ سے بچوں کے رشتے کرنے میں آسانی ہوئی۔ پہلے اعمال میں دل نہیں لگتا تھا مگر اب دل کرتا ہے ہر وقت اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہوں۔ آخرت کی فکر نصیب ہوئی اور روحانیت میں ترقی ملی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتی ہوں کہ آپ کو' تسبیح خانہ اور اس کے تمام نظام کو تا قیامت لوگوں کے لئے راحت' خیر' عافیت اور برکت کا ذریعہ بنائے رکھے' ہر فتنہ اور فساد سے اس کی حفاظت فرمائے اور ہمیں قدردانی عطا فرمائے' آمین۔

# شیخ الوظائف کو خط لکھنے سے مشکل آسان ہوگئی!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! چند ماہ قبل میں نے آپ کو خط میں اپنے مسائل اور حالات کے بارے میں آگاہ کیا تھا کہ روزگار کی وجہ سے سخت پریشان ہوں۔ گھر کے افراد یہی چاہتے تھے کہ میں سعودی عرب چلا جاؤں' کیونکہ میں نقشہ نویسی کا کام جانتا ہوں اور وہاں بہتر موقع مل جائے گا' مگر کوئی سبب نہیں بن رہا تھا۔ یہاں کام کبھی ملتا اور کبھی ہفتوں فارغ بیٹھا رہتا۔ آپ کو خط لکھنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے میری مشکل آسان کر دی' آپ کی دعاؤں کی برکت سے چند دن بعد ہی ایک سعودی کمپنی میں میرا انٹرویو ہوا۔ میرے ساتھ اور بھی کافی لوگ موجود تھے جو اس پوسٹ کے لئے انٹرویو دینے کے لئے آئے تھے' سب مجھ سے زیادہ تجربہ کار تھے۔ مگر اللہ کے فضل و کرم سے تسبیح خانہ کی نسبت اور وہاں خدمت کرنے کی برکت سے مجھے وہ نوکری مل گئی۔ حیرت کی بات یہ تھی کہ میرے علاوہ بھی چند لوگوں کو منتخب کیا گیا مگر میری تنخواہ ان سب سے زیادہ ہے' حالانکہ میری تعلیمی قابلیت بھی ان کے مقابلہ میں کم ہے مگر یہ سب آپ کی دعاؤں اور تسبیح خانہ کی نسبت کی برکت سے ہوا ہے۔ (عرفان عارف' لاہور)

مرادیں پائیں' خوشحال ہوجائیں کبھی طلاق' فاقے' جھگڑے' جادو جنات' رزق کی تنگی اور بندش نہ ہو گی' فیملیاں اور نئے شادی شدہ جوڑے 21 جمعراتیں روحانی محفل تسبیح خانہ لاہور حاضری کی منت مانیں' مرادیں پائیں، خوشحال ہو جائیں۔

# جھونپڑی ٹوٹے گی تو محل تیار ہوگا! بالکل ایسے ہی ہوا

محمد سالم سہیل' عارفوالہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرا ایک بہت سنجیدہ مسئلہ تھا جو حل نہیں ہو رہا تھا' اس مسئلہ کی وجہ سے دن رات پریشان رہتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے تسبیح خانہ سے نسبت عطا فرمائی تو ایک طالب علم کی حیثیت سے شیخ الوظائف کی روحانی محافل سننا شروع کر دی۔ جیسا کہ ہم کالج و یونیورسٹی میں اساتذہ کی اہم بات کو نوٹ کرتے ہیں' ٹھیک ایسے ہی روحانی محافل میں قیمتی اور نادر و نایاب حکمت بھری باتیں جن سے دنیا و آخرت سنور جاتی ہے' محفل کے بعد انہیں علیحدہ نوٹ کر لیتا اور ان پر عمل کی فکر کرتا۔ اس عمل سے مجھے بہت فوائد ملے۔ عمومی طور پر کوئی وظیفہ شروع کرتا تو چند روز کے بعد شیطانی وساوس کا شکار ہو کر وہ وظیفہ چھوڑ دیتا کہ کام نہیں ہو رہا۔ روحانی محفل سننے کے بعد شیطان کے اس ہتھکنڈے سے نجات مل گئی اور بچنے کی ترغیب بھی مل گئی۔ مجھ پر جادو جنات کے وار ہوتے تھے۔ روحانی محفل میں سنا کہ ایک جنات کے ڈسے ہوئے خاندان نے کیسے روحانی اعمال میں مستقل مزاجی کی برکت سے نجات پائی جنہیں جنات دھمکیاں دیتے اور آخر معافیاں مانگ کر اس گھر سے لولے لنگڑے ہو کر رخصت ہوئے۔ آپ کی بات یاد آئی کہ ''تم چاہتے ہو کہ پرانی جھونپڑی بھی نہ ٹوٹے اور نیا محل بھی تیار ہو' یعنی گلا بھی دبائیں اور آنکھیں بھی باہر نہ آئیں''۔ چنانچہ میں روحانی محافل کو سنتا رہا جس سے شیطانی وساوس سے نجات ملی' اللہ کی ذات پر یقین بڑھ گیا' دل کو اطمینان نصیب ہوا۔ در در کی ٹھوکروں سے نجات ملی اور اللہ کا در مل گیا۔ جادو جنات اور بہت سے مسائل سے نجات مل گئی۔ یہ سب روحانی محافل سننے کی بدولت ہوا۔ میرا یقین ہے کہ اگر اپنی مشکلات اور مسائل کا تصور کر کے روحانی محافل سننا شروع کر دیں تو تمام مسائل حل ہو جاتے ہیں' ایک ایک حرف سونے چاندی سے زیادہ قیمتی ہے۔

اسپغول چھلکا خالص اور صاف کیا ہوا
تیزابیت اور پیچش میں انتہائی مؤثر قبض کشاء۔ آنتوں کے مسائل میں مفید کولیسٹرول کم کرے۔ امراض معدہ کو روکے۔ قوت مدافعت میں اضافہ کرے۔ وزن میں کمی۔

# بچوں کی تربیت کے غیر موزوں طریقے

محمد شمیم رضوان، راولپنڈی

بچے سب کو پیارے ہوتے ہیں' پیار محبت کی شدت کا ایک پہلو یہ ہے کہ ہم ان کی ضرورت سے زیادہ دیکھ بھال اور نگرانی کرتے ہیں' چاہتے ہیں ان کو کسی قسم کا ضرر نہ پہنچے' وہ دماغی طور پر بھی صحت مند رہیں اور جسمانی طور پر بھی' ان کا کردار' ان کی عادات اچھی ہوں اور وہ بڑے ہو کر ایک متوازن انسان بنیں اور کامیاب زندگی بسر کریں لیکن اس خواہش میں شدت کا نتیجہ بیشتر اوقات یہ ہوتا ہے کہ ہم بچوں کو متوازن بنانے کی کوشش میں خود متوازن نہیں رہتے جس کے باعث اکثر تربیت کے لئے غیر موزوں طریقے اپنا لئے جاتے ہیں۔ان میں سے ایک منفی اور دوسرا مستحکم' یہ دونوں تعمیر کے نہیں تخریب کے انداز ہیں جو تربیت اور شخصیت کے تعمیر کے لئے سخت مضر ہیں۔بچوں کو نظر انداز نہ کریں' آپ کے غصے' اکتاہٹ اور چڑ چڑے پن سے بچوں کی شخصیت بکھر سکتی ہے۔مندرجہ ذیل عوامل بچوں کی بہترین صلاحیتوں کو جلا بخشتے ہیں۔

## دوستانہ رویہ رکھیں

بچوں کو والدین کی وجہ اور سہارے کی ضرورت ہوتی ہے۔گھر سے باہر کی دنیا میں انہیں بڑے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے' پڑھائی کے مسائل' امتحانات کا دباؤ' پڑھنے کے بعد کیا کرنا ہے' کیا بننا ہے اور اس طرح کے دیگر بہت سے مسائل میں انہیں والدین کی اخلاقی مدد کی ضرورت ہوتی ہے' اس لئے والدین کا فرض ہے کہ وہ بچوں کو پہلے سے تیار کریں' ان کے ساتھ بیٹھیں' باتیں کریں' مستقبل کے مضامین کے انتخاب میں ان کی مدد کریں اور ان کے ساتھ دوستانہ رویہ رکھیں۔

## پوشیدہ خزانوں کو دریافت کریں

ہر بچے میں اپنی صلاحیتوں کے استعمال کی تمام تر امکانی قوتیں موجود ہیں۔ضرورت اس امر کی ہے کہ پوشیدہ خزانوں کو دریافت کر کے ان کے اصل مقام تک پہنچایا جائے۔ یوں تو ہم زندگی کے تمام معاملات میں جمہوریت اور آزادی رائے وغیرہ نافذ کرنا چاہتے ہیں لیکن افسوسناک صورتحال یہ ہے کہ ہم میں سے بیشتر والدین بچوں کی پرورش سے معاملے میں آمرانہ روش اختیار کر لیتے ہیں' اس طرح دراصل ہم اپنی نا آسودہ خواہشات کی تکمیل چاہتے ہیں۔

ہر بچہ اپنے ذہن میں ایک تخلیقی دنیا آباد رکھتا ہے' سمجھدار والدین کو چاہیے کہ اس خیالی کارخانے کو مثبت ایندھن فراہم کرتے رہیں' بچے کے لئے غیر مشروط محبت سب سے بڑا تحفہ ہے۔بچے کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کے لئے ضروری ہے کہ انہیں شکست قبول کرنے کا حوصلہ اور دوبارہ کوشش کرنے کی ترغیب ملے' سیکھنے سے مراد محض ایک مخصوص سبق کو ذہن نشین کرنا ہرگز نہیں۔

## بچے کی پوشیدہ صلاحیتیں نکھاریں

بچوں کا ادب چاہے وہ کسی خطے' کسی دور کا ہو 65 سے 75 فیصد طلسماتی کہانیوں' ماروائی مخلوق یا فکشن پر مربوط ہے' ایسا اس لئے کہ یہ خیالی پلاؤ دراصل بچوں کی اصل کیفیات کو باہر نکالتا ہے۔

## مناسب وقت دیجئے

اپنے بچوں کو مناسب وقت دیجئے' کھانے کے اوقات' تفریح کے اوقات' بچوں کے خاص مواقع جیسے کہ سالگرہ وغیرہ اپنے گھر والوں کے ساتھ گزاریں۔بالخصوص بچے کو سوتے وقت اور ہوم ورک کرتے وقت والدین کی موجودگی اثر انداز ہوتی ہے۔

تخلیق کاری کے لئے کچھ وقت کی تنہائی بہت موثر ہے' یہ وقفہ چھوٹے بچوں میں کم اور بڑے بچوں میں زیادہ دیا جا سکتا ہے۔ان تنہا اوقات میں بچہ کچھ ایسی کارگزاریاں کرتا ہے (باقی صفحہ 59)

# نشہ نے ہمیں برباد کردیا! بندش لگادیجئے

آئیں بندش لگوائیں!

(قسط نمبر 11)

**کاشی ناتھ' آکاش بنگالی' کوکا پنڈت جیسے نام نہاد عاملوں کی چھٹی' گھر بیٹھے اپنا مقصد بالکل مفت حاصل کیجئے!**

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے کہ فتنوں کے اس دور میں عبقری کا ساتھ ملا' عبقری ہمارے مسائل کا حل ہمیں گھر بیٹھے روحانی اعمال کے ذریعے دے رہا ہے۔اللہ تعالیٰ عبقری کی ٹیم کو سدا جزائے خیر عطا فرمائے' آمین!


مشروب عبقری لاجواب ذائقہ بے مثال صحت

گرمی کے تمام امراض کا راحت بخش علاج

جسم کی حدت کو دور کرے۔ ہاتھ پاؤں کا جلنا ختم۔ دوران حمل کمزوری دور کرے۔ ہائی بلڈ پریشر۔امراض جگر میں مفید۔ یرقان اور خون کی کمی کیلئے بہترین دوا۔کمزور بچوں کیلئے مفید ترین ٹانک بھرپور نیند لائے۔


میں اپنے بھائی کی وجہ سے سخت پریشان ہوں' وہ نشہ کی علت میں مبتلا ہو گیا ہے' سارا دن نشہ میں دھت رہتا ہے' گھر والوں کا کوئی خیال نہیں' اس کی زندگی برباد ہو رہی ہے' آپ سے درخواست ہے اس کے نشہ پر بندش لگا دیجئے۔(ر' پشاور)

عمل: ایک مُٹھی چینی لیجئے اور اس پر اول و آخر تین بار درود پاک کے ساتھ چالیس مرتبہ بِسْمِ اللهِ يَامُقَدِّمُ يَاهَادِئُ پڑھیں' اس دوران مسلسل چینی کو شہادت کی انگلی کے ذریعے اینٹی کلاک وائز گھماتے جائیں اور پھر یہ چینی بھائی کو کسی مشروب' چائے یا کھانے میں ملا کر استعمال کروائیں۔اس عمل کو مسلسل چالیس دن کرنا ہے' آپ کے بھائی کے نشہ پر بندش لگ جائے گی' ان شاءاللہ

قارئین! اگر آپ بھی ایسے مسائل کا شکار ہیں تو اس عمل کی اجازت ہے۔یہ عمل بندش کا سرتاج عمل ہے' جو کہ آپ کے مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے ہر ماہ نیا شائع کیا جائے گا۔ ہر ماہ اس عمل میں شامل ہوں اور مختصر عمل کر کے اپنے پیاروں کی برائیوں پر بندشیں لگا کر انہیں آفات' بلیات اور مصائب سے محفوظ رکھیں۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر دونوں میں چلتا ہے۔ یہ انتہائی طاقتور اور باکمال عمل ہے' آپ پریشان ہیں' کسی مسئلے کا شکار یا آپ کا مسئلہ ایسا ہے جو یہاں نہیں لکھا جا سکتا تو آج ہی خط لکھیے اور اپنا مسئلہ تفصیل سے' اپنا' اپنی والدہ کا نام اور پیدائشی تاریخ' مہینہ اور سال کے ساتھ لکھیں۔ اگر آپ اپنے مسئلے سے متعلق عمل رسالہ کی بجائے بذریعہ خطوط چاہتے ہیں تو اپنے خط کے ساتھ جوابی لفافہ ڈاک ٹکٹ لگا کر بھیجیں۔ قارئین! اس عمل کے عامل حضرات منہ مانگی رقم موصول کرتے ہیں مگر الحمدللہ! عبقری آپ کو بالکل مفت دے گا۔

مایوسیاں' ناکامیاں' بندشیں' مسائل ختم کرنے کیلئے ہر اسلامی ماہ کی 22 تاریخ' رجب کی نوچندی اور 22 جمادی الثانی کو نقش یارِ غار' یار مزار کا ساتھ لینا مت بھولیں! تفصیلات جاننے کیلئے QR Code سکین کریں

فرحت' پشاور

# ہر ناممکن کام مضبوط سفارش سے کروائیے!

میں اپنی کلاس اور سکول کے ذہین ترین بچوں میں شمار ہوتی تھی۔ تمام اساتذہ میری قابلیت کی تعریفیں کرتے تھے۔ ہر مرتبہ کلاس میں نمایاں نمبروں سے کامیاب ہوتی' جب بورڈ کے امتحانات قریب آئے تو خوب محنت کی اور تمام امتحانات میری سوچ سے بھی زیادہ اچھے ہوئے۔ مجھے قوی اُمید تھی کہ ان شاءاللہ بورڈ کے امتحانات میں بھی نمایاں نمبروں سے کامیابی ملے گی اور اللہ نے چاہا تو پوزیشن بھی حاصل ہوگی۔ آخر رزلٹ کا دن آ گیا مگر جب نتیجہ دیکھا تو پاؤں تلے سے زمین نکل گئی' میرے 500 میں سے 197 نمبر تھے۔

(ان دنوں رزلٹ میں صرف گزٹ جاری ہوتا تھا جس میں صرف ٹوٹل نمبرز اور پاس یا فیل لکھا جاتا تھا)۔ اساتذہ بھی پریشان ہو گئے کہ یہ کیسے ہو گیا کہ اتنی ذہین طالبہ بورڈ کے امتحانات میں فیل ہو گئی۔ میں روتی ہوئی گھر آئی اور سب کو معلوم ہو گیا کہ میں ناکام ہو گئی ہوں' بچی ہو چکی تھی' سخت پریشان تھی کہ اگلی کلاس میں کیسے جاؤں گی' لوگ مذاق اڑائیں گے اور نہ جانے کیسی کیسی باتیں کریں گے' دل ٹوٹ چکا تھا۔

## ناکامی میں یہ سفارش کام آگئی

میری سہیلی کو پتہ چلا تو وہ گھر آئی اور تسلی دیتے ہوئے کہا کہ تم لوگوں کے آگے رونے کی بجائے قرآن کے آگے آنسو بہاؤ' اپنا دکھ سناؤ اور سفارش کرواؤ' ان شاءاللہ ضرور خیر والا معاملہ ہوگا۔ میں نے اسے بتایا کہ قرآن پڑھے ہوئے کافی عرصہ ہو چکا' اب ٹھیک طرح نہیں پڑھ سکتی۔ اس نے کہا تمہارے مسئلہ کی وجہ بھی شاید یہی ہے۔ تم ایسا کرو قرآن کھولو اور ہر سطر پر انگلی رکھتے ہوئے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھتی جاؤ اور دل ہی دل میں قرآن سے معافی مانگو' اپنے مسئلے کے حل کیلئے قرآن سے سفارش کا عرض کرو۔ اسی طرح ایک قرآن' چند قرآن پڑھ لو۔ مجھے کوئی راہ نظر نہیں آ رہی تھی اور نہ ہی اس بات کا احساس تھا کہ یہ عمل اس قدر طاقتور ہے مگر میں نے قرآن کو اپنا ساتھی بنالیا۔ دن رات قرآن سے اسی مذکورہ بالا عمل کے ذریعے باتیں اور فریادیں کرنا شروع کر دیں۔ دل میں لگا زنگ اتر گیا اور اس دوران ایسا سکون اور سرور ملتا تھا جسے بیان نہیں کر سکتی۔

چند دن گزرے والدہ مجھے سکول میں ٹیچر کے پاس لے کر گئیں تو انہوں نے بتایا کہ امتحانات کا رزلٹ وہی ہے جو آپ کو بتا دیا گیا ہے یعنی میں فیل ہوں۔ یہ بات سن کر دل دوبارہ دکھی ہو گیا مگر ساتھ ہی ٹیچر نے مشورہ دیا کہ آپ ایک بار بورڈ کے دفتر جا کر بات کر لیں۔ گھر آئی تو کچھ سمجھ نہ آیا پھر قرآن کھول کر باتیں اور فریادیں شروع کر دیں۔ والدہ کے ساتھ بورڈ کے دفتر گئی' وہاں جا کر مسئلہ بتایا تو انہوں نے کہا نتیجہ تبدیل نہیں ہو سکتا مگر پھر بھی انہوں نے میرا رول نمبر لے کر اپنے ریکارڈ میں چیک کیا تو میرے حاصل کردہ نمبر 197 نہیں بلکہ 397 تھے۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا اور آنکھوں سے قرآن کا زندہ معجزہ دیکھا۔ پھر اس دن کے بعد قرآن کا ساتھ کبھی نہ چھوڑا اور نہ ہی قرآن نے میرا ساتھ چھوڑا' مجھے ہر جگہ کامیابی اور کامرانی نصیب ہوئی۔

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے جسے قیامت تک آنے والے ہر فرد کیلئے رشد و ہدایت کا ذریعہ بنایا گیا ہے۔ اس میں انسانی زندگی کے ہر پہلو میں رہنمائی، مسائل کا حل موجود ہے۔ آج اگر ہم دنیا بھر کے مسلمان اپنی حالت پر غور کریں تو ہماری ناکامی اور گمراہی کی وجہ قرآن کریم سے دوری ہے۔ ہم نے بظاہر خوبصورت غلاف میں لپیٹ کر اسے سجا کر رکھ لیا مگر کئی دن' کئی ہفتے گزر جاتے ہیں کہ اسے کھول کر پڑھنے اور عمل کی توفیق نہیں ہوتی۔ آپ اپنے اردگرد نظر دوڑائے تو اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ جن لوگوں نے قرآن کا ساتھ نہیں چھوڑا' قرآن نے بھی زندگی کے ہر موقع پر ان کا ساتھ دیا۔ ایسے لوگ زندگی کے ہر شعبہ میں کامیاب اور خوشحال ہیں۔ بڑی سے بڑی مشکل اور آزمائش سے وہ با آسانی نکل جاتے ہیں۔

عبقری سرکہ سیب
گردے اور مثانے کی پتھری خارج کرتا ہے
دل کے امراض میں بے حد مفید ہے۔
▸ کولیسٹرول کو کنٹرول کرتا ہے۔ ▸ نیند کو بہتر کرتا ہے۔
▸ منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔ ▸ قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے۔

# امیر المؤمنین حضرت عمر فاروقؓ کا نصرانی فقیر کیلئے تاحیات وظیفہ

اسلامی ریاست میں ریاست کے تمام باشندے بلا امتیازِ رنگ و نسل اور مذہب و ملت بنیادی حقوق کے حق دار ہیں، ان کی جان و مال، عزت و آبرو کا تحفظ اسلامی ریاست کی بنیادی ذمے داری ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: دین کے بارے میں کوئی زبردستی اور جبر نہیں۔

قسط 191

## اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

اسلام اپنی اساس اور بنیاد کے اعتبار سے ہی امن و آشتی کا علمبردار مذہب' حضور نبی کریم ﷺ' اہل بیتؓ' صحابہ کرامؓ' تابعینؒ' اولیاء کرامؒ نے ہمیشہ غیر مسلموں سے حسن سلوک کی مثالیں قائم کیں جن کی نظیر آج تک دنیا نہ ڈھونڈ سکی۔

یہ اسلام کی تعلیم ہے کہ حسن اخلاق اور رواداری بہرحال پیش نظر رکھنی چاہیے، اس سے صرفِ نظر مسلمانوں کا وصف نہیں ہو سکتا۔ اس لیے اللہ کے حکم بجالانے میں اور نبی کریم ﷺ کے احکامات کی روشنی میں صحابہ کرامؓ بھی اسی تعلیم پر عمل پیرا تھے۔ حضرت عمر فاروقؓ جو کہ شرعی معاملات پر عمل درآمد کروانے عوام کے حقوق ادا کرنے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کرتے تھے' آپ کا عدل و انصاف چاہے مسلم ہو یا غیر مسلم سب کے لئے یکساں تھا اور اسی لئے آج بھی کئی مغربی ممالک میں آپ کے بنائے ہوئے قوانین اب بھی موجود ہیں۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ایک روز مسجد سے نکل رہے تھے کہ ایک بوڑھے نصرانی فقیر کو دیکھا جو بھیک مانگ رہا ہے۔ فاروق اعظمؓ اس فقیر کے پاس گئے اور حال دریافت کرنے کے بعد فرمایا کہ یہ تو کوئی انصاف نہ ہوا کہ تیری جوانی اور قوت کے زمانے میں ہم نے تجھ سے ٹیکس وصول کیا اور جب تو بوڑھا ہو گیا تو اب ہم تیری امداد نہ کریں، آپؓ نے اسی وقت حکم دیا کہ بیت المال سے اسے تاحیات خرچ (الاؤنس) دے دیا جائے۔ (جواہر الفقہ: ۵/۷۰)

یہ کتابیں پڑھنا نہ بھولیں
1 پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک
4 امن اور عبقری 3 اسلام اور رواداری
4 غیر مسلموں کی عبادت گاہیں اور ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں
کتب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں

# میں آخر پیدا ہی کیوں ہوا؟

رانا راشد' لاہور

فضول بے تکی باتیں آپ بھی سوچتے ہیں تو پھر پڑھیے!

سوچ انسان کی وہ صفت ہے جس نے اسے اشرف المخلوقات بنایا ہے۔اسی سوچ سے دانشوروں' مفکروں اور نقاشوں نے اس دنیا میں رنگ بھرے ہیں۔یہی وہ سوچ ہے جس سے نیوٹن' ارشمیدس' آئن سٹائن اور دوسرے سائنس دانوں نے قدرت کے بے شمار پُراسرار رازوں کو افشا کیا ہے۔لیکن قدرت کی بھی یہی عجیب ستم ظریفی ہے کہ یہی سوچ انسان کے لئے سوہان روح اور اس کے دماغ کے لئے اذیت ناک عذاب بن جاتی ہے اور یہ اس لئے ہوتا ہے کہ سوچ اپنا وجود کھو بیٹھتی ہے۔وہ مسلسل' بلاوجہ' بے مقصد اور بے اختیار دماغ میں پیدا ہونے لگتی ہے۔وہ فضول' بے تکی اور پریشان کن ہوتی ہے اور اس طرح دماغ سے چمٹ جاتی ہے کہ لاکھ کوشش کے باوجود اس سے چھٹکارا ممکن نہیں ہوتا۔یہی نہیں بلکہ ان سوچوں کے تابع لوگ ایسے کام اور ایسی حرکتیں بار بار کرنے لگتے ہیں جو ان کی سوچ ہی کی مانند بے معنی' بے مقصد اور پاگل پن کے مشابہ ہوتی ہے۔تعجب یہ ہے کہ انہیں خود اپنی اس کیفیت اور حرکات کا شدت سے احساس ہوتا ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ یہ سب کچھ نہ کریں مگر ان سوچوں نے انہیں ایسا جکڑا ہوتا ہے کہ وہ ان کے پنجے سے نہیں نکل پاتے۔ماہرین نے سوچ بھری اس بیماری کا نام (O.C.D) او۔سی۔ڈی Obsessive Compulsive Disorder (خیالات کا تسلط وتکرار) رکھ دیا ہے۔

## نوجوانوں کی بے بسی اور خوف

دور جدید میں یہ بیماری اس قدر عام ہوگئی ہے کہ اس کا جاننا اور سمجھنا ہم سب کے لئے بہت ضروری ہوگیا ہے۔ناواقفیت کی بنا پر ہم ان مظلوم لوگوں کو ہر وقت یہی تلقین کرتے رہتے ہیں کہ سوچنا اور فکر کرنا چھوڑ دیں۔مگر کسی نے انہیں نفسیاتی بیمار سمجھ کر انہیں معقول علاج کرانے کی ترغیب نہیں دی۔ او۔سی۔ڈی کی یہ بیماری کسی بھی عمر میں ہوسکتی ہے۔اکثر یہ نوجوانی کی عمر میں ہی ہوتی ہے' چونکہ اس عمر میں ندامت' ڈر اور شرم زیادہ ہوتی ہے' اس لئے یہ نوجوان اپنی بیماری کو چھپاتے ہیں۔کسی سے اپنی بے بسی کا ذکر نہیں کرتے۔مگر جب یہ بیماری بڑھ جاتی ہے تو ان کی عجیب وغریب حرکتیں چھپائے نہیں چھپتیں۔گھر والوں کو آخر اس کا علم ہو ہی جاتا ہے۔پہلے تو والدین ان کو ڈانٹ ڈپٹ کرتے ہیں' پھر سمجھاتے ہیں لیکن جب یہ حرکتیں پاگل پن کی حد تک پہنچ جاتی ہیں تو پھر مجبوراً ڈاکٹروں سے رجوع کرنا پڑتا ہے۔اس بیماری میں فضول سوچیں مختلف انداز میں آنے لگتی ہیں۔

## ناخوشگوار اور نفرت انگیز سوچ

ایک ہی لفظ یا ایک ہی فقرہ بار بار دماغ میں آتا ہے۔عجیب فلسفیانہ سوچ مثلاً آنکھیں کیوں گھومتی ہیں؟ ہم کیوں پیدا ہوئے۔بار بار کچھ کر بیٹھنے کی خواہش جیسا کہ چھت سے چھلانگ لگا دوں' چھری لے کر خود کو یا کسی کو مار دوں۔یہ خواہشات اتنی شدید ہوتی ہیں کہ وہ بس کے پاس' کچن یا چھت کے نزدیک نہیں جاتے مبادا کہ وہ یہ عمل کر بیٹھیں۔ ان کی سوچ تصویر اور فلموں کی طرح دماغ میں گھومتی ہیں۔ناخوشگوار اور نفرت انگیز سوچ ذہن میں آتی ہے۔ متضاد تکرار جملے یعنی فلاں کام کو ترک کروں یا کیوں چھوڑوں۔گندگی' صفائی کا وہم ہونا یعنی بار بار ذہن میں پاکی ناپاکی کا خیال آنا اور بار بار غسل خانے میں جا کر گھنٹوں جسم پر پانی ڈالنا' کسی چیز کو ہاتھ نہ لگانا' مبادا کہ ہاتھ ناپاک یا میلے نہ ہوجائیں۔کسی سے اگر ہاتھ ملا لیا یا چھولیا تو بار بار دھونا۔بار بار اپنے کام کو چیک کرنا' مثلاً نوٹ گننا وغیرہ۔

## اپنا علاج خود کریں

اس بیماری سے نکلنے کے لئے ضروری ہے کہ اپنے ان مسائل یعنی وہموں وخیالات کا سامنا کریں۔یہ آپ کو سننے میں عجیب سا لگے گا مگر اس سے اپنے خیالات پر قابو پانا آسان ہوجاتا ہے۔اپنے مسائل کو بول کر ریکارڈ کرلیں اور انھیں بار بار سنیں، یا انھیں لکھ لیں اور بار بار پڑھیں۔ (باقی صفحہ 59)

# کاغذ پر جتنی رقم لکھیں' اتنی ملے گی! آزمودہ عمل

ثمینہ' کراچی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ قبل تسبیح خانہ لاہور میں ہونے والی شب جمعہ کی روحانی محفل میں آپ سے ایک عمل سنا تھا کہ ایک سادہ کاغذ پر سبز رنگ کی سیاہی والے پین سے چند اعداد لکھیں اور پھر اسی کاغذ میں پانچ الائچی کے دانے رکھ کے لپیٹ لیں' پھر اوپر سے ٹیپ چڑھا کر موم جامہ کردیں تاکہ کاغذ نہ کھلے۔اس کے بعد یہ کاغذ اپنے پرس یا تھیلی میں رکھ لیں۔اس عمل کی برکت سے پرس اور تھیلی میں سے کبھی پیسے ختم نہ ہوں گے' جیب ہمیشہ بھری رہے گی۔میں نے اس عمل کو آزمایا' یہ واقعی بہت بہت نفع مند عمل ہے' پیسوں کی کمی کبھی نہیں ہوئی' رزق میں برکت اور فراوانی رہتی ہے۔

اعداد یہ ہیں۔ 808۔ 520۔ 741۔ان اعداد کو اوپر سے نیچے کی ترتیب سے لکھنا ہے یعنی 808 سب سے اوپر' درمیان میں 520 اور اس کے نیچے 741 لکھنا ہے۔

## اس عمل سے روپے نہیں ڈالر ملیں گے!

ایک اور عمل جس کا بارہا کا مشاہدہ ہے وہ عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کرنا چاہتی ہوں تاکہ باقی لوگ بھی مستفید ہوں۔جتنے بھی پیسوں کی ضرورت ہو ان کو ایک کاغذ پر لکھ لیں' جیسے 5000 روپے کی ضرورت ہو تو کاغذ پر 5000 روپے لکھ لیں۔اب روزانہ اس کاغذ کو دیکھتے ہوئے سات بار سورہ کوثر پڑھنی ہے۔اس کاغذ کو الماری میں یا کسی بھی جگہ اپنے کمرے میں رکھ دیں۔ان شاءاللہ سات دن میں آپ کی ضرورت پوری ہوجائے گی بلکہ اس سے پہلے ہی کام ہوجاتا ہے۔میں نے اس عمل سے بہت فائدہ پایا ہے۔اس عمل سے صرف روپے یا ڈالرز نہیں بلکہ یورو ملتے ہیں۔مجھے یورو کرنسی میں ایک خطیر رقم کی ضرورت تھی۔اس عمل سے غیبی مدد ملی اور ایک ہفتے سے پہلے الحمدللہ مجھے یہ تمام رقم مل گئی۔اللہ تعالیٰ نے اپنے نام کی برکت سے مجھے رسوا ہونے سے بچالیا۔

## نئی گاڑی اور جو چاہا وہ ملا!

تسبیح خانہ کا بتایا عمل جس میں 26 محرم کو سورۂ توبہ کی آخری دو آیات کا تعویذ لکھ کے درخت سے باندھتے ہیں اس سے میری تمام حاجات پوری ہوئیں' نئی گاڑی ملی۔بیٹی لاعلاج مرض میں مبتلا تھی' پانچ سال سے علاج چل رہا تھا۔اسی عمل سے اس کی بیماری ختم ہوگئی۔بیٹی نے امتحانات میں کامیابی کیلئے بھی یہی عمل کیا' الحمدللہ نمایاں نمبروں سے کامیابی ملی۔ (نوٹ: اس تعویذ کا دم کیا ہوا کاغذ 9'10 محرم الحرام کی محفل میں شامل تمام افراد کو بالکل مفت دیا جائے گا اور طریقہ بھی بتایا جائے گا۔)

سیرپ دلان (پرانا نام) دل شفاء
بائی پاس کروانے سے پہلے ضرور آزمائیں
بلڈ پریشر کنٹرول۔کولیسٹرول لیول کم۔دل کی شریانوں کی بلاکیج ختم، خون کی فراوانی کو بڑھائے۔تیز دھڑکن کنٹرول۔ شوگر اور جوڑوں کے درد کیلئے مفید۔پٹھوں کو تقویت دے۔ اعصابی طاقت بحال قوت مدافعت کو بڑھائے۔

# جولائی میں ہندوستانی چائے! فوائد جانیے آپ بھی کبھی نہ چھوڑیں گے

طاعت نذیر، راولپنڈی

جولائی کے درمیان میں مون سون کا آغاز ہوجائے گا' ہم سب کو بارش کی آواز' گیلی مٹی کی مہک اور اپنے اردگرد ہریالی پسند ہے۔گرما گرم پکوڑے' چائے و دیگر مشہور پکوان پکائے جاتے ہیں' دوران رم جھم ہر چیز بہترین محسوس ہوتی ہے' بارش کے ہاتھ پھوار کے ساتھ آتی ہوا سارا اسٹریس' ڈیپریشن' ٹینشن دور کردیتی ہے۔ تاہم، یہ موسم احتیاط کے ساتھ پریشانیوں کے اپنے حصے کے ساتھ آتا ہے۔

بارشیں بہت سی بیماریاں لاتی ہیں جو وائرل، بیکٹیریل، فنگل، ویکٹر سے پیدا ہونے والی اور پانی سے پیدا ہونے والی بیماریاں لاتی ہیں اس موسم میں خوراک اور پانی کی آلودگی سے صحت کے بہت سے خطرات لاحق ہوسکتے ہیں سردفلو ملیریا، ڈینگی، ٹائیفائیڈ اور گیسٹرو آنتوں کے انفیکشن۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کی غذائیت اور قوت مدافعت متوازن ہے، آپ کو ایسی خوراک استعمال کرنی چاہیے جو دونوں کے درمیان بہترین توازن قائم کرے۔ اس موسم کے دوران، آپ کو کھانے پینے کے بارے میں زیادہ محتاط رہنا چاہیے۔تو آیئے ان نکات پر بات کرتے ہیں جو آپ کو صحت مند رہنے میں مدد دے گی، پھر بھی اس موسم کے پھولوں سے لطف اندوز ہوں گے:

**ہلدی دودھ** اپنے روزمرہ کے کھانے اور جو دودھ آپ پیتے ہیں اس میں ہلدی پاؤڈر شامل کریں، کیونکہ یہ قدیم ہندوستانی مشروب ''ہلدی' دودھ'' ایک بہترین قوت مدافعت بڑھانے والا ہے! ہلدی میں فعال جزو کرکومین انفیکشن سے لڑنے میں مدد کرتا ہے اور ہمیں صحت مند رکھتا ہے۔اس میں اینٹی سیپٹیک، اینٹی فنگل، اینٹی مائکروبیل، اینٹی بیکٹیریل اور اینٹی سوزش خصوصیات ہیں۔ ہلدی کو باورچی خانے کا سنہرا مصالحہ سمجھا جاتا ہے جو نہ صرف قدرتی قوت مدافعت میں اضافہ کرے گا بلکہ آپ کی مجموعی صحت کو بھی بہتر بنائے گا۔


پرانا نام ازراقی شفاء انوکھی شفاء

چند دن استعمال' ٹوٹی ہڈی جڑ جائے' درد ختم

گھٹنوں کی تکلیف' جوڑوں کا درد ختم۔ سستی

جسم کا کھچاؤ' کمر درد ختم تناؤ بڑھاپے کی ساتھی۔

مغلیہ دور کے پہلوانوں کا خفیہ راز۔


**وٹامن سی سے بھرپور غذائیں کھائیں** قوت مدافعت بڑھانے والے غذائی اجزاء جیسے وٹامن سی سے بھرپور غذا میں سرخ مرچ، پپیتا، لیموں، ٹماٹر اور نارنجی شامل ہیں۔ وٹامن سی نزلہ زکام اور فلو، انفیکشن سے لڑنے میں مدد کرتا ہے، ہاضمہ کو بہتر بناتا ہے، ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے، اور بہت سے دوسرے مثبت صحت کے فوائد ہیں۔

**ہندوستانی مصالحہ چائے** ایک قدرتی قوت مدافعت بڑھانے والا مشروب، ہماری اپنی مصالحہ چائے جڑی بوٹیوں اور مصالحوں جیسے خشک کالی مرچ، ادرک، لونگ، دار چینی، الائچی اور تلسی کے پتے کا بہترین امتزاج ہے۔ وہ ہمارے مدافعتی نظام کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں۔الائچی اور لونگ اینٹی بیکٹیریل ہیں، جب کہ کالی مرچ' نزلہ زکام اور فلو کی علامات کو روکتی ہے اور اس سے نجات دیتی ہے۔دار چینی میں علاج اور سوزش کو دور کرنے والی خصوصیات بھی ہیں۔ مصالحہ چائے اس مون سون کے لیے پینے کے لیے ایک بہترین انتخاب ہوسکتی ہے کیونکہ اس میں ذائقے کے ساتھ ساتھ طبی فوائد بھی ہیں۔

**اپنی خوراک میں اضافہ کریں** کالی مرچ، ہلدی، لہسن اور ادرک جیسے مصالحے مدافعتی نظام کو بہتر طریقے سے کام کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ اپنے کھانوں کو سیزن کرنے کے لیے مصالحوں کا استعمال کریں، مصالحہ دار چائے (کڑھا) سے لطف اندوز ہوں، یا لیموں (باقی صفحہ 59)

# 20 منٹ کے ٹوٹکہ سے قدرتی نکھار — گھر بنائیے' لگائیے' رنگت گوری پائیے

(سائرہ' کوئٹہ)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اپنے چند آزمودہ تجربات عبقری رسالہ کے لئے تحریر کررہی ہوں' آپ سے درخواست ہے انہیں عبقری رسالہ میں ضرور شائع کیجئے تاکہ میری طرح قارئین بھی بھرپور مستفید ہوں۔

## 20 منٹ کے ٹوٹکہ سے قدرتی نکھار

آج کل لوگ رنگ گورا کرنے کے لئے طرح طرح کی کیمیکل سے بھرپور کریمیں استعمال کرتے ہیں جس سے وقتی طور پر تو چہرہ پر نکھار آجاتا ہے مگر کچھ عرصہ بعد ان کریموں کے منفی اثرات چہرہ پر عیاں ہونا شروع ہوجاتے ہیں جس سے چہرہ کی رونق ماند پڑ جاتی' داغ دھبے اور بدنما دانے نظر آنا شروع ہوجاتے ہیں۔ چہرہ کی رنگت کو نکھارنے کے لئے ایک انتہائی آسان اور آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔چٹکی بھر خالص ہلدی تھوڑے سے دہی میں ملا کر منہ پر لگائیں اور 20 منٹ کے بعد چہرہ کسی اچھے صابن سے دھولیں۔ چند بار یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے سے قدرتی نکھار پیدا ہوگا' چہرہ چمک اٹھے گا۔

ایسے افراد جن کے چہرے پر دانے نکلتے ہوں اور کسی بھی طرح سے ختم نہ ہوتے ہوں انہیں چاہیے کہ ملتانی مٹی میں عرق گلاب ایک چمچ اور ایک چٹکی ہلدی ڈال کر چہرہ پر کچھ دیر لگائیں اور پھر دھولیں' چند دن میں ان شاء اللہ دانے ختم ہوجائیں گے اور چہرہ صاف وشفاف ہوجائے گا۔

## بالوں کے لئے دیسی ٹانک

اگر بال ٹوٹ رہے ہوں تو سکاکائی' آملے' بہیڑے ہم وزن لے کر تین کلو پانی میں رات کو بھگودیں' پھر صبح اٹھ کر وہ پانی پکنے کے لئے رکھ دیں۔ جب پانی پک کر ایک کلو رہ جائے تو چولہے سے نیچے اتار دیں۔ٹھنڈا ہونے پر اسے خوب مسلیں' پھر چھان کر ایک بوتل میں محفوظ کرلیں۔ بالوں کو دھونے کے لئے شیمپو کی جگہ یہ دیسی اور قدرتی ٹانک استعمال کریں۔ جب بھی نہائیں یا سر دھوئیں اسی کا استعمال کریں۔اس سے بال جڑ سے مضبوط' سیاہ اور چمکدار نظر آئیں گے۔

# پندرہ دن میں 25 لاکھ ملے!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ اور ہجویری محل سے بہت برکات ملی ہیں۔آپ کی روحانی محافل سننے سے دل کو سکون ملتا ہے۔آپ نے مجھے مسائل کے حل کے لئے لاتعداد اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ پڑھنے کا وظیفہ بتایا۔ یہ بہت ہی لاجواب وظیفہ ہے جس سے مسائل بہت جلد حل ہوجاتے ہیں۔

میری ہمسائی کا بھائی بہت مشکل میں تھا کیونکہ ایک آدمی نے ان کے 25 لاکھ روپے دینے تھے مگر وہ مسلسل ٹال مٹول کررہا تھا جس وجہ سے وہ کافی پریشان تھے۔انہیں پیسوں کی اشد ضرورت تھی مگر کوئی سبب نہیں بن رہا تھا۔اس خاتون نے جب مجھے اس مسئلہ سے متعلق بتایا تو میں نے انہیں کہا کہ سارا دن لاتعداد اس مسئلہ کی نیت سے اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ کا ورد کرو۔انہوں نے اس وظیفہ کو یقین اور توجہ کے ساتھ پڑھنا شروع کردیا۔ٹھیک پندرہ دن بعد ان کے بھائی کو تمام رقم مل گئی ۔ہماری ہمسائی اور ان کا بھائی آپ کو بہت دعائیں دیتے ہیں۔(نازیہ' لاہور)

# محرم کی مقبول شب! ہر الجھن کا خاتمہ، تمام دعائیں قبول

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

اسلامی قمری سال کا آغاز محرم الحرام سے ہوتا ہے۔ یہ مہینہ بڑا بابرکت اور مقدس، تاریخی اعتبار سے بھی اس مہینہ کو خاص اہمیت وفضیلت حاصل ہے۔ دس محرم الحرام یعنی عاشورہ کا دن ازل سے ہی بہت ہی زیادہ فضیلت و برکت والا دن ہے۔

## حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کا خاص عمل

حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ فرماتے ہیں کہ جو کوئی محرم الحرام کی پہلی شب کو دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے (اگر زبانی یاد نہ ہو تو کوئی بھی سورۂ پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد قرآن پاک سے دیکھ کر پڑھ لے) تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں دو ہزار ایسے محل عطا فرمائے گا جس کے ہر محل میں یاقوت کے ایک ایک ہزار دروازے ہوں گے، ہر دروازہ میں ایک تخت سبز زبرجد کا بچھا ہوگا، ہر تخت پر ایک حور بیٹھی ہوگی۔ ان نوافل کے پڑھنے سے چھ ہزار بلائیں دور ہوں گی اور چھ ہزار نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھی جائیں گی۔

## ازل سے مقدس وحرمت والا دن

روایات میں آتا ہے کہ جس نے عاشورہ کا ایک روزہ افطار کروایا گویا اس نے پوری امت محمدیہ ﷺ کا روزہ افطار کروایا اور سب کو پیٹ بھر کر کھانا کھلایا۔ صحابہؓ نے عرض کی اے اللہ کے رسول ﷺ کیا اللہ تعالیٰ نے اس دن کو تمام دنوں پر فضیلت بخشی ہے؟ فرمایا ہاں! اللہ تعالیٰ نے اس دن آسمان پیدا کئے، پہاڑ بنائے، سمندر بنائے، اسی دن قلم اور لوح محفوظ کو پیدا کیا گیا، اسی دن آدمؑ کو پیدا کر کے ان کو جنت میں داخل کیا گیا۔ اسی دن حضرت ابراہیمؑ کو پیدا کیا گیا اور ان کے فرزند حضرت اسماعیلؑ کا فدیہ (ذبیحہ) دیا گیا، اسی دن فرعون غرق ہوا، حضرت ایوبؑ کو شفاء ملی، حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی، حضرت عیسیٰؑ کی ولادت ہوئی اور اسی دن قیامت قائم ہوگی۔ (غنیۃ الطالبین)

## آنکھوں کے جملہ امراض کیلئے نبوی ﷺ نسخہ

اس مہینہ میں روزہ رکھنا اور مہینوں کے مقابل میں افضل ہے۔ چنانچہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ: "رمضان المبارک کے بعد سب سے افضل روزہ اللہ کے مہینے محرم کا ہے۔ (صحیح مسلم)۔

حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص یوم عاشورہ پر اثمد سرمہ آنکھوں میں لگائے تو اسکی آنکھیں کبھی بھی نہ دکھیں گی۔ (شعب الایمان)

## جان، مال اور اولاد کی حفاظت

ایک روایت میں ارشاد ہے کہ محرم کے مہینہ میں شب جمعہ کو عبادت کرنیوالا ایسا ہے گویا اس نے شب قدر پائی اور ہر رات کے بدلے انسانوں اور پریوں کی عبادت کا ثواب پاتا ہے اور فرمایا محرم کی پہلی رات میں 8 رکعت نماز چار سلام سے اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ سورۂ اخلاص پڑھنے والے کو اللہ بخش دیتا ہے اور فرمایا جو شخص یہ نماز ہر اسلامی مہینے کی پہلی رات کو پڑھے تو وہ، اس کا مال اور اس کی اولاد مصائب اور شر سے محفوظ رہے گی اور ہر رکعت کے بدلے ایک سال کی عبادت کا ثواب پائے گا۔ جہنم سے نجات: حضرت بابا فرید الدین (باقی صفحہ 59)

## بیٹیوں کے مناسب رشتے آپ کے منتظر! تو دیر کیسی؟

10،9 محرم الحرام تسبیح خانہ لاہور میں آل رسول ﷺ، اصحاب رسول ﷺ اور اولیاءؒ کے آزمودہ وظائف شیخ الوظائف کی سرپرستی میں کریں، اپنے رشتوں، کاروباری، اور زندگی کے مسائل حل کروائیں۔

# شہدائے کربلا کا عظیم عمل! مشکلات ختم، پریشانیاں دور

مشکلات اور آزمائشوں کی وجہ سے زندگی اجیرن ہو چکی، معاشی تنگی اور بیماریوں نے جینا دوبھر کر رکھا ہے، میاں بیوی کی آپس کی ناچاقیوں، گھریلو جھگڑوں اور رشتوں کے مسائل نے بس بس اور مجبور کر دیا، جینے کی کوئی امید باقی نہیں رہی، تو اب مزید مایوس اور پریشان ہونا چھوڑ دیں کیونکہ اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کے لئے راحت، سکون، تمام الجھنوں، مشکلات کا حل اور خوشیوں کی نوید لائی ہیں:۔

## ماہ جولائی کی روحانی محفل!

12 جولائی اور 26 جولائی بروز جمعہ عصر سے مغرب کے درمیان سرسوں یا کسی بھی تیل کی شیشی کو سامنے رکھتے ہوئے اول و آخر تین بار درود پاک کے ساتھ 33 مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا کِفَايَتُنَا پڑھ کر تیل پر دم کر دیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فیصد قبول کر رہا ہے اور تصور رکھیں کہ دل کو سکون، چین نصیب ہو رہا ہے اور تمام مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ اب اس دم کیے ہوئے تیل کو دونوں آنکھوں کی بھنوؤں پر، کان کی لو پر ہاتھوں اور پاؤں کے ناخنوں اور سر پر لگائیں۔ گھر کے تمام افراد اس تیل کو استعمال کریں۔

عمل پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی، گھریلو جھگڑے، پریشانیاں، بیماریاں اور مسائل کا خاتمہ ہوگا۔ اس عمل کے بعد 50 روپے کسی مستحق کو صدقہ کر دیں اور اس تمام عمل کا ثواب اصحاب بدر ؓاور شہدائے کربلا کو ہدیہ کر دیں۔

(نوٹ:)۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر)

ماہانہ روحانی محفل تسبیح خانہ لاہور میں اجتماعی نہیں ہوتی۔ ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے۔

تلبینہ
انتہائی لذیذ بنانے میں بالکل آسان
معدہ، جگر کو قوت بخشے، کمی خون دور۔ حاملہ کیلئے بہترین غذا، جسم کو غذائیت دماغ کو طاقت۔ موٹاپا کنٹرول توانائی بحال۔ کمزور بچوں کیلئے ٹانک شیر خوار کیلئے پہلی غذا۔ بوڑھوں کیلئے جوانی کا پیغام۔ مرد وخواتین کے پوشیدہ امراض کی دوا۔ گھر کے افراد کیلئے ٹانک بھی دوا بھی غذا بھی۔

## تنگدستی اور مفلسی کا خاتمہ

بعض لوگوں کی ضروریات بہت زیادہ ہوتی ہیں لیکن ذرائع آمدن انتہائی محدود ہوتے ہیں جس کی بناء پر ان کا گزر اوقات نہیں ہوتا تو ان حالات میں درج ذیل آیت کا ورد ایسے لوگوں کے لئے بہت بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ لہٰذا رفع غربت اور افلاس کے لئے درج ذیل آیت کو بعد نماز عصر مسجد' کاروبار والی جگہ یا اپنے مکان پر رہتے ہوئے انتہائی خلوص دل سے پڑھے' اپنی ندامت کا احساس کرے اور اللہ سے اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کی معافی طلب کر کے کثرت سے استغفار کرے اور اس عمل کو مفلسی دور ہونے تک اپنے معمول میں شامل رکھے' جیسے جیسے عمل میں توجہ اور دھیان بڑھتا جائے گا' تنگدستی اور مفلسی دور ہوتی جائے گی اور روزگار کے غیبی اسباب بنتے چلیں جائیں گے' یہ عمل کرنے والا جلد ہی اللہ کے فضل و کرم سے خوشحال ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَ اعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ (عنکبوت:17)

## رنج وغم سے نجات

رنج وغم انسانی صحت کے لئے انتہائی مضر ہے۔ غم انسانی صحت کو کھا جاتا ہے۔ غم کی وجہ سے انسان اندر ہی اندر سے انتہائی کمزور ہو جاتا ہے بلکہ غم کی وجہ سے طبیعت ہر وقت بوجھل رہتی ہو' کسی کام میں دل نہ لگتا ہو تو ایسے غمزدہ شخص کو چاہیے کہ وہ بعد نماز مغرب سورۂ عبس (پارہ 30) کی 38 اور 39 نمبر آیات کو 33 مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے خاص کرم سے دل کو سکون حاصل ہو جائے گا' رنج وغم کا بوجھ اتر جائے گا اور غم سے نجات مل جائے گی۔ آیات یہ ہیں۔
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ o ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ o

## ظالم سے چھٹکارا

اگر کوئی شخص کسی ظالم سے نجات پانا چاہتا ہو یا شریر قسم کے لوگوں نے تنگ کر رکھا ہو ایسے شخص کو چاہیے کہ روزانہ صبح وشام سات مرتبہ سورۂ لہب (پارہ 30) کی تلاوت کو معمول


معجون شفایابی
ہر موسم میں یکساں مفید
معذور اپاہج' بوڑھے اور کمزور لوگوں کیلئے نئی زندگی
کمر درد۔ دماغی کمزوری۔ رعشہ۔ معذوری۔ مہروں کا درد اور خلاء۔ ہاتھ پاؤں کا سکڑنا اور ہڈیوں کا مڑ جانا۔ لاغری لقوہ۔ پنڈلیوں کا درد۔ پولیو۔ فالج۔ بیماری کے بعد کی کمزوری۔ ہر عمر فرد کیلئے مفید۔ جوانی کا سہارا بڑھاپے کی لاٹھی


# حضرت ابراہیم شماس سمرقندیؒ کے شفائی وظائف

بنائے ان شاء اللہ ظالم اور شریر قسم کے لوگوں سے چھٹکارا نصیب ہوگا' جان' مال اور اولاد کی حفاظت رہے گی۔

## گمشدہ افراد کی واپسی

اگر کسی کا کوئی عزیز گھر چھوڑ کر چلا گیا ہو یا گمشدہ ہو' تلاش کرنے کے باوجود نہ مل رہا ہو تو ایسے شخص کو چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد گھر کے چاروں کونوں میں 70'70 مرتبہ یَامُعِیْدُ پڑھے ان شاء اللہ گمشدہ اور لاپتہ شخص 7 روز میں واپس آجائے گا یا پھر اس کے بارے میں خبر مل جائے گی۔

## بیماریوں سے نجات

ایسی بیماری جو کسی معالج کی سمجھ میں نہ آتی ہو یا پھر کسی بھی بیماری سے مستقل نجات نہ مل رہی ہو تو سو مرتبہ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِکَ الْخَیْرُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو سارا دن یہ پانی پلائیں' ان شاء اللہ جلد ہی مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو اسی عمل کی برکت سے ان شاء اللہ فرمانبردار ہو جائے گی۔

## جادو سے حفاظت

اگر کسی کو شبہ ہے کہ کوئی اس پر جادو کے وار کر رہا ہے یا حاسدین کی طرف سے عاملین کے ذریعے کوئی کالا سفلی عمل کروانے کا اندیشہ ہے تو ایسے شخص کو چاہیے کہ درج ذیل کلمات کو کسی سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھ لے' ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے جادو کے واروں سے حفاظت رہے گی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o وَاُمْلِیْ لَهُمْ اِنَّ كَیْدِیْ مَتِیْنٌ o

## بے اولادی کیلئے ایک دعا اور ایک دوا

گزشتہ سال شیخ الوظائف نے بے شمار بے اولاد جوڑوں کو ایک ایسی دوا اور دعا سے نوازا جس سے انہیں اولاد کی نعمت نصیب ہوئی۔ اگر آپ محروم رہے تو پریشان نہ ہوں' نومبر 2024ء ہوا اب درود پاک کے چلہ میں یہ نعمت پالیں۔

# معذور' کمزور' اپاہج مریضوں کیلئے زبردست نسخہ

محمد عثمان' رحیم یار خان

آج عبقری قارئین کے لئے اپنے دو آزمودہ نسخے لے کر حاضر ہوا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ لوگوں کو بہت نفع ہوگا اور بے شمار لوگ شفاء پائیں گے۔ قارئین سے درخواست ہے کہ جب ان مجرب نسخوں کو آزمائیں تو دعاؤں سے نوازیں اور اپنے مشاہدات ضرور تحریر کریں تاکہ دوسرے لوگوں کو بھی نفع ہو۔

## ٹیڑھے اور لنگڑے ہاتھ پاؤں کا شافی علاج

ایسے افراد جن کے کسی بیماری کی وجہ سے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو گئے ہوں' کمزوری کی وجہ سے لنگڑا کر چلتے ہوں' جگہ جگہ علاج کروا کر تھک چکے ہوں مگر کہیں سے بھی شفاء نہ مل رہی ہو۔ ایسے افراد جن کے ہاتھ پاؤں رعشہ یا کسی بھی بیماری کی وجہ سے ہلتے ہوں' جسم میں گرمی ہو یا پھر کیلشیم کی کمی ہو تو ان تمام امراض سے نجات کے لئے ایک مجرب نسخہ تحریر کر رہا ہوں' اس نسخہ کو مستقل مزاجی کے ساتھ تین سے چار ماہ استعمال کر لیں' ان شاء اللہ مکمل صحت یاب ہو جائیں گے اور مذکورہ بالا تمام بیماریوں سے نجات مل جائے گی۔

آکاش بیل جو اکثر کیکر کے درختوں پر ہوتی ہے اسے سائے میں خشک کریں اور پھر پیس کر سفوف بنالیں۔ اس سفوف کا ایک چمچ صبح نہار منہ اور ایک چمچ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ کے استعمال کریں اور پھر اس نسخہ کے نتائج اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔

## عینک توڑ نسخہ

جو لوگ نظر کی کمزوری کا شکار ہوں' وقفہ وقفہ سے عینک کا نمبر بڑھتا جا رہا ہو' پرہیز اور علاج کے باوجود بھی افاقہ نہ ہو رہا ہو تو ایسے افراد کے لئے ایک انتہائی آزمودہ نسخہ تحریر کر رہا ہوں' ان شاء اللہ نظر کی کمزوری دور ہو جائے گی اور عینک سے بھی نجات مل جائے گی۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

ھوالشافی: دیسی بادام ایک پاؤ' شہد آدھا کلو' چھوٹی الائچی 50 گرام' بڑی الائچی 50 گرام۔ بادام رات کے وقت پانی میں بھگو کر صبح چھیل لیں اور کپڑے میں ڈال کر خشک کر لیں تاکہ پانی نہ رہے۔ اب انہیں شہد میں ڈال' چھوٹی اور بڑی الائچی بھی پیس کر ان میں شامل کر لیں۔ اس نسخہ کو شیشے کے مرتبان میں محفوظ کر لیں۔ ہر پانچ سے چھ دن کے بعد ایک بڑا چمچ صبح اور شام خالی پیٹ چبا چبا کر کھائیں' اس نسخہ کو کچھ عرصہ استعمال کریں' ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

# دل، جگر اور دماغ کی طاقت کا قدرتی شاہکار

(قاسم حامد، ملتان)

لیچی اپنے ذائقہ تاثیر اور قوت و فرحت بخشی کے اعتبار سے بڑا لذیذ اور مرغوب پھل ہے۔ اس کا ذائقہ اور خوشبو بہت خوشگوار ہوتی ہے۔ لیچی سے دماغ، دل اور جگر کو طاقت ملتی ہے۔ یہ خون بڑھاتی ہے۔ دماغ کے لئے خاص تقویت بخش پھل ہے۔ دل کے لئے ایک قوت بخش غذائی ٹانک ہے۔

## گرم موسم میں بے حد مفید

اس پھل میں سب سے اہم غذائی اجزاء میں سے ایک وٹامن سی ہے اور یہ آپ کے مدافعتی نظام کو بڑھاتا ہے کیونکہ وٹامن سی ایک بڑا اینٹی آکسیڈنٹ ہے اور یہ خون کے سفید خلیات کے کام کو بہتر بناتا ہے جو آپ کے جسم کے مدافعتی نظام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ آپ کی جلد کو صحت مند رکھتی ہے۔ یہ وٹامن ڈی سے بھی بھرپور ہوتا ہے۔ اس میں پانی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ یہ ایک ایسا پھل ہے کہ جو آپ کو اس گرم موسم میں جسم کے درجہ حرارت کو متوازن رکھے گا۔

## جلد کی خوبصورتی کو بڑھائے

جلد کے لیے لیچی ایک بہترین پھل ہے۔ یہ پھل بڑھاپے کی جھریوں اور داغ دھبوں کی علامات سے لڑنے میں مدد کرتا ہے۔ بڑھاپے کی بنیادی وجہ شدید دباؤ کی وجہ سے پیدا ہونے والی چھائیوں کو بھی دور کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس میں وٹامن سی جلد کی خرابی سے لڑنے والے اینٹی آکسیڈنٹ کے طور پر بہترین کام کرتا ہے۔

## لیچی کا فرحت اور شفاء بخش شربت

لیچی کا شربت صحت کے لئے انتہائی موزوں ہے جو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے اور خوش ذائقہ بھی ہے جسے ہر عمر کے افراد با آسانی پی سکتے ہیں۔ طریقہ درج ذیل ہے۔

حسب ضرورت لیچی کو آہستہ آہستہ چھیل لیں اور اس کی گٹھلی نکال لیں۔ اب اس کے گودے کے ٹکڑے کاٹ لیں اور آٹھ چھٹانک گودے کو آٹھ چھٹانک گلاب کے عرق کے ساتھ ملا کر پندرہ منٹ تک آگ پر ابالیں تاکہ ایک عرق حاصل ہو سکے۔ اب اس عرق کو ایک صاف کپڑے میں سے چھان لیں، مگر اس کا بات کا خیال رہے کہ گودے کو ابالتے وقت یا آنچ سے اتارنے کے بعد بھینٹا بالکل نہ جائے۔ اب ایک چینی دانے دار اور آٹھ چھٹانک گلاب کے عرق کو آنچ پر پندرہ منٹ تک پکا کر ایک الگ شربت تیار کر لیں اور اب جب کہ یہ شربت (چاشنی کی طرح) تیار ہو جائے تو پہلے بنائے ہوئے عرق کو اس میں ملا کر ابالنا جاری رکھیں یہاں تک کہ شربت بن جائے

## کینسر کے خلاف لڑنے کی صلاحیت

چین میں ہونے والی ایک طبی تحقیق کے ذریعہ پتہ چلا ہے کہ لیچی کے پھل میں ایسے مفید مرکبات پائے جاتے ہیں جو قوت مدافعت بڑھانے کے لئے لاجواب ہے۔ اس پھل میں موجود مرکبات انسانی جگر کے کینسر کے خلیوں کے خلاف لڑنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اسے مختلف قسم کے کینسروں کے خلاف ایک مؤثر روک تھام کے اقدام کے طور پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

## ہاضمہ درست

لیچی میں غذائی ریشے کی نمایاں مقدار موجود ہوتی ہے جیسا کہ زیادہ تر پھلوں اور سبزیوں میں ہوتا ہے، یہ پھل آپ کے ہاضمہ کی صحت میں اضافہ کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ اس سے آنتوں کی نقل و حرکت میں مدد ملتی ہے۔ اس کی وجہ سے ہاضمہ کی نالی سے کھانا آسانی سے منتقل ہونے میں مدد ملتی ہے اور فائبر چھوٹی آنتوں کے ہموار پٹھوں کی حرکت کو بھی آسان کر سکتی ہے، یہ پھل غذا کی نالی سے کھانے کے گزرنے کی رفتار میں اضافہ کرتا ہے۔

# ماں کو ذلیل کرنیوالی جوان بیٹی [سسرال میں کیا گل کھلائے گی؟]

(کومل ریاض، پشاور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور آپ کے بتائے ہوئے اعمال سے مجھے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ میں آپ کو ایک عمل کا فائدہ بتانا چاہتی ہوں۔ میری ایک دوست ہے اس کی ایک ہی بیٹی ہے جو جوانی کی عمر کو پہنچ چکی ہے۔ وہ ہر وقت اپنی والدہ سے لڑتی رہتی، اس کو بے عزت کرتی۔ خواہشات کو پورا کرنے کے لئے وہ اپنی ماں سے کہتی خود گھر سے باہر نکلو اور کماؤ۔ بیٹی کے اس رویے سے وہ بیچاری خاتون یہ سوچ سوچ کر پریشان ہوتی کہ شادی کے بعد سسرال جا کر کیسے رہے گی، اس کا کیا بنے گا، اس کے اس طرح کے نخرے کون اٹھائے گا اور ایسی کڑوی باتیں کون برداشت کرے گا۔ وہ ہر وقت بیٹی کے غم میں روتی رہتی تھی۔ اکثر مجھے اپنے ان مسائل سے متعلق بتاتی تو مجھ سے اس خاتون کی یہ حالت دیکھی نہیں جاتی تھی۔ میں اسے تسلی کے بول دیتی، ایک دن میں نے اس کو آپ کا بتایا ہوا ایک عمل کرنے کو کہا کہ یہ کچھ عرصہ کر لو، مجھے یقین ہے کہ تمہاری بیٹی راہ راست پر آجائے گی اور تمہاری فرمانبردار بن جائے گی۔

عمل یہ ہے: دو تسبیحات سورۃ اخلاص کی صبح و شام پڑھ کر اصحاب کہف کو ہدیہ کریں اور اپنی پریشانیوں کو سامنے رکھ کر دعا کریں۔ اس دکھیاری ماں نے ایسا ہی کیا، جیسے میں نے بتایا تھا ویسے ہی انہوں نے خوب توجہ اور دھیان کے ساتھ ابھی ایک ہفتہ ہی عمل کیا تھا کہ انہیں مراد مل گئی۔ اس عمل کی برکت سے بیٹی نے اپنی ماں سے معافی مانگی، اب وہ بات بات پر غصہ نہیں کرتی بلکہ اپنی ماں کی عزت کرنے لگ گئی ہے اور فرمانبردار بن گئی ہیں۔ عبقری کا شکریہ ادا کرتی ہوں جس کی وجہ سے دکھوں کے مارے لوگوں کو سکھ اور چین مل رہا ہے۔

زندگی کیلئے کیمیا، صحت کیلئے اکسیر، دماغ کیلئے نعمت
سیرپن گولیاں پرانا نام: اکسیر البدن
چندہی دنوں میں جسمانی کمزوری کا خاتمہ
اٹھتے بیٹھتے جسم دکھتا ہو۔ ازدواجی زندگی ناکام ہو۔ حافظہ کمزور ہو۔ جسم ہڈیوں کا ڈھانچہ بن چکا ہو۔ پہلی خوراک ہی جسم میں بہار لے آئے۔

## قومی ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ!

شیخ الوظائف کو پرانی چیزیں اور ورثہ کو محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس اگر لکڑی کی ریڑھی جس کے پہیے بھی لکڑی کے ہوتے ہیں، اس کے علاوہ انوکھی پرانی چیزیں کتابیں (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش و نگار پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیڈ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو، الیکٹرانکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو شیخ الوظائف کو ہدیہ کی نیت سے تسبیح خانہ لاہور میں بحفاظت با امان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔

نوٹ: ایجنسی ہولڈر کو ہرگز نہ دیں۔ (ادارہ عبقری)

# ناکام شوہر کی صلح کیلئے کوششیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شادی گھر کے حالات کی وجہ سے کافی لیٹ ہوئی تھی۔ شادی کے بعد بیوی سے نہیں بنی، اب میری بیوی ناراض ہو کر چار سال سے اپنے والدین کے گھر میں بیٹھی ہے۔ میں نے صلح کے لئے کافی کوششیں کیں لیکن ناکام ہوا وہ ایسی شرط رکھتے جو میں پوری نہیں کرسکتا۔ میری التجاء ہے کہ میرے مسئلے کے لئے کچھ بتائیے میں تنگ آچکا ہوں۔ شروع میں بہت تڑپتا تھا لیکن اب آپ کے وظائف کی وجہ سے مجھے کچھ آرام آگیا ہے۔ (عبدالوحید، خوشاب)

جواب: محترم آپ روزانہ وَ اَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ کی ایک تسبیح پڑھ کر حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہ الزہراؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کریں۔ ان شاء اللہ بیوی کے دل میں محبت پیدا ہوگی اور آپ کی گھریلو زندگی خوشحال قابل رشک ہوجائے گی۔ اس کے علاوہ آپ نو دس محرم میں تسبیح خانہ میں منعقد ہونے والی روحانی محافل میں شرکت کریں۔ اس میں کالی دنیا، کالے لوگ اور کالے روگ سے نجات کے عمل اور دعائے حضرت علیؓ کے چلہ کی اختتامی دعا میں شامل ہوں۔ اس کی برکت سے گھریلو الجھنیں، میاں بیوی کی تلخی اور رشتوں کی دراڑیں ختم ہو کر آپس میں مثالی محبت اور الفت پیدا ہوجائے گی۔

بے بسی جب خودکشی پر مجبور کردے!
صرف کاغذ قلم اُٹھائیے!

وہیں سے خوشحال زندگی کا آغاز کیجئے

# کلینک نہیں چلتا وظیفہ دیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا کلینک ہے، پہلے اچھا چلتا تھا مریضوں کا رش لگا رہتا تھا لیکن اب بہت برا حال ہے۔ میں خود بھی بیمار رہنے لگا ہوں۔ میرا بیٹا بھی پڑھا لکھا ہے لیکن اس کو بھی روزگار نہیں مل رہا۔ مہربانی فرما کر ہمیں وظیفہ عنایت فرمائیے کہ ہمارا روزگار کا مسئلہ حل ہوجائے (ڈاکٹر امجد، کراچی)

جواب: آپ سورۂ فاتحہ سے دوستی کریں یہ آپ کو ہر چیز میں کفایت کرے گی۔ آپ کو سورۃ فاتحہ کا خاص عمل بتاتا ہوں۔ جمعرات کو سورہ فاتحہ ستر دفعہ پڑھیں پھر جمعہ کو ساٹھ مرتبہ، اس طرح ہر اگلے دن دس اور کم کردیں حتیٰ کہ ساتویں دن بدھ ہوگا اس دن صرف دس مرتبہ پڑھیں۔ یہ ایک ہفتے میں عمل مکمل ہوگا، اس طرح ہر ہفتے عمل کریں۔ آپ کو اس کا حیرت انگیز کمال اور دست شفاء ملے گا۔

# موبائل میرے دو بچے اور سکون کھا گیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کی عمر 23 سال ہے وہ دن رات موبائل کا استعمال کرتا ہے میری لاکھ کوششوں کے باوجود وہ موبائل سے چھٹکارا حاصل نہیں کرسکا۔ میں اس کیلئے پریشان رہتا ہوں کہ میرا بیٹا موبائل کو چھوڑ کر اللہ کی طرف رجوع کرنے والا بن جائے۔ ایک اور بیٹا ہے وہ بھی ابھی 16 سال کا ہے اور موبائل میں گم رہتا ہے۔ آپ سے گزارش ہے میری اولاد کیلئے دعا فرمادیجئے کہ وہ موبائل سے نفرت کرنے لگیں اور والدین کے فرمانبردار بن جائیں۔ (محسن اختر، راولپنڈی)

جواب: بچوں کو مصروف کرنے کیلئے اکثر مائیں انہیں موبائل پکڑا دیتی ہیں اور سمجھتی ہیں کہ سکون حاصل کرلیا جبکہ وہ اپنا اور اپنی نسلوں کا مستقبل برباد کررہی ہیں۔ صحت مند اور ترقی یافتہ قومیں اپنی نسلوں کو کبھی بھی موبائل اور غیرفطری غذاؤں کے قریب نہیں لے جاتے۔ جو بچے اس علت میں مبتلا ہیں اور اس سہولت کا درست استعمال کرکے اپنے اور معاشرے کیلئے آسانی کا باعث بننے کی بجائے اس کے غلط استعمال میں دھنس چکے ہیں ان کیلئے والدین ایسا کریں کہ جب بچہ سورہا ہو تو اس کے سرہانے ایک تسبیح حروف صوامت "اَحَلْدُ سَصْطَعْ کَلَمُوْهٗ" پڑھیں۔ بچوں کی یہ علت دور ہو کر روحانیت اور نورانیت پیدا ہوگی۔

# بیٹا بے گناہ قید! اے کاش کوئی سن لے

میرا بیٹا عیدالاضحیٰ کے دن پیدا ہوا تھا، اتنے مبارک دن پیدا ہوا لیکن قسمت اور مقدر نہ لاسکا۔ وہ عرصہ ڈیڑھ سال سے تین عدد جھوٹے مقدمات میں جیل میں قید ہے۔ وہ بے گناہ قید میں ہے اس کے تمام مقدمات ختم ہوجائیں اور جلد رہا ہو کر گھر آجائے۔ (ا۔ح، اسلام آباد)

جواب: قید سے خلاصی کا ایک بہت ہی مجرب عمل آپ کو اور تمام قارئین کو خاص اجازت کے ساتھ دے رہا ہوں۔ سات دن تک روزانہ چند گھر کے لوگ مل کر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کو اکیس سو مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل ہر طرح کی قید دنیا کی، جادو کی اور نفس کی قید سے آزاد کروانے کا خاص الخاص عمل ہے۔ اپنی مشکلات اور مسائل کا تصور رکھ کر یہ عمل کریں۔

# ترقی رُکی ہوئی ہے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں گورنمنٹ کے ایک محکمے میں نوکری کررہا ہوں، محکمہ میں کچھ افسران نے میری ترقی کو دو سال سے روک رکھا ہے چونکہ میں حق بات کہنے میں پیچھے نہیں ہٹتا۔ مجھے ایسا طاقتور عمل دیجئے کہ میری ترقی کی رکاوٹیں دور ہوجائیں۔ میں چاہتا ہوں میری ترقی ہوجائے۔ (غلام یٰسین، ملتان)

جواب: اس دور میں حق کی بات کہنا بہت بڑا نیکی کا عمل ہے، اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ پڑھیں۔ چند دن نہ گزریں گے کہ آپ کو خوشخبری ملے گی اور ترقی ہوجائے گی یا اللہ پاک اس سے بڑھ کر برکت والے رزق کے اسباب بنا دیں گے۔ اس وظیفہ کو قدردانی اعتماد اور یقین کے ساتھ جاری رکھیں۔ اللہ کریم اتنا عطا فرمائیں گے کہ آپ راضی ہوجائیں گے۔

معدہ کا السر کورس
معدہ کے السر کا شافی علاج
تیزابیت۔ معدہ میں زخم۔ پیٹ میں درد۔ آنتوں میں سوزش۔ معدہ کی جلن۔ ریاح کا درد۔ کھٹی ڈکاریں۔ منہ کا ذائقہ بدمزہ۔ منہ کی بدبو۔ پاخانہ کی بار بار حاجت۔ رنگت پیلی۔ رحم میں ورم۔ غذا کا جزو بدن نہ بننے میں مفید

# صحت مند، چمکدار اور خوبصورت دانتوں کیساتھ مسکرائیے!

(نوشین، اسلام آباد)

مسکراہٹ تو سب ہی کے لبوں پر آتی ہے مگر یہ مسکرانا اسی وقت پیارا اور دلکش لگتا ہے جب یہ مسکان خوبصورت، چمکدار اور صحت مند دانتوں کے ساتھ ہو۔ اچھی صحت کی تکمیل کے لئے بھرپور مسکان کے لئے دانتوں کی صحت کا خیال رکھنا شروع کیجئے۔ لفظوں کی ادائیگی یعنی عام بول چال، خوراک کھانے اور چبانے کا کام دانتوں ہی سے لیا جاتا ہے اس لئے ان پر توجہ دینا بے حد ضروری ہے۔ اگر آپ کے کئی دانت ٹوٹے ہوں گے تو آپ غذا کو مکمل طور پر چبا کر نہیں کھاسکیں گے اور ایسی غذا نگل کر معدہ پر بوجھ بنتی ہے یعنی یوں سمجھئے کہ جو کام دانتوں کے کرنے کا ہے وہ اب معدے کو سونپ دیا گیا اور اسی طرح غذا کو دیر سے ہضم ہونا یقینی ہو جاتا ہے۔ ذیل میں دانتوں کی صفائی، حفاظت اور انہیں مضبوط و چمکدار بنانے کے حوالے سے چند ہدایات پیش کی جارہی ہیں جو دانتوں کے حوالے سے کارگر ہوں گی۔

## دانت صاف کرنے کا صحیح طریقہ

برش کا انتخاب کرتے وقت اپنے مسوڑھوں کا خیال رکھیے۔ آج کل بازار میں لمبے، ریشے یا بالوں والے مختلف ساخت کے برشز متعارف کروائے گئے ہیں جن کے ریشے دانتوں کے درمیانی حصوں سے غذا چھوٹے چھوٹے ذرات کو باہر نکالنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ برش کرنے کا طریقہ میڈیا کے علاوہ ڈینٹسٹ سے سیکھنا چاہیے کیونکہ غلط انداز سے برش کرنا فائدہ مند نہیں ہوتا۔ برش کو مسوڑھوں کے متوازی نہیں چلانا چاہیے بلکہ اوپر سے نیچے یا نیچے سے اوپر اسی زاویے سے چلائیں۔ دن میں کم از کم دو مرتبہ ورنہ ہر میٹھا کھانا کھانے کے بعد برش کر لینا چاہیے ورنہ دانتوں کا خلال تو ضرور کرنا چاہیے تاکہ غذا کے ذرات دانتوں کے اطراف تیزابیت نہ پیدا ہونے دیں۔ یہ قطعی اسراف نہیں کہ ہر دو ماہ بعد برش تبدیل کر لیا جائے۔ آپ غور کریں کہ زیادہ عرصہ تک ایک ہی برش استعمال کرتے رہنے سے ریشے کمزور پڑ جاتے ہیں اور مڑ بھی جاتے ہیں یعنی پہلے والی ساخت تادیر برقرار نہیں رہتی۔

## اخروٹ اور بادام توڑنے والے دانت

مسواک کرنا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے، کیا ہی اچھا ہو کہ ہم اس اچھی عادت کو اپنالیں مگر مسواک کرنے کا اصول یہ ہے کہ اسے چبانا چاہیے۔ قدرت کے اس سائنسی توجیہ اور حکمت کو سمجھئے کہ دانتوں اور مسوڑھوں کی ورزش کے کیا خوبصورت پہلو اجاگر کئے گئے ہیں۔ جدید طرز زندگی میں برشنگ کا بھی یہی کردار ہے۔ دانت کھٹے کر دینا تو ایک محاورہ ہے، اصل حقیقت یہ ہے کہ بہادری کے زعم میں دانتوں سے اخروٹ چبا لینا یا کارک یا بوتل کے ڈھکن کو کھولنے کی کوشش کرنا عام ہے مگر اس سے دانت کمزور پڑتے ہیں کیونکہ یہ اپنی جگہ سے ہل جاتے ہیں۔ طاقت اور مردانگی کا مظاہرہ کرنے کے اور بھی مواقع آ سکتے ہیں۔ اخروٹ اور بادام توڑتے توڑتے دانت گر گیا یا ہلنے لگا تو ایک دن ایسا بھی آ سکتا ہے جب یہ بادام اور اخروٹ کی گریوں کو چبانے کے لائق بھی نہ رہیں گے۔

## پرکشش، دلکش اور خوبصورت مسکراہٹ

دودھ اور دانتوں کی صحت کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ دودھ سے زیادہ رغبت نہ ہو تو دودھ سے بنی اشیاء جیسے کھیر، فرنی، کسٹرڈ یا مختلف حلوے جن میں شکر کی مقدار کم کر لیں کیونکہ یہ شکر مصنوعی ہوتی اور دانتوں کو خراب کرتی ہے لیکن دودھ میں کیلشیم کی وسیع مقدار موجود ہے جو آپ کے لئے بے حد مفید ہے تاہم وٹامن اے اور ڈی بھی (باقی صفحہ 59)

دیسی اینٹی بائیوٹک شفاء
شوگر کے مرض۔ گینگرین۔ خارش
الرجی۔ ٹائیفائیڈ۔ آنتوں کے زخم
خون کی خرابی اور چہرے پر دانوں کیلئے بہترین علاج

# تیز رفتار سواری اور خطرناک حادثہ میں انوکھی حفاظت!

(محمد جبار، خانیوال)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! حفاظت کے انوکھے نظام کے لئے میرے پاس ایک آزمودہ عمل ہے جسے بارہا آزما چکا ہوں۔ یہ عمل میری زندگی کا حصہ بن چکا ہے۔ زندگی میں کئی واقعات ہیں کہ اس مختصر سے عمل کی وجہ سے بہت سے خطرات اور حادثات سے باآسانی نکل گیا۔ ابھی کچھ عرصہ پہلے ایک حادثہ پیش آیا جو تحریر کر رہا ہوں۔ شام کے وقت معمول کے مطابق دکان بند کر کے موٹر سائیکل پر گھر جا رہا تھا۔ میری دکان اور گھر کے درمیان ایک بہت بڑا قدیم قبرستان آتا ہے، اسی قبرستان کے ساتھ ہماری آبائی زمین کا کچھ حصہ بھی ہے جہاں ہم کھیتی باڑی وغیرہ بھی کرتے ہیں۔ اپنی بات کی طرف واپس آتا ہوں، میں دکان سے جب گھر کے لئے روانہ ہوا تو اس دوران حفاظتی عمل یَاحَلِیْمُ یَاکَرِیْمُ کا ورد کرتے ہوئے گھر جا رہا تھا۔ جب قبرستان کے قریب پہنچا تو ایک بہت خطرناک بھڑ جسے ہماری مقامی زبان میں ''دھبک'' کہتے ہیں جو زرد رنگ کی ہوتی ہے اور درختوں کے سایہ اور گھروں میں چھتہ بناتی ہیں لیکن ان کا ڈنک دوسرے حشرات کی نسبت بہت زہریلا ہوتا ہے۔ اگر یہ کاٹ لے تو سخت تکلیف اور جلن ہوتی ہے جو کئی دن تک باقی رہتی ہے۔ میں ذکر میں مگن تھا اور موٹر سائیکل بھی تیز رفتاری کے ساتھ چلا رہا تھا کہ اچانک وہ زہریلی بھڑ اڑتی ہوئی میرے منہ میں چلی گئی۔ اب اس کا کام یہ تھا کہ وہ ڈنک مارے اور اس نے بہت کوشش کی، زبان پر ایک دوسری جگہ جا کر بیٹھتی، اگر وہ کامیاب ہو جاتی تو شدت تکلیف کی وجہ سے شاید تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر پڑتا۔ اس دوران میں سخت گھبراہٹ میں تھا کہ اگر خدانخواستہ زبان پر ڈنک لگ گیا تو نقصان ہو سکتا ہے کیونکہ مین روڈ پر تھا، فوری طور پر رفتار کم کرنا بھی مشکل تھا۔ دل ہی دل میں یَاحَلِیْمُ یَاکَرِیْمُ کا ورد کرتا رہا اور پھر میں نے زور سے تھوکا تو بھڑ بھی منہ سے نکل گئی۔ زبان پر جس جگہ اس نے ڈنک مارنے کی کوشش کی وہاں تھوڑی سی جلن ہوئی۔ میں تھوڑا گھبرایا بھی کہ اب اس جگہ سوجن ہو جائے گی مگر حفاظت رہی۔ اللہ کا شکر ادا کیا کہ نقصان سے بچ گیا کیونکہ بھڑ اگر زبان پر کاٹ لیتی تو سخت تکلیف ہوتی جس کی وجہ سے کچھ دنوں کے لئے کھانے پینے سے بھی عاجز آ جاتا اور وہی زہر اگر منہ میں چلے جاتا تو مزید خطرہ ہوتا۔ میں ذکر کرتا رہا اور جب گھر پہنچا تو نہ جلن، نہ درد اور نہ ہی اس کا کوئی نام و نشان تھا۔ گھر والوں کو بتایا تو وہ یقین نہیں کرتے تھے۔ لیکن میرا سوہنا رب جو حلیم و کریم بھی ہے وہ جو چاہے ہو کر رہتا ہے۔ یہ سب اس کا کرم ہے۔

رئیس بننے کا مجرب عمل
دولت مند بننا چاہتے ہیں تو نومبر 2024ء سوا ارب درود پاک کے چلہ میں شامل ہوں، رئیس بننے اور بخت چمکانے کیلئے سورج کو دیکھتے ہوئے خاص عمل کروایا جائے گا۔

زندگی کیسے بدلی

پوشیدہ

# غلاظت بھری زندگی اور عبقری کا ساتھ
# میری نہیں خاندان بھر کی زندگیاں بدل گئیں

قارئین! شیخ الوظائف کی محافل سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں، گھر بیٹھے جنہیں حیرت انگیز طور پرختم۔ آپ بھی سنیں خواہ تھوڑی سنیں لیکن روز سنیں۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

## منفی سوچ اور زبان پر ہر وقت شکوہ

میں ایک بے مقصد زندگی جی رہی تھی، منفی سوچ رکھتی تھی اور چیزوں کو منفی انداز سے ہی سوچتی تھی حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھی کامل یقین نہ تھا۔ اسی وجہ سے ایسے بہت سے کام کر گزرتی تھی جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور ناراضگی کا سبب بنتے تھے۔ مجھے موسیقی کا بہت زیادہ شوق تھا، جب بھی کوئی پریشانی ہوتی تو اپنی پسندیدہ موسیقی سنتی جس سے وقتی طور پر خود کو پرسکون محسوس کرتی۔ اس کے علاوہ میری زبان پر ہر وقت شکوہ رہتا تھا کہ فلاں چیز کیوں نہیں ملی، فلاں کام کیوں نہ ہوسکا۔ جو چیزیں میسر تھیں ان پر بھی شکر گزاری کی بجائے کسی نہ کسی صورت میں شکوہ غالب آجاتا۔ میری اصلاح کرنے والا کوئی نہ تھا کیونکہ خود کو قابل اصلاح نہ سمجھتی تھی، اپنی ہی دنیا میں دن رات مگن تھی اور انہی گناہوں بھری زندگی پر مطمئن تھی۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو ناراض کر دینے والے کاموں کی وجہ سے دین سے بہت دور ہو چکی تھی۔ اس لئے اگر کوئی دین سے متعلق باتیں کر دیتا تو دل پر لگے ہوئے گناہوں کی میل کی وجہ سے وہ اثر نہ کرتیں۔ مگر اس سب کے باوجود اللہ تعالیٰ میرے گناہوں اور عیبوں پر پردے ڈالتا رہا۔ میرا دل ہر وقت گناہوں کی طرف مائل رہتا تھا، کئی ایسے گناہ سرزد ہو جاتے جنہیں بیان نہیں کرسکتی۔ میری جوانی انہی غفلتوں میں گزر رہی تھی۔ گناہوں کی دلدل میں اس قدر دھنس چکی تھی کہ اب باہر نکلنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو چکا تھا۔ گھر کا ماحول بھی کچھ ایسا تھا کہ زیادہ پابندیاں نہیں تھیں، نہ ہی کوئی روکنے اور ٹوکنے والا تھا۔ اس کے علاوہ اپنے کاموں کی کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہونے دیتی تھی۔ اس بات کی بھی فکر نہیں تھی کہ میرا رب سب کچھ دیکھ رہا ہے اور ان راہوں کا انجام آخر برا اور خطرناک بھی ہے۔

## غلاظت بھری زندگی اور عبقری کا ساتھ

ان تمام ترعیبوں اور گناہوں کے باوجود شاید والدین یا میرے بڑوں میں سے نہ جانے کس کے ایسے نیک اعمال یا دعائیں تھیں کہ چند سال قبل میرا عبقری سے تعارف ہوگیا۔ ہر ماہ عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا اور عبقری یوٹیوب چینل پر شیخ الوظائف کی تسبیح خانہ لاہور میں ہونے والی شب جمعہ کی روحانی محافل سننا شروع کیں۔ آہستہ آہستہ میرے دل پر جمی گناہوں کی سیاہی دھلنے لگی اور نیکی کے کاموں کی توفیق ملنا نصیب ہوگئی۔ ایک ایک لفظ دل کو لگنے لگا اور احساس ہوا کہ میں کس غلاظت بھری بے مقصد زندگی میں جی رہی ہوں۔ میں نے فیصلہ کیا کہ ان شاء اللہ ان گناہوں سے چھٹکارا پانا ہے۔ اس دوران بہت سی مشکلات پیش آئیں مگر عبقری رسالہ میں ہر ماہ جب لوگوں کی زندگی کیسے بدلی تحریر میں مشاہدات پڑھتی تو دل میں یقین پختہ ہوتا کہ ان شاء اللہ میری بھی زندگی ضرور بدلے گی۔ سب سے پہلے اعمال والی زندگی نصیب ہوئی، فرض نمازیں پڑھنا شروع کیں، مسنون دعاؤں اور تسبیحات کا اہتمام ملا جس کے نور سے گناہوں کی غلاظت دھل گئی، پریشانی میں موسیقی کی بجائے روحانی محافل سننا شروع کر دیں جس سے جسم اور روح دونوں کو سکون ملتا۔

## میری ہی نہیں خاندان کی زندگیاں بدل گئیں

اب موسیقی سے نفرت ہوگئی ہے۔ پہلے ہر وقت زبان پر شکوہ رہتا تھا مگر شیخ الوظائف اور عبقری کی وجہ سے شکر والی زبان مل گئی ہے، اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت پر شکر گزاری کا جذبہ مل گیا ہے۔ اب رب کائنات سے کسی قسم کا کوئی شکوہ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات پر کامل یقین مل گیا ہے کہ کوئی بھی کام اور خواہش ہے تو اسے اللہ سے عرض کروں اور پھر اللہ اس یقین کے بدلے وہ چیز عطا کر دیتا ہے۔ کبھی اگر کسی گناہ کا خیال بھی دل میں آئے تو اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتی ہوں، اللہ تعالیٰ ان روحانی اعمال اور روحانی محفل سننے کی برکت سے مجھے ان گناہوں سے بچا لیتے ہیں۔ گناہوں کی بجائے اب اللہ تعالیٰ کے نام کی اور محبت کی لذت مل گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی یہ رحمت، فضل اور کرم تسبیح خانہ کی نسبت کی وجہ سے ملا ہے۔ اگر میں چند سال قبل جب عبقری زندگی میں نہیں تھا تب کے گھر کے حالات دیکھوں تو بہت (باقی صفحہ 59)


بے شمار کا آزمودہ!

**قددراز کورس**

جسمانی کمزوری اور چھوٹے قد کو چند ہفتوں میں بڑھائے

کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں

**روحانی پھکی**

اسم اعظم کا خصوصی دم اور برکت سے مزین

اعصابی، دماغی، جوڑوں کے درد، امراض قلب، ہیپاٹائٹس، شوگر، بلڈ پریشر اور امراض معدہ و جگر کا انوکھا علاج۔ روحانی مسائل، نظر بد جادو میں موثر

چند ڈبیاں نہیں، چند خوراکوں میں رزلٹ پائیے


# گرمی کا توڑ! فرحت بخش اور صحت بخش مشروب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج کل عبقری کی بڑھتی مقبولیت دیکھ کر متاثر ہوا ہوں، رسالہ کے علاوہ انٹرنیٹ پر بھی عبقری چھایا ہوا ہے۔ عبقری دواخانہ کی مصنوعات کی تعریفیں سن کر میں نے سوچا میں بھی عبقری کی مصنوعات استعمال کر کے دیکھوں۔ مجھے گرمی سے بچنے اور طاقت کے لئے کسی ٹانک کی تلاش تھی، میں نے سوچا کہ اگر میری یہ دو ضروریات عبقری کے کسی ٹانک سے پوری ہو جائیں تو میں عبقری کو مانوں گا۔ میں نے کچھ معلومات لینے کے بعد عبقری دواخانہ کا تندرستی ٹانک استعمال کیا۔ چند بار استعمال کے بعد مجھے گمان سے بڑھ کر فائدہ ہوا، میری خفیہ طاقتیں بیدار ہوئیں، جسم سے گرمی دور ہوئی اور فرحت بخش احساس ہوا۔ گھر والوں کو بھی عبقری کا تندرستی ٹانک بہت پسند آیا۔ میں نے چار بوتلیں مزید منگوا لیں۔ تندرستی ٹانک کے استعمال سے ایک صحت مند اور نئی زندگی ملی ہے۔ جسم میں کمزوری، نقاہت اور بے چینی رہتی تھی اور جسم میں گرمی کا مسئلہ تھا۔ تندرستی ٹانک نے ایک ایک مسئلے کو چن چن کر ختم کر دیا اور جسم کو تندرست و توانا بنا دیا۔ گھر میں مہمان آتے ہیں تو ان کی تواضع بھی تندرستی ٹانک سے کرتے ہیں، گرمی کے موسم میں جب اس ٹانک کا ٹھنڈا میٹھا گھونٹ حلق سے نیچے اترتا ہے تو جسم کے انگ انگ کو تندرستی اور فرحت بخشتا ہے۔ مہمان بھی اس کے گرویدہ ہو جاتے ہیں۔ (شیخ راحیل، کراچی)

## 10 محرم کو دنیا کی آخری نظر بد کا خاتمہ ہوگا!

ایسی نظر بد جس نے حسین چہرے مسخ کر دیئے اور ایسا حسد جو بیماری بن کر جسم میں اتر گیا، **10 محرم تسبیح خانہ لاہور میں نظر بد اور اسم اعظم کا دم میں شامل ہو کر نجات پالیں۔**

س، گوجرہ

# ایک پھونک سے کرائے دار سے مکان مالک بن گئے!

زندگی کے حالات کچھ ایسے آزمائشی تھے کہ شادی کے بعد بھی سکول میں پڑھاتی تھی، شوہر دوسرے شہر میں ملازمت کرتے تھے۔ والد صاحب کی شفقت تھی کہ انہوں نے گھر پر ہی رہنے کے لئے جگہ دی ہوئی تھی۔ زندگی کی گزر بسر ہو رہی تھی۔ والد صاحب بہت نیک انسان تھے، ایک دن مسجد میں دوران نماز ان کی روح پرواز کرگئی۔ ہمسایوں سے جب یہ خبر ملی تو میں حواس باختہ ہوگئی، پاؤں تلے زمین نکل گئی۔ تقریباً سارا شہر جنازے میں امڈ آیا، ان کی پیشانی نور سے چمک رہی تھی، جنازہ کا اتنا ہجوم، والد صاحب کا پُرنور چہرہ اور خاتمہ بالخیر دیکھ کر لوگ ہمیں مبارکباد دے رہے تھے۔

## والد کے بعد بھائیوں نے منہ موڑ لیا

اباجی کے وصال کو کچھ وقت گزرا تو میرے بہن بھائیوں نے گھر خالی کرنے کا مطالبہ شروع کردیا: تم اپنے بچوں کے ساتھ کہیں کرائے کا مکان لے لو، ہم یہ گھر فروخت کرنا چاہتے ہیں، ساتھ ہی خریدنے والے بھی آنا شروع ہوگئے۔ والد کی زندگی میں بھائی اس گھر سے دور علیحدہ علیحدہ رہتے تھے مگر انتقال کے بعد حصہ کے لئے فوراً سب چلے آئے۔ ہم دونوں میاں بیوی پر عجب مشکل طاری تھی۔ نہ ملازمت چھوڑ سکتے تھے نہ گھر کا بندوبست کر سکتے تھے پھر یہ محلہ اور لوگ بھی دیکھے بھالے تھے۔

## بچوں سمیت گھر سے نکلنے کی دھمکی

اجنبی محلے میں اجنبی لوگوں کے ساتھ اکیلی عورت کا جس کی بچیاں بھی جوان ہو رہی تھیں اکیلا رہنا مشکل تھا جبکہ میں صبح کی گئی شام کے قریب واپس آتی تھی۔ بہن بھائیوں کی رشتہ داروں کے ذریعے دھمکیاں آنے لگیں۔ بھائیوں سے زیادہ بھابھیاں میدان میں آگئیں، پھر بہنیں بھی پیچھے نہ رہیں سب کو رقم چاہیے تھی، یہ معاملہ طول پکڑنے لگا۔ نہ مجھے گھر میں چین تھا نہ سکول میں بلکہ پڑھانا ناممکن تھا۔ کسی نے مشورہ دیا کہ تم دونوں میاں بیوی اپنے بہن بھائیوں سے مکان کا حساب کرلو چاہے قسطوں میں قیمت لگالینا۔ مگر ایک بھابھی نے دھمکی دی کہ کالے چور کو مکان بیچ دیں گے اس کو بچوں اور سامان سمیت گھر سے باہر نکال پھینکیں گے۔ ہم سب کا کھانا پینا ختم ہو چکا تھا۔ بیٹیاں نماز پڑھ کر دعائیں کرتی رہتیں۔ میں بھی اللہ کے سامنے رو رو کر دعا کرتی۔ یہ میرے اپنے تھے اور ان کا رویہ جارحانہ ہونے لگا تھا۔ لگتا تھا زمین تنگ اور آسمان دور ہے۔ کچھ سمجھ نہ آرہی تھی کے ان حالات میں کیا کروں۔ ایک دن میری ساتھی ٹیچر نے ایک کتاب لا کر دی کہ اس میں کوئی عمل کرو ان شاء اللہ تمہارا اللہ تمہارا مسئلہ ضرور حل ہوجائے گا۔ اس میں ایک آیت لکھی تھی کہ رات کو سونے کے بعد جب بھی آنکھ کھلے تو ویسے ہی لیٹے لیٹے اس آیت کو 100 بار پڑھ کر اول وآخر درود ابراہیمی پڑھنا ہے، اپنے مخالف کا تصور کر کے پھونک ماردو اور دوبارہ کروٹ لے کر سو جاؤ وہ آیت یہ تھی۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۔ میں نے اس عمل کو صرف پڑھا نہیں بلکہ اس کے ذریعے اللہ سے مانگنا شروع کردیا، ابھی چند دن ہی ہوئے تھے جو مخالف تھے وہ خود ہی گھر آئے اور پھر اللہ کے کرم سے میرے بہن بھائیوں کے ساتھ مکان کے فروخت کا معاملہ بخیر وخوبی طے ہوگیا۔ ہم دونوں میاں بیوی کے پاس تنخواہیں تھیں، کوئی جمع جوڑ رقم نہ تھی لیکن دعاؤں کی طاقت تھی جس کی برکت سے غیب سے مدد آگئی تھی۔ ادائیگی رقم قسطوں میں طے پائی تھی۔ ہمارا آپس میں سارا جھگڑا ختم ہوگیا۔ ہم بہن بھائیوں میں دوبارہ پرانی محبت جاگ گئی، ملنا جلنا بھی شروع ہوگیا گویا شیر وشکر ہوگئے۔ عدالت میں مکان کے کاغذات بنواتے وقت میں درود شریف پڑھ کر اللہ سے دعا مانگتی رہی، اللہ کا کرم شامل حال رہا۔ یہ سب اس مالک کی عطا اور کرم تھا کہ ناممکن ممکن ہوا۔ میرے والدین کی دعائیں میرے کام آگئیں۔ مانگنے کا انداز ہونا چاہیے ورنہ اللہ کا کرم تو اپنے بندوں پر ہمیشہ متوجہ رہتا ہے مگر یہ پکار سچے دل کی پکار ہو ایک بے چین اور بے قرار دل کی پکار ہو۔ شاید اس کو وجد کی سی کیفیت کہتے ہیں جو دعاؤں اور ذکر کے دوران خوش نصیبوں کو ملتی ہے۔

# آخر ہم اپنی غلطی کیوں ماننے کو تیار نہیں؟

مولانا وحید الدین خانؒ

حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے نہیں دیکھا کہ جہنم جیسی چیز سے بھاگنے والا سو گیا ہو اور میں نے نہیں دیکھا کہ جنت جیسی چیز کو چاہنے والا سو گیا ہو۔ جہنم کا عذاب کتنا ہولناک ہے۔ مگر آدمی اس سے غافل ہے جنت کی نعمتیں کتنی لذیذ ہیں مگر آدمی کو اس کا کوئی شوق نہیں۔ یقیناً یہ زمین پر ہونے والے تمام واقعات میں سب سے زیادہ عجیب ہے۔ لوگ سو رہے ہیں تاکہ اس وقت جاگیں جب کہ جہنمی آگ کے شعلے ان کے لئے سونے کو ناممکن بنا دیں۔ لوگ غافل ہیں تاکہ اس وقت ہوشیار ہوں جب کہ محرومی اور رسوائی ان کے اوپر اس طرح ٹوٹ پڑے کہ ان کے لئے اس سے بھاگنے کا کوئی راستہ نہ ہو۔

آج ہر آدمی بے ہوش نظر آتا ہے۔ ہر آدمی اپنے آپ میں اس طرح گم ہے جیسے اس کے اوپر کوئی اور طاقت نہیں۔ حالاں کہ موت ہر روز بتارہی ہے کہ آدمی ایک ایسی حقیقت سے دوچار ہے جس کے مقابلہ میں کسی کا کچھ بس نہیں چلتا۔ انسان کتنا زیادہ مجبور ہے مگر وہ اپنے آپ کو کتنا زیادہ بااختیار سمجھتا ہے۔ آدمی وعدہ کرتا ہے مگر اس کے بعد اس کو نظرانداز کر دیتا ہے۔ اس کے اوپر کسی کا ایک حق آتا ہے مگر وہ اس کو ادا نہیں کرتا۔ آدمی کے سامنے ایک سچائی آتی ہے مگر وہ اس کا اعتراف نہیں کرتا۔ وہ دوسرے کے اوپر یک طرفہ الزام لگاتا ہے اور اپنی غلطی ماننے کے لئے تیار نہیں ہوتا۔ وہ چھوٹوں کو نظرانداز کر کے بڑوں کا استقبال کرتا ہے۔ وہ اپنی زندگی کو اصول کے تابع کرنے کے بجائے خواہشات کے تابع کرتا ہے۔ وہ زور آور سے دبتا ہے اور بے زور کو ستاتا ہے۔ وہ خدا کو مرکز توجہ بنانے کے بجائے خود اپنی ذات کو اپنا مرکز توجہ بناتا ہے۔ وہ جنت کے اشتیاق اور جہنم کے اندیشوں میں جینے کے بجائے دنیا کے اشتیاق اور دنیا کے اندیشوں میں جیتا ہے۔ آدمی یہ سب کچھ کرتا ہے اور بھول جاتا ہے کہ اپنی اس روش سے اپنے آپ کو جہنم کے قریب لے جارہا ہے اور اپنے آپ کو جنت کے لئے نااہل ثابت کر رہا ہے۔ آہ وہ انسان جس کو اسی چیز کا شوق نہیں جس کا اسے سب سے زیادہ شوق ہونا چاہئے۔ آہ وہ انسان جو اسی چیز سے سب سے زیادہ بے خوف ہے جس سے اس کو سب سے زیادہ خوف کرنا چاہئے۔


## شاہی ناشتہ

کمزور اور سست جسم کیلئے لاجواب

بلڈ پریشر، جوڑوں کا درد اور دیگر امراض کا خطرہ نمایاں حد تک کم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ نئی نسل اور خواتین کیلئے ایک پُراُمید صحت کا انوکھا راز

# قابل رحم شوہر، سنگدل بہو اور ظالم ساس

(زاہد علی بھٹہ، لاہور)

ہمارے معاشرے میں مشترکہ خاندانی نظام ابھی تک چل رہا ہے۔ اس نظام کی خوبی یہ ہے کہ سب مل کر رہتے ہیں۔ ساس اور بہو کو بھی ایک چھت کے نیچے گزارہ کرنا پڑتا ہے۔ اگر مرد شام کو گھر آئے، تھکا ماندہ ہو اور آرام و سکون چاہتا ہو اور ایسے میں گھر کی عورتیں لڑتی جھگڑتی ملیں تو اس کے جذبات پلک جھپکتے میں مایوس کن ہو جاتے ہیں۔ وہ یہ سمجھ نہیں پاتا کہ کس کا ساتھ دے اور کس کا ساتھ نہ دے۔

## شوہر کی قابل رحم حالت

ماں کی حمایت کرتا ہے تو بیوی اکھڑتی ہے۔ بیوی کی طرفداری کرتا ہے تو ماں ناراض ہو جاتی ہے۔ ایسے میں وہ بے چارہ چکی کے دو پاٹوں کے درمیان پس کر رہ جاتا ہے۔ ایسی صورت حال میں مرد کی حالت قابل رحم ہوتی ہے۔ وہ اپنے تمام معاملات میں الجھ کر رہ جاتا ہے۔ بعض اوقات تو اس کا مستقبل داؤ پر لگ جاتا ہے۔ اس صورت حال کا نتیجہ یہ برآمد ہوا ہے کہ اب گھر میں ناچاقی کے واقعات میں بے حد اضافہ ہو جاتا ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس صورت حال کے لیے کس کو مورد الزام ٹھہرایا جائے، کسی ایک کو یا سب کو بیک وقت مورد الزام نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ جس گھر میں چار برتن ہوں، ان کا آپس میں کھنکنا، ٹکرانا فطری امر ہے۔

## مایوس ہونا اور ہمت ہار دینا مسئلہ کا حل نہیں

اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ انسان حالات سے بالکل مایوس ہو جائے، ہمت ہار دے، یہ مسئلے کا حل ہرگز نہیں۔ یہ پورا معاملہ رواداری اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کا متقاضی ہے۔ اگر

> **ساس کو چاہیے کہ بہو کو ملازمہ نہ سمجھے، بہو کو چاہیے کہ ساس کو ماں کا درجہ دے**

سب اپنی انا اور ہٹ دھری پر قائم رہیں تو معاملات میں الجھنوں کا پیدا ہونا فطری امر ہے۔ اس ضمن میں ساس اور بہو دونوں پر حالات کو بہتر کرنے کی ذمہ داری یکساں طور پر عائد ہوتی ہے۔ ساس اس بات پر غور کرے کہ دس پندرہ برس پہلے وہ خود بھی اسی حالات کی گرفت میں تھی جن کی گرفت میں اب اس کی بہو ہے۔ ایسے میں اگر وہ اپنی بہو پر بے جا دباؤ ڈالنے سے گریز کرے تو اس میں کوئی شک نہیں کہ معاملات میں درستگی کی راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ اگر بہو کو احساس دلایا جائے کہ گھر میں اس کی ضرورت ہے اور وہ کام میں آسانی پیدا کرتی ہے تو لا محالہ اس کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور وہ پہلے کے مقابلے میں زیادہ پرسکون ہو کر گھر کا کام کرے گی۔

## یہ اقدام گھر کو خوشیوں کا گہوارہ بنادے

ساس کا فرض ہے کہ وہ بہو کو ان پریشانیوں سے دوچار ہونے سے بچالے جن سے وہ خود دوچار رہی ہے۔ اس کا یہ قدم گھر کو سکون کی منزل کی طرف لے جائے گا اور بہو کے دل میں اس کے لیے احترام میں اضافہ ہوگا۔ اسی طرح اگر بہو بیمار ہو تو اس کا خیال رکھنا ساس کا فرض ہے۔ ایک خاص بات یہ ہے کہ بہو نے زندگی کے ابتدائی برس اپنے گھر میں گزارے ہوئے ہوتے ہیں یعنی ایسے ماحول میں جو اس کے سسرال کے ماحول سے قدرے مختلف ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ نئے ماحول میں ڈھلنے میں کچھ وقت تو لگتا ہی ہے۔ اگر ایسے میں اس سے توقع کی جائے کہ نئے گھر میں وہ راتوں رات یکام کرلے گی تو معاملات کا بگڑنا ناگزیر ہے۔ نکتہ یہ ہے کہ اگر بہو کے رہن سہن کا انداز، ڈریسنگ کا اسٹائل، گفتگو کا ڈھنگ ساس کو پسند نہیں تو کوئی بات نہیں۔ رفتہ رفتہ اس صورت حال میں تبدیلی لائی جا سکتی ہے۔ ساس بہو کے معاملے یا معاملات میں کسی تیسرے فریق کو مداخلت سے گریز کرنا چاہیے کیونکہ تیسرا فریق ہی بات کو بگاڑتا ہے۔

## بے جا توقعات سے گریز کریں

دوسری طرف بہو کا بھی فرض ہے کہ وہ چند باتوں کا خاص طور پر خیال رکھے۔ وہ ایک نئے گھر میں ہے۔ یہاں کا ماحول اس کے لیے بہت اجنبی ہے۔ اس اجنبی (باقی صفحہ 59)

## ٹینشن، ڈیپریشن اور پریشانیوں سے چھٹکارا

ٹینشن، ڈیپریشن اور ذہنی بیماریوں سے نجات پانے کیلئے **ہجویری محل سوا ارب درود پاک کے چلہ میں برکت،** خوشحالی اور پنسل کا ایک خاص عمل کروایا جائے گا جس سے زندگی سے پریشانیاں ختم اور مسائل حل ہوں گے۔

# چند منٹ میں شوگر کنٹرول کرنے کا لاجواب ٹوٹکہ!

(نادیہ، کراچی)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شوگر کے مرض سے نجات کیلئے عبقری قارئین کی خدمت میں ایک ٹوٹکہ پیش کرنا چاہتی ہوں، ان شاء اللہ لوگوں کو اس سے بہت فائدہ ہوگا یہ ٹوٹکہ میرا بہت آزمودہ ہے جو جلد اثر کرتا اور


**فولادی** ٹانک (پرانا نام) **فٹنس فولاد** ٹانک

نیا نام نئی پیکنگ فارمولا تاثیر اور شفاء ابھی بھی پرانی

خون کی کمی کو پورا کرے۔ حاملہ کیلئے لاجواب ٹانک۔ حافظہ قوی، دانت مضبوط بنائے۔ کمزور اور دبلے پتلے افراد کیلئے مؤثر تھیلی سیمیا کے مریضوں کیلئے انتہائی مفید۔ بھوک بڑھائے اور جسم کو فربہ و موٹا بنائے۔ خواتین کیلئے قوت کا بے بہا خزانہ۔


اس سے کمال کا نفع ہوتا ہے۔ آپ بھی ضرور آزمائیں۔

## شوگر کا انوکھا اور حیرت انگیز علاج

ایک دن والدہ کی رات تقریباً 1:30 بجے طبیعت خراب ہوگئی، جب چیک کیا تو شوگر 406 تھی جس کی وجہ سے دل میں بھی درد ہو رہا تھا۔ والدہ کی حالت دیکھ کر میں بہت پریشان ہوگئی۔ شوگر کی دوا بھی کھلائی لیکن شوگر کا لیول کم نہ ہوا اور درد بھی بڑھتی چلی جا رہی تھی۔ اس دوران مجھے اچانک ایک ٹوٹکہ یاد آیا جو میں نے آزمایا۔ کوڑتمہ کو پیس کر والدہ کے دونوں پاؤں کی مالش کرنا شروع کر دی۔ تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ والدہ کی طبیعت بحال ہونا شروع ہوگئی اور وہ سوگئیں۔ پندرہ منٹ کے بعد جب بہن نے والدہ کا شوگر لیول چیک کیا تو شوگر نارمل ہو چکی تھی۔ جب امی صبح اٹھی تو کہہ رہی تھی کہ میرا منہ کڑوا ہو رہا ہے، ان کو نہیں پتہ تھا کہ میں نے مالش کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بہت خاص کرم کیا جو مجھے فوری یہ طبی ٹوٹکہ یاد آگیا، بے شک پریشانی اور مشکل حالات میں اگر طلب سچی ہو تو اللہ غیبی مدد کرتا ہے، اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر ادا کروں اتنا کم ہے۔

قارئین! شوگر کنٹرول کرنے کے لئے یہ بہت ہی کارآمد نسخہ ہے، جو لوگ اس مرض میں مبتلا ہیں، میرا مشورہ ہے کہ وہ ضرور استعمال کریں، ان شاء اللہ شوگر کے مرض سے چھٹکارا مل جائے گا۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

کوڑتمہ 30 روپے کا لے لیں، اسے باریک پیس لیں، کوڑتمہ کو سرسوں کے تیل میں مکس کر کے پاؤں پر مالش کریں، چاہیں تو تیل کے ساتھ پانی بھی ملا سکتے ہیں، مالش کرنے والا شخص دستانے پہنیں تاکہ مالش کرنے والے کا شوگر لیول کہیں کم نہ ہو جائے۔ 15 سے 20 منٹ تک مسلسل مالش کریں، جب شوگر والے مریض کی زبان کڑوی ہو جائے، پھر مالش کرنا چھوڑ دیں۔

اس فتنوں کے دور میں ہم سب کو روحانی ڈھال کی ضرورت ہے۔ تسبیح خانہ آپ کو روحانی حفاظت کا نظام مہیا کر رہا ہے 5 صفر المظفر تسبیح خانہ روحانی کلاس میں شامل ہوں (لنگر کا بہترین اور کشادہ انتظام)

## کانوں سے سنائی کم دیتا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے کانوں سے سنائی کم دیتا ہے اور دائیں کان سے شائیں شائیں اور بائیں کان میں سیٹی کی آواز آتی ہے اور بہت تیز آتی ہے۔ اس کی وجہ سے بہت پریشانی ہے، براہ کرم اس کے لئے کوئی مجرب نسخہ تجویز فرمائیے، نوازش ہو گی۔ (غضنفر حسین، گجرات)

مشورہ: کانوں سے مسلسل شور کی آوازیں آنے یا گھنٹیوں کے بجنے کے مسئلے کو ٹینائٹس (Tinnitus) کہتے ہیں۔ اس کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں کانوں میں ریشہ جمع ہونے سے ان کا بند ہوجانا، کانوں کے پردوں میں انفیکشن ہوجانا کانوں کے اندر موجود ہڈی میں سوزش یا انفیکشن ہونا کانوں میں ہوا کے دباؤ میں رکاوٹ سر یا گردن پر چوٹ لگنا۔ اس کے لئے آپ کو آسان اور بہترین علاج بتاتا ہوں۔ دار چینی کا ایک ٹکڑا اور پانچ عدد کالی مرچ پیس لیں۔ ایک کپ پانی میں ڈال کر ابالیں آدھا کپ رہ جائے تو آدھا چمچ شہد ملالیں۔ یہ قہوہ پئیں اور اس کا کمال دیکھیں۔ پہلی بار پینے سے ہی افاقہ ہوجائے گا اور دو چار بار استعمال کرنے سے کان کا مرض مکمل طور پر ختم ہوجائے گا۔ کان بند ہو، کان میں ریشہ ہو، سنائی دینا بند ہوجائے، کان میں درد ہو، شائیں شائیں کی آوازیں آتی ہوں، بلغم ریشہ ہوان تمام مسائل میں یہ قہوہ لاجواب ہے۔ چھوٹے بچوں کو دو چمچ صبح دوپہر شام دیں اور بڑوں کو آدھا کپ قہوہ پلائیں، اس کے بعد پانی نہیں پلانا۔ اللہ کے حکم سے کان کی تکلیف دور ہوجائے گی۔

## ٹانگ ٹوٹ گئی درد نہیں جاتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک سال قبل میرا حادثہ ہوا اور ٹانگ ٹوٹ گئی تھی۔ آپریشن کروایا تھا لیکن درد ختم نہیں ہو رہا بہت درد ہوتا ہے۔ ہر قسم کی دوائیاں استعمال کیں لیکن درد ختم نہیں ہوا۔ اس کے لئے کوئی اچھا سا نسخہ عنایت فرمادیجئے۔

(سکندر غیاث۔ لاہور)

مشورہ: آپ ثابت ہلدی لے کر پیس لیں اور پھٹکڑی لے کر توے پر پھول کرلیں۔ دونوں چیزیں ہم وزن بار یک کر لیں۔ چائے کا چمچ دن میں تین بار لیں۔ پرانی چوٹ کے درد، موچ، ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے کیلئے بہت اکسیر نسخہ ہے۔

## خواتین کے پوشیدہ امراض

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے لیکوریا کی بیماری کافی عرصے سے ہے، کسی بھی علاج سے آرام نہیں آتا، ہر وقت کوئی نہ کوئی مسئلہ رہتا ہے، معدہ بہت خراب ہے اور گلا بھی ہر وقت خراب رہتا ہے۔ چہرہ پر کالے رنگ کے نشانات ہیں، ناف بھی ٹل جاتی ہے، کبھی قبض لگتی ہے اور کبھی موشن لگتے ہیں۔ کوئی دوا اثر نہیں کرتی۔ (آ۔ی، کراچی)

مشورہ: آپ کے تمام مسائل کی بنیاد ہارمونز کی خرابی اور پوشیدہ امراض ہیں۔ اس کا علاج ہو گا تو سب مسائل حل ہوجائیں گے۔ آپ عبقری دواخانہ کا پوشیدہ کورس اور ہارمونز شفاء کچھ عرصہ مستقل مزاجی کے ساتھ استعمال کریں۔ ان شاءاللہ آپ کے تمام امراض کا خاتمہ ہوجائے گا۔

## ہرنیا کا آپریشن نہیں کروانا چاہتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ہرنیا کی بیماری میں مبتلا ہوں اور چاہتا ہوں کہ بغیر آپریشن کے دوائیوں سے کام ہوجائے۔ (مغیرہ فیصل، کراچی)

مشورہ: آپ خربوزے کے بیجوں کا مغز ایک پاؤ، سونف ایک پاؤ اور مصری ایک پاؤ بس یہ تینوں چیزیں آپس میں کوٹ لیں۔ صبح دوپہر اور شام ایک بڑا چمچ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ ان شاءاللہ یہ دوا ختم ہونے سے پہلے ہرنیا کے مسئلے میں افاقہ ہوجائے گا۔

# ٹیسٹ کے مطابق اولاد کی اُمید نہیں

## اولاد کے لئے ترستے جوڑے

السلام علیکم کے بعد عرض ہے کہ میری شادی کو دو سال ہوگئے ہیں لیکن ابھی تک اولاد کی امید نہیں لگی۔ میاں بیوی دونوں نے ٹیسٹ کروائے ہیں اہلیہ ٹھیک ہے لیکن میرے اندر مسئلہ ہے۔ مادہ تولید بہت پتلا ہے اور سرعت انزال کا بھی مسئلہ ہے۔ بہت کمزوری کا سامنا ہے۔ میں نے ایک عامل سے استخارہ بھی کروایا ہے وہ بتاتے ہیں کہ جادو کا اثر ہے۔ اہلیہ کو ماہواری شروع ہونے سے پہلے پندرہ دن قبل ناف کے نیچے درد شروع ہوجاتا ہے جو ماہواری کے تیسرے دن ختم ہوجاتا ہے۔ امید ہے آپ کے دواخانہ سے مجھے شفاء ضرور ملے گی۔ (خلیل احمد، بہاولپور)

مشورہ: جنہیں ازدواجی لحاظ سے کمزوری ہے اور اولاد کے قابل نہیں ہیں۔ ان کیلئے بہت زبردست نسخہ ہے۔ تخم ریحان 50 گرام، عقرقرحا 50 گرام اور مصری 100 گرام، عقرقرحا اور مصری کو پیس لیں اور تخم ریحان اس میں ملالیں۔ ایک بڑا چمچ دودھ کے ہمراہ صبح وشام لیں۔ ہر طبیعت کے لئے بہت موافق ہے۔ بعض لوگوں کی طبیعت میں گرمی ہوتی ہے اور بعض کے طبیعت میں ٹھنڈک زیادہ ہوتی ہے۔ یہ نسخہ ہر طبیعت میں بہت کامیاب ہے۔ جس کو بتایا اور جس نے یہ نسخہ استعمال کیا اسے بے حد فائدہ ہوا۔

## بیماری چھوٹی یا بڑی! معذور کوئی اپنا یا پرایا!

شفائی پڑیا

بس قلم اٹھاتے ہی شفاء کی پڑیا ہاتھ میں!

براہِ راست/شیخ الوظائف سے جانیے نہ قطار نہ انتظار

## منہ کا کینسر

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر پچاس سال ہے۔ مجھے تین ماہ سے منہ کا کینسر ہے۔ میرے منہ کا دایاں حصہ بالکل ختم ہوگیا ہے، دانت گر گئے ہیں۔ آپ میرے لئے دعا کریں اور کوئی دوا یا وظیفہ بتا دیں۔ میرے شوہر کی آمدن بھی کم ہے۔ میرا کوئی عزیز بھی نہیں جو میرا علاج کروائے۔ (ساجدہ بی بی، کراچی)

مشورہ: عبقری دواخانہ کی نورتن شفاء اور سات تخم شفاء دوا استعمال کریں اور بیرون استعمال کیلئے سکونی مرہم (پرانا نام: مرہم سکون) لگائیں۔ ان شاءاللہ بیماری یہیں رک جائے گی اور شفاء ملے گی۔


مصلحین گولیاں | پرانا نام | قبض کشاء

دائمی قبض۔ آنتوں میں فضلہ بھرا رہنا۔ بھوک ختم۔ اپھارہ۔ پیٹ میں درد۔ نیند کی کمی۔ تنہا پسندی۔ گھبراہٹ۔ اجابت کے وقت زور لگانا۔ سینے پر بوجھ۔ بواسیر۔ ان تمام امراض کیلئے قبض کشاء گولیاں انتہائی مفید


## آپ کسی بیماری میں مبتلا ہیں تو علاج کیلئے ابھی لکھیں!

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا تو جہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام، موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

# کان' ناک اور گلا کے امراض کا فیصلہ کن علاج!

محمد انوار' اٹک

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آج کل طبی لحاظ سے ENT یعنی کان' ناک' گلا کے امراض کے مسائل بہت شدت اختیار کر چکے ہیں۔ لوگوں کی ایک کثیر تعداد ان مسائل کا شکار ہے۔ مختلف مہنگی ادویات مسلسل استعمال کرنے کے باوجود بھی بہت سے لوگ اس مرض سے مکمل طور پر چھٹکارا پانے میں ناکام رہتے ہیں۔ ان امراض سے نجات کے لئے مجرب نسخہ پیش کر رہا ہوں۔

**ھوالشافی:** سرسوں کا تیل 50 گرام لے کر شیشے کی بوتل میں ڈال اس میں ایک ٹکی کافور کی ڈال کر تین گھنٹے کے لئے دھوپ میں رکھ دیں' بس نسخہ تیار ہے۔ اس نسخہ کے ایک یا دو قطرے دن میں ایک مرتبہ کانوں میں ڈالیں۔ چند دن مسلسل استعمال کرنے سے ان شاء اللہ کان کے تمام امراض ختم ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ ناک اور گلے کے مسائل کے لئے ایک یا دو قطرے ناک میں ڈال لیں تو ان تمام امراض میں بہت افاقہ ہوتا ہے۔

انہی مرض کا روحانی علاج بھی بتانا چاہوں گا۔ سورۂ مرسلات کی پہلی دو آیات وَ الْمُرْسَلٰتِ عُرْفًاۙ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًاۙ اور سورۂ فلق تین بار پڑھ کر ایک چمچ پانی یا دودھ پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ عشاء کے وتروں کی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ نصر' دوسری میں سورۂ لہب اور تیسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھنے کا معمول بنالیں' کان' ناک اور گلا کے تمام امراض سے حفاظت رہے گی' ان شاء اللہ

## شدید تکلیف میں اہلیہ کا نسخہ کام آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند سال قبل ٹانگوں اور کمر میں شدید تکلیف کی شکایت ہوئی۔ یہ درد ناقابل برداشت تھی' روزمرہ کے کاموں کے علاوہ نماز پڑھنا بھی مشکل ہو گیا تھا۔ ادویات کا استعمال کیا' مختلف علاج کروائے مگر افاقہ نہ ہوا۔ پھر اس تکلیف سے نجات کے لئے اہلیہ نے سوہانجنا پھلی کے پتوں کو پیس کر اس کا سفوف بنا کر دیا۔ اس سفوف کا ایک چمچ صبح نہار منہ ہمراہ پانی کے استعمال کرنا شروع کر دیا۔ میں نے مسلسل ایک ماہ یہ نسخہ استعمال کیا۔ اللہ کا شکر ہے ٹانگوں اور کمر کا درد بالکل ختم ہو گیا' آج بھی مکمل طور پر فٹ ہوں' دوبارہ تکلیف کی شکایت نہیں ہوئی۔ یہی نسخہ میں نے اپنے بہت سے دوستوں اور رشتہ داروں کو استعمال کروایا انہیں بھی بہت فائدہ ہوا۔ (حبیب الرحمٰن عثمانی' کراچی)

# 9 بچوں کے باپ نے دھوکہ سے شادی کر لی! درندہ صفت سے نجات کیسے ملی؟

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت وتندرستی والی لمبی عمر عطا فرمائے اور ہمیشہ ہمیشہ ہمارے سروں پر آپ کا سایہ سلامت رکھے' آمین۔ تسبیح خانہ میں شب جمعہ کی روحانی محفل اور اسم اعظم کے دم میں حاضری دینے سے بہت فائدہ ہوا' میری اور میرے بچوں کی بہت سی مشکلات کا خاتمہ ہوا۔ بچے نافرمان تھے لیکن اب فرمانبردار ہو چکے ہیں۔ آپ کی نہایت شکر گزار ہوں کہ آپ نے ہمیں اللہ اور رسول اللہ ﷺ سے ملنے کا راستہ بتایا' واہ کیا کمال وظیفہ ہے۔ اپنے چند مشاہدات عبقری رسالہ کے لئے تحریر کر رہی ہوں۔ میں نے آپ کا بتایا ہوا سورۂ والضحیٰ کے نو کاف والا عمل پڑھا جس سے میرے بہت سے الجھے مسائل سلجھ گئے' رکاوٹیں اور پریشانیاں حیران کن طور پر جلد ہی ختم ہو گئیں۔ میں نے سورۂ والضحیٰ کے نو کاف والا صبح شام ایک ہفتہ پڑھا اور دوسرے ہفتے میں نے ہر فرض نماز کے بعد پڑھنا شروع کر دیا۔ میں نے 9 ''ک'' پر 9 دعاؤں کا تصور کیا تھا۔ ان میں سے جو سب سے اہم چار دعائیں تھیں الحمدللہ وہ پوری ہو گئیں اور باقی بھی ان شاء اللہ امید ہے جلد ہو جائیں گی۔ اس عمل کا ایک مشاہدہ تحریر کر رہی ہوں۔

### بیٹی واپس مل گئی

میری جوان بیٹی کی کم عمر میں ہی پسند کی شادی ہو گئی۔ اسے لاکھ سمجھایا مگر اس وقت اس نے کسی کی نہ سنی۔ تھوڑے ہی عرصہ بعد اس کے شوہر کی حقیقت سامنے آ گئی۔ وہ پہلے سے شادی شدہ اور 9 بچوں کا باپ تھا مگر اس بات کو اس نے پوشیدہ رکھ کر ہمیں دھوکہ دیا۔ اب بیٹی کے سامنے حقیقت کھل چکی تھی' وہ اس بیچاری پر ظلم وستم کرتا' بیٹی شرم کے مارے مجھے کچھ نہ بتاتی لیکن اس وہ دھوکہ باز اور ظالم شخص نہ ہی اس کے حقوق پورے کر رہا تھا اور نہ ہی اسے طلاق دے رہا تھا۔ میں نے بیٹی کی نیت سے سورۂ والضحیٰ کے 9 کاف والا عمل کرنا شروع کیا کہ اس درندہ صفت انسان سے بیٹی کو نجات مل جائے۔ الحمدللہ چند ماہ بعد بیٹی گھر واپس آ گئی' اس ظالم سے نجات مل گئی۔ بیٹی نے آ کر بتایا کہ وہ بات بات پر مارتا اور تشدد کرتا تھا۔ اس دوران وہ چپ چاپ ظلم سہتی رہی' بس نماز اور قرآن کے ذریعے اللہ سے مدد مانگتی رہی۔ اس نے بتایا کہ میں چاہتی تھی کہ عبقری سے کوئی وظیفہ ملے جس سے مجھے اس اذیت بھری زندگی سے نجات مل جائے مگر کوئی بھی عبقری رسالہ لا کر نہ دیتا تھا۔ حضرت جی جولائی 2016 سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں' اس رسالہ کی تعریف کے لئے میرے پاس الفاظ نہیں۔ سورۂ والضحیٰ کے 9 کاف والے عمل کا طریقہ درج ذیل ہے۔

سورۂ والضحیٰ میں 9 کاف ہیں' جب بھی تلاوت کے دوران کاف آئے تو 9 بار یَا کَرِیْمُ پڑھیں' اپنی مرادوں کا تصور کرتے ہوئے اس عمل کو صبح شام یا ہر نماز کے بعد کریں۔

## بغیر آپریشن ریڑھ کی ٹوٹی ہڈی ٹھیک ہو گئی

میرا ایک بھائی سینٹری کی دکان پر کام کرتا ہے جہاں اکثر اسے منوں کے حساب سے وزن اٹھانا پڑتا ہے۔ ایک دن بھائی نے معمول سے بہت کم یعنی تقریباً تیس کلو وزن کا توڑا اٹھایا ہوا تھا' اس نے بتایا کہ کسی ان دیکھی چیز نے اسے اٹھا کر زور سے فرش پر پٹخا جس سے اس کی ریڑھ کی ہڈی فریکچر ہو گئی اور وہ بستر پر لیٹ گیا۔ اس کا چلنا پھرنا ختم ہو چکا تھا' حتیٰ کہ حاجت کے لئے بھی کمر پر بیلٹ باندھ کر جانا پڑتا تھا۔ میں نے اس کا تصور کر کے دو رکعت صلوۃ الحاجات پڑھنے کے بعد اول وآخر تین بار درود پاک کے ساتھ تین مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھی۔ یہ عمل مسلسل دو ہفتے کیا جس کے بعد بھائی صحت یاب ہو گیا' ڈاکٹروں کے منع کرنے کے باوجود بھی موٹر سائیکل بھی چلانے لگ گیا' ڈاکٹر خود حیران تھے کہ یہ کرشمہ کیسے ہو گیا۔ یہ اعمال سے ہلنے' بننے اور بچنے کی طاقت تھی جس کا یقین ہمیں شیخ الوظائف کی وجہ سے ملا۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے آمین! (فہمیدہ' گوجرانوالہ)

عرق سُکر شفاء | پرانا نام عرق شوگر شفاء

شوگر کی وجہ سے جسمانی' اعصابی' دماغی' نگاہ کی کمزوری' گھٹنوں' ٹانگوں کا درد۔ پٹھوں کا کھچاؤ۔ خاص طاقت کی کمی۔ ان امراض میں کسی ایک کا بھی شکار ہیں تو عرق سُکر شفاء ضرور پیجئے شفاء پائیے

شوگر کے مریضوں کے لیے بہترین تحفہ

# وسیع غیبی رزق پانے کے مجرب عملیات

(نورالعین، راولپنڈی)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اپنے والد صاحب کے چند مجرب عمل عبقری رسالہ کے لئے تحریر کر رہا ہوں۔

## حکومت، تاج اور بخت پانے کے لیے

اگر کوئی شخص تخت و تاج پانے کا خواہش مند ہو اسے چاہیے کہ کثرت کے ساتھ سَیِّدَنَا کَرِیْم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ورد کرنا شروع کر دے۔ میرے والد نے بتایا تھا کہ ملک کے ایک سابقہ وزیراعظم نے یہ درود پاک پڑھا' اس درود پاک کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اس کو ملک کا بادشاہ بنایا۔ جو کوئی شخص یہ درود پاک کثرت سے پڑھے گا اس کو حکومت، تاج، عزت، وقار اور اقتدار مل جائے گا۔

## کامل رہبر پانے کے لیے وظیفہ

جو شخص کامل رہبر کی تلاش میں ہو اسے چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد ایک تسبیح اول و آخر درود پاک کے ساتھ یَاهَادِیُ یَارَحِیْمُ پڑھ کر بغیر کسی سے گفتگو کیے پڑھے اور سو جائے اور یہ عمل مسلسل کچھ عرصہ جاری رکھے، اس عمل کی برکت سے جلد ہی ان شاء اللہ کامل رہبر مل جائے گا۔

## دعا کے قبول ہونے کا اکسیر اور مجرب عمل

یہ عمل میں نے اپنے والد کی ڈائری سے لیا تھا کہ دعا مانگنے سے قبل اور اگر رمضان ہو تو افطاری سے پہلے 7 مرتبہ درود ابراہیمی، 15 مرتبہ تیسرا کلمہ اور 10 مرتبہ یَاوَهَّابُ پھر آخر میں 7 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں پھر جو بھی دعا مانگیں قبول ہوگی۔ دعاؤں کی قبولیت کے لئے واقعی مجرب عمل ہے۔

## غیب سے روزی ملے گی

یہ عمل بھی مجھے میرے والد سے ملا تھا، ہر اسلامی ماہ چاند کی پہلی آٹھ تاریخوں کا عمل ہے اور یہ عمل پہلی آٹھ تاریخوں میں بدھ اور جمعہ کے دن کا ہے۔ بدھ کے دن ظہر اور عصر کے درمیان کرنا ہے اور جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد کرنا ہے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے سَیِّدِنَا مُدَبِّرٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 30 مرتبہ یَا وَاجِدُ یَا فَتَّاحُ 700 بار یَااللہُ یَاأَحَدُ یَاوَاحِدُ یَا کَرِیْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ 30 بار اور آخر میں 3 بار یَاذَاالْجَلَالِ وَالْإِکْرَام پڑھیں اور پھر اللہ تعالیٰ سے کشادگی رزق کے لئے دعا کریں' ان شاء اللہ غیب سے روزی نصیب ہوگی۔

## زیر ناف مسائل کا علاج

سورۃ الحشر کی آخری تین آیات پانی پہ دم کر کے پینے سے لاعلاج بیماری دور ہوتی ہے' خاص کر کے مرد و خواتین کے زیر ناف پوشیدہ اور الجھے مسائل حل ہوتے ہیں۔ دن میں دو سے تین مرتبہ یہ عمل کریں اول و آخر تین مرتبہ درود پاک پڑھے أَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ 3 مرتبہ پھر 1 مرتبہ سورۃ الحشر پارہ 28 کی آخری تین آیات پڑھیں' ان شاء اللہ شفاء ہوگی یقین اور مستقل مزاجی کے ساتھ پڑھنا شرط ہے۔

## ناف کا مسئلہ حل

ناف پڑ جائے تو ہاتھ کی مٹھی بنا کر پہلے سیدھے پاؤں کے تلوے پر 7 مکے مارے اور ہر مکے پر یَاسَمِیْعُ یَابَصِیْرُ پڑھیں۔ پھر 7 دفعہ یہی اسمائے الٰہی پڑھ کر ناف کے سوراخ کے گرد کلاک وائز سیدھی انگلی گھمائیں ناف ٹھیک ہوجائے گی۔

## لاپتہ شخص اور گمشدہ چیز کے لیے عمل

اگر کوئی شخص لاپتہ ہو یا کوئی چیز گم جائے تو آیت کریمہ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ سب گھر والے کھلا پڑھیں' ان شاء اللہ مقصد حاصل ہوجائے گا۔

# ہم بھی کبھی اس درگاہ کے عاشق تھے

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ آرام فرما رہے تھے کہ اچانک کسی نے آپؓ کو بیدار کر دیا' حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ادھر ادھر دیکھا تو ان کو کوئی شخص نظر نہ آیا۔ پھر آپ ہی نے دیکھا کہ ایک شخص دروازے کی آڑ میں اپنا منہ چھپائے کھڑا ہے۔ آپؓ نے دریافت کیا: تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا: "میرا نام ایک زمانہ جانتا ہے۔ میں بدبخت ابلیس ہوں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "اے ابلیس تو نے مجھے کیوں جگایا؟" اس نے کہا: "اے امیر نماز کا وقت تنگ ہوتا جا رہا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ کو مسجد کی طرف جلد دوڑ کر جانا چاہیے قبل اس کے کہ وقت نکل جائے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "ہرگز یہ غرض تیری نہیں ہوسکتی کہ تو خیر کی طرف کبھی رہنمائی کرے۔ میرے گھر میں چور کی طرح گھس آیا اور کہتا ہے کہ میں پاسبانی کرتا ہوں' بھلا میں چور کی بات پر کیسے یقین کر سکتا ہوں اور تو میرا خیر خواہ کب ہوسکتا ہے۔" ابلیس نے کہا" ہم بھی فرشتوں میں شامل رہے ہیں اور اطاعت کے راستے کو دل و جان سے طے کر چکے ہیں۔ سفر کرتے ہوئے کوئی خواہ کہیں چلا جائے وطن کی محبت اس کے دل سے کب جا سکتی ہے۔ ہم بھی خدا کے دریائے رحمت سے پانی پی چکے ہیں اور اس کی رضا کے باغ کی سیر کر چکے ہیں' ہم بھی اس کی درگاہ کے عاشق تھے۔ اگر اس کے دریائے کرم نے مجھ پر عتاب کیا تو پھر کیا ہوا"۔ حضرت امیر معاویہؓ نے فرمایا "اے راہزن مجھ سے بحث مت کر تجھ کو میرے اندر گمراہ کرنے کا راستہ نہیں مل سکے گا۔ میرے اندر راستہ مت ڈھونڈ' سچ سچ بتا کہ تو نے مجھے نماز کے لئے کیوں بیدار کیا؟ تیرا کام تو گمراہ کرنا ہے۔ اس خیر کی دعوت میں کیا راز ہے۔ جلد بتا! ابلیس نے کہا: "بدگمان آدمی تو سچی بات کو سو دلیلوں کے باوجود تسلیم نہیں کرتا' میرا قصور صرف یہ ہے کہ ایک بدی کر بیٹھا اور دنیا میں بدنام ہوگیا۔

حضور! اصل بات یہ ہے کہ اگر آپ رضی اللہ عنہ کی نماز فوت (قضا) ہو جاتی تو دنیا آپ رضی اللہ عنہ کی نگاہوں میں تاریک ہو جاتی تو آپ رضی اللہ عنہ اللہ شدید غم اور صدمہ سے رو رو کر نڈھال ہو جاتے آپؓ کی یہ آہ و زاری دل کا سوز و گداز اور درد و نیاز سو نمازوں کے ثواب سے بڑھ جاتا۔ آپؓ کے قرب الٰہی کے خوف اور حسد نے مجھے آپؓ کو بیدار کرنے کے لئے آمادہ کیا۔ بھلا مجھ کو یہ کب گوارا تھا کہ آپؓ اس قدر زیادہ ثواب حاصل کر لیں آپؓ کو جگانے کا باعث میرا یہی جذبہ حسد تھا۔ میں نے اسی خوف سے آپؓ کو بیدار کر دیا تاکہ آپؓ کی آہ و بقاء مجھے جلا نہ دے۔ میں انسان کا حاسد ہوں میں اس کا بھلا کیسے سوچ سکتا ہوں' اسی حسد سے میں نے ایسا کیا ہے۔ میں انسان کا دشمن ہوں میرا دل یہ کیسے گوارا کرے کہ اسے کوئی فائدہ پہنچے۔"

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں اب تو نے اصل بات بتائی۔ دراصل تو نہیں چاہتا کہ میں خلوص اور درد کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑاؤں اور اپنی آنکھوں سے ندامت اور پشیمانی کے آنسو بہاؤں کیونکہ اس آہ و فغاں کا حق تعالیٰ کے نزدیک بہت بڑا درجہ ہے۔"


طاقت نیو — جسم میں فولادی قوت پیدا کرنے والا شاہی نسخہ

قوت باہ کی کمی۔ بے رغبتی کمر درد۔ پٹھوں کا کھچاؤ۔ اعصابی و دماغی کمزوری ٹینشن۔ ڈپریشن۔ جلدی تھک جانے والوں اور دل کی طاقت کیلئے اکسیر۔ جریان سرعت انزال کیلئے مفید۔

مرد، عورت' بوڑھوں اور ہر مزاج کیلئے مفید

# بس 7 چاکلیٹ بانٹ دیں! نسلیں سنوار لیں!

جولائی میں پیدا ہونیوالے بچوں کے نصیب، مقدر اور روشن مستقبل کیلئے!

شیخ الوظائف نے پہلی مرتبہ اس علم سے پردہ اٹھایا، علم الاعداد اور علم النجوم کے حساب سے پورا مہینہ ہر دن کے حساب سے بچے کی فطرت، احتیاطیں، علم اور وظیفہ

**نوٹ: والدین کو بچے کیلئے دیا گیا وظیفہ بچہ خود بھی پڑھ سکتا ہے۔ یہ وظیفہ زندگی بھر کیلئے ہے، مزید دیگر اعمال وظائف کے ساتھ اگر اس وظیفے کو بھی جاری رکھا جائے تو عمر بھر مسائل، مشکلات، مصائب و بیماری سے حفاظت رہے گی۔ ہدیہ صرف ایک بار دینا ہے۔**

**1**۔ اس دن پیدا ہونے والے بچے زندگی میں بے شمار اتار چڑھاؤ دیکھیں گے۔ انہیں کفایت شعاری کی تعلیم دیں۔ تعلیمی معاملات میں رہنمائی کریں اور کسی ہنر یا پیشے کی تعلیم ضرور دلائیں تاکہ کسی کے محتاج نہ رہیں۔ صبح و شام گیارہ مرتبہ سورۂ فلق اور ناس پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ اس ماہ کسی کو 1 سے 10 گلاس میٹھا شربت پلادیں۔

**2**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچوں کو روپے پیسے کے معاملات میں محتاط رہنے کی تعلیم ضرور دیں اور تجارتی مضامین یا کامرس کی تعلیم حاصل کرنے کی ہدایت کریں۔ والدین صبح و شام 19 مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھ کر دم کریں۔ اس ماہ 30 روپے صدقہ کردیں۔

**3**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچے بے خوف اور ہم جو ہوں گے۔ فوج میں شمولیت اختیار کرکے اچھا مستقبل بنا سکیں گے۔ ریاضی اور جغرافیہ کی تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دیں۔ نظر بد اتارتے رہیں، صبح و شام گیارہ مرتبہ سورۂ قلم (پارہ 29) کی آخری دو آیات پڑھ کر دم کریں۔ حسب توفیق آٹا کسی سفید پوش کو ہدیہ دے دیں۔

**4**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچے سرگرم، قوت متخیلہ کے مالک اور آرٹسٹک ہوں گے۔ انہیں تاریخ اور ادب کے مطالعے کی ترغیب دیں۔ صبح و شام 29 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کریں۔ بچے کی نیت سے کہیں پھل دار درخت لگا دیجئے۔

**5**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچے کسی قدر مشکل زندگی گزاریں گے۔ چنانچہ انہیں کفایت شعاری اور دور اندیشی اور موقع محل دیکھ کر بات کرنے کی ہدایت کریں۔ تعلیمی معاملات میں رہنمائی کریں اور کسی ہنر یا پیشے کی تعلیم ضرور دلائیں تاکہ کسی کے محتاج نہ رہیں۔ بچے پر والدین صبح و شام اکیس مرتبہ یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ پڑھ کر دم کریں۔ ایک روٹی ہمراہ سالن کسی فقیر کو کھلا دیں۔

**6**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچے بے چین اور سفر کے شوقین ہوں گے، انہیں کفایت شعاری کی تعلیم دیں اور تجارتی مضامین پڑھنے کی ترغیب دیں۔ والدین صبح و شام 21 بار ''یَاکَرِیْمُ'' پڑھ کر دم کریں۔ حسب توفیق کشمش بانٹ دیں۔

**7**۔ اس دن پیدا ہونے والے بچے بری یا بحری فوج میں شمولیت اختیار کرکے اچھا مستقبل بنا سکیں گے۔ ریاضی اور جغرافیہ کی تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دیں۔ صبح و شام 11 بار سورۂ قریش پڑھ کر دم کریں۔ بلی کو دودھ پلا دیں۔

**8**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچے بحیثیت ادیب یا صحافی اچھا مستقبل بنا سکیں گے۔ تاریخ اور اردو ادب کے مطالعے کی ترغیب دیں۔ صبح و شام 41 مرتبہ یَاعَلِیْمُ پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ بھنے ہوئے چنے کم از کم چار مٹھیاں زیادہ سے زیادہ ایک کلو بانٹ دیں۔

**9**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچے زندگی میں بے شمار اتار چڑھاؤ دیکھیں گے۔ انہیں کفایت شعاری کی تعلیم دیں۔


## ستر شفائیں

فوڈ الرجی۔ کمر درد۔ خون کی کمی۔ دل کے والو کا بند ہونا۔ لنگڑی کا درد۔ منہ سے بدبو آنا۔ جسمانی و دماغی کمزوری۔ کھانسی۔ بلغم۔ دائمی نزلہ زکام۔ چھینکیں۔ گلا کی خرابی۔ لو بلڈ پریشر۔ خاص طاقت سے محرومی۔ پرانا ٹائیفائیڈ۔ ملیریا۔ جسم میں کسی بھی قسم کا

انفیکشن اور نشہ آور چیزوں سے چھٹکارا کیلئے انتہائی کارآمد


تعلیمی معاملات میں رہنمائی کریں اور کسی ہنر یا پیشے کی تعلیم ضرور دلائیں تاکہ کسی کے محتاج نہ رہیں۔ صبح و شام گیارہ مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ ایک فرد کو کھانا کھلا دیں۔

**10**۔ اس دن پیدا ہونے والے بچوں کا رجحان سائنس اور ریاضی کی طرف ہوگا انہیں مضامین میں اعلیٰ تعلیم دلوائیں۔ صبح و شام 41 بار یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ پڑھ کر دم کریں۔ حسب استطاعت شکر ہدیہ کردیں۔

**11**۔ اس دن پیدا ہونے والے بچوں کو خطرہ والی جگہ پر انویسٹمنٹ کرنے کے نقصان اور بچت کے فوائد سے ضرور آگاہ کریں۔ کنسٹرکشن کا پیشہ ان کیلئے بہتر رہے گا۔ والدین بچے اور پانی پر روزانہ ایک مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کریں اور دم شدہ پانی پلائیں۔ 7 چاکلیٹ بچوں میں بانٹ دیں۔

**12**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچوں کو اخراجات پر کنٹرول رکھنے کی ہدایت کریں۔ اس کے علاوہ دکانداروں کی باتوں میں ہرگز نہ آنے کی ہدایت بھی کریں۔ صبح و شام یَارَشِیْدُ 41 مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ ایک کپ چائے یا دودھ کسی کو پلا دیجئے۔

**13**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچے کچھ آرٹسٹک صلاحیتوں کے مالک ہوں گے۔ بچوں سے متعلق کسی پیشے کو اختیار کرکے کامیاب زندگی گزاریں گے۔ صبح و شام 100 بار یَاوَارِثُ پڑھ کر دم کریں۔ ایک کلو چاول صدقہ کریں۔

**14**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچوں کو مالی مشکلات میں محتاط رہنا سکھائیں، تعلیمی معاملات میں ان کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کریں اور الیکٹرک انجینئرنگ میں مستقبل بنانے کی تلقین کریں۔ صبح و شام 66 مرتبہ یَارَزَّاقُ پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ پیلے رنگ کی مٹھائی حسب توفیق بانٹ دیں۔

**15**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچے بے چین اور سفر کے شوقین ہوں گے، انہیں کفایت شعاری کی تعلیم دیں اور تجارتی مضامین پڑھنے کی ترغیب دیں۔ والدین صبح و شام 71 بار یَامُؤْمِنُ پڑھ کر دم کریں۔ کسی کو ٹھنڈا مشروب پلا دیں۔

**16**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچے اوسط درجے کے خوش قسمت زندگی گزاریں گے۔ انہیں قانون کی تعلیم دلائیں اور اس سے متعلقہ پیشہ اختیار کرنے کی ترغیب دیں۔ صبح و شام ستر بار یَامُهَیْمِنُ پڑھ کر دم کریں۔ 40 روپے کسی مستحق کو صدقہ کردیں۔

**17**۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچوں کو روپے پیسے کے معاملات میں محتاط رہنے کی تعلیم ضرور دیں اور تجارتی مضامین یا کامرس کی تعلیم حاصل کرنے کی ہدایت کریں۔ اول آخر تین بار درود پاک کے ساتھ 1 بار سورۂ فاتحہ تین بار سورۂ اخلاص پڑھیں، یہ عمل اسی ترتیب کے ساتھ صبح و شام 7 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ حسب استطاعت (باقی صفحہ 64)

**نوٹ: عبقری عمل مستند دیتا ہے، غیر شرعی نہیں۔ حوالہ جاننے کیلئے Akabirparaitmad قسط نمبر 613 ملاحظہ فرمائیں۔**

تجربات رومی
قسط نمبر 53

# شیخ الوظائف کی مجلسِ طب!

روحی احمد پوری

قارئین السلام علیکم! چند روز قبل میں نے تین دن اپنے بڑوں کے ہمراہ گزارے۔ ان تین دن میں خوب نئی نصیحتیں ہوئیں اور بے شمار باتیں سیکھنے کو ملیں۔ وہ بڑے میرے والد صاحب اور چچا جان ہیں جو کہ زندگی کو رہنی، بہنی، کہنی اور سہنی کے اصولوں کے مطابق گزار کر کندن بن چکے ہیں اور خوب دین و دنیا سکھاتے ہیں۔

میں ان تین دن طب کی ایک قدیم کتاب "خزائن الادویہ" جس میں برصغیر کی جڑی بوٹیوں کے فوائد کے راز تحریر ہیں اس کا مطالعہ کرتا رہا۔ اس کتاب میں اردو کے بہت سے ایسے پرانے الفاظ تھے جو کہ صد سال پہلے اردو لغت میں استعمال ہوتے تھے، ان الفاظ کا مفہوم و تشریح والد اور چچا بتاتے رہے۔ جس جگہ ہم قیام پذیر تھے وہ علاقہ تقریباً شہر خاموشاں جیسا تھا، جہاں زیادہ شور نہ تھا۔ موسم میں بھی شدت نہ تھی، علمی و ادبی ماحول وجود میں تھا جس سے ہم سب خوب استفادہ حاصل کر رہے تھے۔

## کمزوری ختم کرنے والا مجرب ٹوٹکہ

وہاں ایک شخص نے طاقت، تندرستی کے لئے مجرب اور اعلیٰ نسخہ بتایا۔ اسگندنا گوری اور خلنجان ہموزن لیں، اسے پیس کر سفوف بنا کر کچھ عرصہ دودھ کے ہمراہ مسلسل استعمال کریں تو بہتر ہے ورنہ پانی کے ہمراہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ کمزوری کے خاتمہ اور لاجواب صحت پانے کا باکمال ٹوٹکہ ہے۔

کتب کے مطالعہ کے دوران عجب بات پڑھنے کو ملی کہ اللہ کا ہر پیدا کردہ جانور ذکر اللہ میں مشغول ہے، بعض کتب میں باقاعدہ وہ اذکار بھی لکھے ہیں۔ جیسا کہ گھوڑے کے بارے میں آتا ہے کہ جب وہ بولتا ہے تو سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ پڑھتا ہے اور یہ ذکر روحانیت میں ترقی کے لئے نہایت مفید ہے۔

## شفایابی کی سرزمین!

طب چونکہ انبیاءؑ صحابہؓ و اہلبیتؓ سے ثابت ہے اور ان ہستیوں کے استعمال میں بہت رہا ہے۔ چونکہ اس دور میں علاج کا واحد ذریعہ طب نبوی ﷺ تھا اور آج بھی اس میں شفاء ہے۔ فرماتے ہیں حکیم کی چھوٹی سی دکان پر کسی بیمار کو جا کر بیٹھا دو اور وہاں کے ماحول کے کی جڑی بوٹیوں کی خوشبو اس شخص کے اندر جائیں گی تو وہ جلد تندرست ہو جائے گا۔ طب نبوی ﷺ میں مدینہ کی مٹی میں شفاء ہے۔ اسی طرح طبیب کہتے ہیں کہ حکیم اگر پڑیا میں مٹی بھی بھر دے تو مریض شفایاب ہو جاتا ہے۔

اس طبی سفر میں ناریل کھانے کا موقع ملا۔ شیخ الوظائف اکثر سفر میں جب ناریل بیچنے والوں کا ٹول پلازوں پر کھڑے دیکھتے ہیں تو غریب کی امداد کی نیت کر کے اور ناریل کے فوائد کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے نوش فرماتے ہیں۔ اس میں کمال تاثیر، لاجواب ذائقہ ہے۔ دنیا کے مہنگے پھلوں میں سے ایک جو کہ مختلف ممالک کی بڑی بڑی مارکیٹوں میں مہنگے دام بکتا ہے مگر اللہ کا فضل ہے کہ ہمارے ملک میں با آسانی دستیاب ہے۔ ناریل دماغ، دل، دانت، نظر، بصیرت کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کا پانی حلق کیلئے لاجواب اور دل کو فرحت بخشتا ہے۔ ناریل بنیادی طور پر سمندری پھل ہے۔ ہمارے ملک میں سری لنکا سے درآمد کیا جاتا ہے مگر پاکستان کا اپنا بھی شاندار ہے۔ ناریل کھانے سے انسان کا سر اور جسم ایسے مضبوط ہوتا ہے جیسے ناریل خود کاٹنے سے پہلے سخت اور مضبوط ہوتا ہے۔

پیٹ ویٹ گولیاں
بڑھا ہوا پیٹ / سانس کا پھولنا، تھکاوٹ
جسمانی فالتو چربی کا خاتمہ / سستی و کاہلی سے نجات
بواسیر امراض معدہ میں مؤثر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک

# گاؤں میں "جانوروں کا عامل" مشہور ہوں!

عبدالغفار، دائرہ دین پناہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! جب کسی کا کوئی جانور بیمار ہو جائے تو اسے آپ کا بتایا ہوا عمل جانور کے قریب جا کر سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنے کا کہتا ہوں جس سے جانور شفایاب ہو جاتا ہے۔

ایک مرتبہ اپنے دوست کے گھر گیا وہ اپنے باڑے میں مایوس اور پریشان بیٹھا ہوتا تھا، حال احوال کے بعد معلوم ہوا اس کی بھینس ایک ہفتہ سے کچھ نہیں کھا رہی، منہ سے جھاگ جاری ہے، نڈھال لیٹی رہتی ہے۔ ہزاروں روپوں کی ادویات استعمال کروا چکا تھا۔ وہ حافظ قرآن تھا، انہیں کہا کہ آپ ہلکی اونچی آواز میں سات مرتبہ اذان دیں اور سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر جانور کے قریب جا کر کان میں پھونک ماریں۔ انہوں نے میرے سامنے یہ عمل کیا۔ پھر ہم باتوں میں مشغول ہو گئے 10 سے 15 منٹ کے بعد دیکھا تو بھینس کھیت میں گھاس کھا رہی تھی، میرا دوست حیران ہو گیا، میں نے انہیں بتایا کہ اعمال کا یہ فیض تسبیح خانہ لاہور سے ملا ہے۔ اس کے بعد میرا وہ دوست بھی عبقری کا دلدادہ ہو گیا، اب ہر ماہ عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتا ہے۔

ایک عزیز کا اونٹ بیمار تھا، ذبح کرنے کا سامان تیار تھا۔ گھر والے علاج کر کے تھک چکے تھے۔ انہوں نے سوچا آخری حربہ کے طور پر دم کرا لیں، بندہ ہانپتا کانپتا میرے پاس پہنچا، ہمارے اونٹ کو دم کر دیں۔ میں نے ماہانہ اسم اعظم کے دم والا پانی ہمراہ لیا اور ان کے گھر پہنچ گیا۔ وہاں جا کر الحسبتم اور اذان والا عمل کیا اور انہیں اسم اعظم کے دم والا پانی تین سے چار دن پانی میں ملا کر اونٹ کو پلانے کا کہا۔ میری باتوں سے انہیں تسلی ہوئی، سب گھر والوں کے منہ پر خوشی کے آثار نظر آنے لگے، کچھ دنوں کے بعد انہوں نے بتایا آپ کے دم والے پانی کی وجہ سے آدھے گھنٹے کے اندر اونٹ ٹھیک ہو گیا۔ اس عمل کے اور بھی واقعات اور مشاہدات ہیں، بہت ہی مجرب اور لاجواب عمل ہے۔

**زمیندار حضرات کے نام خوشحالی کا پیغام:** قارئین! کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی، جانوروں یا فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو، یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھے ہیں تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہو گا جو آپ کے لئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ بنے گا اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

جانوروں کی بیماریوں کا شافی علاج!
جانوروں میں موشن، چارہ نہ کھانا، جگالی نہ کرنا اور سوکھا پن دور کرنے کیلئے "جانور شفاء" لاجواب ہے۔ جانور موٹا تازہ اور صحت مند ہو گا اس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ گھریلو پالتو جانوروں کی تمام بیماریوں کا شافی علاج ہے۔

# 5لاکھ آپریشن کا خرچہ! 50روپے میں شفاء مل گئی

محمد رضوان، لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں شعبہ کے لحاظ سے ٹیچر ہوں۔ آپ کے بتائے ہوئے طبی ٹوٹکے اور روحانی وظائف خود بھی آزما چکا ہوں اور بہت سے جاننے والے احباب کو بھی بتا چکا ہوں جس سے بہت سے لاعلاج اور پیچیدہ امراض میں مبتلا افراد کو شفاء ملی ہے۔

ایک دن میرے سٹوڈنٹ نے پوچھا کہ آپ اکثر لوگوں کو مختلف بیماریوں سے نجات کے لئے ٹوٹکے اور وظائف بتاتے ہیں کیا آپ کے پاس آنکھ میں نکلی رسولی کا علاج بھی ہے؟ میں نے اسے کہا کہ جی رسولی کا علاج ممکن ہے۔ اس نے بتایا کہ اس کے ماموں کی بیٹی کی آنکھ میں رسولی ہے، بہت علاج کروایا، ہسپتال اور اسپیشلسٹ ڈاکٹر کوئی نہ چھوڑا، کچھ لوگوں کا کہنا تھا کہ یہ روحانی مسئلہ ہے، روحانی علاج کروا کر بھی دیکھ لیا، کبھی کسی عامل کے پاس جاتے تو عامل کہتا کہ بکرا لگے گا، چند ڈاکٹروں نے علاج کی حامی بھری مگر وہ کہتے ہیں کہ 5 لاکھ کا خرچہ آئے گا۔ مگر ماموں اتنا مہنگا علاج کروانے سے عاجز ہیں۔ میں نے اس بچے سے کہا کہ آپ اپنے ماموں سے کہیں کہ اپنی بیٹی کو شیخ الوظائف کا بتایا آسان سا ٹوٹکہ کچھ عرصہ مسلسل استعمال کروائیں، گھر بیٹھے ہی مرض سے نجات ملی گی اور ان شاء اللہ رسولی ختم ہوجائے گی۔

اس بچے نے اپنے ماموں کو یہ ٹوٹکہ بتایا اور انہوں نے مسلسل دو ماہ یہ ٹوٹکہ استعمال کروایا جس سے بچی کی آنکھ کی رسولی ختم ہوگئی۔ پھر انہوں نے اپنی تسلی کے لئے ہسپتال سے ٹیسٹ بھی کروائے، سب حیران ہوگئے اس ٹوٹکے میں اتنی تاثیر ہے کہ رسولی کا نام نشان بھی باقی نہ رہا۔ یہ ٹوٹکہ گلٹیوں، رسولیوں اور کینسر کا بھی بہترین علاج ہے۔

ھوالشافی: 1 پاؤ ماجو، پھٹکڑی 50 گرام لے کر ان کو پیس لیں، اس سفوف کا آدھا چمچ چائے پانی کے ہمراہ دن میں تین بار استعمال کروائیں۔

## سالوں پرانا تکلیف دہ مرض

ایک سٹوڈنٹ جس کے جسم پر کئی سالوں سے چھوٹے چھوٹے پھنسیوں والے دانے تھے، اس بچے کے جسم کی عجیب حالت تھی۔ میں نے شیخ الوظائف سے ایک ٹوٹکے کے بارے میں سنا تھا کہ 2 سے 3 چمچ پودینے کے کوٹ کر ایک پیالی دہی میں ڈالیں، حسب ذائقہ نمک شامل کرلیں اور کچھ نہیں ڈالنا، صبح وشام بس یہ ٹوٹکہ استعمال کریں۔ میں نے اس بچے کو یہی ٹوٹکہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ اس بچے کے جسم پر پھنسیوں والے سالوں پرانے دانے ایک ہفتے میں ٹھیک ہوگئے۔ ایک ہفتہ کے بعد جب وہ بچہ سکول آیا تو اس کا جسم صاف ہوگیا۔

## مرض ایسے ختم ہوا جیسے کبھی تھا ہی نہیں

مجھے اور میرے بچوں کو خارش کا مسئلہ ہوگیا، خارش کر کر کے جسم پر نشان پڑ جاتے تھے، سب بہت پریشان تھے۔ پھر میں نے عبقری کی ویب سائٹ پر جا کر اس مسئلے کا حل تلاش کیا تو ایک زبردست ٹوٹکہ میرے سامنے آیا۔ 10 روپے کی گندھک اور ایک چٹکی نیلا تھوتھا لے کر 50 گرام سرسوں کے تیل میں مکس کرلیں اور جہاں جہاں خارش ہے اس کی مالش کرلیں اگر پورے جسم پر خارش ہے تو پورے جسم کی مالش کرلیں۔ میں نے یہ ٹوٹکہ آزمایا اور گھر والوں کو بھی استعمال کروایا، خارش ایسے ختم ہوئی جیسے تھی ہی نہیں۔

# گھر میں بچے ہیں تو یہ نسخہ ضرور بنا کر رکھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں شائع ہونے والے بہت سے طبی نسخے آزما چکی ہوں۔ آج عبقری سے ملے ایک نسخہ کا مشاہدہ تحریر کررہی ہوں۔

میرے بیٹے کو پچھلے چار پانچ سال سے جب بھی گرمی آتی آنکھوں میں خارش شروع ہوجاتی اور آنکھیں سرخ ہوجاتی تھیں۔ ڈاکٹر کہتے تھے کہ یہ ڈسٹ الرجی ہے، بچے کو دھول مٹی سے بچائیں بالخصوص گرمی سے بچائیں ورنہ یہ الرجی ایسے ہی رہے گی۔ ڈاکٹر کچھ ادویات لکھ کر دے دیتے جس سے عارضی طور پر کچھ افاقہ ہوجاتا مگر مستقل شفاء نہ ملتی۔ میں نے ڈاکٹر بدل کر دیکھ لیے، مہنگے سے مہنگے علاج کروائے مگر کسی بھی طرح افاقہ نہ ہوسکا۔

## یہ ٹوٹکہ نہیں بلکہ جادو ہے

ایک مرتبہ اس مرض سے نجات کے لئے عبقری میں ایک نسخہ پڑھا۔ سوچا جہاں اتنے علاج کروا کے دیکھ لئے ہیں وہاں یہ نسخہ بھی استعمال کروا کر دیکھ لوں۔ میں نے اللہ کا نام لے کر وہ نسخہ بنایا اور اپنے بیٹے کو استعمال کروانا شروع کیا۔ چند دن میں ہی مثبت نتائج ملنا شروع ہوگئے۔ الحمدللہ ثم الحمدللہ چند دن میں ہی میرے بچے کی آنکھوں کی خارش اور الرجی بالکل ختم ہوگئی۔ یہی نسخہ اور بہت سے امراض کے لئے لاجواب ہے۔ میں ہر وقت گھر پر بنا کر رکھتی ہوں، کبھی ختم نہیں ہونے دیتی۔ بچوں کے پیٹ میں درد ہو، معدے میں گرمی ہو، تیزابیت ہو، کھانا ہضم نہ ہوتا ہو اس کے کیا کیا فوائد بتاؤں یہ نسخہ نہیں جادو ہے جو فوری اثر دکھاتا ہے، بیماری سے نجات ملتی ہے۔ اس نسخے سے میری آنکھوں کی الرجی بھی ختم ہوئی۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

ھوالشافی: 1 پاؤ چینی یا مصری، 1 تولہ ست پودینہ لے کر پیس لیں 1 چھٹانک میٹھا سوڈا لے کر ان میں مکس کرلیں اور کسی بند ڈھکن والی شیشے کی بوتل میں ڈال دیں۔ جب بھی استعمال کریں ڈھکن اچھی طرح بند کریں۔ ورنہ دوائی کی گٹھلیاں بن جاتی ہیں، بہت زبردست نسخہ ہے۔

ہم آپ کے بہت مشکور ہوں آپ نے ہمیں ہمارے مسائل کا گھر بیٹھے حل دیا اور روحانی اعمال کے ذریعے ہمیں اللہ سے ملا دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی صحت میں مال و جان میں برکت عطا فرمائے اور اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ (آمین)


بنفشی قہوہ (موسم گرما میں بھی مفید)

نزلہ، ڈسٹ الرجی، کھانسی، بلغم، ناک بہنا

ناک کی ہڈی کا بڑھنا، گلے کی خراش، نسیان، دردشقیقہ اور ٹی بی کے امراض میں مفید


## خیالوں میں نہیں حقیقت میں شاندار زندگی

دعائے حضرت علیؓ کی اختتامی دعا میں جو چاہیں اللہ سے منوالیں۔ 9،10 محرم تسبیح خانہ لاہور میں جو اس دعا کے انوارات اور برکات کی بارش میں نہالے گا وہ شاندار، باوقار زندگی پا جائے گا۔

گلاب کی پتی، چٹکی سے اٹھائیں، تین سیکنڈ کا ایک اسم پڑھیں، کس میں ڈالیں گے؟ یہ راز کھلتے ہی آپ کے گھر سے فاقے ختم، دولت کی بارش، لوگ سیٹھ اور رئیس کہیں گے۔ کراچی محفل 28 جولائی 2024ء

پچھلے سال جو حزب البحر کے چلہ میں شامل ہوئے ان میں ہر شخص عامل کامل بن چکا اور زندگی کی حقیقی کامیابی اور کامرانی پا چکا ہے، اس سال آپ بھی یہ چلہ کرسکتے ہیں (سحری وافطاری کا بہترین انتظام)

ایڈیٹر کے قلم سے

# بڑھا پیٹ اور موٹاپے کا غبارہ اچانک کیسے پھٹا؟

## قارئین! آپ کیلئے نایاب موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں، آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں

گزشتہ دنوں کچھ مخلصین کے ساتھ بیٹھا، طبی و روحانی موضوعات پر باتیں کررہا تھا۔ بات چل نکلی کہ اس وقت موٹاپا تیزی سے بڑھ رہا ہے اور حد سے زیادہ موٹاپا کے ہولناک اثرات جس میں دل کی بیماریاں، گھٹنوں اور جوڑوں کا درد، پرانی بواسیر، اچانک جھٹکے، دماغی اعصابی کھچاؤ، تناؤ، طبیعت میں گھبراہٹ، بے چینی، بے زاری، ذہنی تناؤ، معدہ کے امراض، جگر، الغرض موٹاپا تو خود سو بیماریوں کی ایک بیماری اور ایک مرض ہے، آخر ان کا تدارک کیسے کیا جائے؟ ان کا ازالہ کیسے کیا جائے؟ ان سے نجات کیسے حاصل کی جائے اور کس طرح بیماری کا خاتمہ ہو، روگ ختم ہوں۔

## تین افراد، ایک ٹوٹکہ، بے شمار فوائد

تین افراد بولے: یہ تو کوئی مسئلہ ہی نہیں، فلاں ہمارا جاننے والا اس نے دو تین کلو یہ دوائی کھائی ہے، کھانا بھی آسان، ذائقہ بھی لاجواب، دیکھنے میں خوبصورت اور وہ ٹھیک ہوگیا ہے۔ اس کی صحت طبیعت لاجواب ہے، پیٹ اندر چلا گیا، چربی ختم ہوگئی، جسم چست ہوگیا اور پیٹ اور وزن کی وجہ سے جو روگ اور بیماریاں تھیں، وہ ساری کی ساری ایسے چلی گئیں کہ گمان خیال سے بالاتر، یہ چیزیں سن کر میں چونکا حالانکہ اس کے فوائد میں خود سالہا سال سے بتارہا ہوں، نتائج بھی دیکھ رہا ہوں۔ اس کے کمالات بھی میری آنکھوں کے سامنے ہیں، نامعلوم میرا ذہن اس طرف کیوں نہ گیا۔ ایک اور بولے: آپ فلاں بندے کو تو جانتے ہیں، بالکل جانتا ہوں: اس کا جسم پہلے کیسے تھا، اب کیسے ہے؟ اس نے جہاں کچھ غذائی احتیاطیں کیں، وہاں دن میں دو چار چمچ ٹھنڈے نہیں، ہلکے تازہ یا نیم گرم پانی میں گھول کر بس وہ پی لیتا تھا اور زندگی کے کام اور ذمہ داریوں میں مشغول رہتا۔ وہ جس کو بھی بتاتا کہ اس دوا کا یہ فائدہ ہے، کوئی بھی ماننے کو تیار نہیں تھا، نہ کوئی بندہ کہتا کہ یہ فائدہ کیسے ہوسکتا ہے، یہ دوا اس بیماری کیلئے ہے ہی نہیں؟ لیکن اسے کسی نے یقین دلایا تھا کہ اگر تم یہ دوا کھالو تو تمہیں فائدہ بہت ہوگا، موٹاپا ختم ہوگا، غیر ضروری چربی ختم ہوگی اور بڑھا ہوا پیٹ اندر چلا جائے گا۔

## خوشبودار اور بالکل سستی دوا

جسم میں جو شیلی پھرتی اور اعصابی تبدیلی اور جسم صحت مند، تندرست ایسے ہوتا چلا جائے گا۔ اسے یقین تھا اور وہ کھاتا رہا، چند ہفتے ہی کھائے تو اسے فائدہ اور اتنا زیادہ نفع محسوس ہوا کہ اس کا خیال دھیان سو فیصد اسی ذائقہ دار مختصر خوشبودار اور بالکل سستی دوا کی طرف چلا گیا۔ اس کا یقین اور بڑھ گیا اس کا دھیان اور مضبوط ہوگیا اور اس کی توجہ میں توجہ کی انتہا ہوگئی۔ پھر کوئی زیادہ عرصہ نہیں ہوا کہ اس کے جسم میں وہ تبدیلی آئی کہ لوگ حیران ہوگئے۔ پہلے تو وہ خود حیران ہوا سب نے اسے کہا کہ باقی جگہوں کا موٹاپا جاسکتا ہے لیکن پیٹ کا بڑھا ہوا چربیلا نظام کہیں نہیں جاسکتا، واقعی میں نے بہت بڑے ماہر سے ایک بات سنی تھی کہ بدترین چربی وہ ہے جو پیٹ پر آتی ہے اور پھر یہ جلد جاتی نہیں۔

ایک بہت بڑی شخصیت تھی، پیٹ پر اتنی چربی تھی کہ وہ سو نہیں سکتی تھی، وہ بیٹھ کر نیند پوری کرتی تھی، ایک دیکھنے والے نے مجھے بتایا کہ ایک ماہر ڈاکٹر تھا جوان کے پیٹ سے چربی نکالتا تھا اور بالٹیوں کی بالٹیاں نکالتا تھا اپنی کسی خاص ترکیب کے ذریعے اور واقعی وہ بالکل چست اور صحت مند ہوگئے۔

## شفاء، راحت اور تندرستی لوٹ آئی!

اب جو تیسرا بیٹھا تھا اس نے بھی اپنا فائدہ بتایا۔ وہ ان سے دونوں سے کہیں زیادہ حیرت انگیز اور لاجواب تھا۔ کہنے لگا: میں ایک سفر میں جارہا تھا، ٹرین کا سفر تھا، لمبا سفر، لوگ آپس میں بیٹھے باتیں کررہے تھے، بات چل نکلی موٹاپا اور پیٹ کے بڑھنے پر، چونکہ میں اس روگ میں خود بتلا تھا، مجھے اس کی اشد ضرورت تھی، کوئی ایسا علاج مل جائے، کوئی ایسی ترکیب مل جائے، کوئی ٹوٹکہ، الغرض میں نے اس کو توجہ دی، اور ان کی طرف توجہ بڑھائی۔ جب ان کی گفتگو سنی تو احساس ہوا کہ مجھے یہ ٹوٹکہ خود استعمال کرنا چاہیے۔ ٹرین میں جو صاحب بتارہے تھے ان کے مطابق ستر اسی افراد کو میں یہ دوا استعمال کرواچکا ہوں، مجھے چالیس پچاس لوگوں کے نتائج بالکل سو فیصد ملے ہیں اور جن کے نتائج نہیں ملے اس کی وجہ صرف ان کی غفلت، غیر ذمہ داری اور کچھ نہیں تھی۔ پھر تو میرا یقین اور بڑھ گیا اور میں استعمال کرنے لگا، استعمال کرتے کرتے میں نے اپنے جسم کو محسوس کیا کہ میرا جسم جو پہلے بہت تھک جاتا تھا۔ سانس پھولتا تھا، طبیعت بے زار، گھبراہٹ، پسینہ زیادہ آنا، ہر وقت الجھا الجھا رہتا اور خاص طور پر گرمی کے موسم میں میں بہت پریشان ہوتا تھا کہ نامعلوم میری گرمیاں کیسے گزریں گی۔ مجھے اس سب پریشانی اور شدت میں کمی محسوس ہونا شروع ہوگئی اور ایک احساس بڑھا کہ میں صحت مند ہوں اور تندرست ہوں۔

## صحت اور تندرستی لاجواب

بس! پھر تو دل و جان سے میں یہ دوا استعمال کرنے لگا کرتے کرتے میری صحت اور تندرستی میرے قریب آئی، موٹاپا گیا، چربی گئی، بڑھا ہوا پیٹ میری آنکھوں کے سامنے ختم ہوا۔ کیا کیا فوائد بتاؤں؟ میں نے تو یہاں تک اس کے فوائد پائے ہیں کہ جو لوگ ہر دوا سے مایوس ہوچکے ہیں اور ہر ترتیب سے بے زار ہوچکے ہیں، انہیں میں یہی دوا دیتا ہوں اور اللہ کی رحمت سے بہت فائدہ ہوتا ہے، بہت نفع ہوتا ہے صحت بھی، تندرستی بھی اور بہت لاجواب رزلٹ بھی۔ مجھے خوشی بھی ہوتی ہے اور راحت بھی ملتی ہے، یہ ٹوٹکہ میرے لیے ایک رحمت بن کر آیا ہے۔

قارئین! آپ بے چین ہوں گے آخر یہ دوا کیا ہے؟ یہ دوا صرف اور صرف ''تخم بالنگو'' ہے جس کو ''تخم ملنگا'' بھی کہتے ہیں دو بڑے چمچ تازہ اگر ہلکے نیم گرم ہوں تو فائدہ زیادہ ہوگا، ٹھنڈا بالکل نہیں، تازہ پانی میں گھول کر فوراً پی لیں، دن میں تین سے چھ بار، بس یہی ٹوٹکہ، چند دن، چند ہفتے اور نتائج لاجواب۔

کڑوی دوا
میٹھی شفاء
بلڈ پریشر شفاء
بلڈ پریشر کو لیول پر لائے، خون کو صاف کرے، نیند کی کمی دور، دماغ کو سکون و راحت پہنچائے
پرانے سے پرانے بلڈ پریشر کا دائمی علاج

طبی رازوں سے پردہ اٹھا، چھپے نسخے ظاہر ہوئے، یہ کتب ضرور پڑھیے!
(1) میرے طبی رازوں کا خزانہ (2) طبی تجربات و مشاہدات (3) میرے طبی زندگی کے ثمرات

صالحین کے اوپر خاص طلسم، فقط جسم پر ملنا ہے، ایک منٹ کا عمل جسم کے انگ انگ، رئیں رئیں سے کیا نکلے گا؟ آنکھیں دیکھیں گی حیرت کیساتھ پھٹی کی پھٹی رہ جائینگی، سکون کی بارش اور عزتوں کی پھوار اس کے علاوہ اور بہت کچھ۔ کراچی محفل صائمہ ٹریڈ ٹاور چلیں!

# امی کا فیصلہ قبول نہیں! شادی مرضی سے کرونگی

## اُلجھے خطوط سُلجھے جواب

### والدہ کا فیصلہ قبول نہیں

میری امی کچھ عجیب انداز سے سوچتی ہیں۔ وہ میری شادی میری پسند کی جگہ نہیں کرنا چاہتیں، کہتی ہیں تمہارے ابو نے مجھے طلاق دی ہے۔ اب اگر میں اس طرح تمہاری شادی کروں گی تو دنیا والے باتیں بنائیں گے۔ میں جس لڑکے کو پسند کرتی ہوں اس کے گھر والے آئے تو والدہ نے انہیں منع کر دیا۔ میں والدہ کی مرضی کے خلاف کچھ نہیں کرنا چاہتی مگر مجھے ان کی اس بات پر غم بھی ہے۔ (سلمٰی، کراچی)

مشورہ: آج بھی بعض حساس خواتین طلاق کو اپنی زندگی کا حادثہ سمجھ بیٹھتی ہیں اور انہیں لگتا ہے کہ ان کے ساتھ اچھا نہیں ہوا۔ یہ ٹھیک ہے کہ طلاق ایک ناخوشگوار اور تکلیف دہ بات ہے لیکن حالات سے سمجھوتہ کرنا بھی بے حد ضروری ہوتا ہے۔ لڑکے والوں کے رشتہ لانے پر ان سے اچھے طریقہ سے بات کرنی اور لڑکے کے حوالے سے اچھا گمان رکھنا بھی ضروری تھا۔ لوگ کچھ نہیں کہہ سکتے اگر آپ خود مطمئن ہیں۔ اپنی والدہ کی کسی اچھی دوست سے مل کر یہ بات سمجھائی جا سکتی ہے کہ وہ بیٹی کے حوالے سے کوئی فیصلہ کرتے ہوئے لوگوں کا خوف ذہن سے نکال دیں۔

### بہو نفسیاتی مریضہ ہے

میرا اکلوتا بیٹا ہے۔ بھائی کی بیٹی سے اس کی شادی کی۔ بھائی کے گھر کوئی کمی نہ تھی۔ میرے گھر بھی ہر طرح کی آسائش ہے۔ شادی کے بعد پتہ چلا وہ ڈیپریشن کی مریضہ ہے، کوئی ملے تو یقین نہ کرے، اتنی اچھی ہے لیکن دوائیں کھاتی ہے۔ یہ بات میرے لئے انتہائی تکلیف دہ ہے کہ میری بہو نفسیاتی مریضہ ہے۔ میں اس کی ادویات بند کروانا چاہتی ہوں کہیں وہ ان کی عادی نہ بن جائے۔ (صبا گل، اسلام آباد)

مشورہ: اگر کسی کو بلڈ پریشر یا ذیابیطس کا مرض ہوگا تو اس کو بھی ادویات لینی ہوں گی، اسی طرح ڈیپریشن کے دوران جسم کے غدود کی مناسب کارکردگی نہیں رہتی جس سے دماغ پر اثر پڑتا ہے اور اس کا توازن بحال رکھنے کے لئے ادویات کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ ایسے مریض کو جسے ڈاکٹر ادویات تجویز کر دے اس پر اپنی مرضی نہیں چلانی چاہیے۔ اچھی بات یہ ہے کہ بہو کا رویہ معمول کے مطابق ہے اور کوئی مل کر نفسیاتی مریضہ ہونے کا اندازہ نہیں لگا سکتا یعنی وہ اچھی زندگی گزارنے کے قابل ہے۔ اس کا خیال رکھیں اور اپنے رویے سے بھی ظاہر نہ کریں کہ آپ کو اس کی بیماری پر اعتراض ہے۔

### یاد کرنے اور لکھنے میں سست ہوں

میں ایم فل کا طالب علم ہوں۔ یاد کرنے میں رفتار بہت سست ہے، جب یاد کرنے بیٹھتا ہوں تو نیٹ وغیرہ سے مدد لینی پڑتی ہے۔ جو کچھ سمجھنا چاہتا ہوں سمجھ لیتا ہوں مگر لکھنے کی رفتار سست ہے۔ اس کے علاوہ اگر انگریزی میں پریذنٹیشن دیتا ہوں تو بات میں صحیح ربط نہیں بن پاتا۔ میں دوسروں کے مقابلے میں سست ہوں۔ ٹیچر میری تعریف کرتے ہیں مگر مجھے اپنی سستی سے یاد کرنے اور لکھنے کا احساس ہے۔ (محمد جمشید، بھکر)

مشورہ: ٹیچر آپ کی تعریف کرتے ہیں تو مان لیں کہ آپ تعریف کے لائق ہیں۔ علم کے حصول کے لئے زیادہ سے زیادہ ذرائع استعمال کرنا بہت اچھا ہے۔ یادداشت میں تیزی لانے کے لئے نکات بنا لیں اور ان کو دہرائیں۔ اس طرح تیزی سے لکھنے کیلئے لکھتے وقت کمپیوٹر اور کتابیں وغیرہ بند کر دیں۔ پوری توجہ بس لکھنے پر دیں۔ تیسرا مسئلہ انگلش پریذنٹیشن کا ہے تو یہاں خود کو مشکل معلوم ہونے والی زبان کے تابع نہ کریں بلکہ انگلش بولتے ہوئے اردو میں بھی وضاحت کریں، اس طرح بولنے میں روانی رہے گی اور رکاوٹ نہ آئے گی۔

### ہر چیز سے کراہت

مجھے ہر چیز بہت گندی لگتی ہے، عجیب باتیں دماغ میں آتی ہیں مثلاً گلاس گندا لگتا ہے کیونکہ ہر ایک اس گلاس سے پانی پیتا ہے، اس طرح دوسرے برتنوں کے ساتھ بھی ایسا ہی لگتا ہے۔ اپنے گھر کے غسل خانے کے علاوہ کسی اور جگہ غسل خانہ استعمال نہیں کرسکتا۔ (عبدالہادی، راولپنڈی)

مشورہ: اپنی اصلاح کا پہلا قدم تو آپ نے یہ خط لکھ کر اٹھا لیا یعنی مان لیا کہ چیزیں گندی لگتی ہیں۔ اب یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ چیزیں ایک بار دھل کر صاف ہو جاتی ہیں اور گندی نہیں رہتیں۔ گندگی کا احساس دراصل دماغی کیفیت ہے۔ اس پر قابو پانا ہوگا، بجائے اس کے کہ چیزوں کو استعمال کرنے سے گریز کیا جائے اور ان کو بار بار دھو کر بھی غیر مطمئن رہا جائے۔ اردگرد دیکھیں وہ لوگ زیادہ صحت مند ہوں گے جو غیر ضروری احتیاط نہیں کرتے۔

# کبھی کھانے میں زہر اور کبھی مجھ پر جادو ہو رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی بے حد مشکور ہوں۔ ہمیں عبقری رسالے میں زندگی کی ہر مشکل کا حل مل جاتا ہے۔ آپ نے صفر المظفر میں سورۃ قریش کا ایک عمل عنایت فرمایا ہے۔ جو ہر سال کیا جاتا ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ یکم صفر المظفر سے 12 ربیع الاول تک سورہ قریش سوا لاکھ مرتبہ پڑھنی ہے۔ اگر کوئی سوا لاکھ نہیں پڑھ سکتا تو ستر ہزار یا چالیس ہزار مرتبہ بھی پڑھ سکتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے زندگی میں اتنی خیریں اور برکات آتی ہیں کہ سارا سال ہی انسان ہر بلا اور آفت سے محفوظ رہتا ہے۔ میری شادی ہوئی تو سسرال میرے والدین کے گھر سے کافی دور تھا۔ مجھے ایک وہم لگ گیا۔ مجھے ڈر لگا رہتا تھا کہ کسی نے میرے کھانے میں کچھ ڈال نہ دیا ہو کبھی وہم ہوتا کہ کوئی مجھ پر جادو کر رہا ہے۔ میں تین چار سال اسی اذیت میں رہی۔ جب میں نے آپ سے یہ عمل سنا تو صفر کا مہینہ آتے ہی میں نے یہ عمل شروع کر دیا اور سورۃ قریش پڑھنا شروع کر دی۔ مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ میرے دل سے وہم اور خوف ایسے ختم ہوگیا جیسے میرا دل پاک ہوگیا ہو اور دل کو دھو دیا گیا ہے اور میری تین چار سال پرانی بیماری اس عمل کی برکت سے دور ہوگئی۔ اب میں بہت مطمئن ہوں اب دل میں کسی قسم کا وہم خوف نہیں ہے۔ (صدف حسین، شیخوپورہ)

فشاری گولیاں
غصہ ٹینشن اور پریشان زندگی کو پُرسکون بنائے
زندگی سے الجھے ہائی بلڈ پریشر کے ہاتھوں
مجبور افراد کیلئے خالص جڑی بوٹیوں سے بنی گولیاں

منہ میں ایک چھوٹی سی چیز ڈالیں، مٹھاس یا کڑواہٹ! ایکبار محسوس کریں گے، لیکن موقع بتائے گا، وقت بتائے گا اور خود آپ کی زبان بولے گی ہاں میری زندگی میں مٹھاس بھر گئی، کڑواہٹ ختم ہوگئی اور جینے کا مزہ اب آیا۔ 28 جولائی کا انتظار کریں۔

# ''سرخ دھاگہ'' بچوں کی ہر بیماری میں مؤثر! فوری اثر

ناصر خان، بنوں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! مجھے شروع سے عملیات میں دلچسپی ہے، عبقری سے ملنے والے بہت سے عملیات بھی آزما چکا ہوں جن سے بہت نفع ہوا ہے۔ چند سال قبل میں نے آپ کو خط لکھا اور عملیات کے بارے میں رہنمائی چاہی تو آپ نے ادارہ عبقری کی کتاب (جو کہ دفتر ماہنامہ عبقری سے بذریعہ پارسل منگوائی) ''عامل کامل بننے کے راز'' اور عبقری روحانی کلاس سننے کا فرمایا جس سے عملیاتی روحانی دنیا کے بہت سے پوشیدہ راز آشکار ہوئے۔ سالہا سال سے عملیات سے متعلق کتب پڑھ رہا ہوں، چونکہ عبقری سے بہت فیض پا رہا ہوں، لہٰذا آج اس ضمن میں اپنا بھی ایک آزمودہ عمل تحریر کر رہا ہوں۔ بچوں کا ہر وقت رونا، نظر بد کا لگ جانا، نیند میں اچانک ڈر جانا، جھٹکے لگنا، سرکش ہونا، کسی بیماری کی وجہ سے کمزور اور ضعیف ہو جانا، غرضیکہ بچوں کے تمام جملہ امراض کے لئے یہ عمل میں نے بارہا آزمایا اور سو فیصد مجرب پایا۔ یہ ایسی بیماریاں اور مسائل ہیں جس سے تقریباً ہر دوسرا گھر متاثر ہے، والدین بچے کے علاج کے لئے جگہ جگہ خوار ہوتے ہیں مگر اکثر مستقل شفایابی سے محروم رہتے ہیں جس کا بچے کی صحت پر بہت منفی اثر پڑتا ہے، مسلسل بیمار رہنے کی وجہ سے بچے ذہنی طور پر بھی کمزور ہو جاتے ہیں۔ ایسے تمام عوارض سے نجات کے لئے میرا یہ بارہا کا آزمودہ عمل کریں اور قدرت ربی کا کمال دیکھیں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

**عمل کا طریقہ:** سرخ رنگ کے دھاگے کے نو(9) تار لے کر اکٹھا کرلیں۔ ایک بار سورۃ الم نشرح اس ترتیب سے پڑھیں کہ جب پہلے ''ک'' پر پہنچ جائیں تو ایک گرہ لگائیں، اس سورۃ میں نو کاف ہیں، جب بھی سورۃ پڑھتے ہوئے ''ک'' پر پہنچیں تو گرہ لگائیں، اس طرح جب سورۃ مکمل ہو جائے گی تو دھاگہ پر 9 گرہیں لگ جائیں گی، دم کرکے اب اس دھاگہ کو بچے کے گلے میں باندھ دیں، اس عمل کی برکت سے بچہ مذکورہ تمام بیماریوں سے حفاظت میں رہے گا، ان شاء اللہ۔


## کامیاب اور لاجواب زندگی کی خواہش پوری

مسلسل ناکامیوں کی وجہ سے پریشان ہیں، کامیاب لاجواب زندگی گزارنا چاہتے ہیں تو سوا ارب درود پاک کے چلہ میں شامل ہوں جہاں 625 مرتبہ بسم اللہ کا نقش، مرادوں بھرے لڈو اور روشن راتوں کے خاص اعمال کروائیں جائیں گے۔

# عروسی سُہاگ کورس

- شادی شدہ حضرات مایوس نہ ہوں۔
- نوجوان شادی سے نہ گھبرائیں۔
- جوانی کی بہاریں پھر لوٹ آئیں۔

عروسی سہاگ کورس اعتماد سے استعمال کریں


## ستاروں کی گردش سے خوشحالی اور بربادی

### کیا آپ کو ستاروں کی گردش نے تباہ کر دیا ہے؟

کلام الٰہی کی برکت سے آنے والی مصیبتوں اور آزمائشوں سے محفوظ رہیے! ہر ماہ شائع ہونے والے وظائف مقررہ اوقات میں پڑھیے!

**عمل کا طریقہ:** درج ذیل زائچے میں جولائی | ذوالحجہ/محرم الحرام کے مخصوص دن، اوقات اور وظائف لکھے گئے ہیں، مقررہ کردہ ساعتوں (اوقات) میں اپنے برج کے نیچے لکھی گئی تعداد کے مطابق پڑھیں، جس دن صدقہ لکھا گیا ہے صدقہ دیں کیونکہ صدقہ بلاؤں مصیبتوں کو ٹلوا دیتا ہے۔ اگر بوجہ مجبوری کسی دن عمل رہ جائے تو اگلے دن اسی وقت میں قضا کرلیں۔

قارئین! بارش اللہ تعالیٰ کے حکم سے برستی ہے، لیکن اسے برسانے کیلئے مختلف فرشتوں کی ڈیوٹیاں مقرر ہیں۔ رزق اللہ تعالیٰ دیتا ہے، لیکن بندوں تک رزق پہنچانے کا ذمہ خاص فرشتوں کے سپرد ہے۔ بیماری اللہ تعالیٰ کے حکم سے آتی ہے، مگر موسمی اثرات اور آنکھوں سے نظر نہ آنے والے جراثیم اس کا سبب بن جاتے ہیں۔ شفاء اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ملتی ہے، لیکن دوائیوں کے ذریعے علاج کرنا لازم قرار دیا گیا۔ فصل پکنے کے پیچھے امر الٰہی پنہاں ہے، لیکن جب تک سورج کی تپش نہ پڑے، فصل تیار نہیں ہوتی۔ پھلوں میں مٹھاس ڈالنا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے، لیکن جدید سائنس کہتی ہے کہ جب تک چاند کی روشنی صحیح طرح سے نہ پڑے، پھل بے ذائقہ اور پھیکے رہتے ہیں۔ بحری جہاز اگرچہ سمندری لہروں کے طوفان کی زد میں آکر ڈوبتے ہیں، لیکن ماہرین فلکیات کی تحقیق کے مطابق چاند کی کشش سمندر کی موجوں میں مدوجزر پیدا کرنے کا سبب بنتی ہے۔ ہم نے سورج اور چاند کی تاثیر کو تو مان لیا، لیکن باقی ستاروں یعنی زہرہ، مریخ، مشتری، زحل اور عطارد وغیرہ کی تاثیر کو نہ جانا، نہ سمجھنے کی کوشش کی کہ آخر ان ستاروں کا کیا مقصد ہے؟ آیا کہ ہماری زندگی کے عروج وزوال، مایوسی، خوشی، ناکامی، کامیابی، لاعلاج روگ، حادثات، مالی بحران، کے پیچھے بھی یہی ستارے اثر انداز ہیں؟ یا صرف آسمان کی زینت کیلئے انہیں پیدا کیا گیا۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ ''ہم نے کوئی بھی چیز بے کار پیدا نہیں کی''۔

| جولائی | دن | وظیفہ | وظیفہ پڑھتے ہوئے کیفیت (کیفیت کا اثر ستارے کی گردش پر ہوتا ہے) | وظیفہ اس مبارک ساعت کے درمیان پڑھیں | ستاروں کی چال اور ساعتوں کے مطابق ہر برج کے نیچے وظیفہ پڑھنے کی تعداد لکھی گئی ہے! حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 9 | منگل | یَامُبِیْلُ یَامُقِیْلُ | ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھ کر پڑھیں | صبح 7:05 تا 8:35 | 11 | 13 | 19 | 33 | 39 | 21 | 20 | 25 | 10 | 17 | 22 | 29 |
| 13 | ہفتہ | یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ | آنکھیں بند کرکے پڑھیں | صبح 7:50 تا 9:10 | 33 | 21 | 11 | 18 | 25 | 29 | 37 | 17 | 29 | 15 | 20 | 31 |
| 17 | بدھ | یَاحَلَّ الْمُشْکِلَات | دایاں ہاتھ دل پر رکھ کر پڑھیں | رات 8:15 تا 9:55 | 7 | 13 | 11 | 9 | 16 | 22 | 29 | 39 | 31 | 21 | 27 | 17 |
| 21 | اتوار | قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ | سر کو جھکا کر پڑھیں | صبح 11:10 تا 12:30 | 15 | 11 | 14 | 23 | 27 | 28 | 18 | 24 | 29 | 9 | 28 | 16 |
| 26 | جمعہ | دن میں اتنے روپے کا صدقہ کریں | | | 20 | 35 | 30 | 20 | 40 | 25 | 30 | 20 | 40 | 33 | 30 | 40 |
| 30 | منگل | یَاقَادِرُ | سینے پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں | رات 8:40 تا 10:10 | 41 | 31 | 29 | 33 | 25 | 40 | 27 | 30 | 38 | 40 | 21 | 11 |

غیر شادی شدہ تنہا زندگی گزار کر تھک چکے ہیں، زندگی کا ہمسفر ایسا ہو جو ہمیشہ ساتھ دے قدم سے قدم ملا کر چلے 9،10 محرم تسبیح خانہ میں گزاریں (تسبیح خانہ میں لذیذ کھانوں سے مہمانوں کی تواضع کی جائے گی)

# بس کاغذ بہتے پانی میں بہادیں! 7 دن میں ہر مشکل کام ہوجائے گا!

محمد کلیم، کراچی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! شب جمعہ کے اعلانات میں آپ سے سنا کہ اجڑے گھر بسانے اور طلاق جیسے مسائل کے خاتمہ کیلئے کوئی عمل ہوتو اس متعلق اپنا مشاہدہ ضرور لکھیں۔ اس ضمن میں میرے دو عمل بہت مجرب ہیں جو تحریر کررہا ہوں۔

ایک جاننے والی خاتون شوہر سے ناراضگی کی وجہ سے تقریباً چھ ماہ سے اپنے میکے بیٹھی ہوئی تھی۔ شوہر لے کر نہیں جاتا تھا۔ لڑکی کے گھر والے سخت پریشان تھے۔ ان دنوں شب جمعہ کی روحانی محفل میں کسی نے ٹوٹتے گھر بسانے کے لئے ایک عمل بتایا تھا۔ چنانچہ میں نے وہ عمل ان کے گھر والوں کو بتایا کہ فجر کی سنتوں اور فرائض کے درمیان 500 بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ صرف 7 دن پڑھنا ہے۔ لڑکی کے والد صاحب نے مسجد میں جاکر یہ عمل کیا۔ سات دن بتائی گئی ترتیب کے مطابق مسلسل پڑھا اور سسرال والے خود بخود عزت سے آکر لے گئے۔

## سخت ترین مہم کو آسان کرنے کا عمل

میں نے کسی کتاب میں پڑھا کہ درج ذیل عمل کے بارے میں ایک بزرگ نے فرمایا اگر سات دن میں کام پورا نہ ہوتو قیامت کے دن میرا دامن اور اس کا ہاتھ ہوگا۔ ہمارے رشتے داروں میں دو میاں بیوی کی ناراضگی ہوگئی۔ یہ ناراضگی اس قدر شدت اختیار کرگئی کہ صلح ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ شوہر کوششیں کرکے تھک گیا تھا۔ آخر ان کے لیے میرے ابو نے یہ عمل کیا جس سے آخر ان کی صلح ہوگئی اور اللہ نے پھر ان کو دو بیٹے بھی دیئے اور اب ماشاء اللہ وہ ساتھ رہ رہے ہیں اور خوش ہیں۔ ایک بار کاروبار میں کسی نے دھوکے کے ذریعے سخت نقصان پہنچایا' اس مسئلہ کے لئے بھی والد صاحب نے درج ذیل عمل کیا' اللہ کا خاص کرم ہوا کہ ہمارے اس نقصان کا جلد ہی ازالہ ہوگیا۔

عمل یہ ہے کہ اپنے مسئلہ کا تصور کرتے ہوئے درج ذیل کلمات کو کسی سفید کاغذ پر لکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ مِنَ الْبَعْدِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ الْمُبِيْنِ الْمَغْفِرَةِ وَاَنْتَ الْغَفَّارُ بِرَحْمَتِكَ يَاۤاَرْحَمَ الرّٰاحِمِيْنَ ٥ پھر 70 بار درج ذیل دعا پڑھ کر کاغذ پر دم کریں اور کاغذ کو بہتے پانی یعنی سمندر' دریا' نہر یا ندی وغیرہ میں بہادیں۔ دعا: اِلٰهِيْ بِحُرْمَةِ كُنْ فَيَكُوْنُ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔

یہ عمل مسلسل سات دن تک کرنا ہے۔ ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی مل جائے گی۔

شاہی مغل اعظم معالج آٹا
9 اجزاء پر مشتمل
جو' مکئی' چنا' باجرہ' جوار' کلونجی' اجوائن سونف اور سفید زیرہ کا انوکھا امتزاج
شوگر، موٹاپا، کولیسٹرول، جوڑوں کا درد ہائی بلڈ پریشر یورک ایسڈ، پیٹ کا بڑھنا، قبض، امراض قلب اور اعصابی و جسمانی کمزوری اور بیماریوں سے نجات کیلئے انتہائی مفید

نویں (9) عبقری روحانی کلاس 2024ء
آیئے! روحانی عملیاتی دنیا کے شہسوار بنیں
8,7,6,5 صفر المظفر تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے!
5 صفر المظفر کو 9 ویں عبقری روحانی کلاس تسبیح خانہ لاہور میں ہوگی' حاضری یقینی بنایئے!

8,7,6 صفر المظفر کو حزب البحر کا چلہ!
شیخ الوظائف کی زیرنگرانی حزب البحر کا چلہ کیجئے۔ دنیا کا خطرناک ترین جادو اس چلہ کے آگے راکھ کا ڈھیر۔ شریر جنات جنہوں نے نسلیں برباد کردی ہوں' اب نہ رہیں گے۔ بے اولادی اور بیروزگاری نے تباہ کردیا ہو تو ان تین دنوں کا انتظار کیجئے۔ دنیا کا کوئی مسئلہ کوئی الجھن کوئی پریشانی ہو بس آیئے! چلہ میں شامل ہوں' مشکلات سے نجات پاکر گھر جایئے اور دوسروں کے دکھ درد ٹلوانے کا ذریعہ بنیں۔ تین دن روزہ رکھوا کر دعائے حزب البحر پڑھوائی جائے گی۔
سحری وافطاری اور رہائش کا کشادہ اور بہترین انتظام!
خواتین کے لئے علیحدہ بلڈنگ کا انتظام

# کمر درد ختم' قد بڑھ گیا! طریقہ ہم بتاتے ہیں

محمد حماد، پیرمحل

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہوں کہ مجھے عبقری اور تسبیح خانہ سے منسلک کیا۔ صرف میں ہی نہیں تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ الحمدللہ! دنیاوی معاملات بھی بہتر ہوئے ہیں اور آخرت کا سامان بھی بن رہا ہے۔ دوسرے قارئین کی طرح میں نے بھی عبقری کے طبی ٹوٹکوں اور وظائف سے بہت نفع پایا ہے۔ اپنا ایک آزمودہ ٹوٹکہ عبقری رسالہ کے لئے تحریر کررہا ہوں' اسے ضرور شائع کریں' امید کرتا ہوں ان شاء اللہ لوگوں کو نفع ہوگا۔

میرے والد صاحب کے ایک عزیز تھے جن کا بیٹا کمر درد کی تکلیف میں مبتلا تھا۔ وہ ایک کارخانہ میں نوکری کرتا تھا مگر اس تکلیف کی وجہ سے کام میں بہت مشکل پیش آتی تھی جس سے اس کی کارکردگی بھی متاثر ہوتی تھی۔ انہوں نے اپنے بیٹے کا مختلف جگہوں سے علاج کروایا' ادویات استعمال کروائیں' عارضی طور پر کچھ افاقہ ہوتا مگر جیسے ہی ادویات کا اثر ختم ہوتا تو دوبارہ سے کمر درد شروع ہوجاتا۔ چونکہ والد صاحب بھی عبقری رسالہ پڑھتے تھے۔ انہوں نے عبقری کا ایک ٹوٹکہ انہیں استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے صبح وشام اپنے بیٹے کو یہ ٹوٹکہ استعمال کروایا تو چند ہی دن میں کمر درد کا مسئلہ حل ہوگیا۔

یہ ٹوٹکہ میں نے خود بھی آزمایا ہے۔ کچھ عرصہ قبل جب میں تھوڑا سا دوڑتا یا زیادہ پیدل چلتا تو کمر میں تکلیف شروع ہوجاتی۔ میں نے بھی یہی ٹوٹکہ استعمال کیا جس کے کچھ دن بعد ہی میں بالکل ٹھیک ہوگیا۔ اب صبح جتنی مرضی سیر کروں جتنی مرضی دوڑ لگاؤں' کمر درد کی شکایت نہیں ہوتی۔ اسی ٹوٹکہ کی وجہ قد میں بھی اضافہ ہوا۔

ٹوٹکہ: 50 گرام کلونجی' 50 گرام چھلکا اسپغول' 100 گرام شہد لیں۔ کلونجی کو صاف کرکے پیس لیں اور سب چیزوں کو آپس میں ملالیں۔ ایک چائے والا چمچ صبح وشام دودھ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں اور شفاء پائیں۔

خاص الفاظ سے منقش ایک ٹشو بس پیشانی پر پھیریں فوراً انقلاب ارے یہ کیا ہوا؟ میرے روگ کہاں؟ جادو اور دکھ کدھر؟ شدت سے انتظار کریں۔ امانت شیخ الوظائف اپنے ہاتھوں سے بالکل فری دیں گے۔ کراچی محفل 28 جولائی دوپہر 1:00 بجے

# شیخ خانقاہ کا عاشق جن! انکشافات کا لاوا اور کھلا جہاں

قارئین: چارسدہ

محترم حضرت صاحب السلام علیکم! میری چودہ سالہ بیٹی کافی عرصے سے بیمار تھی، اس کی بیماری دراصل کالے جادو کی وجہ سے تھی۔ ہم نے بہت علاج کروایا، عاملین اور ڈاکٹروں کے پاس گئے، غرض ہم نے کوئی ایسا علاج نہیں چھوڑا، یہ دورانیہ تقریباً 7 یا 8 ماہ سے چلا آ رہا تھا، جس کا ہمیں پتہ نہیں تھا کہ یہ بیماری اس وجہ سے ہے۔ اس بات کا اور اس کا ہمیں کافی عرصہ بعد پتہ چلا۔

## خون آلود آنکھوں والے خطرناک جنات

جب میری بیٹی پر شروع میں بیماری کے اثرات ہوئے تو وہ اچانک زمین پر گر جاتی، اس کی آنکھیں گھومنے لگ جاتیں، بعد میں یہ کام ہر جمعرات یا جمعہ کو ہوتا، مغرب یا عشاء کی نماز کے لیے جب کھڑی ہوتی تو بے ہوش ہو جاتی۔ اس کے بعد بے ہوش ہو جاتی۔ ایک مہینہ اسی طرح چلتا رہا اور پھر جب ہوش میں آتی تو کہتی کہ مجھے تو کوئی اور مخلوق نظر آ رہی ہے، جن اور ان کی آنکھوں سے خون ٹپکتا ہے اور چیخیں مار کر روتی تھی۔ اس کے بعد یہ سلسلہ شروع ہوا کہ جب بے ہوش ہونے کے بعد ہوش میں آتی تو اس کی بولی بدل جاتی، کبھی افغانی پشتو میں بات کرتی، کبھی سواتی زبان میں، جب وہ بولتی تھی تو ہم اس کے کانوں میں قرآن کی آیات پڑھتے تو وہ اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ لیتی۔

## عاملین کے پاس گئے تو معاملہ مزید بگڑ گیا

اس کے بعد جب ہم کسی عامل کے پاس جاتے تو جن میری بیٹی کو اور تنگ کرتے، اسے اس حد تک تنگ کرتے کہ میری بیٹی اپنے ہاتھوں سے اپنا گلا دبا دیتی، ہم چھری رکھتی اور ہم اس کے دونوں ہاتھ ہر وقت پکڑ کے رکھتے کہ کہیں اپنا گلا نہ دبا دے، ہم دن رات بس اس کے ساتھ رہتے۔ ہماری زندگی اجیرن بن گئی تھی۔ اب یہ سلسلہ چلتا رہا، اسی دوران رمضان کا مہینہ شروع ہوا، ہمارا سارا بابرکت مہینہ اسی طرح گزرا کہ نہ تو ہم نے سحری اور افطاری اور نہ ہم سو سکے کیونکہ بیٹی کی طبیعت اتنی زیادہ خراب رہتی، سارا گھر اس کے ساتھ لگا رہتا۔ عید آئی تو گھر تبدیل کر کے بھی دیکھا مگر فائدہ نہ ہوا۔ بیٹی کی تو ساری زندگی ایسی حالت میں گزر رہی تھی، ہم اس کی زبان سے کچھ بھی سنتے تو آنسو آ جاتے۔ اس وقت میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہوتا کہ اس مسئلے سے نجات ملے۔ جب

پھر ایک دن اس کی کیفیت بڑی عجیب تھی، جن کی حاضری ہوئی تو میں نے قرآن پاک کی تلاوت شروع کر دی۔

## جن کا حیران کن سچا انکشاف

ایک دن اس جن کو مجھ پر ترس آ گیا، اللہ تعالیٰ نے اس کا دل نرم کر دیا، وہ براہ راست مجھ سے گفتگو ہوا، اس جن نے ہمیں بتایا کہ یہ کوئی بیماری نہیں بلکہ کالا جادو ہے، اور ایک گھر میں ہے۔ تعویذ 21-3 فٹ زمین میں دفن ہیں، ان کو نکالو اور ضائع کرو۔ بچی کو ٹھیک ہونے میں وقت لگے گا۔ ہم نے ایسا ہی کیا۔ جن نے بتایا کہ اس کا علاج کالا جادو ہے، ایک عزیز کا کیا دھرا ہے اور اس نے بتایا کہ یہ کالا جادو کرنے والے آپ کی بیٹی پر مسلط کیا ہوا ہے، جس نے ہمیں آپ کی بیٹی زندہ نہیں رہنے دینی۔

جانے کے بعد میری بیٹی کی طبیعت میں کچھ بہتری آنا شروع ہوئی، اس کے بعد وہ جن آتا اور باتیں کرتا، اس نے بتایا کہ آپ کی بیٹی کو زندہ رکھنے کی ہر ممکن کوشش کر رہا ہوں، علاج ہو جائے گا مگر ان کا جادو دوبارہ سے ہوا تو یہ حالت ہو گی۔

## بیٹی کو بچانا ہے تو لاہور لے جائیں

پھر اس جن نے ہمیں بتایا کہ اگر آپ اپنی بیٹی کو بچانا چاہتے ہیں تو اس جادو کو جڑ سے ختم کروانا ہو گا، جس نے آپ کو اس عذاب میں ڈالا ہے۔ ہم نے پوچھا کہ ہم کہاں جائیں؟ اس جن نے ہمیں بتایا کہ آپ لاہور میں شیخ الوظائف صاحب کے پاس جائیں، وہاں سب کچھ ختم ہو جائے گا کیونکہ حضرت صاحب کے پاس بہت بڑے جنات ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

# انگلی کا اشارہ کیجئے اور مریض چارپائی سے اٹھ کر چلنے لگیں!

(عائشہ، اسلام آباد)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں ایک واقعہ گھر کی اور دروازے پر انگلی کے اشارے سے جو میں نے عبقری سے سیکھا، لکھ رہی ہوں۔ جب کبھی بارش ہوتی تو گھر کے ذریعے سے پانی گھر میں داخل ہو جاتا، یہ عمل حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) کا تھا، شروع کر دیا اور ساتھ دل ہی دل میں بارش کو مخاطب کر کے یہ پڑھنا شروع کر دیا: "اے بارش! تم اللہ تعالیٰ کے حکم سے رک جاؤ، حضرت عمر فاروقؓ کے نام کا واسطہ"۔ اس سے پانی گھر میں داخل ہونا بند ہو گیا۔ کئی بار ایسا ہوا کہ بارش بہت زیادہ تھی مگر گھر محفوظ رہا۔ حضرت عمر فاروقؓ کے نام کا واسطہ دے کر مشکل حالات میں بہت کام آیا، اور بڑی پریشانی ہوئی تو اسی عمل سے فائدہ ہوا۔ اللہ عنہ کے نام کے کمالات پڑھ کر تو میں نے تجربہ کیا۔

اور پھر پریشانی ہوئی تو بے شک میرے پاس روحانی علم اور انتظام موجود نہیں ہے۔ میں نے بس اسی وجدان میں امیر المومنین حضرت عمرؓ کے نام کا واسطہ دے کر بارش کو مخاطب کیا۔ اس دن کے بعد دوبارہ کبھی بارش کا پانی میرے گھر میں داخل نہیں ہوا، جبکہ پہلے سے بھی زیادہ تیز بارشیں ہوئیں مگر اس کے باوجود بھی اللہ تعالیٰ نے حفاظت میں رکھا۔

عرق گلاب و ملتانی مٹی ہمراہ

چہرہ کی شگفتگی و تروتازگی، داغ دھبوں سے نجات، جلد میں قدرتی نکھار پیدا کرے، آلودگی اور مضر اثرات سے چہرہ محفوظ، بہترین فیس ماسک، چہرہ کی خشکی ختم، جلد کو خوبصورت اور کشش بنائے

نرم و ملائم چہرہ دوا سے نہیں، غذا اور دعا سے

ایک خاص پاؤڈر جسے آپ پہچانتے ہیں لیکن جانتے نہیں، آپ کے ہاتھوں میں آتے ہی عقل حیران، لیکن جادو جنات، بندش، بیماریوں کو شکست۔ عبقری نے مفت آپ کیلئے پیک کیا، آئیں فوراً لیں! کراچی محفل 28 جولائی

# معصوم لڑکی کی بددعائیں مجھے کھا گئیں! اے کاش میں ایسا نہ کرتا

(س، کراچی)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں اور آپ کی روحانی محفل میں اکثر مکافات عمل کے سبق آموز سچے واقعات پڑھے اور سنے ہیں۔ آج میں بھی اپنا آنکھوں دیکھا سچا واقعہ تحریر کر رہا ہوں۔

## اچھے اور نیک گھرانے سے رشتہ مل گیا

ہمارا ایک عزیز رشتہ دار جو کہ بہت خوبصورت، ہر لحاظ سے قابل تعریف، سوچ ایسی کہ ہر کوئی سلام پیش کرے۔ جب وہ شادی کی عمر کو پہنچا تو ایک جگہ رشتہ کے لئے گئے۔ سب گھر والے لڑکی کو دیکھنے گئے اور سب نے اسے پسند کرلیا۔ لڑکی عالمہ تھی، اچھا اور نیک گھرانہ تھا۔ لڑکی کے گھر والے بھی اس رشتہ سے بے انتہا خوش ہوئے۔ لڑکے کے سسرال والے روز فون پر بات کرتے اور اس کے اچھے اخلاق سے بہت زیادہ متاثر ہوئے۔ دونوں خاندانوں کا ایک دوسرے کے گھر آنا جانا ہوا، خوب تسلی کرلی اور آخر منگنی بھی ہوگئی۔

## شادی کی تیاری شروع ہوگئی

دونوں اطراف سے شادی کی تیاری بھی شروع ہوگئی مگر اچانک نہ جانے کیا ہوا کہ لڑکے نے شادی سے انکار کردیا' وجہ یہ بتائی کہ مجھے لڑکی پسند نہیں۔ گھر والوں نے بہت سمجھانے کی کوشش کی مگر اس نے صاف انکار کردیا اور اپنے فیصلہ پر ڈٹ گیا۔ جب لڑکی والوں کو پتا چلا تو لڑکی نے رو رو کر اپنا برا حال کرلیا اور بہت زیادہ دلبرداشتہ ہوئی، لڑکی والوں نے کہا ہمارا قصور تو بتاؤ' آخر آپ سب نے لڑکی کو پسند کیا تھا پھر اتنے ماہ بعد انکار کیوں کردیا۔

## گھر بسنے سے پہلے ہی اجڑ گیا

اگر ہم سے کوئی غلطی کوتاہی ہوئی تو معافی مانگتے ہیں مگر ہمیں ہمارا قصور تو بتایا جائے۔ لڑکے والے اپنی برادری کے دو چار بڑے بزرگوں کو بھی لے کر آئے کہ شاید بڑوں کی لاج شرم رکھ لی جائے اور لڑکا اپنا فیصلہ بدل لے۔ مگر وہ پتھر دل نہ پگھل سکا اور رشتہ توڑ دیا اور یوں گھر بسنے سے پہلے ہی اجڑ گیا۔

آج اس واقعہ کو کئی سال گزر چکے ہیں' لاکھ کوششوں کے باوجود بھی اس لڑکے کا کہیں رشتہ نہ ہوسکا جبکہ لڑکے کے اندر ہر خوبی' کاروبار' اعلیٰ تعلیم یافتہ سب کچھ موجود ہے مگر اس کے باوجود رشتہ نہیں ہو رہا۔ جب بھی اس کو رشتے والے دیکھنے آتے ہیں فوراً پسند کرلیتے ہیں' لیکن تھوڑے ہی عرصہ بعد بغیر کوئی وجہ بتائے ٹال مٹول سے کام لیتے ہیں اور آخرکار لڑکی والے رشتہ توڑ دیتے ہیں۔ پہلے محلے میں بھی چند گھرانے ایسے تھے جو رشتہ دینے کے لئے تیار تھے مگر اب کوئی بھی حامی بھرنے کو تیار نہیں۔

## کاش میں دھوکہ نہ دیتا!

پہلے لڑکے نے شادی کے لئے کچھ شرائط رکھی تھی کہ لڑکی میں فلاں فلاں خوبیاں ہوں مگر اب حالات یہ آگئے ہیں کہ لڑکا اور اس کے گھر والے جو ملتا ہے اسے رشتہ کے لئے کہتے ہیں مگر کہیں بھی بات نہیں بنتی۔ وہ لڑکا جس نے کسی لڑکی کا گھر آباد ہونے سے پہلے ہی اجاڑ دیا تھا' لاکھ کوششوں کے باوجود اور تمام تر وسائل ہوتے ہوئے بھی اپنا گھر نہ بسا سکا۔ رشتہ داروں میں بھی بہت کوشش کی کہیں شادی ہو جائے' بات چلتی ہے مگر آگے بڑھنے سے پہلے ہی ختم ہو جاتے ہیں۔ آج سے چند سال قبل اس نے جو ایک بے قصور لڑکی اور اس کے گھر والوں کے ساتھ کیا' آج وہ سب کچھ اسے بھگتنا پڑ رہا ہے۔ اس لڑکی اور اس کے گھر والوں کی بددعائیں آج بھی اس کا تعاقب کر رہی ہیں۔ اب وہ لڑکا خود بھی اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ جس لڑکی کو میں نے ٹھکرایا اور زمانے میں رسوا کیا' اسی کی بددعائیں تعاقب کر رہی ہیں اور آج تک وہ خوشیوں بھری زندگی سے محروم ہے۔ اب پچھتاتا ہے کہ کاش میں دھوکہ نہ دیتا اور نہ آج اس طرح ذلیل و رسوا نہ ہوتا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو ایسے واقعات سے عبرت حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے' آمین!

# لہسن کی ڈنڈی سے پریشانی ختم! انوکھا ٹوٹکہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی اور آپ کی نسلوں کی حفاظت فرمائے' تسبیح خانہ اور آپ کے ساتھیوں کی ہر فتنے' ہر شر سے تاقیامت حفاظت فرمائے' دنیا و آخرت کی تمام بھلائیاں عطا فرمائے' آمین۔

گُردی
مختصر دوائی فائدے بے شمار
گردے کی پتھری۔ گردوں کی کمزوری
پیشاب کی بندش، ڈائیلائسز سے نجات
گردوں کے تمام امراض کا مؤثر علاج

آج عبقری ٹوٹکہ سیکشن میں قارئین کے لئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ اکثر گوشت پکاتے ہوئے مسئلہ ہوتا ہے کہ وہ ٹھیک طرح سے گھلتا نہیں ہے۔ ایک بار میں بھی ایسے ہی پریشر ککر میں گوشت بنا رہی تھی جو کافی دیر پکانے کے باوجود بھی گل نہیں رہا تھا۔ اس دوران بھابھی کچن میں آئیں' انہیں اس متعلق پتہ چلا تو انہوں نے مشورہ دیا کہ لہسن کے اوپر جو ڈنڈی ہوتی ہے' گوشت پکاتے وقت تین سے چار ڈنڈیاں ڈال دیں' گوشت گل جائے گا۔ میں نے ایسا ہی کیا جس کے بعد کچھ ہی دیر میں تمام تر گوشت آسانی کے ساتھ اچھی طرح گل گیا۔ اس ٹوٹکہ کو میں نے بعد میں بھی کئی بار آزمایا' ہر مرتبہ بہترین نتیجہ ملا اور یہ مسئلہ حل ہوگیا ورنہ اس سے پہلے کافی دیر تک سالن پکتا رہتا اور گھر والے کھانے کا انتظار کرتے رہتے۔

قارئین آپ بھی یہ ٹوٹکہ آزمائیں' ان شاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا اور پھر اپنے تجربات ضرور تحریر کریں تاکہ دوسروں کو بھی نفع ہو۔

**عبقری ٹوٹکہ سیکشن** قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں۔ قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے' آزمائے ہوئے ضرور لکھیں۔ عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ نوٹ: ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

اچانک آپ کے ہاتھوں میں ایک موتی تھیلی آئے گی' اس میں کچھ دانے ہوں گے' بس ہر پکانے میں وہ ایک دانہ ڈالیں' دنیا دیکھے' دشمن پریشان' حاسدین ناکام' اور گھر نور اور سرور سے رنگ و رنگ اور مالامال۔ آپ کی امانت لاہور سے کراچی پہنچنے والی ہے۔

اپنی اور اپنے خاندان کی روحانی حفاظت کے لئے شیطانی چیزوں، جادو اور حسد کے وار سے مقابلہ کرنے کے گر سیکھیں، عبقری روحانی کلاس میں شامل ہوں (لذیذ لنگر کا بہترین کشادہ انتظام)

# لمبے ناخن کے شوقین آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان پڑھ لیں!



## طبِ محمد ﷺ و آلِ محمد سلام اللہ علیہم

انتخاب

علامہ ابوعون حیدر نقوی المعروف کمی احمد پوری

### فرمانِ امام رضا سلام اللہ ورضوانہ علیہ

جن کے ناخن زرد ہو رہے اور ٹوٹ رہے ہوں انھیں چاہیے کہ اپنے ناخن جمعرات کو کاٹنے کی عادت بنا لیں۔اس عادت سے ان کے ناخنوں اور انگلیوں کے سروں کی خرابی کی روک تھام ہوجائے گی۔

### جدید سائنسی تحقیق

طبی ماہرین کے مطابق زرد ناخن نظام تنفس (سانس کا نظام) کے امراض کی نشاندہی کی علامت بھی ہوسکتے ہیں جبکہ ان سے اس بات کی بھی عکاسی ہوتی ہے کہ آپ خون کی کمی کے مرض کا شکار ہیں یا ہوسکتے ہیں۔طبی لحاظ سے بڑے ناخن رکھنا مضرِ صحت ہیں۔ناخن جراثیم کی پناہ گاہ ہیں، ناخنوں میں موجود گندگی اور جراثیم کھانے کے ذریعے پیٹ میں چلے جاتے میں چلے جاتے ہیں اور کئی بیماریوں مثلاً ہیضے، معدے کی خرابی، نزلہ زکام، دانت و مسوڑھوں کی بیماریاں، پیٹ درد، ٹائیفائیڈ، اسہال، آنتوں میں کیڑے اور ورم کا سبب بنتے ہیں اور مدافعتی نظام کو بھی بہت متاثر کرتے ہیں۔

### مختلف بیماریوں کی بنیاد

لمبے ناخنوں میں گندگی کی وجہ سے ان میں فنگس پڑنے کا بھی امکان ہوتا ہے جس سے ناخن ٹوٹنے لگتے ہیں۔طبی ماہرین کے مطابق ناخن تراشنے سے ناخنوں کی نشوونما اچھی ہوتی ہے۔اگر آپ ہفتے میں ایک دن ناخن کاٹنے کی عادت اپنا لیں تو جہاں ناخن صاف ہوکر ٹوٹنے سے بچیں گے وہاں آپ بہت سی بیماریوں سے بھی محفوظ ہوجائیں گے۔جب ناخن طویل وقت تک نہ کاٹے جائیں تو یہ اردگرد کی جلد میں بڑھنا شروع ہوجاتے ہیں۔یہ درد، سوجن اور انفیکشن کا سبب بن سکتے ہیں اگر فوری طور پر توجہ نہ دی جائے۔

### مدافعتی نظام کیلئے نقصان دہ

ناخن نہ کاٹنے کے نقصانات کافی زیادہ ہیں بالخصوص چھوٹے بچوں کے لحاظ سے جن کے مدافعتی نظام ابھی نشوونما پا رہے ہوتے ہیں۔بچوں کے ناخن باقاعدگی سے نہ کاٹنے سے کئی ممکنہ مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔لمبے ناخن بچوں کی جلد میں جلن کا باعث بن سکتے ہیں خاص طور پر چہرے کے اردگرد اور دیگر حساس جگہوں پر۔بچے نادانستہ طور پر اپنی جلد کو لمبے ناخنوں سے کھرچ سکتے ہیں یا رگڑ سکتے ہیں جس سے لالی، سوزش اور تکلیف ہوتی ہے۔

### بچوں کیلئے انتہائی مضر

گندگی، بیکٹیریا اور دیگر جراثیم لمبے ناخنوں کے نیچے جمع ہو جاتے ہیں جس سے انفیکشن کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔بچے اپنی انگلیاں اپنے منہ میں لے جاتے ہیں جس کے نتیجے میں جراثیم منہ یا جسم کے دوسرے حصوں میں منتقل ہوتے ہیں۔

لمبے ناخن بچے کی روزمرہ کی سرگرمیوں میں خلل پیدا کرتے ہیں۔انہیں چیزوں کو پکڑنے، برتنوں کا استعمال کرنے میں دشواری پیش آتی ہے جبکہ کھیل کے دوران وہ خود یا دوسروں کو انجانے میں تکلیف پہنچا سکتے ہیں۔جب ناخن طویل وقت تک نہ کاٹے جائیں تو یہ اردگرد کی جلد میں بڑھنا شروع ہوجاتے ہیں۔یہ درد، سوجن اور انفیکشن کا سبب بنتے ہیں۔


## بے بی ٹانک

بچوں کی چھاتی کی جکڑن، کھڑکھڑاہٹ، ریشہ جمنا، چھینکیں، ناک بند ہونا یا بہنا، پیٹ کی خرابی، موشن گیس، نمونیہ ان امراض کیلئے یکساں

ہاضمہ درست نہ ہو تو کچھ عرصہ استعمال کریں


# عمل شدہ اونٹ کی ہڈی سے چھاتی کا کینسر ختم

ش،ص۔لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو آباد رکھے، تسبیح خانہ کے تمام نظام کو سدا آباد و شاد رکھے، ہر آزمائش اور مصیبت سے محفوظ رکھے، آمین۔

میرے سینے کے دونوں اطراف میں اکثر درد رہتی تھی جسے شروع شروع میں نظر انداز کرتی رہی، مگر وقت کے ساتھ ساتھ یہ تکلیف بڑھتی چلی گئی۔آج کل خواتین کے بریسٹ کینسر کا مسئلہ بھی بڑھتا چلا جارہا ہے۔مجھے شبہ ہوا کہ کہیں میرے ساتھ بھی یہی مسئلہ نہ ہو۔مجھے اپنے بچوں کی بھی فکر ہونے لگی کہ اگر مجھے کچھ ہوگیا تو ان کا کیا بنے گا مگر شرم کے مارے میں نے یہ بات کسی کو نہ بتائی لیکن مسئلہ بڑھتا چلا جارہا تھا۔میں اندر سے بہت ڈری ہوئی اور پریشان تھی کیونکہ مسئلہ دن بدن بڑھتا ہی چلا جارہا تھا۔

ان دنوں اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالا اور لاہور شیخوپورہ روڈ قلعہ ستار شاہ سٹاپ سے چند کلومیٹر اندر واقع عبقری ہجویری محل میں موجود آستانہ منت مراد میں گئی۔وہاں جاکر میں اونٹ کی ہڈی اور اصحاب کہف والا عمل اپنی بیماری کی نیت سے کیا۔اس کے علاوہ آستانہ منت مراد میں موجود باقی تمام اعمال بھی کیے اور اس دوران اپنے مسئلہ کا سخت تصور رکھا کہ یا اللہ یہ مسئلہ ان روحانی اعمال کی برکت سے ٹھیک کر دے۔جب گھر واپس آئی تو چند دن میں ہی کچھ افاقہ محسوس ہوا اور امید ہوئی کہ ان شاء اللہ یہ مسئلہ بغیر ادویات اور آپریشن کے ٹھیک ہوجائے گا۔چنانچہ چند ہفتوں بعد میں دوبارہ آستانہ منت مراد ہجویری محل گئی اور وہاں جاکر تمام روحانی اعمال بالخصوص اونٹ کی ہڈی والا عمل کیا۔چند دن گزرنے کے بعد تکلیف بالکل ختم ہوگئی اور میں بھول ہی گئی کہ کبھی مجھے سینے میں درد تھا۔کئی ہفتوں کے بعد جاکر یاد آیا کہ میں کس قدر تکلیف میں مبتلا تھی مگر آستانہ منت مراد میں موجود روحانی اعمال کے کرنے سے اللہ تعالیٰ نے مجھے اتنی بڑی مصیبت اور بیماری سے نجات عطا فرمادی۔آج اچانک یہ واقعہ یاد آیا تو سوچا عبقری کیلئے تحریر کردوں تاکہ میری طرح باقی لوگوں کو بھی نفع ہوجائے۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحت و تندرستی عطا فرمائے اور اعمال کی طاقت پر یقین کرنے والا بنائے، آمین۔

### آئیں ہم شیطانی طاقتوں کو بے بس کردیں!

کالی دنیا نے آپ کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا، 9، 10 محرم الحرام تسبیح خانہ لاہور آئیں اور اللہ کے ناموں کی وہ مکمل تاثیر لے جائیں جو کالی دنیا کا خاتمہ کردے۔

# سوہانجنا! قبض‘ اپھارہ‘ جوڑوں کے درد اور ڈیپریشن میں مفید

(حکیم نور، لاہور)

یہ دوا بطور غذا گھروں میں رواج دیں اور صحتمند نسلوں کے مربی بنیں‘ غیر فطری علاج اسٹیرائیڈ آرٹی فیشل وٹامنز کی رنگ برنگی ادویات کی بجائے قدرت کے اس خزانے سے فائدہ اٹھائیں‘ اللہ نے اسے انسان کیلئے صحت کے ایک خزانے کی شکل میں پیدا کیا ہے۔

خالق حقیقی نے اپنی مخلوق کیلئے ایسے انمول پھل‘ پھول‘ سبزیاں اور درخت پیدا فرمائے جو اپنے اثرات کی بدولت جواہرات سے زیادہ قیمتی ہیں۔ لیکن غیر قدرتی طرز زندگی نے ہمارے گھروں کو ہسپتال میں تبدیل کر دیا ہے۔ موجودہ معاشرے نے اسی فیصد افراد کو تنجیر‘ اعصابی کمزوری‘ پست ہمت‘ بے خوابی اور مایوسی کے گھٹا ٹوپ اندھیرے میں پھنسا دیا ہے۔ گیس اور بے خوابی کے مرض سے نجات کے لئے آج ہم سینکڑوں زہریلی دوائیں استعمال کر کے اپنی صحت برباد کر رہے ہیں۔ عارضی سکون دینے والی گولیوں کے زیادہ استعمال کی وجہ سے ہی قلبی امراض رونما ہوتے ہیں۔ موجودہ مشینی دور میں پیدا ہونے والے امراض دور کرنے کے لئے قدرت نے سوہانجنا کا درخت بڑی فراخدلی سے پیدا فرمایا ہے۔ پرانے حکیموں نے سوہانجنا کی پھلیوں کے اچار ڈالنے کا رواج ڈالا جس کی بدولت آج بھی ہزاروں ریح‘ گیس اور دردوں کے مریض یہ اچار استعمال کر کے صحتیاب ہو رہے ہیں۔

## اعصابی کمزوری کا علاج

سوہانجنا وہم‘ خوف‘ مایوسی‘ مالیخولیا‘ ریحی دردوں‘ گیس‘ اپھارہ اور اعصابی کمزوری کی گھریلو شفائی غذائی دوا ہے۔ اس کے پتے‘ پھل‘ پھول‘ گوند اور جڑیں سب شفائی اثرات کا مجموعہ ہیں۔ اس میں فولاد‘ کیلشیم‘ سوڈیم‘ روغن‘ نشاستہ دار اجزاء کے علاوہ وٹامنز بی اور ڈی بھی قدرت نے سمو دیئے ہیں۔

## جوڑوں کے درد میں مفید

سوہانجنے کی خشک پھلیاں آدھ چھٹانک سے آدھ پاؤ تک گوشت یا قیمہ میں پکا کر دو سے تین ہفتے استعمال کرنے سے ریحی اور جوڑوں کے درد دور ہو جاتے ہیں۔ ہاضمہ درست‘ گیس دور اور پیٹ کی سختی سے نجات ملتی ہے۔

## قبض‘ اپھارہ اور ڈپریشن کا خاتمہ

سوہانجنا کے پھولوں میں دگنی مقدار چینی ملا کر صاف ہاتھوں سے مل کر شیشے یا روغنی مرتبان میں ڈال کر منہ بند کر کے ایک ہفتہ تک دھوپ میں رکھنے سے گلقند تیار ہو جاتا ہے۔ قبض‘ اپھارہ‘ ریح‘ ڈر‘ خوف‘ مایوسی اور مالیخولیا کے مرض‘ چھوٹے بڑے جوڑوں کے درد‘ ورم اور سختی اور بدن ٹن ہو جانے والے مریضوں کو مستقل مزاجی سے صبح ایک تولہ سے ایک چھٹانک تک دودھ‘ چائے‘ یا سونف کے عرق کے ساتھ پانچ سے چھ ہفتے استعمال کروائیں تو بفضل خدا شفاء ہو جاتی ہے۔ بلڈ پریشر کے مریض اس گلقند میں صبح سونٹھ یا زیرہ سیاہ یا خشک دھنیا مزاج کے مطابق ایک سے تین ماشے تک ملا کر کھائیں اور شام کے وقت کشتہ مرجان یا کشتہ صدف مروارید ایک دو رتی یا خمیرہ مروارید تین ماشہ انار کے پانی کے ساتھ استعمال کرنے سے چند روز میں شفا ملتی ہے۔

## پیشاب کی تکلیف اور پتھری کا علاج

سوہانجنا کی پھلیوں کا اچار پیشاب کھولتا ہے اور پتھری کو توڑ کر خارج کرتا ہے۔ اس کی جڑ کو جوش دے کر کلیاں کرنے سے منہ کے زخم و چھنیاں دور ہو جاتی ہیں۔

## معدہ کے لئے اکسیر

سوہانجنا کے پھولوں کو رات پانی میں بھگو دیں‘ صبح دھو کر اس میں سرسوں کا تیل‘ نمک‘ رائی ڈال تھوڑی تھوڑی مقدار میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں‘ جب ترش ہو استعمال کریں۔ مقوی معدہ ہے‘ پیٹ کی گیس میں بے حد مفید ہے۔ سوہانجنا کی تازہ جڑ‘ سرسوں‘ ادرک‘ ہم وزن پیس کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنائیں۔ ایک گولی صبح‘ ایک گولی شام ہمراہ تازہ پانی لیں۔ جوڑوں کے درد میں از حد مفید ہے۔

## پیٹ ویٹ کے مسائل دور

ہینگ خالص‘ کالا نمک‘ سونٹھ‘ سہاگہ بریاں ہموزن لے کر ان چاروں اجزاء کو سوہانجنہ میں ڈال کر پانی میں چار گھنٹے کھرل کر کے گولیاں بقدر چار رتی بنائیں۔ ایک سے دو گولیاں ہمراہ پانی استعمال کریں‘ درد‘ گیس اور پیٹ ویٹ کیلئے مجرب ہے۔

# نو دس محرم الحرام تسبیح خانہ میں گزارا! غربت ختم‘ دولت اتنی ملی کہ سب حیران!

(م‘ا۔ مردان)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو‘ آپ کے اہل وعیال اور عبقری کی پوری ٹیم کو دونوں جہاں کی خوشیاں نصیب فرمائے‘ آمین۔

میں سالہا سال سے عبقری رسالہ کی دیوانی ہوں‘ ہر ماہ رسالہ باقاعدگی سے پڑھتی ہوں اور لوگوں کو بھی متعارف کرواتی ہوں۔ لوگوں کو بہت فائدہ ہوتا ہے اور دعائیں دیتے ہیں۔ عبقری کی وجہ سے ہی تسبیح خانہ کا تعارف ہوا اور خواہش ہوئی کہ تسبیح خانہ جاؤں‘ وہاں کی برکتیں اور خیریں سمیٹوں لیکن میرے لئے دوسرے شہر جانا بہت مشکل بلکہ ناممکن تھا۔ زندگی میں بہت سی مشکلات اور دکھوں نے گھیرا ہوا تھا۔ شوہر کے روزگار کا کوئی خاص ذریعہ نہ تھا۔ معاشی تنگی بہت زیادہ تھی‘ برکت نام کی کوئی چیز نہ تھی۔ گزشتہ سال عبقری جولائی 2023ء کے شمارہ میں صفحہ 65 پر 10'9 محرم الحرام کے روحانی پیکیجز کے بارے میں پڑھا تو ایسے محسوس ہوا کہ میرے تمام مسائل کا حل یہی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے مانگتی رہی‘ ایسا سبب بنا کہ نو اور دس محرم کی مقبول ساعتیں تسبیح خانہ میں گزاریں۔ یہاں رہائش کا بہترین انتظام تھا‘ لنگر میں بہترین اور لذیذ کھانوں سے شاہی مہمانوں کی طرح تواضع کی گئی۔ مجالس شان اہل بیتؓ میں دل سوز کلام پیش کیا گیا۔ شیخ الوظائف نے اہل بیتؓ کی زندگی‘ ان کے روحانی اعمال اور اللہ سے مانگنے کے واقعات سنائے جس سے ایمان تازہ ہو گیا۔ پھر مسائل اور مشکلات کے حل کے لئے طاقتور روحانی پیکیجز کروائے گئے۔ اس دوران میں نے اپنے مسائل‘ مشکلات اور دکھوں سے نجات کا سخت تصور رکھا‘ پھر رقت آمیز دعا ہوئی‘ اللہ تعالیٰ سے خوب گڑگڑا کر اور رو رو کر مانگا۔ تقریباً دو ماہ گزرے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے بیرون ملک شوہر کے روزگار کا بہترین بلکہ بہترین وسیلہ بنا دیا۔ ہمارے پاس اتنے پیسے نہیں تھے کہ ویزہ لے سکیں اور باقی اخراجات پورے کر سکیں مگر اللہ تعالیٰ نے غیبی مدد فرمائی‘ تمام انتظامات بخیر و عافیت انجام پا گئے۔ پہلے گزر بسر کے لئے قرض لینے پر مجبور تھے مگر اب اللہ تعالیٰ نے اتنی وسعت فرمائی ہے کہ ہر ماہ مستحقین کی امداد کی توفیق مل رہی ہے۔ یہ سب تسبیح خانہ میں نو دس محرم الحرام میں قیام کی برکتیں ہیں جو آج بھی سمیٹ رہی ہوں۔


چہرہ شفاء خوبصورتی کا راز

چہرہ صاف‘ چمکدار اور پُرکشش بنائے!

کیل‘ مہاسے‘ چھائیاں‘ سیاہ دھبے‘ جوانی کے دانے‘ موسمی اثرات کا چہرہ پر اثر انداز ہونا‘ چہرہ کی رنگت کا ماند پڑ جانا‘ پرانی خشک و تر خارش‘ پیپ دار دانوں کا علاج

مہنگی ادویات کی چھٹی

# صرف بڑی املی کا گودا اور بے اولادی ختم

محمد عصمت، پشاور

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری شادی کو تقریباً چار سال ہو چکے تھے اور میری اولاد نہ تھی، کافی ادویات استعمال کیں لیکن مسئلہ حل نہ ہوا۔ ایک جاننے والے کے توسط سے اس شعبہ سے متعلق ایک سپیشلسٹ ڈاکٹر سے چیک اپ کروایا تو انہوں نے کچھ ٹیسٹ کروانے کو کہا جس کے بعد معلوم ہوا کہ میرے جراثیم بہت کم ہیں اور اسی وجہ سے ابھی تک اولاد کی نعمت سے محروم ہوں۔ ڈاکٹر نے مجھے تسلی دی اور کہا کہ پریشان نہ ہو تمہیں کچھ ادویات لکھ کر دے رہا ہوں' کچھ عرصہ استعمال کرنی پڑیں گی جس کے بعد تمہارا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ ڈاکٹر کی باتیں سن کر مجھے تسلی ہوئی' چنانچہ میں نے ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق ادویات لیں اور انہیں باقاعدگی کے ساتھ استعمال کرنا شروع کر دیا۔ چند ماہ وہ دوائی کھائی' مگر مسئلہ حل نہ ہوا۔ ٹیسٹ کروایا تو ابھی بھی وہی کمی تھی' میں مایوس اور پریشان ہو گیا کہ ایک جگہ سے امید تھی مگر اب وہ بھی ختم ہو گئی۔

پھر کچھ عرصہ بعد میں نے عبقری رسالہ میں ایک نسخہ پڑھا اور چند ہفتے استعمال کیا۔ اللہ کا شکر ہے میری تمام کی پوری ہو گئی' اولاد کی امید بھی لگ گئی۔ آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میرے دو بچے ہیں۔ جو علاج بڑے بڑے معالج نہ کر سکے وہ عبقری کے ایک آسان سے ٹوٹکہ نے کر دیا۔ عبقری کا انتہائی مشکور ہوں' اللہ تعالیٰ شیخ الوظائف کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

قارئین! آپ بھی وہ نسخہ نوٹ فرما لیں اور اگر آپ یا آپ کا کوئی عزیز اس بیماری میں مبتلا ہے تو میرا مشورہ ہے چند ہفتے یہ نسخہ ضرور استعمال کریں' ان شاء اللہ شفاء ملے گی۔ نسخہ درج ذیل ہے:

ھوالشافی: مغز تمر ہندی یعنی بڑی املی کا گودا تقریباً 50 روپے کا لے لیں (پنساری کی دکان سے مل جاتا ہے) اسے باریک پیس لیں اور بڑے سائز کے کیپسول میں بھر لیں۔ صبح و شام پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ پندرہ سے بیس دنوں میں ہی افاقہ شروع ہو جاتا ہے۔ قارئین سے گزارش ہے کہ مہنگی مہنگی اور رنگ برنگی دواؤں کی بجائے یہ نسخہ چند ہفتے ضرور استعمال کریں' ان شاء اللہ مایوسی نہیں ہوگی۔ اس نسخہ کا کوئی سائیڈ ایفکیٹ بھی نہیں ہے۔


## بول روک بستر پیشاب شفاء

اپنا نام

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج

نیا نام نئی پیکنگ فارمولا' تاثیر اور شفاء ایک وہی پرانی

ہنستے ہوئے، دوڑتے ہوئے، کھانستے ہوئے، خوف سے، وزن اٹھاتے ہوئے، بستر پر پیشاب نکل جانے کا مؤثر علاج۔

## بیماریوں' نحوستوں اور جادو جنات پر بندش لگوائیں!

جسمانی و روحانی بیماریوں، نحوستوں اور شریر جنات نے زندگی اجیرن کر دی' دوبارہ آباد اور خوشحال ہونا چاہتے ہیں تو نومبر 2024ء سوا ارب درود کے چلہ میں بندش' روحانی حصار اور طلسماتی دنیا کے اعمال میں ضرور شامل ہوں۔


# اسم اعظم کے دم سے بے جان جسم میں جان پڑ گئی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی ہر پریشانی' غم کو دور کرے' ہر شر اور فتنہ سے بچائے' کبھی کسی کا محتاج نہ کرے اور سارے عالم کی غیب سے حفاظت' کفایت اور کفالت کرے۔ آمین! چند ماہ قبل تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے دم میں حاضری دی' ایسے محسوس ہوا جیسے خزاں میں بہار آ گئی ہو۔ بیمار اور کمزور جسم کو عجیب سی روحانی طاقت نصیب ہوئی' ایسے لگا جیسے خون کی بوتلیں لگ گئی ہوں' بے جان جسم میں جان پڑ گئی ہو۔ پریشان حال دماغ کو سکون اور راحت ملی۔ گزشتہ چھ ماہ سے بیماریوں اور کمزوری کی وجہ سے اکثر بے ہوش ہو جاتی تھی۔ مگر اسم اعظم کے دم نے بیماریوں کا جسم سے صفایا کر دیا اور دوبارہ سے ایک نئی صحت مند زندگی بخشی۔ آج اللہ کا شکر ہے پرسکون زندگی گزار رہی ہوں۔ اب ہر ماہ اسم اعظم کے دم کا انتظار رہتا ہے۔ اسم اعظم کے دم والے ڈبے اور روحانی پیکیجز میں نہایت طاقتور اعمال دیئے جاتے ہیں' ان سے بہت فوائد ہوتے ہیں جنہیں مختصر بیان کر رہی ہوں۔

روحانی پیکیج نمبر 1: خوشبو دار روحانی پھوار سے ذہنی کوفت سے نجات ملی' دماغ کو سکون ملا۔

روحانی پیکیج نمبر 2: اسم اعظم کا دم شدہ شفائیہ نمک! اس نمک کو گھر کے سالن میں ڈال کر استعمال کرتی ہوں جس سے معدے کی بیماریوں سے نجات ملتی ہے۔

روحانی پیکیج نمبر 3: جادو شکن ماچس! یہ ماچس جلانے سے گھر جادوؤں کے واروں سے محفوظ رہتا ہے۔

روحانی پیکیج نمبر 4: حزب البحر کے چلہ کا دم شدہ شفائیہ پانی! اس پانی کے استعمال سے گھر سے لڑائی جھگڑوں اور آپس کی ناچاقیوں کا خاتمہ ہوا ہے۔

روحانی پیکیج نمبر 5: نورانی عمل شدہ آٹا، چاول، چینی! جب سے ان چیزوں کو گھر کے راشن میں شامل کر کے استعمال کر رہی ہوں' الحمدللہ تب سے رزق وسیع ہو گیا ہے' برکت اور وسعت ملی ہے۔

روحانی پیکیج نمبر 6: بے اولادی اور پوشیدہ امراض کیلئے خاص عمل شدہ 16 چھوہارے! ایک عزیز کو ان چھواروں کی وجہ سے اولاد کی امید لگ گئی ہے۔

روحانی پیکیج نمبر 7: چار رنگی بدنی تعویذ! ان تعویذات کی وجہ سے جادو جنات کے وار ختم ہوئے' شیطانی اثرات کا خاتمہ ہوا۔

روحانی پیکیج نمبر 8: اسم اعظم کی دم شدہ روحانی اگربتی! گھر میں لگانے سے نظر بد کے اثرات سے نجات ملی۔ (ع، فیصل آباد)


## طاقتور روحانی پیکیجز کا مجموعہ

اسم اعظم کے دم کی مکمل تاثیر پانے کے لئے دم والا ڈبہ پہلے سے لے کر رکھیں' گھر کا ہر فرد خوش بخت، خوشحال اور تمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

دس محرم کی صبح تسبیح خانہ لاہور میں اسم اعظم کا روحانی دم ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب (حضرت داتا صاحبؒ کی شہرہ آفاق کتاب) محفل' شفائیہ دعا اور مراقبہ ہوگا۔

## اسم اعظم کے دم میں آنے والوں کیلئے خوشخبریاں

شیخ ابن عربیؒ کے شجرہ کے خاص عمل سے ہر دعا قبول۔ ☆ لنگر دل کھول کر لائیں۔ مسائل کے حل کیلئے یہ لنگر اسی مجمع میں تقسیم کر دیں ☆ دعا کے بعد شفائیہ نمک پر خاص دم پھر یہ نمک ہر سعادت مند اور خوش قسمت اپنے ہمراہ لے جائیں' استعمال کریں اور دکھوں کو مٹتے دیکھیں۔ ☆ دایاں ہاتھ سر پر رکھوا کر چند لمحوں کا طاقتور "ہجویری چلہ" ہر مصیبت سے حفاظت۔ ☆ خاص عمل' پیاروں کی مغفرت، درجات کی بلندی اور آخری وقت میں کلمہ نصیب۔ یہ خاص الخاص عمل بھی ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنا لیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

# آم کی چٹنی کے ڈھیروں فوائد کیسے؟ طریقہ جان لیں

## ڈپریشن کے مسائل

میں سیکنڈ ائیر میں پڑھ رہی ہوں، میری کوئی سہیلی نہیں ہے۔ مجھے سب برے لگتے ہیں۔ مجھے اکثر غصہ آتا ہے، جو لوگ پڑھائی میں مجھ سے لائق ہیں، ان کی طرف تو میں دیکھنا بھی پسند نہیں کرتا۔ حسد اور غصے نے میرے حواس اتنے پراگندہ کر رکھے ہیں کہ اب پڑھائی میں دل نہیں لگتا۔ میرا حافظہ کمزور ہو رہا ہے اور بھوک بھی نہیں لگتی۔ پتہ نہیں مجھے کیا ہو گیا ہے میری ساری مثبت صلاحیتیں ختم ہو رہی ہیں۔ آپ بیٹی سمجھ کر مشورہ دیجئے کہ میں کیا کروں (عاصفہ، مانسہرہ)

مشورہ: بیٹا آپ جس خوبصورت پہاڑی علاقے میں رہتی ہیں وہاں تو آپ کو خوش رہنا چاہئے۔ غصہ انسان کا سب سے بڑا دشمن ہے بار بار غصہ کرنے سے نفسیاتی اور ذہنی امراض کے علاوہ جسمانی تکالیف جنم لیتی ہیں۔ سر میں مستقل درد رہتا ہے۔ مایوسی کا شکار ہو کر انسان اپنی ساری صلاحیتیں کھو بیٹھتا ہے اور غلط فیصلے کرتا ہے۔ جب شخصیت کا توازن ختم ہو جائے تو پھر ایسے ہی خیالات جنم لیتے ہیں۔ پیارے آقا ﷺ نے فرمایا غصے کے وقت خود پر قابو رکھو۔ غصہ اور حسد پر آپ بھی قابو پا سکتی ہیں بس اپنے اندر تھوڑی سی قوت برداشت پیدا کیجئے۔ جب غصہ آئے تو سوچیں کہ ان باتوں پر غصہ کی کیا ضرورت ہے اور کسی کام میں مصروف ہو جائیں، کسی محفل میں ہوں تو وہاں سے اٹھ جائیں اور پانی پی لیں۔

## ناک کے نتھنے میں رکاوٹ

میری عمر زیادہ نہیں لیکن میں ناک کی وجہ سے بہت پریشان رہتی ہوں، کبھی ایک طرف کا نتھنا بند ہو جاتا ہے کبھی دوسری طرف کا، سردی میں تو سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔ دوائیں بہت کھائیں مگر ذرہ بھر آرام نہیں آیا۔ دوسرا مسئلہ چہرے پر دانے اور سیاہ بالوں کا ہے، تیسرا مسئلہ سر کے بالوں کا ہے۔ آپ مجھے بتائیں میں کیا کروں۔ (ارم، کراچی)

مشورہ: آپ یوں کیجئے نیم کے تازہ پتے تھوڑے سے لے لیں ڈیڑھ گلاس پانی میں ابال لیجئے۔ پھر اسے کپڑے سے چھان کر چٹکی بھر نمک ڈالئے اور صبح و شام یہ پانی ہاتھ میں لے کر ناک میں وضو کی طرح ڈالیے۔ اس طرح کرنے سے تین چار ہفتوں میں آپ کو آرام آ جائے گا۔ چہرے کا رواں سیاہ بال میں بدل جائے تو اس کو دور کرنا مشکل ہوتا ہے۔ آپ تھریڈنگ کر سکتی ہیں۔ عبقری کی "ہارمونز شفاء" استعمال کیجئے۔ بالوں میں زیتون کا تیل لگائیے۔ مٹھی بھر آملوں میں ایک چمچ میتھی دانہ پیس کر سر پر لگائیے اور آدھ گھنٹے بعد دھو لیجئے، بازاری شیمپو استعمال کرنے سے گریز کریں۔ عبقری ہربل شیمپو استعمال کریں۔

## آم کی چٹنی کے فوائد اور طریقہ

آم کی چٹنی کیسے بنتی ہے، کچے اور پکے آم کی چٹنی میں نے ایک مرتبہ کسی دعوت میں کھائی تھی۔ یہ بڑی لذیذ اور ہاضمے دار ہوتی ہے، اس کی ترکیب بتائیے۔

مشورہ: آم کی چٹنی کے بہت فوائد ہیں یہ ہاضمہ بہتر کرتی ہے سینے کی جلن کو ختم معدے اور جگر کی گرمی دور کرتی ہے۔ یہ قبض، ہیضہ، ڈائریا، سینے کی جلن اور متلی کی کیفیت اور بدہضمی سے تحفظ یا ان کا اچھا علاج ثابت ہوتے ہیں۔ ایک بڑا کچا آم لے کر چھیل کر ٹکڑے کر لیں۔ ایک چمچ سفید زیرہ، نمک مرچ حسب ذائقہ اور پودینے کی ایک گڈی کے توڑے ہوئے پتے ملا کر کوٹ لیں یا گرائینڈ کر لیں۔ اس میں چھوٹا ٹکڑا ادرک بھی ملا سکتے ہیں۔ پختہ آم کی چٹنی یوں بنتی ہے دیسی میٹھا آم لے کر اس کو ہاتھ سے پلپلا کر کے رس نکال لیجئے۔ نمک، سرخ مرچ، سوکھا ہوا پودینہ اور تھوڑی سی چینی ملا کر شیشے کے پیالے میں رکھیے اور استعمال کریں۔

## نسوانی حسن میں کمی

میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری عمر 38 سال ہے، شادی شدہ دو بچوں کی ماں ہوں۔ شادی سے پہلے میں دبلی پتلی تھی اور نسوانی حسن بھی بہت کم تھا، شادی کے بعد معمولی سا اضافہ ہوا لیکن شوہر کی توقع کے مطابق نہیں، میں نے کافی کریمیں استعمال کیں لیکن فرق نہ پڑا۔ میرے شوہر میری اس کمی سے بہت چڑتے ہیں اور ہمارے ازدواجی تعلقات بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ مجھے نسوانی حسن کو بڑھانے کے لئے کوئی آسان نسخہ بتا دیجئے اور میرا پیٹ بھی بڑھ گیا ہے اس کے لئے بھی کوئی نسخہ بتا دیجئے۔ (ح۔ا، لاہور)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی اکسیر البدن اور نسوانی حسن شفاء آئل استعمال کریں۔ کمزوری دور، جسم فربہ اور نسوانی حسن میں اضافہ ہوگا۔

# خواتین کو جوانی میں بوڑھا کر دینے والا روگ

وقت کے ساتھ ساتھ ہماری سہولتوں کے لئے بہت ایجادات ہوئی ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی ہماری غذائیں ایسی ہو گئی ہیں جن کا صحت اور زندگی پر نقصان دہ اثر ہوا ہے۔ اکثر لڑکیوں کو جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتے ہی لیکوریا شروع ہو جاتا ہے، میں ایک سکول میں پڑھاتی ہوں اور خود بھی جوان بچیوں کی ماں ہوں، میں اپنے تجربات لکھ رہی ہوں تاکہ نئی نسل کو کچھ شعور مل جائے۔ لڑکیاں بلوغت میں قدم رکھتے ہی لیکوریا کے مرض کا شکار ہو جاتی ہیں، ان کے چہرے بجھ جاتے ہیں، ان کی بیماریاں بڑھتی جاتی ہیں اور وہ ذہنی طور پر بھی مفلوج ہو جاتی ہیں۔ میں نے عبقری دواخانہ کی لیکوریا شفاء میں اس کے علاج کے لئے زبردست فوائد دیکھے ہیں۔ کئی بچیاں جو اس مرض میں مبتلا تھیں انہیں جب لیکوریا شفاء استعمال کروائی تو ان کے چہرے پر پھر سے رونق آ گئی اور ان کی صحت پر پھر سے بہار آ گئی۔ ورنہ چھوٹی عمر میں ہی لیکوریا کی وجہ سے بچیوں کی کمر میں درد رہنے لگتا ہے، کچھ کھانے کو دل نہیں چاہتا ہر وقت اکیلے رہنے کو دل چاہتا ہے، چونکہ یہ بیماری اکثر چھپائی جاتی ہے جس کی وجہ سے جسم کو بہت نقصان پہنچتا ہے۔ ایسی خواتین اور بچیاں جن کو پوشیدہ امراض نے گھیر رکھا ہو، زندگی ویران ہو گئی ہو، ہر وقت لیکوریا کے پانی سے کپڑے خراب رہتے ہوں، ہر وقت کمر کا درد رہتا ہو، سر چکراتا رہتا ہو، ہر وقت بدبو دار پانی آتا ہو، اعصابی کمزوری، اندر سے جسم کا آہستہ آہستہ گھلنا، جسم میں طاقت کا ختم ہو جانا، ہڈیاں کیلشیم سے خالی ہو کر کمزور ہو جاتی ہیں۔ پنڈلیاں ہر وقت درد کرتی ہیں، کسی کام میں دل نہیں لگتا، عبقری کی لیکوریا شفاء استعمال کریں اور بازاری کھانوں خاص طور پر فاسٹ فوڈ سے پرہیز کریں، ان شاء اللہ مکمل شفاء ملے گی۔ (شازیہ وہاب، ملتان)

سیلانو گولیاں
پرانا نام
نیا نام نئی پیکنگ
فارمولا، تاثیر اور شفایابی وہی پرانی
لیکوریا شفاء
پرانا لیکوریا اور اس کی وجہ سے پیدا ہونے والے تمام امراض میں انتہائی موثر۔ فوری اثر۔ ہر قسم کے سائیڈ ایفیکٹ سے پاک

☆☆☆ اپنے کاروبار کی تشہیر یا اپنی کسی پراڈکٹ کو مشہور کروانا چاہتے ہیں، انوکھا عمل 5 صفر المظفر کو روحانی کلاس سے لے جائیے۔ (رہائش اور لذیذ لنگر کا بہترین انتظام) ☆☆☆

# جسمانی کمزوری ختم اور خون بڑھانے کا قدرتی فارمولہ

پیٹھا ایک مشہور سبزی ہے۔ سالن کے علاوہ اس کی مٹھائی بھی تیار کی جاتی ہے۔ اس کا مزاج سرد تر ہے، اس میں کیلشیم، نمکیات اور ''وٹامن اے'' کی کافی مقدار ہوتی ہے۔ اس سے جگر، پھیپھڑوں اور پٹھوں کو طاقت ملتی ہے۔ دماغی امراض میں اس سے خاص فائدہ ہوتا ہے۔

## قوت باہ کے لئے مفید

اس کی مٹھائی مقوی بدن اور مفرح قلب ہوتی ہے۔ یہ مولد مادہ تولید ہے قوت باہ کے لئے مفید ہے۔ گرم مزاج والوں کے لئے پیٹھا بے حد مفید ہے، یہ حرارت کو روکتا ہے اور مقوی ہے۔ پیشاب کی جلن کو دور کرنے میں پیٹھا اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ مثانہ کی گرمی کو دور کرتا ہے۔

**اسقاط حمل:** حاملہ عورتوں کو پیٹھا کھلانے سے اسقاط حمل سے محفوظ رہنے میں مدد ملتی ہے اور بچہ بھی صحت مند پیدا ہوتا ہے۔ **نکسیر:** رات کو پیٹھے کی مٹھائی کے دو ٹکڑے ایک گلاس پانی میں بھگو دیں اور صبح کھالیں اور پانی کو بھی پی جائیں۔ کچھ ہی دنوں میں نکسیر آنا بند ہو جائے گی۔ **پیشاب کی جلن:** پیٹھے کی مٹھائی کے دو ٹکڑے روزانہ کھائیں۔ اگر پیٹھے کا رس پئیں، تو زیادہ مفید ہے۔ اس سے پیشاب کی جلن بھی ٹھیک ہو جاتی ہے۔ پیٹھا بلڈ پریشر اور گرمی سے بھی بچاتا ہے۔ پیاس کی شدت، پیشاب کی نالی کی سوزش، خفقان قلب اور جریان جیسے امراض میں پیٹھے کا رس استعمال کرتے ہیں اور مغز تخم پیس کر پلاتے ہیں۔ پیٹھا صالح خون پیدا کرتا' یہ ہڈیوں کی پرورش کرتا ہے اور نیند لاتا ہے۔ اس کا تیل دماغ کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ زہروں کا تریاق ہے، اس سے جسمانی زہر تحلیل ہو جاتے ہیں اور پیٹ کے کیڑوں کو خارج کرتا ہے۔

**کدو دانے ختم:** مغز تخم پیٹھا دو گرام شہد میں ملا کر بچوں کو کھلا کر بعد میں تخم ارنڈ کا تیل پلانا کدو دانہ کا علاج ہے۔

## پیٹھے کے بیجوں کی انوکھی افادیت

اس کے بیجوں کی افادیت بھی کچھ کم نہیں ہے اور ان کی وجہ سے نہ صرف انسان تندرست رہتا ہے بلکہ کئی بیماریوں کے علاج بھی کیے جاسکتے ہیں۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ خواتین کو صحت مند رہنے کے لئے کم از کم 8 ملی گرام زنک ضرور کھانا چاہیے جبکہ دو چمچ پیٹھے کے بیج کھانے سے آپ کو بآسانی اتنا زنک مہیا ہوگا جو کہ ایک صحت مند زندگی کا آغاز ہوگا۔ ان میں موجود زنک کی وجہ سے یہ مردانہ صحت کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ مردوں کو چاہیے کہ وہ یہ بیج ضرور استعمال کریں کیونکہ اس طرح وہ پروسٹیٹ کے مسئلے سے بچ سکیں گے۔

**سوجن کے لئے:** کدو کے بیجوں کا تیل جوڑوں کے درد اور پٹھوں کی سوزش کے لئے انتہائی مفید ہے۔ **خواتین کے لئے:** اس میں قدرتی تاثیر موجود ہے جو کہ خون میں اچھے کولیسٹرول کی مقدار کو بڑھاتا ہے جس کی وجہ سے خواتین کو مخصوص ایام میں تکلیف کم ہوتی ہے۔

## حاملہ عورتوں کے لئے طاقتور ٹانک

**پیٹھے کا مربہ بنانے کا طریقہ:** پیٹھا کے چھلکوں اور بیجوں کو دور کر کے مربع صورت میں قاشیں تراش لیں اور ایک دیگچی میں نصف تک پانی بھر کر منہ پر ایک صاف کپڑا باندھ دیں اور قاشوں کو کپڑے پر رکھ کر کسی ڈھکن سے بند کر کے نیچے آگ جلائیں تاکہ پانی کی بھاپ سے قاشیں نرم ہو جائیں۔ پھر قاشوں کو خشک کر کے چینی کے قوام میں شامل کر دیں، اگر دوسرے روز قوام پتلا ہو جائے تو قاشوں کو علیحدہ کر کے قوام کو دوبارہ گاڑھا کر کے دوبارہ قاشیں ڈال دیں۔ 25 گرام یہ مربہ روز کھائیں۔ مقوی و مفرح ہے۔ حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ حاملہ خواتین کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ دوران حمل کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

یہ چیز سرہانے رکھیے!

# جادو' جنات' نحوست' بیماری اور تنگدستی ختم

(کامران' لاہور)

میں پولیس کے محکمے میں ملازمت کر رہا ہوں۔ مجھے تسبیح خانہ سے نسبت کو آٹھ سال ہو چکے ہیں۔ شیخ الوظائف کی روحانی محافل سے بہت کچھ سیکھا، زندگی کا سلیقہ آیا اور میں ہر جمعرات روحانی محفل میں شامل ہوتا ہوں۔ آج قارئین کی خدمت میں ایک انوکھا واقعہ پیش کر رہا ہوں۔ کچھ عرصہ پہلے میں اسم اعظم کا ماہانہ دم کروانے تسبیح خانہ آیا۔ وہاں سے سنا کہ حضرت جی کی کتاب آداب معرفت ہر بندہ سعادت سمجھ کر لے۔ میں یہ کتاب خرید کر گھر لے آیا۔ میں نے ایک ہی دن پڑھی تھی کہ میری بھابھی نے وہ کتاب دیکھی اور پڑھنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ میں نے کتاب انہیں دے دی اور ساتھ ہی میری زبان سے بے ساختہ نکلا کہ آپ سوتے وقت اس کتاب کو سرہانے رکھیں، اس کی بہت برکات دیکھیں گی چونکہ میں نے شیخ الوظائف کی روحانی محفل میں سنا تھا کہ کوئی کتاب سرہانے رکھ کر سوئیں اس کا آپ پر اثر ہوگا اور اس کی تاثیر ملے گی چاہے وہ کتاب جو بھی تاثیر رکھتی ہو، جس نے کتاب لکھی ہوگی اس کی نیت کا اثر اس کتاب میں موجود ہوگا۔ اگر کوئی دین کی روحانیت کی کتاب رکھو گے تو اس کا نور اور تاثیر ملے گی۔ اس بنا پر میں نے بھابھی کو یہ الفاظ کہے تھے۔ رات کو بھابھی نے کتاب پڑھی اور کتاب اپنے سرہانے رکھ کر سو گئیں۔ صبح ہوئی تو مجھے یقین تھا کچھ نہ کچھ ہوا ہے۔

## کتاب سرہانے رکھنے کی انوکھی برکات

بھابھی نے بتایا میرے والدین کے گھر جنات رہتے ہیں۔ مجھے صاف نظر آیا کہ سیڑھیوں کے نیچے اور ایک کمرے میں جنات نے بسیرا کیا ہوا ہے۔ خواب میں آکر جنات نے خود بتایا کہ ہم اس جگہ ہیں اور تمہارے گھر میں فلاں فلاں کو ہم نے تنگ کیا ہوا ہے۔ تمہاری بہن کے رشتے میں رکاوٹ ہم نے ڈالی ہے۔ بھابھی اپنے بہن بھائیوں میں سب سے بڑی ہے اور ان کی بہن کی شادی کی عمر نکل چکی ہے ابھی تک رشتہ نہیں ہوا، ایک بھائی کی شادی ہوئی لیکن اس کی اولاد نہیں ہے۔ اگر کوئی نیکی کا کام کرنے لگتے ہیں تو کوئی چوٹ لگ جاتی ہے۔ گھر کا ہر فرد کسی مسئلے میں ہے۔ ایک بھائی کا گردوں کی پتھری آپریشن کروایا بہت زیادہ پتھریاں نکلیں، جنات نے بتایا کہ یہ سب ہم نے کیا ہے۔ اب میں اس کتاب کی برکت بتاتا ہوں۔ بھابھی نے اس کتاب کو روزانہ پڑھ کر اپنے سرہانے رکھنا شروع کر دیا۔ جیسے ہی یہ کتاب ان کی زندگی میں آئی ان کے دن بدل گئے اور گھڑیاں سنور گئیں ان کی بہن کی شادی ہو گئی، ان کے والد کے گھٹنوں میں درد رہتا تھا بہت علیل تھے کسی سے دم کرواتے تو کچھ فرق پڑ جاتا لیکن اب وہ بالکل ٹھیک ہو چکے ہیں۔ جنات معافیاں مانگ کر چلے گئے ہیں۔ ان کے گھر کے حالات بدل گئے ہیں۔ کتاب آداب معرفت کو لینا واقعی ایک بہت بڑی سعادت ہے۔ (زاہد علی' ننکانہ صاحب)

مالش کا حیرت انگیز تیل کرماتی تیل
جوڑوں کے درد، فالج، لقوہ، رعشہ، گنٹھیا، شائیکا، کمر درد، نمونیا، عضو کا پھڑکنا، پنڈلیوں کا درد، پیدائشی کمزور بچوں کے لئے بہترین

کرایوں کے گھر سے تنگ ہیں! اپنا ذاتی گھر چاہتے ہیں تو 9،10 محرم تسبیح خانہ میں گزاریں' وسیع گھر اور رزق پانے والے وظائف کروائے جائیں گے (مہمانوں کے لئے لذیذ لنگر اور رہائش کا بہترین انتظام)

# چند منٹوں میں صحت بحال | آسٹریلیا میں مقیم بھائی عبقری کا دیوانہ

عطیہ، ملتان

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اپنے چند تجربات قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں!

## موشن اور پیٹ درد کیلئے

میرا ایک بھائی آسٹریلیا میں ہوتا ہے۔ ایک دن اس کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ بھائی نے بتایا کہ میرے پیٹ میں شدید درد ہے۔ میڈیکل سٹور اور ہسپتال فاصلہ پر ہے' درد اتنی زیادہ ہے کہ جا نہیں سکتا۔ کچھ دوستوں سے کہا ہے وہ تھوڑی دیر میں آئیں گے۔ میں نے پوچھا گھر میں چائے کی پتی ہے؟ بھائی نے کہا جی ہے۔ انہیں مشورہ دیا کہ ایک چائے کی پتی کا چمچ پانی کے ساتھ کھا لو ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ اس نے ایسا ہی کیا تو چند ہی منٹ بعد بھائی کی دوبارہ کال آئی' وہ بہت خوش تھا کہنے لگا کہ آسان سے ٹوٹکہ سے کمال ہو گیا' میرا پیٹ درد فوراً ٹھیک ہو گیا ہے۔ پھر میں نے انہیں بتایا کہ یہ ٹوٹکہ عبقری رسالہ میں پڑھا تھا۔ بھائی کو دوائی کھانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی اور نہ ہی دوبارہ تکلیف ہوئی۔ میں خود بھی پیٹ درد میں چائے کی پتی پانی کے ساتھ استعمال کرتی ہوں اور فوراً آرام آجاتا ہے۔ اس کے علاوہ موشن لگے ہوں تو ایک چائے کا چمچ پتی کھانے سے پیٹ کا نظام ٹھیک ہو جاتا ہے۔

## نزلہ وزکام کی شکایت دور

ہفتہ پہلے کی بات ہے مجھے نزلہ، زکام ہو گیا اور پھر زکام کی وجہ سے میرے سر میں بھی بہت درد ہو رہا تھا۔ زکام بہہ بھی نہیں رہا تھا میں رات سونے سے پہلے ناک کے دونوں نتھوں میں زیتون کے دو سے تین قطرے ڈال کر سو گئی، دوسرے دن میرا نزلہ بہنے لگا۔ دوسری رات کو پھر میں نے ناک میں زیتون کا تیل ڈالا' اگلے دن زکام کافی حد تک ٹھیک ہو گیا۔ تیسری رات دوبارہ یہ عمل دہرایا۔ اگلے دن جب صبح اٹھی تو نزلہ وزکام بالکل ختم ہو چکا تھا۔

## زخم اور تکلیف سے نجات

میں نے اپنا کان چھدوایا تو کچھ دنوں تک کان کا زخم ٹھیک ہو گیا' میں نے کانوں میں سونے کی بالیاں پہن لی۔ مگر پھر میرے دائیں کان سے ریشہ اور خون بہنے لگا۔ میں نے پینسلین کا ٹیکہ بھی لگوایا اور بہت سی دوائیاں استعمال کرتی تو کان ٹھیک ہو جاتا تھا۔ لیکن صورتحال پھر وہی ہو جاتی' چند دن یا چند ہفتے گزرتے تو دوبارہ سے کان بہنا شروع ہو جاتا۔ میں نے درود شفاء اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھ کر تین بار اپنی شہادت کی انگلی پر پھونک ماری اور کان کے زخم پر پھیری اس نیت سے کہ میرا زخم ٹھیک ہو جائے۔ تین دن مسلسل میں نے یہ عمل کیا جس سے میرے کان کا زخم بالکل ٹھیک ہو گیا۔ اللہ کا شکر ہے کہ مجھے دوبارہ یہ مسئلہ نہ ہوا۔

## ہونٹ نرم اور گلابی مگر کیسے؟

موسم کوئی بھی ہو میں ایک ٹوٹکہ استعمال کرتی ہوں' رات کو سونے سے پہلے ہونٹوں پر سادہ ویزلین لگا کر سوتی ہوں میرا یہ روز کا معمول ہے اور کئی سالوں سے کر رہی ہوں' میرے ہونٹ سیاہ تھے لیکن اب میرے ہونٹ گلابی رنگ کے ہیں اکثر سہیلیاں مجھ سے پوچھتی ہیں کہ میں نے سرخی لگائی ہے۔ ویزلین لگانے سے میرے ہونٹ نرم رہتے ہیں اور پھٹتے بھی نہیں۔

# 2 فطری غذاؤں کا ٹوٹکہ | فوائد نہ جانیے | بس استعمال کیجئے!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! دور جدید میں کیمیکل زدہ اور غیر معیاری خوراک کی وجہ سے آج بہت سے لوگ بظاہر صحت مند مگر اندر سے کمزور اور کھوکھلے نظر آتے ہیں۔ پھر اس کمزوری کو ختم کرنے کے لئے مختلف ادویات استعمال کرتے ہیں جس سے اکثر فائدہ کی بجائے مزید نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ عبقری رسالہ کے توسط سے قدرتی اور فطری طور پر بے پناہ طاقت پانے کے لئے چند ٹوٹکے تحریر کر رہا ہوں' ان میں سے جو بھی نسخہ حسب طبیعت مناسب سمجھیں' استعمال کریں اور پھر قدرت ربی کا نظارہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ یہ وہ طاقتی راز ہیں جو کہ میں نے عبقری سے پڑھے' سنے' پھر آزمائے اور بہت فائدہ پایا۔ بے شمار لوگوں کو بتایا' انہیں بھی نفع ہوا۔ آزمودہ طاقتی راز قارئین عبقری کی خدمت میں پیش ہیں۔

## طاقت کا خزانہ

کم سے کم ایک پاؤ دودھ یا جتنا زیادہ ہو سکے حسب طبیعت لیں' اپنے مزاج کے مطابق ایک پاؤ دودھ موسم کے حساب سے تازہ یا نیم گرم ہو کسی دو بڑے برتنوں میں ڈال لیں' پھر اس دودھ کو ان برتنوں کے ذریعے آپس میں مکس کریں' یہ عمل چالیس بار دہرائیں۔ اس طرح ایک پاؤ دودھ کی طاقت ایک کلو کے دودھ کے برابر ہو جاتی ہے۔ اس ٹوٹکے کو آپ روزانہ کریں یا صبح و شام تو چند ہی دن کے اندر آپ کے جسم کے اندر محسوس ہوگا کہ کوئی طاقت' قوت آئی ہے۔ کمزوری کا خاتمہ ہو جائے گا' جسم صحت مند ہوگا' مردانہ قوت کیلئے لاجواب ٹوٹکہ ہے۔

## لذیذ اور قوت بخش مشروب

کھجور کا استعمال اور کھجور کا شربت پینا طاقتی رازوں میں سے ایک راز ہے۔ روزانہ چند دانے کھجور کے شام کو بھگو دیں پانی میں۔ صبح گٹھلی نکال کر' کھجور کو پانی یا دودھ میں شامل کر کے مکس کر لیں اور آہستہ آہستہ مسلسل کرتے رہیں یا گرائینڈر کے ذریعے کر لیں' آپ کے جسم میں ایک خاص طاقت آنا محسوس ہوگی جو طاقتی رازوں میں سے ایک راز ہے۔

## بے اولادی کا مسئلہ حل

چھوٹی الائچی اور میتھرے کے بیج کمزوری اور بے اولادی جیسے مسائل کا حل ہے۔ چھوٹی الائچی تازہ خشک لیں اور میتھرے کے بیج وہ جو اکثر اچار میں ڈالتے ہیں بازار سے پنسار کی دکان سے مل جاتے ہیں ان دو اجزاء کو ہموزن لے کر آپس میں مکس کر لیں' صبح وشام آدھا یا ایک بڑا چمچ مزاج کے مطابق دودھ کے ساتھ مسلسل چند ہفتے استعمال کریں۔ بے اولادی، مردانہ طاقت کیلئے طاقتور ٹوٹکہ ہے۔ (محمد سبحان، بہاولپور)

بے اولادی (کورس) گھر کے آنگن میں اولاد کی نعمت پائیں!

سپرم کی کمی و کمزوری' مردانہ بانجھ پن، مادہ منویہ کا کم یا پتلا ہونا' جسمانی کمزوری' لاغری اور سرعت انزال میں مؤثر ترین ہے۔

ایک ایسا کپڑا جو صرف جھاڑو سے باندھیں' گھر میں وہی جھاڑو' بیماریوں' دکھوں' بندشوں اور ناکامیوں پر جھاڑو پھر جائے گا۔ جلدی کریں کہیں ختم نہ ہو جائے۔ کراچی محفل صائمہ ٹریڈ ٹاور پہنچیں۔

# بسم اللہ کا آسان انوکھا نقش! پیچیدہ مشکل میں بھی کارآمد

(راز کی بات)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری سے بے شمار روحانی و جسمانی بیماریوں اور مسائل کا حل پایا ہے اور بے شمار تجربات قارئین کی خدمت میں تحریر کر رہا ہوں۔ [illegible] میں یا اللہ شافی [illegible] پڑھتے ہیں اس سے بہت سکون نصیب ہوتا ہے مختلف بیماریوں سے حفاظت اور نجات ملتی ہے۔

## عزت، برکت اور دولت ملی

[illegible] درود پاک کے [illegible] میں جو 625 مرتبہ بسم اللہ کا تعویذ لکھا ہوا [illegible] اس نقش کو لکھ کر پاس رکھنے سے [illegible] بیٹے نے ایم فل (M.Phil) کے امتحانات [illegible] بسم اللہ کے نقش کی برکت سے 625 بار [illegible] ضرورت پوری ہوئی ہے۔ اس میں حفاظت کا انتظام ہے۔

## نظر بد کے اثرات ختم

یہ وظیفہ [illegible] نظر بد کے اثرات سے محفوظ رہتے ہیں۔ [illegible] 11 بار یہ دعا بسم اللہ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ پڑھنے سے انسان خود بھی نظر بد سے محفوظ رہتا ہے۔ اول آخر 11 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں یہی دعا پڑھ کر کسی بھی ایسے شخص کو پھونک ماریں جس کو نظر بد لگی ہو تو بہت ہی کمال حفاظت ہوتی ہے۔ اس دعا کے ورد سے جان، مال، اولاد اور آپ کے عزیز اور شیطانی اثرات سے محفوظ رہتے ہیں۔

## شفائی گھونٹ ہر بیماری دور

وضو کے بعد [illegible] پانی پینے والا عمل [illegible]

## ہڈیوں کا عمل

[illegible] گوشت کی ہڈیاں ایک صاف جگہ پر [illegible]

# فرشتوں کو ہدیہ کیا! بیماریوں سے صحت یاب

(عباس احمد، آئرلینڈ)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں آئرلینڈ میں رہائش پذیر ہوں اور جمعہ کی روحانی محفل سنتا ہوں [illegible] فرشتوں کو اعمال کا ہدیہ کرنے [illegible] مشاہدات تحریر کر رہا ہوں۔

## فرشتوں کو ہدیہ کرنے سے جادو کے وار ختم

کچھ عرصہ پہلے آپ نے فرشتوں کو اعمال کا ہدیہ کرنے کے فوائد بیان فرمائے۔ میں نے اس عمل کو کرنا شروع کیا، اللہ کے فضل سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔ میری اہلیہ پر سخت جادو تھا، حاسدین جادو کے وار کرواتے تھے جس سے اہلیہ کی طبیعت اچانک بہت زیادہ خراب ہو جاتی اور کافی دیر بعد جا کر طبیعت بحال ہوتی۔ اب جب بھی ایسا ہوتا ہے تو میں فرشتوں کو ایک بار اول و آخر درود شریف پڑھ کر ایک دفعہ سورۃ فاتحہ اور تین دفعہ سورۃ اخلاص پڑھتا ہوں اور ان کو عرض کرتا ہوں کہ ان لوگوں کے جادو کے وار ختم کر دیں، ان لوگوں کو روک دیں اور ہمیں کسی قسم کا کوئی نقصان نہ ہو۔ ایسا کرنے سے [illegible] ہو جاتی ہیں اور [illegible]

## ایمرجنسی مدد کیلئے خاص عمل

آپ سے ایک عمل سنا تھا کہ جب بھی کوئی مشکل یا پریشانی [illegible] رمضان المبارک میں [illegible]

ذال دینے سے بہت فائدہ ہوا۔ اس عمل سے میرے [illegible] (رزق) میں بھی غیبی طور پر اضافہ ہوا اور الحمد للہ [illegible]

## ذہنی الجھن سے نجات

کافی عرصہ سے پریشانی کی وجہ سے رات کو نیند نہیں آتی تھی۔ [illegible] اصحاب کہف کے نام [illegible] یملیخا، مکسلمینا، کشفوطط، [illegible] اذرفطیونس، کشافطیونس، یوانس، تبیونس۔

# عبقری روغن بادام

حافظہ مضبوط، بچوں کے ذہن اور [illegible] بالوں کیلئے انتہائی مفید [illegible]

[illegible]

## ساڑھ ستی کے جادو کا توڑ!

ساڑھ ستی کی وجہ سے نسل در نسل جادو جنات اور مختلف مسائل کا شکار ہیں تو سوالاکھ درود پاک کے [illegible] ہمیشہ کیلئے نجات پا لیں۔

# طب اصحابِ رسول ﷺ

# صحابہ رضؓ سے جانیے! لاعلاج امراض سے بچنے کا فن

انتخاب: ابولبیب شاذلی

## فرمان حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ

حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ "مسواک کرو اس لیے کہ مسواک منہ کو پاک کرنے کا ذریعہ اور اللہ تعالیٰ کی رضامندی کا سبب ہے" (سنن ابن ماجہ)۔ حضرت زید بن خالدؓ نماز کے لیے مسجد میں بیٹھ کر انتظار فرماتے اور جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو مسواک کرتے۔ (سنن ابی داؤد)

## جدید طبی ریسرچ

نبی کریم ﷺ اور صحابہؓ کی مبارک زندگی سے ہمیں مسواک کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ قارئین اب ہم مسواک کے طبی اور سائنسی فوائد کا ذکر کرتے ہیں۔

مسواک جراثیم کو ختم کرتی ہے۔ جدید تحقیق کے مطابق کچھ ایسے جراثیم بھی ہوتے ہیں جو برش اور پیسٹ سے دور نہیں ہوتے بلکہ ان کو صرف مسواک سے ہی دور کیا جاسکتا ہے۔

بعض ایسے مریض ہوتے ہیں جو کانوں کے ورم، پیپ اور درد میں مبتلا ہوتے ہیں، مہنگے سے مہنگا علاج کرانے کے باوجود انہیں اس تکلیف سے نجات نہیں ملتی۔ جب اچھی طرح ایسے مریضوں کی تشخیص کی جاتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کے مسوڑھوں میں پیپ پڑ گئی ہے اور سارا منہ تعفن سے بھرپور ہے۔ جب مسوڑھوں کا علاج کیا جاتا ہے اور باقاعدگی سے تازہ مسواک کی جاتی ہے تو ساتھ ہی کان بھی بالکل صحت مند ہوجاتے ہیں۔ اسی طرح آنکھوں کی بیماریوں میں دانتوں کی عدم صفائی کا بڑا عمل دخل ہوتا ہے۔ کمزور بینائی کے مریضوں میں متعدد مریض ایسے ہوتے ہیں جن کے مرض کے دیگر اسباب کے علاوہ دانتوں کے بارے میں ان کی غفلت سب سے بڑا سبب ہوتی ہے۔

## گلے کے امراض کا علاج

دائمی نزلہ اور زکام کے ایسے مریض جن کی بلغم رُک چکی ہو جب وہ مسواک کرتے ہیں تو وہ بلغم اندر سے خارج ہونا شروع ہوجاتی ہے اور یوں مریض کا دماغ ہلکا ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ پیتھالوجسٹ حضرات کے تجربے اور تحقیق سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ دائمی نزلہ کے لیے مسواک تریاق سے کم نہیں۔ مسواک کے مستقل سے ناک اور گلے کے آپریشن کے مواقع بہت کم ہوجاتے ہیں۔

## دماغی قوت بحال

طب اور میڈیکل سائنس نے ثابت کردکھایا ہے کہ مسواک سے دماغ کو قوت حاصل ہوتی ہے اور اس سے دماغ کی صحت برقرار رہتی ہے۔ دماغ مسواک کرنے سے تیز ہوتا ہے اور طویل عرصہ تک تندرست رہ سکتا ہے۔

مسواک کے لیے ہر اس درخت کی شاخ مناسب ہوتی ہے جس کے ریشے نرم ہوں کہ مسوڑھوں کو نقصان نہ پہنچائیں۔ بہترین اور اعلیٰ مسواک پیلو، نیم اور کیکر کے درختوں سے حاصل ہوتی ہے۔ پیلو کا مسواک نرم ریشوں والا ہوتا ہے۔ اس میں کیلشیم اور فاسفورس ہوتی ہے۔ جدید سائنسی اور طبی تحقیق سے یہ بات ثابت ہے کہ مختلف اشیاء جو دماغ کی خوراک ومعاون ہیں، ان میں ایک فاسفورس بھی ہے۔ پیلو کی مسواک میں موجود فاسفورس لعاب اور مساموں کے ذریعے دماغ تک پہنچتا ہے جس سے دماغ کو قوت حاصل ہوتی ہے۔

## ٹانسلز سے نجات

جن مریضوں کا گلا خراب ہوتا ہے وہ اکثر ٹانسلز کے مرض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ ایسے مریض باقاعدہ مسواک کے استعمال سے تندرست ہوسکتے ہیں۔ اسی طرح اگر کسی مریض کے گلے کے غدود بڑھ گئے ہوں تو وہ شربتِ شہتوت اور باقاعدہ مسواک کرکے آرام حاصل کرسکتا ہے۔ بعض مرتبہ منہ کے اندر گرمی، تیزابیت اور غیرمرئی جراثیم کی وجہ سے چھالے ہوجاتے ہیں' جو کبھی نکل آتے ہیں اور کبھی چھپ جاتے ہیں۔ یہ نہایت تکلیف دہ اور نقصان دہ ہوتے ہیں۔ ان کے جراثیم منہ میں پھیل کر پورے منہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں جن کی وجہ سے کھانا تناول کرنا مشکل ہوجاتا ہے اور مریض بھوک کی وجہ سے کمزور پڑ جاتا ہے۔ اگر روزانہ بلاناغہ تازہ مسواک کی جائے، اس کے لعاب کو اچھی طرح نگلا جائے تو مرض پیدا ہی نہ ہوگا اور اگر ہے تو مسواک کے باقاعدہ استعمال سے اس مرض سے نجات مل جائے گی۔


**تسبیح خانہ لاہور میں فاروق اعظمؓ کے فیض کا سمندر**

حضرت عمرؓ کے ساتھ اللہ کی مدد اور نصرت کے عالم کا کوئی گمان نہیں کرسکتا، نقش دریائے نیل کا عمل اسی فیض اور اسی عرشی مدد کا ایک منظر ہے۔ **10،9 محرم تسبیح خانہ میں یہ عمل** کروایا جائے گا۔ **پرتکلف لنگر کا وسیع انتظام ہوگا۔**


# بیرون ملک جانا چاہتے ہیں مجھ سے راز جان لیجئے!

عامر، گوجرانوالہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں ایک وظیفے کا حیرت انگیز فائدہ لکھ رہا ہوں۔ ایک مرتبہ میں سفر میں جارہا تھا، سفر میں میرے ہمراہ کچھ اور لوگ بھی تھے۔ ان میں سے ایک آدمی نے اپنا واقعہ سنایا کہ میں بیرون ملک جانا چاہتا تھا لیکن میرے پاس مال واسباب نہیں تھے لیکن دل میں بہت حسرت تھی۔ میں نے بہت حیلے وسیلے کیے لیکن مجھے کامیابی نہ ملی۔ پھر میری ایک بزرگ سے ملاقات ہوئی میں نے انہیں اپنی خواہش کا اظہار کردیا، انہوں نے فرمایا کہ ایک تھیلی بنالو اور اس پر ہر نماز کے بعد طاق تعداد میں 5، 7 یا 11 بار یہ آیت اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ (ص ۵۴) پڑھا کرو اور جو آمدن ہو اسی تھیلی میں ڈالو اور اس میں پیسے گننے نہیں ہیں۔ ان شاء اللہ اس تھیلی میں برکت ہو جائے گی۔ میں نے یہ عمل کرنا شروع کیا۔ اللہ نے اس تھیلی میں ایسی برکت دی کہ اس میں سے بیرون ملک جانے کے لئے رقم نکلی۔ میں بیرون ملک ایک سال تک رہا تھیلی پر یہ عمل جاری رکھا۔ جب گھر واپس آیا تب بھی تھیلی میں اتنی رقم موجود تھی جو جانے سے پہلے تھی۔ روزانہ صرف چند بار ہی میں یہ آیت 5 یا 7 بار پڑھ کر تھیلی پر پھونک دیتا ہوں۔ اس سے میں نے تین بیٹوں کی شادیاں بھی کرلی ہیں اور تھیلی اب بھی پیسوں سے بھری ہے اور اس تھیلی نے میرا گھر بھردیا ہے۔ میں نے اور بھی کئی لوگوں کو یہ عمل بتایا ہر بندے کو اس کا حیرت انگیز فائدہ ہوا۔


**پتہ پتھری شفاء**

پرانی سے پرانی پتھری کا شافی اور شرطیہ علاج

آپریشن کروانے سے پہلے ضرور آزمائیں

صرف ایک ہی رات میں پتھری ختم

پتھری کی تکلیف سے نجات

قدرتی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ!

# صلہ رحمی کی برکات نے نسلوں کو رنگ دیا!

(ا، راولپنڈی)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جسے پسند ہو کہ اللہ اس سے محبت کرے اور اس کے رزق میں وسعت عطا کرے اور اس کی عمر میں برکت دے تو اسے چاہیے کہ صلہ رحمی کرے''۔ (رواہ البخاری)

اس حدیث کا عملی مشاہدہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی زندگی میں دکھایا ہے۔ ہم سات بہنیں ہیں' بھائی کوئی نہیں تھا۔ وسائل جتنے بھی تھے مگر والد صاحب نے بہترین اور اچھی پرورش کی۔ ہم نے بچپن سے دیکھا کہ والد صاحب کے پاس جب بھی ان کے بھائی' بہن یا کوئی بھی رشتہ دار آیا اور اپنی کسی مالی پریشانی' مشکل' مصیبت یا مسئلہ کے حل کے لئے تعاون کی درخواست کی تو انہوں نے بغیر کسی تاخیر کے ان کی فوری داد رسی کی' کبھی بھی انہیں مایوس اور خالی نہ لوٹایا۔ جب کبھی کوئی رشتہ دار آتا تو اس کی خوب مہمان نوازی کرتے۔ اگر کسی رشتہ دار کی خوشی و غمی کا موقع ہوتا تو اس انداز سے اس کی مدد کرتے کہ کسی کو خبر بھی نہ ہو۔ بعض اوقات کچھ لوگوں کی طرف سے ناگواری بھی آتی' باتیں بھی سننا پڑتیں مگر وہ چیزوں کو درگزر کر دیتے۔ اگر رشتہ داروں کی آپس میں ناراضگی یا لڑائی ہو جاتی تو ان میں صلح کروانے کی ہر ممکن کوشش کرتے۔

## طنز کرنے والوں کے ساتھ حُسن سلوک

معاشرہ اور رشتہ داروں میں لوگ ان کی بہت عزت کرتے تھے' کچھ ایسے بھی تھے جو اولاد نرینہ نہ ہونے کا طعنہ بھی دیتے مگر وہ یہی کہتے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا میں راضی ہوں اور میری بیٹیاں ہی میری آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کی راحت کا سامان ہیں۔ رشتہ داروں میں بعض لوگ ایسے بھی تھے جو بات بات پر لڑنے کی تاک میں رہتے' درگزر' رواداری اور برداشت نام کی ان کے اندر کوئی چیز نہ تھی۔ والد صاحب ایسے رشتہ داروں کے ساتھ بھی حُسن سلوک میں کمی نہ آنے دیتے' ضرورت پڑنے پر ان کیساتھ بھی بھرپور مالی تعاون کرتے جسے دیکھ کر یہ چیز بعض اوقات ہمیں بھی گراں گزرتی۔ وقت گزرتا گیا' جیسے جیسے ہم بہنیں جوان ہوتی گئیں' اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خیر و عافیت کے ساتھ اپنے گھروں کی ہو گئیں۔ ہر بہن کی وقت پر شادی ہو گئی اور رشتہ میں کوئی رکاوٹ' کوئی پریشانی اور مسئلہ نہ ہوا۔ شادی کے تمام انتظامات بھی بخوبی انجام پا جاتے۔

## آج کسی چیز کی کمی نہیں

اس کے برعکس ایسے لوگ جنہوں نے غرور اور تکبر کو غیرت کا نام دے کر چھوٹی چھوٹی باتوں پر قطع رحمی کی' ان کے پاس اولاد نرینہ' مال میں وسعت' دنیا کی سب آسائشیں تھیں مگر آج وہ کسی نہ کسی علت' پریشانی اور مصیبت میں گرفتار ہیں۔ ان کی اولاد ہی ان کے لئے وبال جان بن چکی ہے جبکہ اللہ کا شکر ہے ہم تمام بہنیں اپنے گھروں میں خوشحال ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اچھے اور نیک شوہر عطا کیے' سسرال والے بھی بھرپور تعاون کرتے ہیں۔ صلہ رحمی کی بدولت ہی اللہ تعالیٰ نے والد صاحب کی عمر میں برکت' صحت اور عافیت عطا فرمائی۔ اولاد نرینہ نہ ہونے کے باوجود بھی ایسا نظام بنایا ہے کہ رزق میں بے بہا برکت ملی ہے' کسی چیز کی کمی نہیں اور اللہ تعالیٰ نے انہیں حج کی سعادت بھی نصیب فرمائی ہے۔

قارئین! انسانی معاشرے میں خاندان ایک بنیادی اکائی ہے۔ انسانی نفوس میں اللہ کا تقویٰ ہی وہ بنیاد ہے جو انسانوں کو باہم جوڑ کر ایک مستحکم سوسائٹی بناتا ہے۔ رشتہ داروں سے محبت، ضرورت پڑنے پر مدد کرکے انسانی معاشرے کی شیرازہ بندی کرتے ہیں۔ خاندان کی تنظیم کے اصولوں میں کنبے میں شامل تمام افراد کو باہم جوڑنے، ان کا احترام کرنے اور ان کے حقوق ادا کرنے کی تعلیم دی گئی ہے۔ اسلامی معاشرے کی ذہنی و اخلاقی تربیت میں اور مسلمانوں کے آداب تہذیب میں قرابت داروں کے حقوق کی نگہداشت کو ایک اہم عنصر کی حیثیت سے شامل کیا گیا ہے۔ شب جمعہ کی روحانی محفل میں شیخ الوظائف اکثر صلہ رحمی کی برکات اور فضائل سنا رہے ہوتے ہیں اور عملی طور پر کئی بار اپنے ذاتی واقعات بھی سنا چکے ہیں۔ آج اس ضمن میں اپنا تجربہ یاد آیا جو قارئین کی خدمت میں پیش کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں رشتوں کو جوڑنے اور ہر دکھ سکھ میں نبھانے والا بنائے۔ رب کائنات شیخ الوظائف' ان کی آنے والی نسلوں اور اس نظام سے جڑے ہر شخص کو سدا شاد و آباد رکھے اور ہمیں قدردانی عطا فرمائے' آمین۔

انسانیت کی بقاء - طب یونانی میں اخفاء
سنگری پاؤڈر
دست' مروڑ' بدہضمی اور پیچش کی کامیاب دوا
نیا نام نئی پیکنگ فارمولا' تاثیر اور شفاء یابی وہی پرانی
پرانا نام پیچش شفاء

# سولہ سال سے الرجی چھینکوں کا دردناک مسئلہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے ہمسائے میں ایک صاحب محکمہ جنگلات میں کام کرتے ہیں۔ وہ ہر وقت رومال ساتھ رکھتے تھے۔ میں نے ان سے پوچھا تو اپنی کہانی سنانے لگے کہ تقریباً سولہ سال سے اپنا علاج کروا رہا ہوں پر کوئی افاقہ نہیں ہو رہا' مسئلہ پوچھا تو بتانے لگے نزلہ و زکام شروع ہوا تھا ابتدا میں کوئی خاص دوا استعمال نہ کی، ادھر ادھر سے لیتا رہا پر آرام نہ آیا، کبھی ٹھیک بھی ہو جاتا ہے۔ بتانے لگے آہستہ آہستہ حکماء کے پاس جانا شروع کر دیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا، آخر کار اسلام آباد الرجی سنٹر میں پہنچا جہاں بہت محنت کے بعد معائنہ ہوا، اس وقت میری حالت بہت خراب ہو چکی تھی۔ نزلہ زکام کے ساتھ الرجی بہت زیادہ ہو گئی تھی۔ گھر سے باہر نکلنا مشکل ہو گیا تھا، مجبوری کے تحت باہر نکلتا اور تھوڑی سی بے احتیاطی ہو جاتی تو کئی کئی دن تنگ ہوتا رہتا تھا۔ الرجی سنٹر والوں نے میڈیسن دیں' کھالیں۔ جب خاص افاقہ نہ ہوا تو انجکشن لگائے' ان سے بھی مجھے کوئی خاص فائدہ نہ ہوا۔ میں نے ان کی تمام روداد سن کر انہیں کچھ تسلی دی اور عبقری ویب سائٹ پر جاکر'' الرجی چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا کورس'' کے فوائد دیکھیں اگر سمجھ میں آئے تو منگوا کر استعمال کریں۔ کہنے لگے اتنے علاج ناکام ہو گئے ہیں تو اس کورس سے کیا فائدہ ہوگا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اس پر فضل کرنا تھا۔ انہوں نے عبقری کا یہ کورس منگوا کر استعمال کیا' ایک کورس کے بعد ہی ان کی نوے فیصد بیماری ختم ہو گئی' اب صحت مند زندگی گزار رہے ہیں اور عبقری کو جھولی اٹھا اٹھا کر دعائیں دیتے ہیں۔ (خالد محمود، فیصل آباد)

نزلہ، زکام اور الرجی کا شافی علاج
ناک شفاء ڈراپ
ناک کا بند رہنا، دائمی نزلہ، زکام، بے تحاشہ چھینکیں آنا، سردرد، الرجی، ناک کی ہڈی کا بڑھنا جیسے امراض کے لئے بے حد مفید

سلسلہ وار آپ بیتی

# جنات کا پیدائشی دوست

قسط نمبر 175

علامہ لاہوتی پُراسراری

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر ہے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

## جنات سے واسطہ

انسان کا جب کسی چیز سے واسطہ پڑتا ہے تو پھر اس کے احساس اور ادراک میں وہ چیز تفصیل سے آتی ہے اور اگر صرف واسطہ نہ پڑے اور صرف سنی سنائی بات ہو تو انسان کا یقین کمزور ہوتا ہے‘ قسمت والے ہوتے ہیں جو بایقین ہوں اور جو بایقین ہوں اور یقین پر زندگی گزاریں ورنہ اکثر بدگمان‘ شک اور وساوس میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اکثر تو بے یقین ہو جاتے ہیں اور بڑی بڑی ہستیوں پر انگلیاں اٹھاتے ہیں یا پھر اعتراض کرنے میں آگے بڑھ جاتے ہیں‘ اعتراض واحد چیز ہے جو انسان کو کہاں سے کہاں لے جاتی ہے اور اچھا خاصا انسان ان اعتراضات کی وجہ سے بہت دور چلا جاتا ہے۔

## جن کی ہلکی طنزیہ مسکراہٹ اور میرا افسوس

بالکل یہی بات ایک جن کی ہے ہماری ایک جگہ روحانی نشست تھی‘ جنات سارے کے سارے جمع تھے‘ ایک بہت پرانا جن اپنی زندگی کے بیتے حالات جو اس نے جنگلات‘ ویرانوں‘ قبرستانوں‘ صحراؤں اور غاروں میں گزارے‘ وہ واقعات سنائے جا رہا تھا۔ میرے ساتھ بیٹھا ایک جن اس کے واقعات کو کسی اور نظر سے دیکھ رہا تھا اور بعض اوقات کوئی ہلکی سے طنزیہ مسکراہٹ بھی اس کے منہ پر آجاتی تھی۔ مجھے اس کا افسوس ہوا اور احساس ہوا کہ ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا‘ میں باتیں سنتا رہا‘ سنتا رہا‘ وہ جن جب خاموش ہوا جس نے اپنے تجربات زندگی کے بیتے واقعات سنا چکا حالانکہ ابھی بہت سے باقی تھے‘ اس نے ماحول اور حالات کو دیکھتے ہوئے یہ سنائے‘ جب وہ یہ واقعات سنا چکا تو وہ جن جو طنزیہ گفتگو کر رہا تھا اچانک بولا اور کہنے لگا:

یہ سب چیزیں کیسے ممکن ہو سکتی ہیں؟ اور پھر اس نے بہت سے طنزیہ سوالات جن میں اعتراض‘ انکار اور انکار پر انکار تھا وہ کیے۔ الغرض یہ سوالات بڑھتے گئے اور بڑھتے بڑھتے اتنا بڑھے کہ مجھے خود تکلیف ہونا شروع ہوگئی۔ میں نے کہا کہ اتنی تکلیف میں اتنی باتیں کیوں کر رہا ہے‘ اس کو اتنی باتیں نہیں کرنا چاہیے‘ جب انسان کا علم محدود ہو تو وہ لامحدود گفتگو کو سنے‘ ہضم کرے‘ سمجھ نہ بھی آئے تو اس گفتگو کو سوچے اور اس گفتگو کا نچوڑ نکالے لیکن جب سمجھ ہی نہیں اور عقل ہی نہیں اور سمجھ عقل نہ ہونے کے بعد پھر انسان اعتراض کرے‘ بالکل یہی حال اس جن کا تھا‘ وہ جن مسلسل اعتراض کر رہا تھا اور اعتراض پر بھی اعتراض کر رہا تھا‘ ایک اعتراض اس کا ختم ہوتا تھا دوسرا شروع ہوتا تھا۔ اس کا نقصان جو ہوا وہ یہ ہوا کہ میں نے تھوڑی ہی دیر میں اس کی شکل بدلتی دیکھی‘ اس کے چہرے پر رونق ختم ہوگئی‘ چہرہ ویران ہوگیا‘ اس کے اعصاب ڈھلک گئے‘ ایسے محسوس ہوا جیسے یہ جن ایک پل میں بوڑھا ہوگیا لیکن وہ پرجوش انداز سے اپنی تقریر کیے جا رہا تھا اور کیے جا رہا تھا۔ اس کی تقریر ختم نہیں ہو رہی تھی اور وہ تقریر سراسر اعتراض‘ تنقید اور منفی سوچ پر ختم ہو رہی تھی۔

میں نے اسے یاددہانی کروائی ذرا اپنے چہرے کو دیکھو‘ تمہارے چہرے کو کیا ہو رہا ہے‘ تیرا چہرہ سیاہ ہو رہا‘ ڈھلک گیا‘ مکروہ ہوگیا‘ بھیانک ہوگیا‘ چہرے سے رونق خوبصورتی چلی گئی ہے اور تیرے چہرے کے اوپر سے ہر چیز ختم ہوگئی ہے۔ میری بات سن کر وہ ایک دم چونکا اور پھر اس نے اپنے چہرے کو دیکھنے کیلئے قریب پڑے شیشہ کو دیکھا (حالانکہ جنات شیشہ کے محتاج نہیں ہیں ان کے ساتھ اور طاقتیں ہوتی ہیں اور قوتیں ہوتی ہیں) یہ سب کچھ اس کے اعتراض کی وجہ سے تھا اور اس کی تنقید تھی اور یہ اعتراض اور تنقید حد سے زیادہ کر رہا تھا۔

## بوڑھے جن کی اکتاہٹ اور غصہ

وہ بوڑھا جن جس نے اپنے تجربات بتائے وہ خاموش بیٹھا تھا مجھے اس کے چہرے سے محسوس ہو رہا تھا جیسے وہ اکتایا ہوا ہے‘ اس کو غصہ ہے‘ اور اس غصہ کی وجہ سے وہ بہت زیادہ بے چین تھا‘ میں نے یہ ساری چیزیں محسوس کیں لیکن اس کے اندر صبر بھی تھا‘ حوصلہ بھی تھا اور خلوص بھی تھا اور یہ صبر‘ حوصلہ اور خلوص درگزر کی شکل میں سامنے آرہا تھا اور اس کا درگزر حد سے زیادہ بڑھ رہا تھا۔ یہ باتیں ہوتے ہوتے اچانک ہمارے درمیان کچھ درختوں کے پتے آکر گرے‘ پتے کچھ زیادہ بڑے نہیں تھے جیسے عام کسی بڑے درخت کا پتہ ہوتا ہے لیکن اس سے بھی انوکھی بات یہ ہے کہ ہر پتے کے اوپر اس جن کے اعتراض کے جوابات لکھے ہوئے تھے اور وہ جوابات وہ تھے جن جوابات میں اس اعتراض کرنے والے جن کو بالکل خاموش جامد اور ساکت کر دیا۔ اس کے پاس کوئی جواب نہیں تھا اور اس کے پاس کوئی دلیل نہیں تھی‘ وہ پتے ہم سب پڑھ رہے تھے‘ ان پتوں پر اس کے ہر سوال کا جواب تھا‘ ہر اعتراض کا حل تھا‘ ہم نے وہ پتے اٹھا کر رکھے تو سات پتے اور گرے اور ان پتوں پر بھی اس کے سوالات کے جوابات تھے بلکہ اس سے آگے کی زندگی تھی‘ اس کے آگے کی ترقی تھی‘ اور وہ زندگی اور ترقی تھی جس زندگی اور ترقی نے اس کے ذہن کو بالکل روشن کر دیا‘ ادھر اس کا ذہن روشن ہوا اس کا اعتراضی مزاج ختم ہوا ادھر میں نے اس کی آنکھیں چہرہ‘ ڈھلکا ہوا جسم اور چہرے کی بدنمائی ختم ہوتے دیکھی۔

تمام بیٹھے لوگ حیران تھے کہ اچانک کیا ہوا؟ اس کا چہرہ بدنمائی سے کیسے خوشنمائی پر آگیا‘ خوبصورتی پر آگیا اور اس جن کے چہرے پر حسن و جمال کیسے آگیا؟

یہ ساری باتیں میں دیکھ رہا تھا اور مجھے ایک احساس ہوا کہ بعض اوقات اعتراض کرنے والا بالکل ایسے ہوتا یا تو اسی وقت اس کا چہرہ بھیانک اور خوفناک ہو جاتا ہے یا پھر اس کے بعد اس کے چہرے پر کوئی نہ کوئی تکلیف اور مسئلہ ہوتا ضرور ہے چاہے ابھی نظر آئے چاہے بعد میں نظر آئے یہ لازم ہوتا ہے۔ جنات کی دنیا میں شریر اور شریف دونوں ہوتے ہیں نیک و بد دونوں ہوتے ہیں جو سب سے زیادہ چیز دیکھنے کو ملی وہ یہ کہ میں نے جنات کی دنیا میں بحث کرنے والے انکار کرنے والے نہیں دیکھے یا بہت کم دیکھے ہیں۔

وہ جن اتنے مشکل حالات میں کہاں سے اور کیسے آیا؟ لیکن یقیناً اس کی کوئی خوش قسمتی تھی کہ اس جن کی خاطر غیب سے

تریاق
پیٹ کے کیڑوں کا یقینی خاتمہ
پیٹ کے کیڑوں کا زبردست تریاق، جسم سے زہریلے مواد کو خارج کرے، کمزور اور لاغر بچوں کو صحت مند کرے، غذا جزو بدن بنائے، السر، چنبل، جلدی امراض ختم کرے۔

پتے کرے اور ان پتوں نے اس کی زندگی کو ویرانی سے بچالیا اور ویرانی اور مایوسی اس کی زندگی سے نکل گئی۔

## ایک جن کی غربت کا حال

ایک جن کہنے لگا: میرے پاس میرا ایک دوست آیا' وہ حالات مشکلات اور پریشانیوں کا مارا ہوا تھا' دکھ درد اس کے پاس بہت زیادہ تھے' بیٹیوں' بیٹوں کی شادیاں کرنا تھیں' گھر میں مسائل نہیں تھے چونکہ جنات چوریاں بہت کرتے ہیں نہایت شریف جن تھا' وہ کسی کی چوری نہیں کرنا چاہتا تھا اور چوری کے اوپر وہ نذر نہیں رہنا چاہتا تھا۔ وہ اس غربت کو برداشت نہیں کر پا رہا تھا' مجھ سے کہنے لگا: میں اس کا کیا حل کروں؟ کہاں سے مال لاؤں؟ اسباب لاؤں؟ ضروریات کیسے پوری کروں' مشکلات بڑھ گئی ہیں لوگ طعنے دیتے ہیں انگلیاں اٹھاتے ہیں' اپنے پرائے' دوست چھوڑ گئے ہیں' میرے حالات کی تنگیاں میرے اوپر بڑھ چڑھ کر وار کر رہی ہیں آخر کیسے کروں اور کیا کروں؟ میں نے اسے حل بتایا تم ایسا کرو' کسی ایسے درویش کے پاس جاؤ جو سخی ہو اور بہت زیادہ تونگر ہو' اس کو جا کر میرا حوالہ بھی دو اور اپنے حالات بھی بتاؤ' وہ میری بات سن کر چلا گیا' سفر بہت لمبا تھا' طویل سفر کرتے کرتے آخر ایک دن وہ اس کے پاس پہنچا۔

## غریب جن کو درویش سے امیر ہونے کا فارمولہ ملا

اس درویش نے اس کی بات کو غور سے سنا اور غور سے سننے کے بعد کہنے لگا: اچھا ایسا کرو' تمہیں میں ایک طریقہ بتاتا ہوں تم نے چاروں سمتوں میں 543 قدم اٹھانے ہیں۔ پہلے مشرق کی طرف 543 قدم اٹھانے ہیں اور یہ عمل کرنا ہے۔ پھر مغرب کی طرف 543 قدم اٹھانے ہیں اور یہ عمل کرنا ہے۔ پھر دوسرا عمل دیا یہ کرنا ہے۔ پھر شمال کی طرف 543 قدم اٹھانے ہیں پھر تیسرا عمل دیا جو کہ اس سے بھی عجیب و غریب اور حیرت انگیز تھا یہ کرنا ہے اور جنوب کی طرف 543 قدم اٹھانے ہیں اور اس میں ایک سادہ سا عمل تھا۔

فرمایا: سادہ سے عمل میں یہ خاص ترتیب ہے اس ترتیب سے چلیں اور اس ترتیب سے کہا کہ تجھے ایک جگہ ایسی آئے گی جہاں تیرے قدم رک جائیں گے تو قدم اٹھا نہیں سکے گا' بس

## علامہ لاہوتی صاحب کے عطا کردہ 12 لاہوتی نقوش آپ کو مبارک!

جو شخص ان 12 نقوش کو اپنی زندگی میں شامل کرے گا اس کی 12 نسلوں میں 12 چیزیں ان شاء اللہ شامل ہوں گی۔ 1۔رزق۔ 2۔دولت۔ 3۔صحت۔ 4۔خوشحالی۔ 5۔بیٹے۔ 6۔وسعت۔ 7۔عافیت۔ 8۔عطاء۔ 9۔زندگی۔ 10۔عزت و وقار کی چادر۔ 11۔روحانیت۔ 12۔پراسرار کائنات کا عروج۔ لاہوتی عملیاتی دنیا کے انتہائی طاقتور قرآنی نقوش' جو صدیوں سے اولیاء جنات کے استعمال میں رہے! جون 2024ء میں پہلی مرتبہ اکٹھے شائع کیے گئے' ان سے اپنی تمام مشکلات' پریشانیوں' الجھنوں' جادو جنات' تنگدستی' بے اولادی' اولاد کی نافرمانی سے سو فیصد نجات پالیجئے۔

(نوٹ: بارہ لاہوتی نقوش کی علامہ لاہوتی صاحب نے جون 2024ء کے شمارہ میں جو خاص ہدایات اور 12 تراکیب بتائی ہیں وہ ضرور پڑھیں۔ نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروایئے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے۔)

وہی تیری منزل ہے' اس جگہ کھدائی کرنا' تجھے ایک خزانہ ملے گا لیکن ہوگا بہت تھوڑا سا جو چند سال تیری ضرورت کو پورا کرسکے گا اگر بڑا خزانہ چاہیے بڑی ضرورت چاہیے تو پھر تو 543 قدم کا عمل چالیس بار کر' یعنی چالیس دن روزانہ کر' یہی عمل جو میں نے تجھے دیا ہے یہی عمل مستقل کر' اس عمل کو بہت یقین' اعتماد اور توجہ سے کر مستقل مزاجی سے کر۔ پھر تیری سات نسلوں کے لیے وہ خزانہ کھلے گا' تیری سات نسلیں آباد اور شاد ہوں گی' تیری سات نسلیں بامراد ہوں گی۔

## سات نسلوں کا خزانہ اور چالیس دن کا چلہ

کہنے لگا: میں نے سوچا سات نسلوں کے لیے تو خزانہ چالیس دن مانگتا ہے اور ابھی میری چند سالوں کی ضرورت بہت اشد ہے' پہلے تو اس خزانہ کو نکال لوں۔ وہ جن مزید کہنے لگا: پہلے میں نے مشرق کی طرف 543 قدم اٹھائے' میں نے سمجھا کہ شاید قدم اٹھانے ہیں وہ تو ایک ایک قدم بہت بھاری تھا' صبح سے قدم اٹھانے شام ہوگئی' حیرت ہوئی کہ یہ قدم اٹھتے کیوں نہیں' اتنے بھاری بوجھل۔ دوسرے دن دوسری سمت میں قدم اٹھائے' وہ اس سے کہیں بھاری' اندھیرے تک عمل پورا کرسکا۔ تیسرے دن اس سے بھی زیادہ حیرت ہوئی قدم اٹھتے ہی نہیں تھے ایسے جیسے گھسیٹ رہا ہوں اور گھسٹتے قدموں کے ساتھ آگے بڑھا اور رات تک میرا یہ عمل پورا ہوا۔ چوتھے دن میری بس ہوگئی' میں حیران ہوا کہ میرے کہیں قدم اٹھ ہی نہیں رہے' انہوں نے تو کہا کہ تیرے قدم چلیں گے اور میں اپنے قدموں کے ساتھ چل نہیں پارہا ہوں'

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے
جنات کا پیدائشی دوست
کتاب پڑھیے!

لہٰذا میں کیا کروں' میں نے دل میں سوچا' عمل تو پورا کرنا ہے' عمل کیسے پورا کروں گا' اس کا کیا حل ہوگا؟ مجھے سو فیصد عمل پورا کرنا ہے۔ بس! پھر میں خود کو گھسیٹتا رہا' وہ چلنا نہیں تھا صرف خود کو گھسیٹنا تھا' پھر گھسٹتے گھسٹتے میں آگے سے آگے بڑھتا رہا حتیٰ کہ میرے ساتھ یہ عالم ہوگیا کہ سارا دن' ساری رات اور صبح کو جا کر میرا عمل پورا ہوا لیکن میرے قدم کہیں نہیں جتے' کہیں میرے قدم جم جاتے' کہیں رک جاتے' کہیں میرے قدم پتھر کے بن جاتے' ایک وقت یہ آیا کہ میں اٹھ کر واپس جانے لگا اور مایوس تھا ابھی دوسرا قدم ہی اٹھایا تھا کہ میرا قدم آگے نہ بڑھا' میں نے اگلا قدم اٹھانا چاہا تو گر پڑا چونکہ تھکا ہوا تھا پھر اٹھا پھر میرے قدم نہ اٹھے اور میں اپنی تھکن کا احساس کرتے ہوئے کوشش کر رہا تھا کہ کسی طرح واپس جاؤں' مجھے احساس نہیں تھا کہ میری قسمت کا فیصلہ ہو چکا تھا اور میں مقدر کا سکندر بن چکا تھا۔ (باقی صفحہ نمبر 42)

گلٹیاں اور رسولیاں (ٹیومر) سے نجات کورس
گلٹیوں، رسولیوں کا بہترین علاج، بریسٹ کینسر اور ناسور کا علاج، رحم کی رسولیوں کو ختم کرے، جسم میں گانٹھیں پڑنا، خون کا جمنا، ایسے زخم جن سے خون ملی رطوبت بہتی ہو ان کا علاج
گلٹیوں، رسولیوں اور کینسر کیلئے بہترین دوا

**انگریز کو جادو جنات اور نظر بد نے جب برباد کیا**

نوٹ: ناواقفیت کی بنیاد پر بعض لوگ جادو جنات' نظر بد' پراسرار دنیا کو اس لیے نہیں مانتے کہ سائنس چاند تک پہنچ چکی ہے اور ہم پتھر کے دور کی باتیں کرتے ہیں۔ وہ لوگ عبقری ویب سائٹ پر موجود جادوئی لائبریری جس کا لنک ذیل میں دیا گیا ہے ضرور پڑھیں۔ انگریزوں کی سینکڑوں کتب جن کے اندر جادو جنات اور نظر بد سے ان کا واسطہ پڑا' تباہی و بربادی ہوئی ضرور پڑھیے' ہرگز نہ بھولیں۔
https//:ubqari.org/article/ur/details/11361-Scientific-Research-On-Evil-Eye

بس یہ آیت پڑھیں!

# گھر دولت کے ڈھیر لگ جائیں گے

(خالدہ بی بی، سکھر)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ سے خط کے ذریعے اپنا ایک مسئلہ عرض کیا تھا کہ پچھلے چند ماہ سے گھر میں بہت تنگی تھی، مہینے میں تین چار دن تو ایسے بھی آتے کہ گھر میں ایک روپیہ بھی نہیں ہوتا تھا۔ دو وقت کا کھانا مشکل سے ہوتا تھا۔ پھر کسی سے قرض لے کر گزارہ کرتے تھے۔ میرے والدین نے میری تربیت اس طرح کی ہے کہ میں ایسی صورتحال میں پریشانی سے مایوس ہونے کی بجائے اللہ کی رحمت پر نظر رکھتی ہوں اس کے خزانوں پر نظر رکھتی ہوں۔ یہ سوچتی رہتی ہوں اور دعا کرتی رہتی ہوں' اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا "ہر تنگی کے بعد آسانی ہے۔" پچھلے کئی ماہ سے یہ پریشانی آ رہی تھی۔ مجھے کسی نے عبقری رسالہ دیا' بہت اچھا لگا، میں نے آپ کو خط لکھنے کا سوچا۔ جب میں نے آپ کو خط لکھا مجھے یقین تھا آپ کی دعاؤں سے میری یہ پریشانی دور ہو جائے گی۔ میں نے خط کے ساتھ ایک جوابی لفافہ اپنا پتہ لکھ کر خط کے ساتھ بھیجا تھا۔ چند دن بعد آپ کی طرف سے جواب مل گیا۔ آپ نے مجھے اس آیت وَ لَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی کا وظیفہ عنایت فرمایا اور تاکید فرمائی کہ اس کو سارا دن کھلا بے شمار پڑھیں۔ میں نے یہ عمل کرنا شروع کیا۔ اس عمل کی بہت زبردست تاثیر ہے۔ اس عمل کو کرتے ہوئے ابھی چند دن ہی ہوئے تھے کہ میرے میاں کو جائیداد میں سے حصہ مل گیا جبکہ اسی جائیداد کا ایک عرصے سے تنازع چل رہا تھا۔ عدالت میں کیس کیے ہوئے تھے لیکن مسئلہ حل نہیں ہو رہا تھا۔ جب جائیداد میں حصہ ملا تو ہمارے پاس اچھی خاصی رقم جمع ہوگئی۔ ہمارے علاقے میں بہت اچھی جگہ پر ایک بہترین پلاٹ بک رہا تھا۔ ہم نے وہ پلاٹ خرید لیا' اس کی قیمت زیادہ تھی۔ اس کے لئے مزید رقم کی ضرورت پڑی لیکن مجھے خبر نہیں کہ مزید رقم کا انتظام کہاں سے ہوگیا۔ بس یہ اس آیت کا ہی کمال ہے۔

## میرے ہاتھ خزانہ لگ گیا

اس آیت کا عمل تو ایسے ہے جیسے میرے ہاتھ خزانہ لگ گیا ہو۔ میں نے اس عمل سے رزق کی اتنی وسعت پائی ہے کہ کوئی گمان بھی نہیں کر سکتا۔ اس عمل نے ہمیں مفلسی سے نکال کر مالدار کر دیا ہے۔ میرا مشورہ ہے جن لوگوں کو بھی رزق کی تنگی اور مفلسی نے گھیر رکھا ہے وہ اس آیت کا ساتھ لیں، ہر تنگی اور ہر پریشانی ختم ہو جائے گی۔ گھر میں جتنے زیادہ افراد یہ عمل کریں گے فائدہ اتنا زیادہ اور جلد ہوگا' ورنہ گھر کا ایک فرد بھی کرے تو ضرور فائدہ ہوگا۔

عبقری رسالہ سے دیکھ کر میں نے بہت سی مسنون دعائیں بھی یاد کر لی ہیں۔ صبح و شام کی دعائیں پڑھنا اب میرا معمول بن گیا ہے۔ ہر نماز کے بعد سات بار سورہ قریش پڑھتی ہوں، سارا دن سکون سے اور عافیت سے گزرتا ہے۔ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو یَارَبِّ مُوۡسٰی یَارَبِّ کَلِیۡمٖ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھتی ہوں، دو منٹ بعد وہ چیز با آسانی مل جاتی ہے۔

بالوں کے تمام مسائل کا حل
ہربل شیمپو
عبقری دواخانہ کا تیار کردہ
کمزور بالوں کو گرنے سے روکتا ہے اور انہیں گھنا، لمبا اور چمکدار بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ بالوں کی جڑوں میں داخل ہو کر خشکی، سکری اور بالوں کا روکھا پن ختم کر کے انہیں دو شاخہ ہونے سے روکتا ہے۔

# دن رات فاقوں میں ڈوبا خاندان دولت مند کیسے ہوا؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

# ہمیشہ فائدے میں رہنے والا کاروبار

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری رسالہ سے جڑنے کے بعد بہت نعمتیں' برکات اور خیریں پائی ہیں۔ اللہ نے مجھے سب سے زیادہ جو نعمت عطا فرمائی ہے وہ رزق کی نعمت ہے۔ میں نوکری پر گزارا کر رہا تھا۔ اتنی آمدن نہیں ہوتی تھی جتنی تیزی سے مہنگائی بڑھ رہی تھی اب عام استعمال کی اشیاء دو تین گنا بڑھ چکی ہیں۔ آج کل آن لائن کام کی طرف لوگوں کا رجحان ہے۔ میں نے بھی آن لائن کاروبار ساتھ شروع کرنے کا ارادہ کیا لیکن میرے پاس نہ کوئی معلومات تھی اور نہ ہی کوئی تجربہ تھا۔ میں نے حاجت کے نفل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور عبقری کا کتابچہ آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل سو عدد لے کر تقسیم کر دیا۔ میں نے یہ خیر کا کام کیا ادھر اللہ نے میرے لئے راستے کھول دیئے۔ مجھے ایک بندہ مل گیا جو آن لائن کام کر رہا تھا، اس نے مجھے کچھ عرصہ کام سکھایا اور پھر میں نے اپنا کام شروع کر لیا۔ اللہ کا شکر ہے اب اتنی آمدن ہو جاتی ہے کہ اگر میں نوکری نہ بھی کروں تب بھی میں خوشحال رہ سکتا ہوں لیکن میں نے حکمت کے تحت ابھی نوکری بھی نہیں چھوڑی۔ میں مزید اپنے کام میں تجربہ حاصل کر کے مضبوطی کے ساتھ قدم جما لوں پھر نوکری چھوڑنے کا فیصلہ کر سکتا ہوں لیکن میں حیران ہوں جتنا جلد میرے لئے راستے بنے اور مجھے جس چیز کی ضرورت ہوتی تھی وہ میرے سامنے آ جاتی تھی جیسے اللہ کی طرف سے کوئی غیبی مدد ہو رہی ہے۔ بس اس مدد کے سہارے میرے کام بنتے گئے۔ اب میں نے کئی جگہوں پر سرمایہ کاری بھی کر دی ہے جو کہ بہت منافع بخش ثابت ہو رہی ہے۔ میں ہر نئے کام سے پہلے دو نفل حاجت پڑھ کر تین سو عدد "آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل" کتابچہ تقسیم کر دیتا ہوں۔ اس کتابچے کو تقسیم کرنے کی ایسی برکت ہوتی ہے کہ مجھے کوئی نقصان نہیں ہوتا، ہمیشہ فائدے میں رہتا ہوں۔ آج کا دور ایسا ہے کہ لوگ اسی انسان کی عزت کرتے ہیں جس کے پاس کوئی عہدہ یا مال و دولت ہے۔ مالی طور پر مستحکم ہونے کے بہت فائدے ہیں۔ انسان دوسرے مجبور لوگوں کی مدد کر سکتا ہے اور اپنے گھر والوں کی ضروریات کو احسن انداز سے پورا کر سکتا ہے اور معاشرے میں سر اٹھا کو جی سکتا ہے۔ (محمد بلال، لاہور)

جیلوں، کچہریوں، ہسپتالوں میں پریشان لوگوں تک پہنچا کر ان کے مسائل حل کروائیں اور اپنی نسلوں تک سکون پائیں۔




قیمت 30 روپے، کتابچہ تقسیم کیلئے خاص رعایت 20 روپے

## کیا آپ بخت، نصیب، مقدر، خوشحالیاں اپنی اور اپنی نسلوں کے لیے پانا چاہتے ہیں!




### حدیث مبارکہ کا مفہوم

"صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے" صدقہ انسان کو بری موت سے بچاتا ہے۔

صدقہ سے روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ قرض ادا ہو جاتا ہے۔ عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔ ستر قسم کی بیماریوں سے بچاتا ہے۔ جو شخص صبح کو صدقہ دے گا اس دن وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر رات کے پہر صدقہ دے تو اس رات وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ درج ذیل صدقات خاص ساعتوں کے حساب سے آپ کے برج کو سامنے رکھتے ہوئے رکھے گئے ہیں۔ ہر ماہ اپنے صدقہ کی تفصیل شمارہ عبقری میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیے۔ صدقہ ہمیشہ حسب توفیق دیجئے۔ چاہے پانچ روپے ہو اس دن ضرور دیں۔

| برج | نحوست، پریشانی کیلئے صدقہ | اس ماہ کی مفید خوراک | معاش، کاروباری ترقی، صحت یابی، دولت کیلئے صدقہ |
|---|---|---|---|
| حمل 21 مارچ تا 19 اپریل | چڑیوں کے غولوں کو دانہ ڈالیں۔ دن ہفتہ | سیب کا مربہ الائچی ملا دودھ | مسجد کے پانی کا بل اس ماہ کا اپنے ذمے لیجئے۔ روزانہ 29 مرتبہ درود شریف پڑھیے! |
| ثور 20 اپریل تا 20 مئی | کیڑے مکوڑوں کو میوہ (کشمش) ڈالیں، دن پیر | بادام کی گریاں اور صندل کا شربت | روزانہ 7 مرتبہ سورۂ ناس اول وآخر 5 مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت ابوبکر صدیقؓ کی روح پاک کو ہدیہ کریں |
| جوزا 21 مئی تا 21 جون | قبرستان میں موجود کالے کیڑوں کو شکر اور چاول مکس ڈالیں۔ دن اتوار | گاجر کا مربہ اور سلاد | طوطوں کو سبز مرچ کھلائیں (دن جمعہ) کاروباری مقام پر روزانہ سورۂ واقعہ کی تلاوت کیجئے! |
| سرطان 22 جون تا 22 جولائی | کبوتروں کو حسب توفیق دانہ ڈالیں، دن جمعہ | تخم بالنگو اور شکر والا شربت | گھر میں سفید مرغ کی پرورش نیک ہے آزاد درندوں کو گوشت ڈالیں۔ دن ہفتہ |
| اسد 23 جولائی تا 22 اگست | گائے، بھینس یا بکری کو سبز چارہ یا پالک ڈالیں۔ دن ہفتہ | جو کا دلیہ اور سلاد | روزانہ 9 مرتبہ سورۂ اخلاص اول وآخر 3 مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت عثمان غنیؓ کی روح پاک کو ہدیہ کریں |
| سنبلہ 23 اگست تا 22 ستمبر | آزاد کبوتروں کو گندم اور باجرہ مکس ڈالیں۔ دن منگل | شکر ملا دہی اور کھیرا | کوؤں کو 2 انڈے ڈالیں۔ دن اتوار صبح وشام 7 بار سورۂ نصر پڑھیں۔ |
| میزان 23 ستمبر تا 22 اکتوبر | سفید رنگ یا جو بھی مرغ ہو دودھ میں گوندھے آٹے کی روٹی ڈالیں، دن پیر | آملہ کا مربہ اور بادام کا شربت | روزانہ 7 مرتبہ سورۂ قریش اول وآخر 3 مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت عمر فاروقؓ کی روح پاک کو ہدیہ کریں |
| عقرب 23 اکتوبر تا 21 نومبر | حسب توفیق مرغی، گائے یا بکرے کا گوشت ہر اتوار کو صدقہ کریں۔ | سکنجبین اور کھیرا | روزانہ کی آمدن سے اڑھائی فیصد نکال کر تیس دن کے اکٹھے کر کے مسجد کے موذن کو دیجئے |
| قوس 22 نومبر تا 22 دسمبر | مچھلیوں کو سمندر، دریا، جھیل یا فارم میں اجناس ڈالیں، دن جمعہ | سیب کا مربہ الائچی ملا دودھ | گائے، بھینس، بلی، کتے کو پسندیدہ خوراک ڈالیں۔ دن پیر۔ |
| جدی 23 دسمبر تا 19 جنوری | سفید رنگ یا کسی بھی مرغ کو دودھ میں گوندھے آٹے کی روٹی ڈالیں، دن بدھ | آڑو اور حلوہ کدو | کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں (دن بدھ)۔ |
| دلو 20 جنوری تا 18 فروری | کوؤں کو جلیبیاں یا انڈے، گائے کو پالک کھلائیں، دن منگل | سیب کا پھل اور ستو کا شربت | نیا جھاڑو لیکر مسجد کی صفائی کیجئے اور جھاڑو وہیں چھوڑ آئیں۔ دن جمعہ |
| حوت 19 فروری تا 20 مارچ | کتے یا بلی کو ان کی پسندیدہ خوراک ڈالیں۔ دن بدھ | املی آلو بخارہ کا شربت اور سلاد | روزانہ 11 مرتبہ سورۂ اخلاص اول وآخر 3 مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت علی المرتضیٰؓ کی روح پاک کو ہدیہ کریں |

نوٹ: شیخ الوظائف سے بیعت "سلسلہ قادری ہجویری" کا شجرہ طیبہ صبح وشام پڑھنے کا معمول بنالیں ہر بیماری، پریشانی، تکلیف، جادو جنات سے محفوظ رہیں گے صدیوں سے آزمودہ عمل ہے۔

عبقری عمل مستند ہوتا ہے غیر شرعی نہیں حوالہ جاننے کیلئے Akabirparaitmad قسط نمبر 613 ملاحظہ فرمائیں۔

## چوٹ شفاء

### ایکسیڈنٹ کی اندرونی چوٹ، پٹھوں کا درد ہڈی پر چوٹ کا شفائی فارمولہ!

**پہلی خوراک ہی اپنا اثر دکھائے**

### چاند جیسا خوبصورت بیٹا ملا!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری دو بیٹیاں تھی، خواہش تھی کہ اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ کی نعمت سے نوازے۔ جب اولاد کی امید لگی تو روزانہ کی بنیاد پر دو رکعت نفل حاجات اور تین بار سورۂ یٰسین پڑھ کر آپ اور آپ کی نسلوں کو ہدیہ کرنا شروع کیا، اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے صحت مند اور چاند جیسے خوبصورت بیٹے سے نوازا۔ (سحرش، شکار پور)

### تمام سازشیں ناکام! ملازمت بحال ہوگئی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! دفتر میں کچھ حاسدین تھے جنہوں سازش کر کے مجھ پر جھوٹے الزامات لگائے۔ مزید کام کرنے کی اجازت نہ تھی اور اعلیٰ افسران کی طرف سے انکوائری کا حکم ہوا۔ میں نے دو رکعت نفل اور تین بار سورۂ یٰسین کا عمل کر کے آپ کو اور آپ کی نسلوں کو ہدیہ کرنا شروع کیا، اللہ کا شکر ہے تمام الزامات جھوٹ کا پلندہ ثابت ہوئے اور میری ملازمت بھی بحال ہوگئی۔ (محمد شاہد، لاہور)

### المناک حادثہ! خوشیاں غموں میں تبدیل

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! چند سال قبل بیٹی کا نکاح ہوا مگر رخصتی سے چند ہفتے قبل اس کے شوہر کا انتقال ہو گیا۔ تقریباً آٹھ سال گزر گئے، بیٹی کا دوبارہ کہیں رشتہ طے نہ ہوسکا۔ ایسے لگتا تھا جیسے کوئی بندش لگ گئی ہو۔ میں نے عبقری رسالہ سے پڑھ کر شیخ الوظائف، ان کی نسلوں اور تسبیح خانہ کے تمام نظام کی نیت سے دو رکعت نفل حاجات اور تین بار سورۂ یٰسین کا عمل کرنا شروع کیا، چالیس دن کے اندر خاندان میں ہی رشتہ طے ہوگیا، اگلے ماہ شادی ہے۔ (ماہ جبین، کراچی)

### مرشد کی خاص توجہات لینے کا راز

تمام مخلصین شیخ الوظائف، ان کی نسلوں اور تمام نظام کی کفایت، کفالت، برکت، عافیت اور فتنوں سے حفاظت کا تصور کر کے دو رکعات نفل نماز حاجت اور تین مرتبہ سورۂ یٰسین والے عمل کا اہتمام کریں اور شیخ الوظائف کی خاص توجہات اور دعائیں لیں! اس عمل کا فیض اور برکتیں آپ کی نسلوں کو رنگ دے گا۔ ان شاء اللہ۔

# سورج مکھی! بہترین غذائی تحفہ!

## بیماریوں سے تحفظ، صحت لاجواب، جلد چمکدار، بال شاندار

سورج مکھی کا پھول تو سب نے دیکھا ہوگا، کس انداز بے نیازی سے وہ اپنا رخ سورج کی طرف کیے مسکراتا رہتا ہے۔ سورج مکھی کے بیج، پروٹین، فاسفورس اور فولاد کا صحیح تناسب رکھتے ہیں۔ یہ وٹامن بی کمپلیکس کا بہترین ذریعہ ہوتے ہیں۔انھیں ہر کھانے کی غذائیت بڑھانے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔ان کے کھانے سے بصارت تیز ہوتی ہے۔ بینائی میں اضافے کے لیے مٹھی بھر بیج چھیل کر روزانہ کھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ باقاعدگی سے روز کھایا جائے تو عینک کا نمبر بھی قدرے کم ہوتا ہے۔ کچھ لوگوں کی عینک بھی اتر جاتی ہے۔ اس کے پھولوں کا گلقند کسی اچھے دواخانے سے بنوایا جائے تو ملیریا اور دیگر بخار کے لیے انگریزی ادویات سے زیادہ موثر ثابت ہوتا ہے۔ جو طبیب اس کی افادیت جانتے ہیں، وہ اسے ہر قسم کے بخاروں میں استعمال کراتے ہیں۔

### آنکھوں کا گدلا پن

کچھ لوگوں کی آنکھیں میلی میلی گدلی سی لگتی ہیں۔ وہ اگر سورج مکھی کی تازہ پنکھڑیوں کا رس آنکھوں میں دن میں دو تین بار ڈالیں تو اس سے آنکھوں کی رنگت ٹھیک ہوجاتی ہے۔ جب تک گدلا پن دور نہ ہو یہ ڈالتے رہیں۔
اس کی جڑ کو سلاد کی طرح کچا بھی کھایا جاتا ہے اور اسے پکا کر مزیدار ڈش بھی تیار کرتے ہیں۔ سورج مکھی کی جڑ کے ٹکڑے فرائی کر کے مختلف کھانوں میں ڈالتے ہیں۔ جڑوں کو پیس کر خوش ذائقہ کیک، پیسٹری بسکٹ اور سویاں بھی تیار کی جاتی ہیں۔ بھرپور غذائیت کی بنا پر انہیں شوق سے کھایا جاتا ہے۔ سورج مکھی کے بیج پیس کر آٹا بناتے ہیں۔ یہ کسی بھی غذا سے زیادہ فولاد فراہم کرتا ہے۔ یہ انیمیا کے مرض سے بچاتا ہے۔ اسی طرح گلے کی سوزش، برونکا ئیس، ٹانسلز فلو، کھانسی میں اس کے بیجوں کا جوشاندہ بطور علاج استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے بیجوں کا مغز (گری) عمدہ غذائیت سے بھرپور ہوتا ہے۔ دودھ کے ساتھ کھائے جائیں تو پروٹین کی ضرورت پوری کرتا ہے۔

### تھکن ختم، چاق وچوبند رہئے

آج کے زمانے میں تھکن کا احساس، اضمحلال کی کیفیت سب کو ستاتی ہے۔ یہ بیج کھانے سے انسان چاق چوبند ہو کر اپنے کاموں میں مصروف رہ سکتا ہے۔ اس کے بیجوں میں پوٹاشیم کافی مقدار میں پایا جاتا ہے۔ یہ کولیسٹرول کی بہتات کو کم کرتے ہیں۔ سورج مکھی کا تیل دل کے مریضوں کے لیے بہتر مانا جاتا ہے۔ شریانوں میں خون کو جمنے نہیں دیتا۔ اس کے بیج دماغ کو طاقتور اور بصارت کو تیز کرتے ہیں۔ سائنس دان اب سورج مکھی کے پودے سے شکر تیار کرنے کے تجربات میں مصروف ہیں۔ سورج مکھی کی جڑ سے بنا سفوف اس لحاظ سے منفرد ہوتا ہے کہ اس میں کیلوریز نہیں ہوتے۔ اس کے کھانے سے جسم موٹاپے کی طرف مائل نہیں ہوتا بلکہ یہ جسم کو دبلا بناتا ہے۔ ذیابیطس کے مریض بھی اسے استعمال کرسکتے ہیں کیونکہ یہ فوراً ہضم ہوجاتا ہے۔ تحقیق سے پتا چلا ہے کہ سورج مکھی کے بیجوں کے آٹے میں پچاس فی صد لحمی اجزا ہوتے ہیں۔ اس میں فولاد بھی شامل ہے۔ ننھے بچوں کے لیے یہ غذا بہت مفید ہوتی ہے۔ اس سے بچوں کی نشوونما بہتر ہوتی ہے۔ یہ آٹا مویشیوں اور مرغیوں کی غذا میں سب اناجوں سے بہتر نشوونما کرنے والی غذا مانا جاتا ہے۔ اپنی اور بچوں کی صحت کے لیے آپ ان بیجوں کو درج ذیل طریقوں سے استعمال کرسکتے ہیں۔

### صحت مند گھرانے کی ضمانت

دہی 2 پیالی اور پودینے کے آٹھ دس پتے پیس کر دہی میں ملا دیں۔ نمک کالی مرچ حسب ذائقہ اضافہ کر کے اس میں سورج مکھی کے بیج کے مغز پسے ہوئے ایک چمچ ملا کر رائتہ بنا لیں اسی طرح آپ سلاد بنا کر بھی اس پر آدھا چمچ پسے ہوئے بیج چھڑک سکتے ہیں۔ بچوں کو سینڈوچ پسند ہوتے ہیں۔ آپ کوئی بھی سینڈوچ بنائیں، ان پر چمچ بھر پسے ہوئے بیج چھڑک دیں۔ کھیر، کسٹرڈ میں بھی بادام پستے کی طرح آپ سورج مکھی کے چھلے ہوئے بیج کوٹ کر ڈال سکتے ہیں۔ بنی نوع انسان کے لیے آنے والے برسوں میں سورج مکھی کا پودا بہترین تحفہ ہوگا، جو نہ صرف غذائی ضرورت پوری کرے گا بلکہ بیماریوں سے تحفظ دے کر صحت سے ہمکنار بھی کرے گا۔ مٹھی بھر بیج آپ کے پورے گھر کو غذائیت مہیا کرسکتے ہیں۔ اسے اپنی غذا میں شامل کر کے صحت مند معاشرے کی تعمیر کیجیے، کیونکہ صحت ہے تو سب کچھ ہے۔ (صغیرہ بانو)

## کولیسٹرول سے نجات (کورس)

کولیسٹرول کو لیول پر لائے، جگر کی اصلاح کر کے خون صالح پیدا کرے، جسم کو جتنا کولیسٹرول درکار اتنا مہیا کرے، دل کے امراض کا علاج، جوڑوں کے درد، یورک ایسڈ میں کامیاب دوا

# معدہ کے امراض کا علاج! علاقہ میں مشہور ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دو بیماریوں کے آزمودہ اور سو فیصد کارگر علاج کے نسخے ہیں۔ صدقہ جاریہ کے لئے یہ دو انمول نسخے لکھ رہی ہوں۔ آج جو بیماریاں سب سے زیادہ عام ہو چکی ہیں ان میں ہائی بلڈ پریشر سرفہرست ہے۔ میری بہن کو کافی دیر سے بلڈ پریشر کی شکایت ہے اور اس کی حالت بہت بگڑ جاتی ہے۔ اب بھانجی کو بھی یہی مسئلہ شروع ہوگیا ہے۔ انہوں نے اس کے لئے بہت سی ادویات استعمال کیں بلکہ ادویات استعمال کر کر کے تھک چکے تھے مگر کوئی افاقہ نہ ہوا۔ کسی جاننے والے نے ایک ٹوٹکہ بتایا جس کے استعمال سے بہن اور بھانجی کو اس نامراد بیماری سے نجات مل گئی۔ ٹوٹکہ پیش خدمت ہے۔ ھوالشافی: ایک چھوٹا چمچ ثابت خشک دھنیا لے لیں۔ اس کو ہلکا ہلکا چباتے ہوئے کھاتے جائیں۔ دن میں دو یا تین بار استعمال کریں۔ ان شاء اللہ ہائی بلڈ پریشر کے مرض سے شفاء مل گئی۔

دوسرا نسخہ معدے کے امراض کا ہے۔ میرا بیٹا اور بیٹی معدے کے موذی مرض میں مبتلا تھے بہت تکلیف میں تھے۔ ڈاکٹری، حکیمی، اور ہومیو پیتھک ادویات بہت استعمال کروائیں مگر کچھ وقت کے لئے افاقہ ہوتا پھر تکلیف پہلے سے زیادہ شروع ہوجاتی۔ آخر کار ایک مخلص جن کا تعلق تسبیح خانہ سے ہے ان کے کہنے پر پہلے کچھ عرصہ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''روحانی پھکی'' استعمال کی اس سے کافی فائدہ ہو رہا تھا۔ پھر انہی صاحب کے بتانے پر جوہر شفاء مدینہ اور روحانی پھکی کو مکس کر کے استعمال کروایا۔ جس کے نتائج دیکھ کر یقین نہ ہوا کہ اتنے قلیل وقت میں معدہ کی بیماری جڑ سے ختم ہوگئی۔ بچے صحت مند ہو گئے اور معدہ تندرست ہوگیا۔ اس نسخے کی افادیت کا محلے میں اتنا چرچا ہوگیا کہ اب ہمارے رشتہ دار حتیٰ کہ محلہ میں بھی کسی کو یہ تکلیف ہو وہ ہم سے یہ دوا طلب کرتے ہیں۔ عبقری دواخانہ کی ادویات میں بہت شفاء ہے۔ (ثمینہ فیاض)

# کمر لوہا، ہڈیاں مضبوط اور کینسر کو ختم کر دینے والا نسخہ

السلام علیکم! عبقری قارئین کے لئے مجرب وظائف اور نسخے حاضر ہیں۔ خارش کیلئے: نیم اور مہندی کے تازہ پتے لے کر کوٹ لیں اور پانی نکال لیں اور اس کے برابر سادہ پانی ملا کر پی لیں' اس کے علاوہ دوران علاج بیسن کی روٹی کھائیں۔ قبض کیلئے: منقیٰ ایک چھٹانک' بادام اور مصبر آدھی چھٹانک ان کی پیس لیں اور چنے کے برابر گولیاں بنا لیں صبح شام ایک ایک گولی' درد معدہ کیلئے بھی مفید ہے۔ دانت درد کیلئے: عبقری کا سچا منجن دانتوں پر مل لیں' درد ٹھیک ہو جائے گا۔ کئی بار کا آزمودہ ہے۔ جوڑوں کے درد کیلئے: سونٹھ' ریوند چینی اور میٹھا سوڈا تینوں ہم وزن لے کر پیس لیں۔ صبح' دوپہر اور شام ایک چھوٹا چمچ۔ شوگر کے مریض بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ معدے اور گیس کیلئے بھی انتہائی مفید ہے اندرونی چوٹ کیلئے: سرخ پھٹکڑی' آنبہ ہلدی اور لوٹا سجی تینوں ہم وزن لے کر پیس لیں اور سرسوں کے تیل میں مکس کر کے چوٹ پر لگائیں۔

## حفاظت کے لئے بے مثال تدبیر

اپنے گھر، سواری، دکان اور کسی بھی ساز وسامان پر بحوالہ کہف قطمیر لکھ دیں ہر طرح سے حفاظت ہوگی۔ اصحاب کہف کے نام دائرے میں لکھ کر درمیان میں قطمیر لکھ دیں اور یہ کاغذ جہاں بھی آگ لگی ہو اس میں پھینک دیں، آگ بجھ جائے گی۔ اصحاب کہف کے نام یہ ہیں یملیخا، مکسلمینا، کشفوطط، تبیونس، کشا فطیونس، اذرافطیونس، یوانسبوس، و کلبھم قطمیر۔ اگر کتے یا کسی خونخوار جانور کی طرف اشارہ کر کے کہف لکھ دیں تو کتا حملہ نہیں کرتا۔ حضرت حکیم صاحب کو خط لکھا جائے اور جواب جلد چاہیے ہو تو اس خط پر قطمیر لکھ دیا جائے تو جواب جلدی مل جاتا ہے۔

اگر بچہ روتا ہو: نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے کاغذ پر 41 بار یَاقَهَّارُ لکھ کر بٹوے میں رکھا جائے' پیسے ختم نہیں ہوں گے۔ بچہ روتا ہو' تنگ کرتا ہو تو جمعہ کے دن لکھ کر بچے کو پلا دیں' بچہ تنگ نہیں کرے گا۔ معدے کی گیس کے لئے: ہریڑ کا مربہ رات کو کھا لیا جائے تو معدہ کی گیس کا مسئلہ نہیں ہوتا۔

کمر درد کے لئے: سنبل کی جڑ لے کر اس کو پیس لیں' اس سفوف کا ایک چمچ کھانے والا ایک گلاس دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ کمر ایسی ہو جائے گی جیسے لوہا ہوتا ہے، ہڈیاں جوڑ دیتا ہے۔ سنبل تازہ لینا ہے، صرف جڑ کا ہو، خون صفاء کے لئے بہترین ٹانک ہے۔ کینسر کے لئے بہت مفید ہے۔

## دل کے والو چند دن میں کھل جائیں

دل کے والو کھولنے لئے: جن کے دل کے والو بند ہوں ان کے لئے ایک حیرت انگیز ٹوٹکہ ہے۔ اگر وہ رتن جوت کا قہوہ بنا کر پئیں تو دل کی بند نالیاں صاف ہو جائیں گی۔ صرف دو یا تین دن پی کر دوبارہ چیک کروائیں۔ یہ ٹوٹکہ بہت جلد کام کرتا ہے۔ ایک کپ پانی میں دو چمچ یا ایک چمچ رتن جوت ڈال کر ابالیں اور چسکی چسکی پی لیں۔

زبان کی لکنت دور کرنے کے لئے: مسواک کا استعمال کریں اور زبان پر بھی ہلکی ہلکی مسواک پھیریں، زبان کی لکنت دور ہو جائے گی۔ آنکھوں کا مسئلہ: مسواک کو آنکھوں پر پھیرنے سے آنکھ کا ہر مسئلہ دور ہو جاتا ہے اور دور تک بالکل صاف نظر آئے گا، یقین شرط ہے۔ منہ میں اگر چھالے ہوں وہ بھی مسواک کرنے سے ختم ہو جاتے ہیں۔

مسواک کرنے سے ٹانسلز کا مسئلہ بھی حل ہو جاتا ہے۔ مسواک کرنے سے پیشاب اور گردوں کی بیماریاں بھی دور ہوتی ہیں۔ جوتے سے بدبو: جب بھی پاؤں سے بدبو آئے تو پھٹکڑی سے پاؤں دھولیں، پاؤں سے بدبو نہیں آئے گی۔ (س، عارف والہ)

# غصے لڑائی جھگڑے لمحوں میں ختم کرنے کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں روزمرہ ٹوٹکے استعمال ہوتے ہیں جن سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ صدقہ جاریہ کے لئے لکھ رہی ہوں۔ بعض اوقات ہاتھ پاؤں کے ناخن میں کوئی چیز لگنے سے درد ہوتا ہے۔ اس صورت میں اگر سلائی مشین کا تیل لگا لیا جائے تو فوری درد ختم ہو جاتا ہے۔ کپڑے دھوتے وقت: اگر صابن کو کسی کپڑے سے پکڑ کر لگائیں تو ہاتھ خراب نہیں ہوتے۔ زہریلی چیز کاٹ لے: اگر شہد کی مکھی یا پیلے رنگ کا بھڑ یا کوئی زہریلی چیز کاٹ لے تو ایک ہی سانس میں سات بار وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ پڑھ کر دم کرنے سے فوری درد رک جاتا ہے۔

## ہر مقصد کے حصول کے لئے

کسی بھی مقصد کے لئے: اللہ تعالیٰ کو درخواست لکھنے کے عمل سے، بہت جلد مقصد میں کامیابی مل جاتی ہے۔ عمل کا طریقہ: ریاضی والی کاپی جس میں خانے بنے ہوتے ہیں ہر خانے میں یااللہ لکھ کر صفحہ مکمل ہو جائے تو صفحہ پھاڑ کر آٹے میں لپیٹ کر کسی دریا، جھیل یا نہر میں بہا دیں۔ ان شاء اللہ ضرور کامیابی ملے گی۔ ایڑھیاں پھٹی ہوں: کسی بھی نہانے والے صابن کو کدوکش کر کے پانی میں ڈال دیں۔ جب اچھی طرح نرم ہو جائے تو گلیسرین مکس کر کے لگائیں جتنی بھی ایڑھیاں پھٹی ہوں، بالکل ٹھیک ہو جاتی ہیں، آزمودہ ہے۔ چند دن مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ لڑائی والی جگہ: اگر کہیں لڑائی ہو رہی ہو یا کوئی بہت غصے میں ہو تو سورہ رحمٰن کی آیت فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پڑھنا شروع کر دیں کچھ دیر میں سب کی صلح ہو جائے گی۔ نہایت آزمودہ ہے۔

## آنکھوں کی بیماریوں کا علاج

اگر آنکھ میں کچھ چلا جائے یا کوئی چیز لگ جائے جس سے آنکھ سرخ ہو جاتی ہیں، چند بار گلاب کا عرق ڈالنے سے بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ہاتھ پاؤں نرم رکھنا: ہاتھ پاؤں کو نرم رکھنے کے لئے اور صاف رکھنے کے لئے گلاب کا عرق اور گلیسرین برابر مقدار میں مکس کر کے چند قطرے لیموں کا رس ڈال کر رکھ لیں' اسے ہاتھ پاؤں پر لگائیں تو جلد نرم اور صاف ہو جاتی ہے۔

## تھکاوٹ چند لمحوں میں اتر جائے

تلووں کی مالش: ٹانگوں میں جتنی بھی درد ہو رات کو سوتے وقت پاؤں کے تلووں کی مالش کرنے سے صبح تک بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے۔ زخم ہو تو: اگر کسی جگہ زخم ہو یا خارش ہو تو بازار سے ایک Effigenta کریم ملتی ہے۔ یہ لگانے سے زخم ٹھیک ہو جاتا ہے۔ غم اور پریشانی: بعض اوقات دل بہت غمگین ہوتا ہے تب کثرت سے صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ پڑھنے سے دل پرسکون ہو جاتا ہے۔ ڈیپریشن اور اینگزائٹی میں اس درود پاک کی برکت سے سکون اور راحت ملتی ہے۔ (شاہین' صوابی)

معجون مراد
جسمانی کمزوری اور نقاہت
نایاب جڑی بوٹیوں اور جواہرات کا مرکب جس کی ایک ہی خوراک آپ کے جسم کو نئی زندگی دے۔ مردانہ کمزوری، بے طاقتی، جریان، سرعت، جلد تھکاوٹ اور بڑھاپے کے آثار کو ختم کرے۔ مستقل استعمال سے سفید بال پھر سے سیاہ ہو جائیں

چار اخروٹ زنگ چاروں کے مختلف بس گھر میں لٹکانے ہیں' آخر اس پر عمل کیا ہے؟ پھر کیا ہوگا' آسمان کا عروج اور کمال وہ جو کتابوں میں پڑھا یا بڑوں سے سنا یا بادشاہوں کا دیکھا وہ سب آپ کے پاس! دیر کیسی؟ انتظار کی گھڑیاں ختم۔ کراچی محفل صائمہ ٹریڈ ٹاور

# قارئین پوچھیں قارئین بتائیں

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ، تجربہ، کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں، یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے، کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## مئی کے جوابات

1) السلام علیکم بہن! میں خود بھی معدے کے شدید مرض میں بتلا رہ چکا ہوں لیکن اب اللہ نے شفاء عطا فرمادی ہے۔ مجھے بدہضمی اور پیٹ میں گیس کا مسئلہ تھا۔ معدے میں درد رہتا تھا۔ میں نے عبقری دواخانہ کی فیملی شفاء استعمال کی۔ یہ معدے کے مرض میں بہترین دوا ثابت ہوئی ہے۔ آپ بھی یہ لاجواب دوا استعمال کر کے مستفید ہوسکتی ہیں۔ (از یر قاسم، خانیوال)

2) السلام علیکم! میں عملیات کا کام کرتا ہوں۔ میرے پاس رسولیوں کا ایک مجرب روحانی علاج ہے۔ انسان کے قد کے مطابق سات عدد نیلے دھاگے لے کر ملالیں اور اس دھاگے پر 41 گرہیں دیں ہر گرہ دیتے وقت فِيهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ پڑھیں اور یہ دھاگہ مریض کی کمر سے باندھ دیں۔ سات دن کے بعد یہ دھاگہ جلا کر نئے دھاگے لے کر دوبارہ عمل کر کے دھاگے باندھیں اس طرح سات بار یہ عمل کریں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ (خالد حسنین، کراچی)

3) میرے خاندان میں بھی کئی لوگوں کو بواسیر کا مرض ہے۔ اس کا ایک آسان علاج کرنے سے سب شفاء پا چکے ہیں۔ رات سونے سے پہلے تین انجیر لے کر ٹکڑے ٹکڑے کرلیں اور پانی میں بھگو دیں۔ صبح اٹھ کر نہار منہ یہ انجیر کھالیں اور پانی پی لیں۔ بواسیر کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ (ہما کلثوم، لاہور)

4) السلام علیکم! اگر کوئی جائز کام اٹکا ہوا ہو تو اس کے لئے ایک وظیفہ بہت بار آزما چکا ہوں۔ اس سے ایسے لوگوں کے بھی کام بنے جو سمجھتے تھے کہ یہ کام ناممکن ہے اور ایسے افسر اور پتھر دل لوگ بھی نرم پڑ گئے جن کے بارے میں یہ مشہور تھا کہ یہ رشوت کے بغیر کام نہیں کرتے۔ آپ بھی اپنے بقایاجات لینے کے لئے یہ عمل کریں ان شاء اللہ آپ کا کام بھی سو فیصد ہوجائے گا۔ عمل یہ ہے کہ آپ نے چالیس مرتبہ سورہ قریش پڑھ کر تصور میں اس بندے پر دم کرنا ہے جس سے آپ کو کام ہے۔ جیسا آپ چاہیں گے وہ ویسا ہی کرے گا۔ آپ کی تمام رکاوٹیں ختم ہوں گی بس یقین کامل کے ساتھ یہ عمل کریں۔ (طاہر عظیم، لاہور)

## جولائی کے سوالات

1) قارئین السلام علیکم! میرے سب کام بگڑ رہے ہیں۔ میرا کاروبار بند ہے۔ استخارہ کرتا ہوں لیکن کچھ بھی سمجھ نہیں آتا کہ کس جگہ مسئلہ ہے۔ جو بھی عمل کرتا ہوں اس کا فائدہ نظر نہیں آتا۔ کوئی جمع پونجی نہیں ہے اور نہ ہی کوئی کام ہے۔ نعوذ باللہ دل چاہتا ہے خودکشی کرلوں، از حد بے بس اور مجبور ہوں قرضہ لے کر دن رات گزر رہے ہیں۔ کوئی بھی کام کروں تو نقصان ہوتا ہے۔ شراکت کروں تو ساتھ والوں کا بھی نقصان ہوجاتا ہے۔ ان حالات سے نکلنے کے لئے اپنا مجرب عمل بتادیجئے (م، ع۔ ہری پور)

2) قارئین ہمارے گھر میں جادو جنات اور بیماریاں اتنی زیادہ ہیں کہ کوئی فرد بھی صحت مند نہیں ہے۔ میرے بھائی کا چند ماہ پہلے اچانک ایک حادثے میں انتقال ہوا ہے ان کے لئے دعا فرمادیں اللہ ان کی بخشش فرمائے۔ اللہ ہمیں صبر عطا فرمائے۔ ہمیں ان کی بہت یاد آتی ہے اور دل غمگین رہتا ہے۔ گھر پر شیطانی چیزوں کے اثرات کی وجہ سے میرا بھائی جوانی میں دنیا سے چلا گیا۔ میری بہن تو بھائی کی وفات کے صدمے سے باہر نہیں آرہی اس کے لئے کچھ بتایئے کہ اس کو سکون حاصل ہوجائے اور ہمارا گھر ان اثرات سے پاک ہوجائے۔ (حاجرہ شوکت)

3) قارئین السلام علیکم! عبقری کی طرح عبقری کے قارئین بھی خیر پھیلا رہے ہیں۔ میں بچوں کے رشتوں کے لئے بہت پریشان ہوں۔ میری بیٹی کے لئے ایک رشتہ آیا ہے۔ میں استخارہ کرنا چاہتا ہوں جس سے مجھے علم ہوجائے کہ یہ رشتہ بیٹی کے مستقبل کے لئے کیسا رہے گا (شمیم اختر)

4) ہم سب گھر والے صوم وصلوۃ کے پابند ہیں لیکن ہمارا ایک پڑوسی بہت سخت مزاج ہے۔ وہ کبوتر باز ہے۔ ہم اس کے رویے سے تنگ آگئے ہیں۔ نہ نماز پڑھتے وقت سکون اور نہ گھر میں آرام کرتے ہوئے سکون۔ وہ ہر وقت کبوتروں کی ہلڑ بازی میں لگا رہتا ہے بلکہ اور کبوتر بازوں کو بھی اپنے گھر کی چھت پر بلالیتا ہے اور مل کر ہلڑ بازی کرتے ہیں ہم ان سے بہت تنگ آچکے ہیں۔ کیا ان کی ان عادات کو کسی عمل سے ختم کیا جاسکتا ہے؟ (غ، ف)

## عبقری حویلی میں سورۂ کوثر کا عمل اور اذیت ناک مرض ختم

موجودہ مہنگائی میں محدود اور قلیل روزگار سے پریشان تھا۔ اسی پریشانی میں عبقری حویلی گیا اور وہاں حال ہی میں شیخ الوظائف کی سرپرستی میں تین دن سورۂ کوثر کا چلہ ہوا تھا اور وہاں ذمہ دار نے مجھے اسی عمل کو کرنے کا کہا۔ میں نے دھیان اور توجہ سے 129 مرتبہ سورہ کوثر پڑھی۔ اس کی اتنی تاثیر ملی کہ ایک ماہ کے اندر اندر میری دکان کا کام دس گنا بڑھ گیا اور اتنا نفع ہونا شروع ہوگیا کہ میں نے پوری زندگی میں اتنا نفع ہوتا نہیں دیکھا۔ (امین صدیق، گجرات)

### عبقری حویلی کے عمل سے کینسر سے شفاء

میرے والد محترم کو سانس کی نالی میں کینسر تھا۔ کئی ماہ سے زیر علاج تھے۔ میں عبقری حویلی گیا وہاں سے ہانڈی کا عمل ملا جس میں راشن رکھ کر عمل کرنا ہے۔ ہم نے یہ عمل کیا اور اسی راشن سے والد صاحب کو کھلاتے پلاتے رہے، معجزاتی طور پر والد کا کینسر ختم ہوگیا۔ (ذکاء اللہ، ملتان)

### یہ عمل میری عزت کا محافظ

السلام علیکم! ایک گھریلو معاملہ بہت الجھ چکا تھا، گھر کی عزت کا مسئلہ تھا۔ میں فوراً عبقری حویلی چلا گیا۔ وہاں خاص نوافل پڑھ کر دعا کی، اللہ نے ایسا نظام بنایا کہ میں رسوائی سے بچ گیا۔ نفل کا عمل یہ ہے کہ عبقری حویلی جا کر دو نفل حاجت کے پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورہ اخلاص اور دوسری رکعت میں سورہ کوثر پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد سجدے میں جا کر 21 بار یَا وَهَّابُ پڑھنا ہے۔ (پ، ہ۔ بہاولپور)

### گاڑی کی حفاظت سفر میں سہولت

کام کی وجہ سے اکثر سفر میں رہتا ہوں، سفر میں گاڑی کا بہت نقصان ہوتا تھا، ایک مرتبہ عبقری حویلی جانا ہوا، وہاں سے نقش والا پیپل کا پتا لیا اور گاڑی میں رکھ لیا، اس کے بعد گاڑی کا کوئی نقصان نہیں ہوا، سفر میں سہولت رہتی ہے۔ (حامد، چیچہ وطنی)


روغن زیتون

اعلیٰ معیار اور صاف شفاف

- ہڈیوں کی تھکاوٹ دور
- چہرہ شاداب صحت لاجواب
- امراض قلب، بلڈ پریشر کولیسٹرول سے رکھے محفوظ

# دوسروں کا علاج کرنے والا خود لاعلاج

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ کے ذریعے آپ لوگوں کی جس طرح دنیا و آخرت سنوار رہے ہیں اس کی نظیر کہیں اور نہیں ملتی۔ دکھوں اور غموں کے ستائے، مسائل میں الجھے لوگ جب تسبیح خانہ کا رخ کرتے ہیں تو یہاں آپ کے تسلی کے بول ان کے زخموں پر مرہم رکھ دیتے ہیں۔ اعمال کی طاقت سے جینے کا یقین ان کے اندر پیدا ہوتا ہے۔ دربدر ہونے کی بجائے اللہ کے نام کے ذریعے رب سے اپنے حق میں بات منوا لیتے ہیں جس سے ان کی دنیا تو بن جاتی ہے مگر ساتھ ہی ساتھ اعمال کے نور سے ان کی آخرت بھی بن جاتی ہے۔

میں ایک میڈیکل سٹور پر کام کرتا ہوں، چونکہ خود بھی طب کے شعبہ کی کچھ سمجھ بوجھ ہے اس لئے جب بھی کوئی شخص بیمار دیکھتا تو اسے کچھ ادویات تجویز کر دیتا جس سے کئی لوگ مستفید ہوئے۔ مگر کچھ عرصہ پہلے میں بیمار ہوا جس کے بعد مسلسل طبیعت خراب رہتی تھی، بہت سی ادویات استعمال کیں، اچھے سے اچھے ڈاکٹر کے پاس علاج بھی کروایا مگر کوئی نہ کوئی بیماری گلے پڑ جاتی۔ ادویات کے استعمال سے صرف عارضی طور پر ہی فرق پڑتا۔ میں علاج کروا کروا کر تھک گیا تھا مگر شفاء نہ مل رہی تھی۔ پھر ایک دن کسی نے عبقری رسالہ لا کر دیا، اس رسالہ کے ایک صفحہ پر تسبیح خانہ لاہور میں تین روزہ چلہ کے بارے میں پڑھا، لوگوں نے اپنے تجربات تحریر کیے تھے کہ کس طرح لاعلاج بیماریوں اور مشکل حالات سے انہیں اس چلہ سے فائدہ ہوا۔ میں نے بھی دل میں ارادہ کیا تین روزہ روحانی چلہ میں ضرور شامل ہوں گا۔ چنانچہ چند دن بعد جمعرات کے دن تسبیح خانہ لاہور میں پہنچ گیا، تین دن جو روحانی اعمال بتائے گئے انہیں خوب توجہ و دھیان کے ساتھ کیا۔ ان طاقتور روحانی اعمال کی بدولت میں نے دوران چلہ ہی میں نے طبیعت میں کافی افاقہ محسوس کیا۔ آہستہ آہستہ طبیعت میں بہتری آتی رہی اور اگلے چند دنوں میں مکمل صحت یاب ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہاں پر آنے والے ہر بیمار اور پریشان کو صحت، عافیت اور تمام مسائل کو حل فرمائے، آمین۔ (عبدالجبار، ساہیوال)

## ڈوبتا کاروبار آج ترقی کی بلندیوں پر!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارے کاروبار میں برکت نام کی کوئی چیز نہ تھی، گھر کی طرف سے پریشانی رہتی تھی، گھر اور باہر سکون نام کی کوئی چیز نہ تھی۔ ہر وقت پریشانی چھائی رہتی تھی۔ زندگی میں مشکلات اور مصائب تھے، خوشیوں کے جیسے کسی کی نظر لگ گئی ہو۔ ہمیں کسی نے تسبیح خانہ لاہور میں تین دن روحانی چلہ کرنے کا مشورہ دیا کہ وہاں ہونے والے اعمال کی برکت سے آپ کی تمام پریشانیاں، مشکلات اور مصائب ختم ہو جائیں گے۔

میں نے تسبیح خانہ میں آ کر تین دن کا روحانی چلہ کیا، یہاں لنگر اور رہائش کا بہترین انتظام تھا۔ تمام اجتماعی اعمال میں شریک ہوا اور اس کے علاوہ انفرادی بھی ذکر اور تسبیحات میں مشغول رہتا۔ تسبیح خانہ میں ایک ایسا روحانی نظام ہے کہ بندہ اعمال کی طرف خود راغب ہو جاتا ہے۔ چلہ کرنے کے بعد جب گھر واپس گیا تو حالات میں کچھ بہتری کے آثار ملنا شروع ہو گئے۔ گھر میں امن اور سکون قائم ہو گیا۔ کاروبار میں بھی برکت اور وسعت ملنا شروع ہو گئی۔ اس کے بعد پھر والدہ کے ساتھ عبقری حویلی گیا وہاں جا کر بھی روحانی اعمال کیے اور درود پاک کے چلہ میں بھی شامل ہوئے، ہمارے حالات بہتر سے بہتر ہوتے چلے گئے۔ آج الحمدللہ زندگی میں چین و سکون ملا ہے۔ کافی عرصہ سے بواسیر کے مرض میں مبتلا تھا، الحمدللہ اس بیماری سے بھی شفاء مل گئی ہے۔ (حافظ محمد طلحہ، لاہور)

بچے کو رکھے ہمیشہ صحت مند
چلڈرن سیرپ
سوکھا پن، آئرن و پروٹین کی کمی پیچش
دانت نکالنے کے زمانے میں بچوں میں ہونے والے بخار، اسہال، چڑچڑا پن کو دور کرتا ہے۔

# پرانے سوٹ سے پرانے روگ اور بیماریوں کا خاتمہ

**تسبیح خانہ میں ہر ہفتے تین دن کا چلہ جمعرات عصر سے شروع، اتوار ظہر تک اختتامی دعا ہوتی ہے!**

## چلہ کے معمولات! 7 روحانی پیکیج!

**(1) مٹی کے چراغ سے بےاولادی ختم!** مٹی کا چراغ تسبیح خانہ سے ہی ملے گا، اس پر خاص الخاص تین دن عمل کروایا جائے گا، اس چراغ کو گھر لے جائیں اور سات دن صبح و شام اس کو کم از کم ایک سے تین منٹ دیکھتے ہوئے یَافَتَّاحُ پڑھنا ہے۔ ان شاء اللہ بےاولادی، بندشیں، جادو جنات ان شاء اللہ ختم۔

**(2) پرانا سوٹ ہمراہ لائیں! جادو، جنات، آسیب، بیماریاں ختم!** پرانا سوٹ ہمراہ لائیں، سوٹ کو سامنے رکھ کر خاص عمل کروایا جائے گا، بس گھر جا کر تین راتیں سوتے وقت صرف یہ سوٹ پہنیں، بندشیں، بیماریاں، مشکلات اور پریشانیاں ان شاء اللہ آنکھوں سے ختم ہوتا دیکھیں گے۔

**(3) اولاد کی نافرمانی ختم اور ترقی کیلئے!** ایک خاص الخاص نقش دیا جائے گا، جس پر عمل تین دن متواتر کروایا جائے گا، اس نقش کو گھر جا کر لیمی نیشن کروا کر لٹکا دیا جائے تو گھر سے لڑائی جھگڑے، اولاد کی نافرمانی ختم، ناکامیوں کی جگہ ترقیاں لے لیں گی۔

**(4) قرض ختم، تونگری کا فارمولہ لے جائیے!** دوران چلہ تین دن ایک ایسا روحانی عمل کروایا جائے گا، جس کے کرنے سے قرض، بیروزگاری، تنگدستی کا خاتمہ ہو جائے گا اور گھر میں رزق کی بارش اور برکت آ جائے گی۔

**(5) آئیے! کامیاب استخارہ کیجئے!**

استخارے کیلئے ایک عمل کروایا جائے گا، ہر کام کا نفع نقصان آپ کے سامنے کھل جائے گا! جاگتی آنکھوں سے دیکھیں۔

**(6) گھریلو جھگڑے ختم، رزق میں تونگری**

چلہ میں آتے ہوئے 9 عدد سبز الائچی لائیں، تین دن ان پر خاص الخاص عمل ہوگا، بس یہ عمل گھر بھر کی تمام ناچاقیوں، جھگڑوں، حسد، کینہ، بغض کی کڑواہٹ کو دور کر دے گی۔ میاں بیوی کی باہمی محبت کیلئے انتہائی آزمودہ۔ رزق میں بے بہا برکت ملے گی، جس مقصد کا تصور رکھیں گے ان شاء اللہ پورا ہوگا۔

**(7) سفید رنگ کے رومال سے بندشیں، رکاوٹیں ختم**

سفید رنگ کے رومال پر ایک خاص عمل کروایا جائے گا، گھر جا کر اس رومال کو جلا دیں، پھر اس کی راکھ اور گھر سے کچھ مٹی لے کر قبرستان یا نہر میں بہا دیں۔ پرانی سے پرانی بندشیں ختم، جادو جنات اور آسیب کے اثرات جل کر راکھ ہو جائیں گے۔ تمام روحانی و جسمانی بیماریوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔

بڑے سے بڑا دیو اور جن آپ کا مقابلہ نہ کر سکیں گے۔ وہ حزب البحر کے نام سے کانپتے ہیں! 6، 7، 8 صفر تسبیح خانہ میں روزہ رکھوا کر حزب البحر کا چلہ کروایا جائے گا (سحری و افطاری کا بہترین انتظام)

## ہنستا بستا گھر اجڑ گیا' سکون کا لمحہ بھی میسر نہیں!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! آپ اکثر فرماتے ہیں کہ اپنی کیفیات اور حالات خط کے ذریعے ضرور لکھا کریں۔ آج کل حالات کی گرفت میں آیا ہوں' مسلسل ناکامیوں نے میرے سوچنے کی صلاحیت بھی کمزور کردی ہے۔ آزمائشیں اتنی سخت ہیں کہ اب برداشت سے باہر ہو چکی ہیں۔ اپنی ازدواجی زندگی کے حوالے سے سخت پریشان ہوں۔ میری چھوٹی چھوٹی بچیاں ہیں جو جان سے بھی زیادہ پیاری ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے کسی بات پر میرا اور بیوی کا جھگڑا ہوا جس کے بعد بیوی بچوں کو لے کر میکہ چلی گئی۔ میں نے اسے منانے کی کوشش کی' اپنی ہی غلطی تسلیم کی مگر اس کے باوجود بھی وہ میری بات سننے کو تیار نہیں۔ دو بیٹیاں جوان ہیں' وہ تو میری شکل دیکھنا بھی پسند نہیں کرتی اور نہ ہی مجھے باپ مانتی ہیں۔ میرے دل پر کیا گزرتی ہے یہ میرا اللہ ہی جانتا ہے۔ اس عمر میں اولاد اور بیوی کا غم سینے کو چیر رہا ہے۔ جب بھی گھر میں جاتا تو چھوٹی بیٹیاں سینے کے ساتھ لپٹ جاتی تھیں' اب انہیں دیکھے ہوئے کافی عرصہ ہو چکا ہے۔ بیوی کو بہت سمجھانے کی کوشش کی کہ میری نہ سہی اولاد کی خاطر ہی گھر بسالے مگر وہ میری کسی بھی بات کو سننے کو تیار نہیں۔ ایسا لگتا ہے جیسے کسی نے بندش لگوا دی ہو یا کوئی جادو کروا دیا ہو۔ ہنسی خوشی زندگی بسر ہو رہی تھی مگر نہ جانے کس کی نظر بد لگ گئی' کیا ہوا' سمجھ سے بالاتر ہے۔ اکثر سینے میں ایسی جلن محسوس ہوتی ہے جیسے جسم کے اندر کوئی آگ کا گولہ ہو۔ بعض اوقات ایسے لگتا ہے جیسے کوئی چیز میرے سینے کو بری طرح جکڑ رہی ہو' میرے دل اور دماغ کو قابو کر لیا ہو۔ جب بھی ذکر تسبیحات کی کوشش کرتا ہوں معاملہ زیادہ گھمبیر ہو جاتا ہے' تکلیف کی شدت مزید بڑھ جاتی ہے۔ روزگار کا معاملہ بھی دن بدن ابتر ہوتا جا رہا ہے' قرض کی دلدل میں دھنستا چلا جا رہا ہوں۔ ایک لمحہ سکون کا میسر نہیں' ہر طرف سے پریشانی ہی پریشانی ہے۔

آپ سے درخواست ہے کوئی ایسا عمل بتائیں جس سے میرا اجڑا ہوا گھر اور ویران زندگی دوبارہ سے آباد ہو جائے۔ شیطانی جناتی جو بھی اثرات ہیں ختم ہو جائیں' بیوی اور اولاد واپس آ جائیں۔ کوئی سبب' کوئی ذریعہ نظر نہیں آ رہا' آخری امید یہی ہے کہ آپ کی دعاؤں اور بتائے ہوئے اعمال کی برکت سے میرے غم اور دکھ درد ہو جائیں گے۔ براہ مہربانی میرے دکھوں کا مداوا کیجئے' اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو' آمین!۔ (ع' پشاور)

### ایسے غمزدہ حالات سے نکلنے کا تیر بہدف وظیفہ

آپ کو چاہیے کہ حسب توفیق شکر لیں' اپنے مسائل' مشکلات اور مقاصد کا سخت تصور کرتے ہوئے ان پر 111 مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ کَفٰی بِاللّٰہِ الْعَظِیْم پڑھ کر دم کریں' اس عمل کو مقصد کے حصول تک جاری رکھیں اور ہر گیارہ دن بعد شکر کو قبرستان یا پارک وغیرہ میں کیڑے مکوڑوں کو ڈال دیں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے جلد ہی آپ کے مسائل حل ہونا شروع ہو جائیں گے' اہل و عیال آنکھوں کی ٹھنڈک بن جائیں گے۔ اس عمل کی سب کو اجازت ہے' ہر حالت میں کر سکتے ہیں۔

عمل کا ہدیہ: حسب توفیق حلوہ روٹی تقسیم کر دیں' یہ عمل صرف ایک مرتبہ ہی کرنا ہے۔


برص پھلبہری کورس

جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

برص' خارش' چنبل' کوڑھ کیلئے لاجواب دوا

برص' پھلبہری لاعلاج بیماری نہیں!


## کالا اور پیلا یرقان چند دن میں ختم!

یرقان ایک ایسی بیماری ہے جو کہ مختصر وقت تک بھی لاحق ہو سکتی ہے اور دائمی بھی۔ اگر دائمی لاحق ہو تو پھر یہ چھ ماہ تک برقرار رہ سکتا ہے۔ مدافعتی نظام کی کمزوری اور مخصوص ادویات کا استعمال اس بیماری کی وجہ بنتی ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ہیپاٹائٹس جگر کو متاثر کر کے یرقان کا سبب بن سکتا ہے۔ ہیپاٹائٹس کی مختلف اقسام ہیں۔ ان کے علاج کے لئے مختلف ادویات اور پرہیز بتائے جاتے ہیں' مسلسل ادویات کھانے سے اکثر لوگ معدہ کی بیماریوں کا بھی شکار ہو جاتے ہیں۔ قارئین کی خدمت میں آج ہر قسم کے یرقان کے مرض کے لئے ایک مجرب نسخہ پیش کر رہا ہوں' اسے بنا کر استعمال کریں' ان شاء اللہ کچھ عرصہ مسلسل استعمال کرنے سے یرقان کے مرض سے مکمل نجات مل جائے گی۔

ھوالشافی: الائچی خورد' طباشیر نقرہ' آملہ خشک' بہیڑہ خشک 25'25 گرام' مصری حسب ضرورت لیں۔ الائچی کے چھلکے اتار کر علیحدہ کر لیں اور دانے لے لیں' آملہ اور بہیڑہ کے بیج و گٹھلی نکال دیں اور چھلکے لے لیں' اب انہیں پیس کر سفوف بنا لیں' سفوف اس قدر باریک ہو کہ کپڑے سے چھان کر نکالا جائے۔ اب اس سفوف کو سات خوراکوں میں تقسیم کر لیں۔ روزانہ ایک خوراک ہمراہ بکری کا دودھ سب سے بہتر ہے' ورنہ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں' اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو بھینس کا دودھ ایک گلاس ابال لیں۔ جب دودھ ٹھنڈا ہو جائے تو سفوف کی ایک خوراک دودھ میں ڈال کر حل کر کے گرمی کے موسم میں فریج میں رکھ دیں اور سرد موسم میں کھلی ہوا میں رکھ دیں۔ صبح نہار منہ اس دودھ میں حسب ضرورت مصری ڈال کر حل کر کے پی لیں۔ پھر فوراً ناشتہ نہ کریں بلکہ جب صحیح طرح بھوک لگے تب کھانا کھائیں۔ دوران علاج کھٹی' تلی ہوئی اور بازاری اشیاء کھانے سے مکمل پرہیز کریں۔ یہ نسخہ سات دن استعمال کرنے کے بعد سات دن وقفہ کر کے دوبارہ سات دن مسلسل استعمال کرنا ہے۔ قبل از استعمال بھی کسی لیب سے ٹیسٹ کروا لیں اور دو ہفتے استعمال کرنے کے بعد دوبارہ ٹیسٹ کروائیں' ان شاء اللہ بہترین نتائج ملیں گے۔

قارئین! یہ نسخہ میں نے یرقان کے مرض میں مبتلا بہت سے مریضوں کو استعمال کروایا' اللہ تعالیٰ نے انہیں صحت کاملہ اور یرقان سے نجات عطا فرمائی۔ (محمد یونس' ننکانہ صاحب)

### لاعلاج امراض سے پریشان متوجہ ہوں

اگر آپ مذکورہ بیماریوں یا کسی بھی ایسے مرض میں مبتلا ہیں کہ مسلسل علاج کروانے کے باوجود بھی شفاء نہیں مل رہی تو ذیل میں دیا گیا "عبقری ہیلتھ فارم" لکھی گئی مکمل ترتیب کے ساتھ پُر کر کے عبقری دفتر لاہور کے پتہ پر ارسال کریں۔

**عبقری ہیلتھ فارم**

| | | |
|---|---|---|
| 1-نام | 2-شہر | 3-تاریخ |
| 4-موبائل نمبر | 5-عمر | 6-قد |
| 7-پیشہ/سرکاری/پرائیوٹ ملازمت | 8-شادی شدہ | |

9-آپ کسی بیماری میں مبتلا ہیں؟ جسم میں کہیں درد رہتا ہے؟ دن میں بھر جسم کی کیفیات تفصیل سے لکھیے۔ 10-کم از کم تین دن کا غذائی شیڈول بھی لکھیے کہ آپ نے ناشتہ، دوپہر اور رات کے کھانے میں کیا کھایا؟ 11-آپ کوئی دوائی/نسخہ/ٹوٹکہ استعمال کر رہے ہیں تو ضرور لکھیے۔

**نوٹ: گھر کا ہر فرد اپنا علیحدہ فارم فل کر کے بھیجے۔**

**جوابی لفافہ پر ڈاک ٹکٹ لگا کر بھیجیں ورنہ جواب موصول نہیں ہوگا۔**

# گھریلو جھگڑے ختم نفرتوں کے بادل چھٹ گئے

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمیں تسبیح خانہ کے اعمال سے کتنا فائدہ ہو رہا ہے۔ یہ نفسا نفسی کا دور ہے۔ ہر انسان کو صرف اپنی فکر ہے۔ اس دور میں کسی دوسرے کی فکر کرنا اور لوگوں کے لئے آسانی اور راحت پیدا کرنا بے شک اللہ کی خاص رحمت سے ہی ہو سکتا ہے۔ دنیا کی دوڑ میں ہر شخص آگے سے آگے بڑھنا چاہتا ہے جبکہ حقیقی کامیابی تو دل کا سکون اور اللہ کے لئے اللہ کی مخلوق کی خدمت کرنا ہے۔ آپ کی زندگی کو دیکھ کر رشک آتا ہے۔ کس طرح آپ نے مخلوق خدا کی خدمت کا ایک بہت بڑا نظام بنایا ہے۔ جس سے لوگ اپنے دکھ درد اور زندگی کی تمام تکالیف سے نجات پا کر سکون اور چین پا رہے ہیں۔ تسبیح خانہ میں موجود گوشہ طلسمات میں ایسے عملیات کا نظام بنایا گیا ہے جس سے فوراً نظام عالم میں تبدیلی واقع ہو کر ناموافق حالات موافق ہو جاتے ہیں۔ ان طلسمات کے پیچھے اصل راز کیا ہے؟ یہ اللہ بہتر جانتا ہے لیکن میں نے ان کے حیرت انگیز تجربات اور مشاہدات دیکھے ہیں۔ میرے گھر میں ہر کسی کے دل اکھڑے ہوئے تھے۔ آپس میں نفرت اور بدگمانی بہت زیادہ تھی۔ ایک گھر ایک چھت کے نیچے رہتے ہوئے بھی ایک دوسرے سے محبت سے بات کرنا دور کسی کو بلانا بھی گوارا نہیں کرتے تھے۔ ماں باپ، بہن بھائی سب کے دلوں میں رنجشیں تھیں۔ زندگی بے ذائقہ اور بے رونق ہوگئی تھی۔ میں نے انٹرنیٹ پر آپ کے کچھ کلپ سنے آپ کی آواز اور دل گداز باتیں سن کر بہت اچھا لگا۔ مجھے احساس ہوا کہ زندگی کی الجھنیں ختم ہو سکتی ہیں اور ہمیں بھی خوشی اور سکون نصیب ہو سکتا ہے۔

## گھر میں محبت اور سکون کی فضا

میں نے عبقری تسبیح خانہ کے بارے میں مزید مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ تسبیح خانہ لاہور میں ہر جمعرات روحانی محفل ہوتی ہے۔ اس محفل میں شامل ہوا تو مجھے وہاں موجود گوشہ طلسمات کا پتہ چلا۔ میں نے گھر والوں کے جھگڑوں اور آپس کی نفرتوں کو ختم کرنے کے لئے کھجور کے تنے پر کیل ٹھونکتے ہوئے یَامَانِعُ پڑھنے کا عمل اور گوشہ طلسمات کے تمام اعمال کیے۔ اس دن کے بعد ایسے تھا جیسے گھر سے نحوست اور نفرتوں کے بادل چھٹ گئے ہیں اور گھر میں سب کے دل مل گئے ہیں اور محبتیں اور مروتیں پیدا ہوگئیں۔ گھر میں سکون کی فضا پیدا ہوئی۔ (غلام حیدر، لاہور)

# طلسمات سے نظام عالم میں تبدیلی ناموافق حالات موافق ہوجائیں

تسبیح خانہ لاہور کے ہال نمبر ایک میں مردوں کیلئے اور تسبیح خانہ لاہور ہال نمبر دو میں خواتین کیلئے ''گوشہ طلسمات'' بنایا گیا ہے۔ جس میں اولیاءؒ کے آزمودہ عمل دیئے گئے ہیں۔ کھجور کا تنا اور کیل کا عمل۔ بندش توڑ تالے کا انوکھا عمل' چابی گھمائیں اور بندش کھلوائیں۔ عملیاتی چرخہ اور حیرت انگیز طلسمات جس سے مشکلات' بندشیں چند لمحوں میں دور۔ صبح وشام لوگ بغیر کسی اپوائنٹمنٹ کے بالکل مفت اپنے روحانی مسائل کا حل پائیں۔ گوشہ طلسمات روزانہ صبح 8 تا شام 6 بجے تک کھلا رہے گا۔ (اجازت عام ہے۔)


شوگر کورس

پٹھوں کا کھچاؤ' تھکاوٹ رہنا' جسم میں کمزوری' ٹانگوں کا درد

شوگر اور اس سے پیدا ہونے والے تمام مہلک عوارضات سے نجات


مراقبے سے علاج

# ہم پر مسلط جننی کو آگ لگی اور وہیں راکھ ہوگئی

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

دنیا بھر میں مراقبے کو علاج ذریعہ علاج سمجھنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ جدید تحقیق نے یہ ثابت کیا ہے کہ مراقبے سے بہت سی ذہنی پریشانیوں' افسردگی' ٹینشن' ڈیپریشن بے خوابی اور بہت سی طبی وروحانی بیماریوں کا علاج ممکن ہے۔ ترقی یافتہ دور میں انسان بہت مصروف ہونے کے ساتھ بہت سی پریشانیوں کا شکار ہو چکا ہے، جہاں اختراعات اور سہولتیں انسان کے لئے فائدہ مند ہیں وہاں ان کے حصول کے ذرائع مشکل نظر آتے ہیں اور انسان اسی تگ و دو میں مصروف نظر آتا ہے کہ وہ زندگی میں آسائشیں لا سکے اور کامیاب بن سکے۔ ترقی کے لئے تگ و دو کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن اپنی ذات کو فراموش کر دینا بھی مناسب نہیں۔ دن میں صرف چند منٹ اپنی ذات کو دے دیئے جائیں تو اس سے بہت فائدہ ہوگا۔ مغربی ممالک نے اسی حقیقت کو سمجھتے ہوئے مراقبے کی عادت اپنا لی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق مغربی ممالک میں کروڑوں لوگ روزانہ مراقبہ کر کے شفایاب ہو رہے ہیں۔

Meditation یعنی مراقبہ ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے جس سے روحانی ترقی پانے کے خواہش مند بھی بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر لاتعداد مسلسل وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ پڑھیں' اول وآخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے پورے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سوفیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آ جائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

(نوٹ: مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔)

## مراقبے سے فیض پانے والے

السلام علیکم! میں نے عبقری سے مراقبہ کا طریقہ پڑھا تو روزانہ کچھ وقت نکال کر مراقبہ کرنا شروع کر دیا مجھے مراقبے میں بہت بشارتیں ملیں۔ پھر ایک دن مجھ سے ناغہ ہوگیا۔ اگلے دن پھر اللہ کی توفیق سے میں نے ایک گھنٹہ کا مراقبہ کیا۔ اس دوران مجھے ایک باباجی نظر آئے انہوں نے فرمایا کل تم نے مراقبہ نہ کر کے اپنا بہت نقصان کیا ہے۔ پھر منظر بدلا اور ایک جننی نظر آئی جو ہم پر جادو کی وجہ سے مسلط کی گئی تھی اور اسے آگ لگ گئی اور اس کی راکھ اڑ گئی اور باباجی فرمانے لگے یہ مراقبے کے نور کی طاقت ہے۔ روز مراقبہ کرو جادو ختم ہو جائے گا۔ اس سب کے بعد مجھے فرشتے عام نظر آتے ہیں۔ (صائمہ فضل، کراچی)

# 30 دن میں کامیاب حکیم اور باکمال عامل بننے کا کورس بالکل فری!

## گردے کی تکلیف دہ مرض کا علاج

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! گزشتہ سال رمضان کا پورا مہینہ تسبیح خانہ میں گزرا جس سے بہت زیادہ نفع ہوا۔ روحانی طاقت کے ساتھ ساتھ جسمانی طور صحت کی بحالی‘ بیماریوں حفاظت اور نجات کے لئے آسان طبی ٹوٹکے ملے۔ گھر واپس جانے کے بعد بہت سے جاننے والے احباب کو یہ ٹوٹکے استعمال کروائیں جس سے انہیں شفاء ملی‘ آج وہ لوگ مجھے دعائیں دیتے نہیں تھکتے۔ایک ٹوٹکہ جو کئی لوگوں کو بتایا اور جس نے بھی آزمایا خوب نفع پایا۔ایسے لوگ جن کے گردے کمزور ہوں‘ سخت تکلیف ہوتی ہو یا ڈائیلائسز ہو رہے ہوں تو اس ٹوٹکے سے اسے آرام ملتا ہے‘ مہنگی مہنگی ادویات سے نجات ملتی ہے۔ٹوٹکہ درج ذیل ہے۔

ایک خربوزہ لیں‘ اسے چھلکا سمیت (بیج) گودا تمام چیزوں سمیت جگ میں ڈال لیں‘ پانی اور حسب ضرورت میٹھا شامل کر کے شیک بنالیں۔شیک بنانے کے بعد اس کو گھونٹ گھونٹ پئیں۔چند دن، چند ہفتے اس ٹوٹکے کو آزمائیں‘ گردے کی پتھری کو ختم کرتا ہے‘ اگر ڈائیلائسز ہو رہے ہیں تو آپ خود دیکھیں گے کہ چند دن بعد گردے بہتر ہونا شروع ہوجائیں گے۔یہ ٹوٹکہ بارہا کا آزمودہ ہے۔

## ای این ٹی کے مسائل اب نہیں ہوں گے

السلام علیکم! تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے والے مقیمین کو جو سہولتیں‘ عنایتیں‘ طبی و روحانی تربیت دی جارہی ہے‘ اس کی مثال کہیں اور نہیں ملتی۔لوگ بلا جھجک اپنے سینے کے راز طبی و روحانی نسخے بتاتے ہیں جن سے باقی لوگ بھی مستفید ہوتے ہیں۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے یہ سلسلہ سدا جاری رکھے‘ آمین! تسبیح خانہ سے ملنے والا ایک ٹوٹکہ آزمایا جس سے بہت نفع پارہا ہوں۔ مجھے اکثر نزلہ وزکام کی شکایت رہتی تھی۔ناک‘ کان‘ گلا کے مسائل تھے۔علاج معالجہ کی کوشش کی جس سے افاقہ ہوتا مگر چند دن یا چند ہفتوں بعد دوبارہ مرض کی شکایت شروع ہوجاتی۔شب جمعہ کی روحانی محفل میں شیخ الوظائف نے زیتون کے تیل کے فوائد سنائے تو میں نے اسے استعمال کرنا شروع کردیا۔ میں رات کو سوتے وقت زیتون کے تیل کے چار سے پانچ قطرے منہ میں ڈالتا ہوں اور زبان سے اچھی طرح دانتوں پر مل لیتا ہوں اس کا فائدہ یہ ہوا کہ پانچ چھ سال ہو چکے ہیں۔ مجھے نزلہ زکام نہیں ہوا اور گلا بھی خراب نہیں ہوا۔اس کے ساتھ دانتوں کے مسائل تھے وہ بھی حل ہو گئے۔زیتون کا تیل بہترین اینٹی سیپٹک اور اینٹی بائیوٹک ہے اور یہی تیل ناف میں ڈالتا ہوں اور ناک میں بھی ڈالتا ہوں آنکھوں میں بھی ڈالتا ہوں جس سے بہت سی بیماریوں سے حفاظت رہتی ہے اور سارا دن جسم چست رہتا ہے۔

## اگر پیشاب بند ہوجائے

السلام علیکم! تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے والے مقیمین کے لئے اپنا بارہا کا آزمایا نسخہ پیش کررہا ہوں۔ اللہ شکر ہے آج تک جس کو بھی یہ نسخہ بتایا اسے فائدہ ہوا ہے۔

اگر کسی بھی وجہ سے پیشاب بند ہوجائے تو کیسو کے پھول مٹھی

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
احتلام کی کثرت، قطرے گرنا، مادہ تولید کے پتلا ہونے کا علاج
جوان مردوں اور عورتوں کیلئے یکساں مفید

دو مٹھی لے کر چار سے پانچ لٹر پانی میں ابالیں۔پھر اس پانی کو چولہے سے اتار لیں‘ جب ہلکا نیم گرم ہوجائے تو ناف سے نیچے تک بہائیں۔تھوڑی ہی دیر میں پیشاب کھل جاتا ہے۔ اسی نسخہ کو استعمال کرنے کا ایک اور طریقہ ہے جو مناسب لگے استعمال کرسکتے ہیں‘ اس سے بھی بھرپور فائدہ ہوگا۔ ھوالشافی: آدھا پاؤ کیسو کے پھول لیں اور دس لٹر پانی میں آدھا گھنٹہ ابال لیں۔جب نیم گرم ہوجائے تو نہانے والے ٹب میں ڈال کر مریض کو ناف تک اس میں بٹھائیں جتنا بھی پیشاب بند ہو یا گردے فیل ہونے کی وجہ سے بند ہو تو پیشاب کھل جاتا ہے۔

## موکوں اور مسّوں کا بغیر تکلیف علاج

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم عبقری رسالہ میں موکوں اور مسوں سے نجات کے لیے ایک روحانی علاج کے بارے میں پڑھا کہ مونجھ کے بان کی غیر استعمال شدہ رسی پر فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ والی آیت پڑھ کر گرہ لگائیں اور جتنے مسے ہوں اتنی بار یہی آیت پڑھیں اور گرہ لگاتے جائیں۔عمل کے بعد رسی کو زمین میں جہاں کوڑا کرکٹ وغیرہ ہو وہاں دفن کردیں۔ جوں جوں رسی سوکھتی جائے گی موکے اور مسے ختم ہوتے جائیں گے۔یہ عمل تجربہ میں ہے اور اس سے صرف مسے ختم نہیں ہوتے بلکہ جادو بھی ختم ہوجاتا ہے۔ شیخ الوظائف نے عبقری سوشل میڈیا پر ساڑھ ستی کے بارے میں تفصیلاً بات کی جس کی دس قسطیں عبقری آفیشل یوٹیوب چینل پر موجود ہے۔ ان میں ساڑھ ستی کے توڑ کے لئے مونجھ کی رسی والا یہ عمل بھی بتایا۔ ہر قسم کے جادو کے توڑ کے لئے بہت مجرب ہے۔

نوٹ: یہ عمل نومبر 2024ء ہجویری محل سوا ارب درود پاک کے چلہ میں کروایا جائے گا۔

## لاجواب طاقت کیلئے بے مثال نسخہ

السلام علیکم! رمضان کا سارا مہینہ تسبیح خانہ میں گزارنے سے بے بہا برکات نصیب ہوتی ہیں۔ گھر‘ کاروبار‘ اولاد‘ گھریلو زندگی خوشحال ہوگئی ہے۔مزید عبقری رسالہ ہمارا پورا گھرانہ پڑھتا ہے‘ عبقری رسالہ نے ہماری زندگی سے دکھوں کو نکال کر خوشیاں بھر دی ہیں۔آج اس محفل میں لوگوں کو اپنے مشاہدات بتاتے دیکھا تو میرے پاس کمزوری دور کرنے اور ہشاش بشاش رہنے کا ایک ٹوٹکہ ہے وہ میں یہاں بیٹھے تمام احباب کو بتاتا ہوں۔

جو لوگ بہت کمزور ہوں‘ تھک جاتے ہوں یا جن کی قوت کمزور ہو۔کمر‘ ٹانگوں میں درد کھچاؤ رہتا ہو تو ایسے میں ایک پاؤ دودھ، سات بادام کی گریاں، تین کھجوریں، ایک چمچ تخم بالنگو‘ ایک چمچ اسپغول اور ایک چمچ شہد لے لیں۔شہد کے علاوہ باقی سب چیزیں دودھ میں ڈال کر گرائنڈ کرلیں اور شہد ڈال کر صبح نہار منہ پی لیں۔ ہر قسم کی کمزوری ختم ہوجائے گی۔ چند دن کا استعمال ہی آپ کو اس کا گرویدہ بنا دے گا۔جسم سے ہر قسم کی کمزوری‘ سستی‘ کاہلی کا خاتمہ ہوجائے گا۔ چہرہ کا رنگ نکھر جائے گا‘ ٹانگوں میں جان‘ ہاتھوں میں مضبوطی آجائے گی۔

لوہے کی ایک خاص چیز یہ وہی ہے‘ جو صرف پرانی جوتی میں گاڑھیں پھر گیارہ جوتیاں زمین پر ماریں‘ پھر کیا ہوگا؟ زمین ہل جائے گی! ہاں ہاں واقعی! اور جاگتی آنکھوں سے نظارے دیکھیں گے۔قدرت ربی کا کمال۔کراچی محفل تشریف لائیں۔

# یقینی موت کا کالا جادو! میں کیسے بچ گیا؟ جانیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری اتنی عمر نہیں جتنی بیماریاں اور روگ مجھے لگ چکے تھے۔ ہمارے گھر میں جادو جنات، حسد، نظر بد اور بیماریاں بہت زیادہ تھیں۔ بہت عاملوں نے اس جادو کا علاج کرنے کی کوشش کی ہے لیکن کسی سے بھی اس کا علاج نہیں ہوسکا' کہتے ہیں یہ کوئی عام جادو نہیں یہ بہت بری اور خبیث چیزوں کا کام ہے اور یہ جادو ہنومان کے ذریعے کیا گیا ہے۔ جو عامل بھی اس میں ہاتھ ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں انہیں اپنی فکر ہونے لگتی ہے۔ ہم سب بہنوں کے رشتوں پر بھی بندش لگی ہوئی ہے ان دردناک مسائل کی وجہ سے میں جوانی میں ہی کئی بیماریوں میں مبتلا ہو چکی ہوں۔ ہمیں جب سے عبقری ملا ہے۔ آپ کے وظائف اور ادویات کی برکت اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہم بچ گئے ہیں ورنہ دشمنوں نے سر سے پاؤں تک وار کیے اور دنیا سے ختم کرنے کی پوری کوشش کی تھی۔ آپ کے رسالے میں ہنومان کا عمل بہت زبردست ہے۔ آپ نے ہنومان کے جادو کے خلاف یہ جو عملیات کا سلسلہ شروع کیا ہے جو آج کے دور کی اہم ترین ضرورت ہے۔ آپ نے ہم جیسوں کے لئے بہت بڑی خیر کا کام کیا ہے۔ اس کا بدلہ اللہ پاک آپ کو اپنی شان کے مطابق عطا فرمائے۔ آمین۔ میری کمر میں ایک زخم تھا جو ٹھیک نہیں ہو رہا تھا چھ ماہ سے علاج کروا رہے تھے لیکن زخم ختم نہیں ہوتا تھا۔ جب سے عبقری سے دیکھ کر ہنومان سے حفاظت کا عمل شروع کیا تو میرا یہ زخم ٹھیک ہوگیا۔ ہم پر جو ہنومان کے وار ہوتے تھے وہ بھی ختم ہو گئے ہیں۔ یہ جادو بہت طاقتور تھا لیکن عبقری کے عمل کے سامنے یہ عمل ناکارہ ہو چکا ہے۔ ہماری زندگی میں سکھ آ گیا ہے۔ آپ کی بہت بہت مہربانی آپ کی وجہ سے ہم دکھیوں کو سکھ اور چین کا سانس نصیب ہوا۔ اللہ پاک آپ کو اور آپ کی نسلوں کو اور آپ کے ساتھیوں کو اپنی شان کے مطابق جزائے خیر عطا فرمائے۔ (م،ش۔ سیالکوٹ)


شفائے حیرت سیرپ

ہر قسم کی کھانسی، الرجی، دمہ، سانس کا پھولنا ریشہ، بلغم اور تپ دق کا شافی علاج

بدلتے موسم کے امراض سے یقینی چھٹکارا پائیں


## چنبل کا سستا مگر شرطیہ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بچپن سے میرے دائیں کان کے پیچھے چنبل تھی۔ بہت حکیموں اور ڈاکٹروں کو دکھایا، وقتی فرق ہو جاتا لیکن اس کا جڑ سے خاتمہ نہیں ہوتا تھا۔ میرے دادا ابو نے ایک چھوٹی سی نسخوں والی کتاب سے چنبل اور دھدری کے لئے ایک نسخہ پڑھا تو بنا کر مجھے استعمال کروایا۔ نسخہ یہ تھا کہ ایک پتھر جس کا نام مردہ سنگ ہے۔ یہ ایک چمکدار پتھر سا ہوتا ہے۔ پنسار کی دکان سے با آسانی اور سستا مل جاتا ہے۔ مٹی کے برتن میں سرسوں کا تیل ڈال کر مردہ سنگ کو اس تیل میں رگڑنا ہے یہاں تک کہ یہ کریم کی شکل میں آ جائے۔ بس یہ دوا اور مرہم تیار ہے۔ جیسے جیسے یہ مرہم چنبل کے زخم پر لگاتے جائیں گے فائدہ ہوتا جائے گا۔ میں نے چند دن یہ لگایا اور چنبل کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا۔ میری والدہ کے بھی چنبل نکلی انہوں نے استعمال کرنا شروع کیا انہیں بھی سات دن یہ مرہم لگانے سے آرام آ گیا۔ اگر کسی کے زیادہ مسئلہ ہو تو چالیس دن لگاتار استعمال کرنے سے افاقہ ہو جاتا ہے۔ اس علاج کے بعد مجھے چنبل دوبارہ کبھی نہیں ہوئی الحمدللہ۔ پہلے تو ایسا ہوتا تھا کہ کوئی بھی علاج کرتا اس سے چند دن آرام آتا اور یہ پھر سے ظاہر ہو جاتی تھی۔ یہ نسخہ تین سے چار لوگوں کو استعمال کروایا، انہیں بھی افاقہ ہوا۔ (سرمد، عارفوالہ)

# جادو اور جادوگروں کو بے بس کر دینے والا آسان عمل

کالے جادو کا ایک طاقتور وار جو ہنومان کے ذریعے ہوتا ہے جو برتن کو ریزہ ریزہ' انسان کو بوٹی بوٹی' ہڈیوں کو چورہ چورہ دکان کی اینٹ سے اینٹ بجا دیتا ہے' گھر کو برباد' ویران اور قبرستان بنا دیتا ہے' نسلیں سسکتی ہیں' روحیں تڑپتی ہیں' وجود منتشر ہو جاتا ہے' کھلی کلیاں بکھر جاتی ہیں' پھول مرجھا جاتے ہیں' قہقہے' سسکیوں میں بدل جاتے ہیں' کامیابیاں ناکامیوں میں بدل کر ہمیشہ کیلئے کالی مہریں لگ جاتی ہیں۔ ہنومان بندر کی شکل کا ایک وجود' جس کے اوپر بڑے بڑے بال لیکن چلتا انسانوں کی طرح ہے باقی تمام جسم بندر کی طرح ہے۔ یہ کالے جادو کا خطرناک ترین وار ہے' کیا آپ نے کبھی سوچا کہ ہم اس خطرناک وار سے کیسے بچیں۔ خاص طور پر یہ خطرناک وار 5 انسانوں پر ہوتا ہے: 1۔ نئی نویلی دلہن یا دولہا پر۔ 2۔ پیدا ہونے والے چھوٹے بچے پر۔ 3۔ ایسی بیٹی یا بیٹا جو ترقی کی راہیں' تعلیمی منازل طے کر رہا ہو' اس میں رکاوٹیں۔ 4۔ چلتی روزی پر تیل ڈال کر جلا دیا جاتا ہے۔ 5۔ گھر میں آگ' جلن' بیماریاں' دکھ' تکالیف' اور طوفان۔ بس یہ ہنومان کا کام ہے۔

## کالی شیطانی چیزیں

ہنومان سے بچنا ہر کسی کے بس کا کام نہیں' بڑے بڑے عاملین اس کے آگے بے بس ہو جاتے ہیں لیکن شیخ الوظائف کی نگرانی میں طاقتور روحانی اعمال کی برکت سے ہم ہنومان کے وار سے سو فیصد بچ سکتے ہیں ''بس اس ماہ جولائی میں ہر جمعرات کے دن ایک پاؤ گندم یا جو کا دلیہ لے کر اس پر اول و آخر سات بار درود پاک کے ساتھ صرف چالیس مرتبہ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا پڑھیں' پھر اس دلیے کو گھر کی چھت پر ڈال دیں جہاں پرندے کھالیں جیسے جیسے پرندے یہ دلیہ کھاتے جائیں گے تمام شیطانی' ہنومان کے وار' بلائیں جل کر راکھ ہو جائیں گی۔ اگر جمعرات کے دن یہ عمل چوک جائے تو اگلے دن بھی کر سکتے ہیں۔ آپ محسوس کریں گے کہ آپ کے کندھوں کا بوجھ ہلکا' جسم ہلکا' پریشانیاں اور بندشیں ٹوٹ رہی ہیں' ان شاءاللہ' بس عمل مکمل ہوا۔ یہ عمل بظاہر چھوٹا لیکن جو شخص ہنومان کے جادو میں جکڑا ہے یا اس سے بچنا چاہتا ہے وہ آنکھوں سے جلوے دیکھے گا' کمال دیکھے گا' مظاہر اور مناظر دیکھے گا اور اپنی زندگی میں سکھ' سکون دیکھے گا۔ عبقری آپ کو ہنومان سے بچنے کا ایک عمل ہر ماہ بتاتا رہے گا۔ نوٹ: یہ عمل ہر حالت میں کر سکتے ہیں۔ عمل کا ہدیہ: اس ماہ ہر جمعہ کے دن مسجد کے باہر یا سڑک کے کنارے یا اپنے گھر کے باہر بیٹھے پانی کی سبیل لگائیں۔ راہگیروں کو میٹھا پانی پلائیں۔ تین لوگوں نے بھی پانی پی لیا تو آپ کا عمل مکمل ہو جائے گا عمل کا ثواب حضرت حاجرہؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی ارواح کو ہدیہ کر دیں۔ قارئین! اس عمل سے بے شمار لوگ فائدہ پا رہے اور اپنے مشاہدات لکھ کر بھیج رہے' اگر آپ کو بھی اس عمل سے فائدہ ہوا تو بذریعہ خط ضرور لکھیں اور تفصیل سے لکھیں۔

# پیسے برباد لُٹ گیا‘ برباد ہوگیا مگر مسئلہ حل نہ ہوا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! جب سے ہوش سنبھالی خود کو جادو جنات کے اثرات میں جکڑا دیکھا۔ ہر وقت کسی نہ کسی بیماری‘ مشکل یا مصیبت میں مبتلا رہتا۔ مجھے علم تھا کہ یہ کالے جادو کے اثرات ہیں مگر بے بس تھا۔ علاج کروانے کی بہت کوشش کی مگر پیسے اور وقت کے ضیاع کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوسکا۔ خواہش تھی کہ اعلیٰ تعلیم حاصل کروں مگر اکثر طبیعت اس قدر ناساز ہوجاتی کہ ہفتوں بستر پر لیٹا رہتا۔ گھر والوں کا خیال تھا کہ یہ طبی مسئلہ ہے اور انہوں نے اپنی تسلی کے لئے مختلف ڈاکٹروں سے علاج کروانے کی کوشش کی مگر فائدہ نہ ہوا اور جب میری حالت دن بدن بگڑتی گئی‘ رات کو اکثر جھٹکے لگتے یا ڈراؤنے خواب آنے کے بعد جب چیختا چلاتا تو ان کیفیات کو دیکھتے ہوئے انہیں بھی یقین ہوگیا کہ یہ جسمانی نہیں بلکہ روحانی بیماری ہے۔ میری بہن ہر ماہ عبقری رسالہ پڑھتی تھی‘ وہ اکثر رسالہ سے دیکھ کر مجھے روحانی وظائف بتاتی تھیں مگر میں اس وقت زیادہ توجہ نہ دیتا تھا کیونکہ مجھے اعمال کی طاقت پر یقین نہ تھا۔ مگر جب ہر طرف سے مایوسی کے سوا کچھ نہ ملا تو پھر شب جمعہ کی روحانی محافل سننا شروع کیے‘ ذکر اور تسبیح کا ساتھ لیا۔ ایک دن عبقری رسالہ میں ہجویری محل خدمت کے مشاہدات پڑھے تو میں نے بھی فیصلہ کیا کہ چند دن یہ سعادت حاصل کروں۔ اگلے ہی دن ہمراہ بستر لاہور شیخوپورہ روڈ پر واقع ہجویری محل پہنچ گیا۔ وہاں ایک ہفتہ خدمت کی اور ساتھ آستانہ منت مراد میں موجود روحانی اعمال بھی کرتا رہا۔ اس دوران طبیعت بھی ناساز ہوئی مگر میں نے ہمت نہ ہاری۔ جب گھر واپس آیا تو میرا جسم ہلکا پھلکا ہوچکا تھا جیسے کوئی بہت بڑا بوجھ جسم سے اتر گیا ہو۔ اب الحمدللہ صحت دن بدن بہتر ہورہی ہے جادو کے اثرات ختم ہورہے ہیں۔ جو بڑے بڑے عامل نہ کر پائے وہ چند دن ہجویری محل خدمت کرنے سے ممکن ہوگیا۔ (محمد سرفراز‘ گجرات)

## دس سال بعد بچھڑا بھائی مل گیا!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آج سے تقریباً دس سال پہلے بھائی یورپ کے ایک ملک میں روزگار کی تلاش میں گیا۔ کچھ عرصہ بعد اسے روزگار مل گیا‘ چند سال میں تمام قرض بھی چکا دیا مگر کئی سال گزرنے کے باوجود بھی اسے بیرون ملک نیشنیلٹی نہیں مل رہی تھی۔ نو سال گزر جانے کے باوجود بھی وہ گھر واپس نہ آسکا۔ بھائی کے اس مسئلہ کی نیت سے گزشتہ سال سوا لاکھ درود پاک کے چلہ کی تیاریوں کے سلسلہ میں چالیس دن خدمت کی۔ جب چلہ مکمل ہوا تو ایک ہفتہ بعد گھر واپس گیا۔ الحمدللہ چالیس دن بھی نہ گزرے تھے کہ قانونی پیچیدگیاں ختم ہوگئیں‘ بھائی کو نیشنیلٹی مل گئی اور دس سال بعد چھٹیوں پر گھر واپس آگیا۔ گھر والوں نے جب بھائی کو ساری بات بتائی تو وہ عبقری کا دیوانہ ہوگیا کہ واقعی کسی غیبی مدد کے ذریعہ ہی میرا مسئلہ حل ہوا ہے۔ (میاں رضوان‘ لاہور)

## طبِ نبوی حُسن وجمال کریم

**سرخ وسفید گلاب جیسی شگفتہ جلد اب آپ بھی پائیے**

چہرے پر داغ‘ دھبے‘ جھریاں‘ پیپ نما دانے خشک جلد کا پھٹنا‘ چہرے پر فالتو بالوں کیلئے ”طبِ نبوی حسن وجمال کریم“ بہترین نسخہ ہے۔

**نوٹ: ہجویری محل میں ترقی‘ کامیابی پانے‘ مسائل مشکلات اور الجھنوں سے چھٹکارے کیلئے چند دن‘ چند ہفتے وہاں عبادت اور خدمت کیلئے ہمراہ بستر جائیں۔**

# ہائی بلڈ پریشر کی ادویات کا بہترین متبادل!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند دن پہلے ہمارے گھر میں دعوت تھی تو چچا کے گھر سے صرف میرا چچا زاد اور ان کے بچے آئے‘ پوچھنے پر چچا زاد بتانے لگا کہ والد صاحب کا بلڈ پریشر بہت ہائی ہوجاتا ہے۔ دوائیاں استعمال کروا رہے ہیں‘ وقتی فائدہ ہوتا ہے مستقل نہیں ہورہا۔ جس دن دوائی استعمال نہ کروائیں بلڈ پریشر ہائی ہوجاتا ہے اور والد صاحب کی حالت یہ ہوتی ہے کہ بستر سے نہیں اٹھ سکتے‘ جسم گرم ہوجاتا ہے اور طبیعت خراب ہوجاتی ہے۔ والد صاحب کی صحت کے حوالے سے بہت پریشانی ہے۔ بلڈ پریشر کا مسئلہ کسی طرح بھی قابو نہیں ہورہا۔ بلڈ پریشر کی وجہ سے سر میں درد رہتا ہے اور کبھی سانس میں گھٹن ہوجاتی ہے‘ دل کی دھڑکن غیر معمولی تیز ہوجاتی ہے۔ ادویات کے بھی مضر اثرات سامنے آرہے ہیں۔ اب بھی طبیعت زیادہ خراب تھی اس لئے باقی گھر والے نہیں آسکے۔ میں نے انہیں عبقری دواخانہ کا ”بلڈ پریشر شفاء“ استعمال کروانے کا مشورہ دیا اور بیٹے کو بھیج کر عبقری ایجنسی سے ایک بوتل ”بلڈ پریشر شفاء“ کی لاکر ان کو دے دی۔ دیسی سیرپ کے استعمال پر اس کا دل نہیں مان رہا تھا۔ کئی دن تو انہوں نے یہ سیرپ استعمال ہی نہ کروایا۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ ان کی انگریزی دوائی ختم ہوگئی‘ بلڈ پریشر ہائی ہوا تو مجبوراً عبقری کا ”بلڈ پریشر شفاء“ دینا پڑا، پہلی خوراک سے ان کو اس کی افادیت کا اندازہ ہوگیا۔ دو دن استعمال کے بعد جو فائدہ ہوا وہ ناقابل بیان ہے۔ انہوں نے چچا کو تین بوتلیں مزید استعمال کروائیں اور آج تک وہ بالکل ٹھیک ہیں۔ ان کے گھر سے دوائیوں کا ڈھیر ختم ہوگیا صرف ایک سیرپ سے بہترین صحت مل گئی۔ (سیف الرحمٰن، میانوالی)

## مقبول گھڑی کو کیش کریں اور ساری عمر عیش کریں

تسبیح خانہ قبولیت کی گھڑیاں کیش کروانا خوب جانتا ہے‘ آپ بھی زندگی سے دکھوں کا خاتمہ چاہتے ہیں تو 9، 10 محرم تسبیح خانہ لاہور میں گزاریں‘ روحانی جانثاروں کی الوداعی دعا کے خاص عمل میں شامل ہوکر دعائیں قبول کروالیں۔

## منہ کے تکلیف دہ چھالوں سے نجات

محترم حکیم صاحب اسلام علیکم! گرمیوں کے موسم میں بعض لوگوں کو منہ میں چھالے یا زخم ہوجاتے ہیں جو بہت تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو ان کی تکلیف اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ کھانا پینا بھی مشکل ہوجاتا ہے۔ پھر طرح طرح کی ادویات استعمال کی جاتی ہیں جس سے بعض اوقات افاقہ ہوجاتا ہے اور بعض اوقات معدہ کی گرمی مزید بڑھ جاتی ہے جس وجہ سے یہ مسئلہ شدت اختیار کر جاتا ہے۔ ان تکلیف دہ چھالوں سے نجات کے لئے میرے دو آزمودہ ٹوٹکے پیش خدمت ہیں جو بھی میسر ہو یا مناسب لگے استعمال کریں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

1۔ اگر منہ میں چھالے ہوں تو ثابت دھنیا بھگو کر صبح نہار منہ پانی پی لیا جائے تو چھالے ختم ہوجاتے ہیں اور سوتے وقت دانت برش یا مسواک کر کے سونے سے چھالے بہت جلد ٹھیک ہوں گے۔ یہ میرا آزمایا ہوا ٹوٹکہ ہے۔

دوسرا ٹوٹکہ اگر منہ میں چھالے ہوجائیں تو ایک چمچ پھٹکری کا پاؤڈر بنا کر اس کو ایک پیالی عرقِ گلاب میں حل کر کے چھالوں پر لگانے سے اور کلیاں کرنے سے چھالے ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ (نجمہ‘ گوجرانولہ)

ایڈیٹر کے قلم سے — قسط نمبر 20 — میرے خاندانی حالات

# ریاست میں بیٹھے قلندر نے امیر کبیر ہونے کا راز بتا دیا

میں نے گزشتہ صفحات میں شیخ عنایت علی کا تذکرہ کیا جو کہ بہت زیادہ تجربہ کار، باکمال وکیل اور قانون دان تھے۔ وہ اکثر میرے پاس علاج کے لیے تشریف لاتے تھے اور بیٹھتے ہی بہت سے انوکھے واقعات اور باتیں بتاتے تھے۔ ایک مرتبہ کہنے لگے:

"Live Like a Hermit and Work Like a Horse" یعنی فقیروں درویشوں کی طرح سادہ زندگی گزارو اور گھوڑے کی طرح کام کرو۔

میں نے ان کی زندگی میں سادگی دیکھی، عاجزی دیکھی، ایک مرتبہ فرمانے لگے: یہ بہت سی چیزیں میں نے آپ کے دادا رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کی ہیں، ان کی زندگی میں یہی عاجزی اور سادگی تھی اور وہ یہی زندگی گزار رہے تھے، پھر ان کا ایک واقعہ سنایا:

## قابل ترس حالت

ایک مرتبہ وہ گھر بیٹھے تھے میں انہیں ملنے گیا، میری جوانی تھی، میں نے جینز پتلون پہنی ہوئی تھی اور پتلون اتنی تنگ تھی کہ میں نیچے بچھے بچھونے پر آسانی سے نہ بیٹھ سکا، بمشکل بیٹھا، میری اس حالت کو دیکھتے ہوئے ان کی آنکھوں میں میرے لیے ہمدردی کے آثار محسوس ہوئے، بہت دیر مجھ سے سادگی درویشی کے موضوع پر باتیں کرتے رہے، مجھے شیخ صاحب نے جو باتیں سنائیں ان میں ایک بات یہ تھی:

## انسانی زوال کی اہم نشانی

جب دولت بہت زیادہ آجائے تو احتیاط کا دامن اکثر چھوٹ جاتا ہے، یہی وقت انسان کے زوال کا ہوتا ہے اور انسان اگر احتیاط سے خرچ کرے تو کبھی بھی فقیر، تنگدست اور تہی دست نہیں ہوتا اور ساتھ ''تمبالو'' (''تمبالو'' تانبے کا وہ برتن جس میں پرانے لوگ سکے، پیسے، روپے رکھتے تھے) کو ہاتھ میں لیکر فرمایا کہ دیکھو یہ برتن ہے جس میں میں پیسے رکھتا ہوں، مال رکھتا ہوں، کبھی اس برتن کی بھی میں بے ادبی نہیں کرتا، اس کو پاؤں کی طرف نہیں رکھتا اسے ہمیشہ سرہانے رکھتا ہوں، نعمت ادب مانگتی ہے، اگر نعمت میں ادب نہ ہو، کریم نعمت چھین لیتا ہے اور پھر بعض اوقات صرف اسی سے چھنتی ہے لیکن اگر بے قدری زیادہ ہو تو نسلوں سے چھن جاتی ہے، پھر بامشکل کچھ نسلوں کے بعد وہ نعمت واپس لوٹتی ہے۔

## ناخن اور نصیب کا تعلق

شیخ عنایت علی صاحب نے مزید میرے داداؒ کے بارے میں بتایا کہ وہ فرماتے تھے: اپنے ناخن کبھی باہر نہ پھینکنا کیونکہ انہیں جنات بھی اٹھاتے ہیں اور انسان بھی، ان پر جادو ہوتا ہے، انہیں دفن کرنا اور دفن کرنے سے ہی فائدہ ہوتا ہے۔ پھر انہوں نے اس کے متعلق بہت زیادہ واقعات سنائے کہ ناخن فلاں بندے نے باہر پھینکے اس پر سخت جادو ہوا اور جادو بھی جنات نے کیا، اس پر اتنی مصیبتیں، اتنی پریشانیاں اور اتنے سخت حالات آئے کہ اس کی زندگی تنگ ہوگئی، خراب حالات، مشکلات اور مسائل بڑھتے چلے گئے۔

## مفکر، مدبر اور باکمال درویش

شیخ صاحب فرمانے لگے: میں ان کے پاس جب بھی بیٹھتا تھا نصیحتیں، دعائیں سخاوت، محبت میں نے ان سے سیکھی اور واقعی وہ عظیم انسان تھے۔ میری زندگی میں جتنا بھی سیکھنا، سکھانا مجھے ملا ہے اس کا زیادہ تر حصہ انہی سے ملا ہے۔ شیخ عنایت علی صاحب فرماتے تھے کہ آپ کے بڑے درویش بھی تھے مفکر، مدبر بھی تھے پڑھے لکھے اور باکمال بھی تھے۔


**عروج وکمال پانا چاہتے ہیں تو ضرور پڑھیں**

عروج وکمال پانے کے خواہشمند ہیں، چاہتے ہیں نقصان نہ ہو، سوا رب درود پاک کے چلہ میں استخارہ کیلئے موتی، باوقار رہنے کیلئے تنکوں اور سبز کاغذ کے طلسماتی اعمال میں ضرور شامل ہوں۔


ص، راولپنڈی

# کالی تھیلی کے عمل سے کالے لوگ بے نقاب

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! بے شک عبقری رسالہ اور تسبیح خانہ سے ملنے والا ہر روحانی عمل قیمتی اور فائدہ سے خالی نہیں ہے۔ ہر وظیفہ کی اپنی تاثیر ہے مگر تسبیح خانہ میں کالی تھیلی کے عمل اور دعائے حضرت علیؓ کے گیارہ جمعراتوں پر مشتمل چلہ کا سارا سال انتظار رہتا ہے۔ ہر سال جس نیت سے بھی ان گیارہ جمعراتوں میں تسبیح خانہ لاہور حاضری دیتی ہوں، میری وہ مشکل اور پریشانی ختم ہو جاتی ہے۔ ہر مسئلہ حل ہوتا ہے اور من کی مرادیں پوری ہوتی ہیں۔

گزشتہ کچھ عرصہ پہلے گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہو گئے، چار دیواری میں کی ہوئی باتیں رشتہ داروں میں پہنچ جاتیں جنہیں مختلف انداز سے سسرالی رشتوں میں پھیلایا جاتا اور پھر دو افراد سے بات نکل کر خاندانوں میں لڑائی اور ناراضگی کا سبب بن جاتی۔ مجھے سمجھ نہیں آتا تھا کہ کون سا ایسا شخص ہے جو میرے شوہر اور سسرال والوں کے میرے خلاف اکسا رہا ہے۔ گزشتہ سال میں نے اسی نیت سے گیارہ جمعراتوں کے اس طاقتور عمل میں شامل ہوئی۔ پھر نو اور دس محرم الحرام کو تسبیح خانہ میں ان اعمال کی الوداعی دعا میں شامل ہوئی، خوب گڑگڑا کر اللہ سے دعا مانگی، حسب استطاعت لنگر دل کھول کر اپنے ہاتھوں سے تقسیم کیا۔ چند ہی ہفتوں بعد مجھ پر حقیقت کھل گئی، ہماری ایک قریبی عزیزہ میری ہمدرد بن کر مجھ سے باتیں نکلوا کر منفی انداز میں سسرال والوں کے آگے پیش کرتی جس کے بعد غلط فہمیاں بڑھنا شروع ہو جاتیں اور لڑائی جھگڑے کی صورت بن جاتی، اسی وجہ سے شوہر کے دل میں میرے لئے نفرت پیدا ہوتی جا رہی تھی۔ اس کے بعد میں نے احتیاط شروع کر دی اور ان روحانی اعمال کی برکت سے اللہ تعالیٰ سے مانگتی رہی جس کے بعد حالات سدھرنا شروع ہو گئے۔ شوہر اور سسرال والوں پر بھی حقیقت آشکار ہوگئی۔ اب گھر میں میری پہلے سے بھی زیادہ عزت ہے اور قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تسبیح خانہ کو سدا خیر، برکت اور گھر بسانے کا ذریعہ بنائے رکھے آمین!


ہر گھر ہر فرد کی ضرورت

**سچا منجن**

داڑھ کا درد، کیڑا لگنا، مسوڑھوں سے خون آنا، ٹھنڈا یا گرم لگنا، منہ کی بدبو وغیرہ کیلئے لاجواب


چہرے کو تازہ کرنے کے بعد شاپ سے ایک چہرہ جلالی گے تیرت زدہ جھکتی آنکھوں سے اس کو صرف پیشانی پر پھیرنا ہے اور ناک کی لوح پر عزت، وقار، شان وشوکت، سربلندی اور وہ جو آپ چاہتے ہیں باآسانی آپ کی جھولی میں۔ یہ سب 28 جولائی اتوار آپ کو ملے گا۔

| کالے رنگ کی کھجوریں | شیر زخمی حالت میں | سفید روئی جیسا پانی | گھر کی چھت | خواب اور شیخ الوظائف کی روشن تعبیر |
|---|---|---|---|---|

## گھر کی چھت ہل رہی ہے

خواب: میں نے دیکھا کہ ہمارے گھر کے پیچھے والی بلڈنگ فروخت ہوگئی ہے اور اس کے آدھے حصے کو گرا دیا گیا ہے باقی آدھا حصہ بالکل ٹھیک ہے۔ میں کہتی ہوں کہ اب پچھلی گلی دکھائی دے رہی ہے۔ میں چھت پر ہوتی ہوں تو چھت بھی ہلنے لگتی ہے، کوئی کہتا ہے کہ ساتھ والے ہمسائے نے کھدائی کی ہے اس کی وجہ سے ہماری چھت ہل رہی ہے، میں جلدی سے نیچے آجاتی ہوں۔ (فاطمہ کوثر، کراچی)

تعبیر: خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کے کسی اہم کام میں شدید قسم کی رکاوٹ پیدا ہوجائے گی تاہم پنج وقتہ نماز کی پابندی کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ گیارہ بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

## ببر شیر زخمی حالت میں

خواب: میں نے دیکھا کہ میں اپنے گھر کے اوپر والے کمرے کی کھڑکی سے لان کی طرف دیکھ رہی ہوں۔ اس میں بہت سبز اور فریش گھاس لگی ہے۔ لان میں ایک نامعلوم لڑکا ٹہل رہا ہے۔ میں سوچتی ہوں اگر میں بھی صبح اس لان میں چہل قدمی کرلوں تو میری صحت اور جسمانی فٹنس کے لئے بہت اچھا ہوگا۔ اس وقت سنہری دھوپ نہایت حسین لگ رہی ہوتی ہے۔ پھر منظر بدلتا ہے میں دیکھتی ہوں کہ میری شادی ہونے والی ہے اور رسوم ادا کرتی ہیں۔ پھر ایک ببر شیر کو دیکھا جس کے دو بچے ہیں پھر دیکھا کہ جس جگہ شادی کی رسوم ادا ہوئی ہیں وہاں کے فرش پر تازہ خون تھا ببر شیر اور وہ دونوں شیر کے بچے اس جگہ زخمی حالت میں لکڑیوں پر پڑے ہیں اور ان سے ہی یہ خون کے قطرے گر رہے ہیں۔ (حمنہ نیاز، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ مذکورہ رشتہ ان شاء اللہ بہت مبارک ثابت ہوگا اور حاسد دشمن ناکام ہوں گے۔ آپ یَا کَرِیْمُ بعد نماز عشاء 41 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

## کالے رنگ کی کھجوریں

خواب: میں نے دیکھا کہ میں پھل لینے جا رہا ہوں۔ راستے میں ایک ٹھیلے والا کھڑا ہوتا ہے۔ میں اس کو کہتا ہوں کہ بھائی کھجور کتنے کی کلو ہے۔ وہ کہتا ہے کہ دو روپے کلو ہے، میں سوچتا ہوں اتنی مہنگائی میں دو روپے کلو، میں اس سے پوچھتا ہوں تو وہ کہتا ہے کہ بھائی میں ملازم ہوں ہمارے مالک جو کھجوروں کا سارا حساب کرتے ہیں انہوں نے یہی ریٹ بتایا ہے، میں سوچتا ہوں وہ بڑا ایمان دار ہوگا، پھر سوچتا ہوں کہ سستی ہیں، زیادہ لیتا ہوں، دکان والے کو ایک کلو کہتا ہوں وہ دل کھول کر دیتا ہے۔ ان میں کچھ کھجوریں کالی ہوتی ہیں میں کھجور کھا کر دیکھتا ہوں، پھر میری نظر آم پر پڑتی ہے، آم بھی چکھتا ہوں۔ سامنے سے ایک کتا آتا ہے اور میں اسے دیکھتا ہوں، وہ میرے سامنے آکر کھڑا ہوجاتا ہے، کچھ دیر مجھے دیکھ کر وہ کتا واپس چلا جاتا ہے۔ (ذیشان احمد، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے رزق میں برکت اور خوشحالی نصیب ہوگی اور جو بھی خرید و فروخت کریں گے اس میں ان شاء اللہ بہت نفع ہوگا۔ آپ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھ کر دعا کرلیا کریں اور حسب توفیق صدقہ دیتے رہیں۔

## سفید روئی جیسا پانی

خواب: میں نے دیکھا کہ ایک بہت وسیع و عریض سمندر ہے اس کا پانی بالکل سفید روئی کی طرح ہوتا ہے۔ اوپر آسمان کی طرف دیکھتی ہوں تو وہ بھی روئی کی طرح صاف شفاف ہے۔ سمندر میں خوب لہریں اٹھ رہی ہیں۔ ان میں بہت سارے لوگ تیر رہے ہیں۔ اسی سمندر کے پانی پر میں چل رہی ہوں، بالکل ایسے جیسے زمین پر چلتے ہیں۔ مجھے سمندر کے دوسری طرف جانا ہوتا ہے۔ تھوڑی دیر بعد دیکھا کہ میری بہن بھی میرے ساتھ اسی سمندر میں چل رہی ہوتی ہے اور میری آنکھ کھل گئی۔ (کنز احمید)

تعبیر: خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو وافر رزق عطا فرمایا جائے گا۔ نیز گناہوں سے توبہ کی توفیق نصیب ہوگی۔ آپ کثرت سے استغفار کریں اور صدقے کا اہتمام کریں۔

# 80 سال کی عمر میں بھی گھنے اور مضبوط بال

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو اور آپ کی نسلوں کو سدا شاد و آباد رکھے۔ آپ نے کپڑے دھونے والے صابن کے فوائد لکھنے کا اعلان فرمایا تھا۔ میں نے اس صابن کے تجربات دیکھے ہیں اور ہم نے خود بھی یہ صابن استعمال کیا اس کے بہت فوائد ملے اس سے جسمانی الرجی بھی ختم ہوئی اور جسم کی جلد بھی نرم ہوگئی جو کہ سخت ہوچکی تھی۔ اس صابن سے سر دھونے سے سر کی خشکی بھی ختم ہوگئی۔

## دادی کے لمبے بالوں کا راز

اس کے علاوہ میرے جاننے والوں کا تجربہ ہے۔ میری دوست کہنے لگی میری دادی ہمیشہ کپڑے دھونے والے صابن سے سر دھوتی تھیں۔ انہوں نے کبھی شیمپو استعمال نہیں کیا اور ان کے بال پاؤں تک لمبے تھے اور اب میری دوست اور ان کی بیٹیاں بھی نہانے اور سر دھونے کے لئے کپڑے دھونے والے صابن کا استعمال کرتی ہیں ان کے بال میں نے خود دیکھے بالکل سیاہ اور لمبے ہیں۔

میری ایک پھوپھی زاد ہیں وہ بھی کپڑے دھونے والے صابن سے سر دھوتی ہیں آج اُن کی عمر 80 سال ہے اور آج بھی اُن کے بال گھنے اور سیاہ ہیں اُن کے آج تک بال نہیں جھڑے، صابن سے دھونے کے بعد سرسوں کا تیل بھی استعمال کرتی ہیں۔

## کمزوری اور نقاہت کا بہترین حل

رمضان کا روزہ کے بعد جسم میں بہت کمزوری محسوس ہوتی تھی کوئی کام نہ کیا جاتا تھا۔ میں نے عبقری میگزین میں سیرین (پرانا نام اکسیر البدن) کے فوائد پڑھے اور میں نے استعمال کرنا شروع کی اس کے میں نے بہت سے فوائد پائے تین سال ہوگئے مجھے یہ استعمال کرتے ہوئے میں اپنے گھر کے سارے کام خود کرتی ہوں آپ کی ہر دوائی سو فیصد خالص ہے۔ بہت فائدہ ملا کبھی مایوسی نہیں ہوئی، حضرت جی آپ کی دُعاؤں کی محتاج ہوں آپ سے گزارش ہے کہ میرے اور میرے بچوں کے لئے خصوصی دُعا فرمائیں۔ (کبریٰ بی بی، اسلام آباد)

صحت مند ماں
تندرست بچہ
حاملہ ٹانک
نہایت لذیذ اور صحت بخش
خواتین میں اعصابی کمزوری، پٹھوں کا کھچاؤ، کمر درد
حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کیلئے بہترین ٹانک

(پوشیدہ)

# موبائل کا غلط استعمال! معاشرے میں ذلیل و رسوا ہو گئی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری کے بارے میں بہت سا لوگ بہت تعریف کرتے ہیں کرتوں کے اس دور میں بہت بڑی خیر اور بھلائی کا ذریعہ ہے۔ جب سے عبقری سے تعارف ہوا ہے ہر ماہ باقاعدگی کے ساتھ عبقری رسالہ پڑھتی ہوں۔ لوگوں کے مشاہدات اور تجربات پڑھ کر زندگی کے مختلف معاملات میں بہت فائدہ ہوتا ہے۔ چند ماہ قبل عبقری رسالہ میں موبائل کے منفی استعمال سے متعلق ایک تحریر پڑھی۔ عبقری لوگوں کی رازداری کا خیال رکھتا ہے اس لیے فیصلہ کیا کہ اس ضمن میں اپنا ذاتی تجربہ تحریر کروں۔ میں چادر اور چار دیواری میں رہنے والی لڑکی تھی۔ بچپن اور جوانی کے ابتدائی دور میں موبائل سے بچی رہی۔ گھر کے خراب مالی حالات کے پیش نظر ایک نجی تعلیمی ادارے میں پڑھانا شروع کیا۔ موبائل فون نہ ہونے کی وجہ سے رابطہ میں مسئلہ رہتا۔ انتظامیہ کے اصرار پر موبائل رکھنے پر مجبور ہو گئی۔ تنخواہ میں سے پیسے جمع کر کے والد صاحب کے ذریعے ایک سمارٹ موبائل فون خریدا۔ والد صاحب کو مجھ پر پورا اعتماد تھا اس لئے انہوں نے کبھی منع نہ کیا۔ میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا کیونکہ جس طرح کا گھر کا ماحول تھا میں تو توقع کر رہی تھی کہ موبائل رکھنے پر سخت مخالفت کی جائے گی مگر ایسا نہ ہوا۔

## سوشل میڈیا کے استعمال پر والد کی تنبیہ

میں نے بھی فیصلہ کیا کہ موبائل فون کو صرف ضرورت کے لئے استعمال کروں گی۔ کسی بھی نامحرم یا کسی قسم کا منفی استعمال نہیں کروں گی جس سے گھر والوں کے اعتماد کو ٹھیس پہنچے کیونکہ وہ یہ چیز کبھی برداشت نہیں کریں گے۔ لہٰذا میں موبائل کو صرف اشد ضرورت کے تحت ہی استعمال کرتی۔ میرا موبائل نمبر صرف اساتذہ کے پاس تھا، کسی رشتہ دار اور عزیز کو موبائل نمبر دینے سے گریز کرتی۔ آہستہ آہستہ وقت گزرتا گیا، چند ماہ کے بعد میں نے موبائل پر سوشل میڈیا کی ایک معروف ایپ انسٹال کی جس میں صرف اصلاحی طرز کی ویڈیوز دیکھتی۔ چند عرصہ بعد والد صاحب کو علم ہوا تو انہوں نے سخت ناراضگی کا اظہار کیا اور کہا کہ اسے فوراً ختم کرو۔

میں نے والد صاحب کی بات پر زیادہ توجہ نہ دی۔ آہستہ آہستہ اصلاحی ویڈیوز سے مزاحیہ ویڈیوز دیکھنا شروع کر دیں۔ ایک دن انٹرنیٹ کے ذریعے اسی ایپ پر ایک عزیز رشتہ دار کی طرف سے میسج موصول ہوا۔ بات سلام دعا سے شروع ہوئی اور پھر آہستہ آہستہ بڑھتی چلی گئی۔ میری توجہ روزمرہ کاموں سے ہٹ گئی اور گھنٹوں فون پر بات ہوتی۔ ان کی محبت مجھ پر اس قدر حاوی ہو گئی کہ میں پر عزم کر گیا، جلدی اپنی غلطی کا احساس ہو گیا لہٰذا میں نے بات کرنا ختم کر دی اور اس لڑکے کو بھی کہا خدا کے لیے اس تعلق کو کسی کو نہ بتائے کیونکہ میرے گھر والے کبھی یہ برداشت نہیں کریں گے۔ میں نے انٹرنیٹ کا استعمال ختم کر دیا اور صرف ضرورت کے تحت ہی دن میں چند منٹ موبائل استعمال کرتی۔

## معاشرہ میں ذلیل و رسوا ہو گئی

جس لڑکے سے میری فون پر چند دن بات ہوئی تھی اس نے خاندان میں یہ بات پھیلا دی اور رشتہ داروں میں مجھ پر ایسے غلیظ الزامات لگائے جن سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں تھا۔ بھائی، بہن اور والد صاحب سب سخت ناراض ہوئے، ان کے اعتبار اور اعتماد کو ٹھیس پہنچی تھی۔ موبائل واپس لے لیا گیا۔ تمام گھر والے میری وجہ سے سخت شرمندہ ہیں۔ میری ایک غلطی کی وجہ سے سب کے سر شرم سے جھک گئے۔ خاندان میں بدنام ہو چکی ہوں اب رشتہ داروں میں کوئی بھی شادی کرنے کو تیار نہیں۔

قارئین! آپ سے درخواست کروں گی کہ خدارا موبائل فون کے استعمال میں احتیاط کریں ایسا نہ ہو کہ اس دلدل میں اتنا دھنس جائیں کہ اپنے ہاتھوں سے اپنی زندگی برباد کر لیں۔ اللہ ہم سب کی عزت و عصمت کی حفاظت فرمائے آمین!

## اگلا چاند گرہن

2024ء کا اگلا گرہن 18 ستمبر 2024ء کو لگے گا۔ گرہن کی جزوی ابتداء پاکستانی وقت کے مطابق صبح تقریباً 5 بج کر 41 منٹ 7 سیکنڈ سے ہوگی باقاعدہ آغاز 7 بج کر 12 منٹ 58 سیکنڈ جبکہ انتہائی نقطہ عروج 7 بج کر 44 منٹ 18 سیکنڈ اور خاتمہ گرہن رات 9 بج کر 47 منٹ 27 سیکنڈ پر ہوگا۔ گرہن کا کل دورانیہ تقریباً چار گھنٹے چھ منٹ کا ہوگا۔ قارئین! ہر ماہ بے شمار لوگ سورج اور چاند گرہن کے اعمال سے مستفید ہو رہے ہیں آپ بھی اپنے مشاہدات ضرور لکھ کر بھیجیں۔

بچوں، بڑوں، بوڑھوں اور خواتین سب کیلئے یکساں مفید

ال قلعہ شاہی طاقت ٹانک

قوت مدافعت بڑھائے

جوڑوں اور کمر کا درد | اعصابی کمزوری

نظر کی کمزوری | یادداشت کی کمی

# تیرگی کی تنگی سے زندگی کے اندھیرے دور کرکے مشکلیں ختم!

کسوف و خسوف

سورج چاند گرہن 2024ء



قارئین! عبقری ہر ماہ ایسے طاقتور روحانی اعمال دے رہا جس کی برکت سے آپ سارا سال سورج اور چاند گرہن کے اثرات سے حفاظت میں رہیں گے اور محض اللہ کے نام کی برکت سے سارا سال دنیا کی آفات و بلیات ان شاء اللہ آپ کے قریب نہیں آئیں گی۔ 2024ء کے سورج چاند گرہن کے اثرات بہت خطرناک ہیں۔ اپنی نسلوں کو محفوظ رکھیے، گھر کاروبار کو محفوظ رکھنے کیلئے اور نحوست سے حفاظت کے لیے یہ عمل ماہ جولائی 2024ء کیلئے دیا جا رہا ہے۔

ایک کالے رنگ کا موٹا دھاگہ لیں، ماہ جولائی کے ہر اتوار والے دن عصر سے مغرب کے درمیان اپنے اور اپنے اہل و عیال کی مشکلات، مصائب، جادو جنات اور تمام مسائل کا تصور کرتے ہوئے اول و آخر درود پاک کے ساتھ اکتالیس مرتبہ یَا قَیُّوْمُ پڑھ کر دھاگہ پر ایک گرہ لگا دیں۔ اسی ترتیب سے ماہ جولائی کی ہر اتوار یہی عمل کریں۔ پھر اس دھاگہ کو اس تصور کے ساتھ جلا دیں کہ تمام بندشیں جادو کے وار ختم ہو رہے ہیں۔

ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے ہر قسم کی نحوست بھرے اثرات سے حفاظت رہے گی اور اس ماہ آفات و بلیات سے بھی یقینی حفاظت اور نجات ملے گی۔ یہ روحانی عمل آپ کو اس ماہ کی نحس گھڑیوں سے حفاظت میں رکھے گا جس سے غم اور دکھ درد دور ہوں گے ان شاء اللہ۔

عمل کا تحفہ: اس ماہ حسب توفیق کالی رنگ کی مٹھائی پر ایک تسبیح مذکورہ بالا کلمات کی پڑھ کر لوگوں میں تقسیم کر دیں اور اس تمام عمل کا ثواب حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی ارواح مبارکہ کو ہدیہ کر دیں۔

نوٹ: یہ عمل ہر حالت میں کر سکتے ہیں۔

# روشن چہرہ، دماغ اور صحت میں نئی تازگی کا گُر

(احرم ہیتانی، لاہور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالے میں آپ کے طبی آرٹیکل میں ایک ٹوٹکہ پڑھا تھا جس کا مجھے بے حد فائدہ ہوا۔ آپ کے آرٹیکل کی چند سطریں دوہرا کر میں اپنے فوائد بیان کر رہا ہوں۔ نئی نسل کو شاید یاد نہ ہو لیکن بڑی عمر کے مرد اور عورتیں یہ بات ضرور بتائیں گے کہ پہلے بچے کو اگر کھانسی، نزلہ، ریشہ، زکام یا دانت نکلنے کی تکلیف ہوتی تو اس کا حلق اندر انگوٹھے سے دبایا جاتا جسے "کوا گرنا یا کوا اٹھانا" کہتے تھے۔ آپ آئینے میں غور سے دیکھیں تو اپنے حلق کے اندر جہاں نگلنے کا نظام ہے وہیں اوپر ایک چھوٹا سا گوشت کا ٹکڑا جس کو عام طور پر کوا کہتے ہیں لٹکا ہوا ہوتا ہے، یہ کوا بہت بڑے بڑے نظاموں کا ریموٹ کنٹرول آلہ ہے، اگر یہ راضی ہے تو جسم کا بہت نظام اور جسم کی صحت آپ سے قریب تر ہے اگر یہ ناراض تو ایسی لاعلاج بیماریاں ہوں گی کہ آپ سوچ نہیں سکتے ہیں۔

## مفت ٹوٹکہ فوائد ہزاروں

میں نے انگوٹھے پر زیتون کا تیل یا شہد لگا کر صبح نہار منہ کوا اٹھانے والا عمل کیا۔ جس کا بہت فائدہ ہوا۔ میں نے مسلسل یہ عمل کیا تو محسوس کیا کہ اس سے چہرہ روشن، ذہن روشن اور کھانے کی نالی منہ سے معدے تک بالکل صاف ہو جاتی ہے۔ معدہ تندرست ہو جاتا ہے اور کانوں کا تکالیف ختم اور کانوں کا نظام بہترین کام کرنے لگتا ہے۔ نزلہ، زکام نہیں ہوتا اور گلہ بھی خراب نہیں ہوتا۔ بس کرنا یہ ہے کہ دائیں انگوٹھے پر زیتون کا تیل یا شہد لگا کر صبح اٹھتے ہی نہار منہ اپنے حلق کے اندر ڈال کر پہلے دائیں طرف دبائیں پھر بائیں طرف دبائیں پھر اوپر کا حصہ اس طرح کچھ دیر کریں۔ جب آپ یہ کریں گے تو شروع کے دنوں میں اس عمل کے دوران آپ کو قے آئے گی اندر کی ساری تیزابیت، بلغم اور بچے ہوئے کھانے کے ذرات جو حلق میں اور کھانے والی نالی میں رہ جاتے ہیں وہ سب آہستہ آہستہ کر کے باہر نکل آئیں گے۔ اندر کا سارا نظام جس میں گلہ، کان اور حلق سے لے کر معدے تک سب صاف ستھرا ہو جائے گا۔ اس کا اثر صحت کی بہتری، چہرے اور دماغ کی روشنی کی صورت میں ظاہر ہوگا۔ اس کے علاوہ جتنا عرصہ میں نے یہ عمل کیا ان دنوں اگر میں رات کا کھانا سونے سے تھوڑی دیر پہلے کھاتا تھا تو صبح یہ عمل کرتے وقت قے آتی تھی اس سے منہ میں کڑواہٹ ہو جاتی تھی میرے خیال میں رات کو دیر سے کھانا کھانا زہر بن جاتا ہے۔ اس لئے رات کو دیر سے کھانا کھانے کے نقصانات بھی اس عمل کی وجہ سے مجھے پتہ چلے۔

## 9 سال پرانا ٹائیفائیڈ بخار ختم

عبقری سے ہمیں ایسے ٹوٹکے اور نعمتیں ملتی ہیں جو کہیں اور نہیں ملتیں۔ اسی طرح تخم بالنگو دودھ میں ڈال کر پینے کے فائدے پڑھے۔ یہ استعمال کرنے سے میرا نو سال پرانا بخار ٹھیک ہوگیا۔ مجھے کافی عرصہ سے یہ مسئلہ چلا آ رہا تھا کہ جسم کے اندر جیسے بخار ہو جاتا ہے ویسی کیفیت رہتی تھی۔ بہت پہلے مجھے ٹائیفائیڈ بھی ہوا تھا شاید اس کی وجہ سے یہ مسئلہ تھا۔ مجھے یہ مسئلہ دس گیارہ سال پرانا تھا۔ ہر وقت بخار کی سی کیفیت رہتی۔ عبقری سے ہی مجھے دودھ میں بالنگو ڈال کر استعمال کرنے کا پتہ چلا تو کچھ عرصہ کے استعمال سے میری صحت ٹھیک ہوگئی۔ میں نے اسے اپنی روزمرہ غذا کا حصہ بنا لیا۔ کبھی دن میں دو دفعہ بھی پی لیتا تھا اور کبھی ناغہ بھی لیکن میں نے اسے چھوڑا نہیں۔ میری صحت اسی سے ٹھیک ہوگئی۔ انہی دنوں عالمی صحت کے اداروں کی رپورٹس بھی آ رہی تھیں کہ پاکستان میں ایک خاص قسم کا ٹائیفائیڈ بخار ہے جو علاج کرنے پر بھی مکمل ختم نہیں ہوتا بلکہ کچھ عرصہ بعد دوبارہ ہو جاتا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ یہ بالنگو دودھ میں ملا کر پینے والا نسخہ اس میں بہت مفید ہے۔

## آئی کیو لیول بڑھانے والا عمل

ایک عمل عبقری میں شائع ہوا تھا جو میں نے کیا اور مجھے اس سے بہت فائدہ ہوا جب بھی آئی کیو لیول کا ذکر ہوتا ہے تو تاثر یہ جاتا ہے کہ شاید یہ عمل صرف طالب علموں کے لئے ہوگا لیکن مجھے جس طرح اس عمل کے فوائد ہوئے مجھے لگتا ہے کہ اس عمل کو ہر کسی کو اپنے معمول میں رکھنا چاہیے۔ یہ عمل دماغ کو روشن اور پرسکون کر دیتا ہے۔ یکسوئی کی طاقت کو بڑھا دیتا ہے اور انسان کو حاضر دماغ بنا دیتا ہے۔ عمل یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی پر 3 مرتبہ پہلا کلمہ پڑھ کر پھونک ماریں اور لفظ علم کا تصور کر کے ماتھے پر اللہ لکھیں۔ اسی انگلی سے پھر 3 مرتبہ پہلا کلمہ پڑھ کر پھونک ماریں اور اسی انگلی سے ماتھے پر لفظ علم کا تصور کر کے محمد ﷺ لکھیں۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد یا صبح وشام کریں بہت مفید ہے۔

## خلائی مخلوق سے دوستی!

ایسا عمل جس کی برکت سے جو چیز چاہیں وہ آپ کی زندگی میں پیش آنے والے مشکل حالات میں فوری غیبی مدد جو چاہتیں اور مرادیں ہیں پوری ہوں گی، کوئی حسرت باقی نہ رہے گی۔ **نومبر 2024ء ہجویری محل سوا ارب درود پاک کے چلہ میں پہلی بار یہ عمل کروایا جائے گا۔**

# بچوں کی اسلامی اور اخلاقی تربیت کیسے ہو؟

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! مجھے تسبیح خانے سے بیعت ہونے کے بعد سب سے پہلا اور بڑا فائدہ یہ ہوا کہ میرے گھر اور نسلوں میں خیر و برکت شروع ہوگئی ہے۔ جو نیک کام اور ذکر واذکار میں نے چالیس سال کے بعد شروع کیے وہ میری اولاد اور گھر والے ابھی سے کرنا شروع ہو گئے ہیں۔ میری بیٹی کی عمر آٹھ سال اور بیٹے کی عمر چھ سال ہے۔ انہوں نے جب سے آپ کی روحانی محفل میں سنا ہے کہ بیت الخلاء میں جنات شیاطین ہوتے ہیں اور وہ بیماریوں کا سبب بنتے ہیں تب سے وہ دونوں بیت الخلاء کی دعا پڑھ کر داش روم جاتے ہیں۔ ماشاء اللہ پڑھائی میں کامیابی کے لئے بھی اعمال کرتے ہیں۔ امتحانات قریب ہوں تو یَا حَسِیْبُ کا وظیفہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھتے ہیں۔ سکول میں پوزیشن لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ سورہ مائدہ کی آیت 114 پر ان کا ایسا اعتماد بن گیا ہے کہ انہوں نے جو چیز کھانی ہوتی ہے وہ یہ آیت گیارہ بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مار دیتے ہیں اور اللہ انہیں عطا کر دیتا ہے۔ (نازش، لاہور)

**قارئین! آپ نے پڑھا تسبیح خانہ کیسے نسلوں کی تربیت کر رہا، ہر ماہ ایسے بچوں کی من کی باتیں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں! اگر آپ بھی اپنی نسلوں میں نیکی، تربیت، مسنون اعمال، ذکر مصلیٰ لانا چاہتے ہیں تو انہیں ہر جمعرات کی محفل میں تسبیح خانہ لانا ہرگز نہ بھولیں!**

انسانیت کی بقاء۔ طب یونانی میں اختفاء
مغزینہ گولیاں
نیا نام نئی پیکنگ، فارمولا، تاثیر اور شفایابی وہی پرانی
➢ دماغی تھکان دور کر کے تازگی و فرحت فراہم کرے۔
➢ دماغ اور اعصابی تقویت کیلئے نایاب تحفہ
➢ دماغی کام کرنے کی صلاحیت بڑھائے۔
➢ ذہن اور حافظہ کو بہتر بناتی ہے۔
پرانا نام روشن دماغ

# افریقن لڑکی کے جسم سے جن نکالنے کا خوفناک واقعہ

کیا انگریز پر جادو' جنات نظر بد اور بندش کے وار ہوتے ہیں؟ حقائق سے پردہ اٹھ گیا!

یہ سچا واقعہ ایک ایسی لڑکی کی ہے جس کا نام Clara) Germana) کلارا جرمانا ہے۔ یہ لڑکی 1890ء میں ساوتھ افریقہ میں پیدا ہوئی تھی۔ اس لڑکی کے ماں باپ کون تھے اس کے بارے میں کوئی بھی نہیں جانتا۔ جب کلارا جرمانا چار سال کی تھی کوئی اسے ساوتھ افریقہ کے ایک یتیم خانے میں چھوڑ کر چلا گیا۔ یہ لڑکی اسی یتیم خانے کے سکول میں پڑھتی رہی۔ اس کا رویہ سب سے بہت اچھا تھا اور یہ پڑھائی میں بھی بہت ذہین تھی۔ اس کے اچھے اخلاق کی وجہ سے سب اس کو پسند کرتے تھے۔

## جوانی کی عمر میں پہنچتے ہی عجیب وغریب حرکتیں

1906ء میں جب اس لڑکی کی عمر سولہ سال کی ہوئی تب اچانک سے اس نے عجیب وغریب حرکتیں کرنا شروع کر دی۔ یہ اپنی کلاس روم میں اکثر چاک کھانا شروع کر دیتی اور جب اس کی دوست یا اس کے استاد اس کو چاک کھانے سے منع کرتے تو یہ ان کو مارنا پیٹنا شروع کر دیتی۔ سکول کے تمام بچے اور اساتذہ کلارا جرمانا سے خوف کھانے لگے تھے۔ ایک دن یہ لڑکی کلاس میں بیٹھے بیٹھے اچانک چیخنے چلانے لگی اور اپنے کپڑوں کو پھاڑنا شروع ہوگئی۔ پھر سکول کے سٹاف نے اسے پکڑ کر ایک کمرے میں بند کر دیا۔ کلارا جرمانا کی یہ حالت دیکھ کر اسے دماغی مریض سمجھا جانے لگا تھا۔

## پُراسرار بیماری

لیکن جب ڈاکٹرز نے اسے چیک کیا تو انہوں نے بتایا کہ یہ لڑکی تو دماغی طور پر بالکل ٹھیک لگتی ہے۔ لیکن اس کی پراسرار بیماری بڑھتی ہی جا رہی تھی۔ اس لڑکی کو رات کے وقت اکثر اپنے کمرے سے باہر کھڑے دیکھا جاتا اور یہ کسی عجیب زبان سے ہوا میں باتیں کرتی دیکھی جاتی تھی۔ کلارا جرمانا کی ان حرکتوں نے سب کو خوف میں مبتلا کر دیا تھا۔ اس یتیم خانہ میں ایک آدمی رہتا تھا جو جنات اور کالے جادو میں مبتلا لوگوں کا علاج کرتا تھا۔ یہ آدمی جنات کے بارے میں کافی کچھ جانتا تھا۔ ایک دن اس آدمی کو Clara) Germana) کے پاس بلوایا گیا۔

اس آدمی کو دیکھ کر یہ لڑکی جانوروں کی طرح غرانے لگی اور غراتے ہوئے اس لڑکی نے بتایا کہ اس کے جسم پر ایک شیطان نے قبضہ کیا ہوا ہے۔ اس لڑکی کی یہ کہانی پورے شہر میں مشہور ہو چکی تھی۔ یہ لڑکی جس کو بھی دیکھتی تھی اس کے راز اس کو بتانا شروع کر دیتی تھی۔ اس وجہ سے کوئی بھی اس کے قریب نہیں آتا تھا۔ اس یتیم خانے کی ٹیم نے فیصلہ کیا کہ اس کا علاج کروایا جائے گا۔ یعنی اس کے جسم سے شیطان کو نکالنے کی کوشش کی جائے گی۔ اس کے علاج کے لئے اٹلی سے دو ماہر لوگوں کو ساؤتھ افریقہ بلوایا گیا۔ جیسے ہی یہ دونوں لوگ کلارا جرمانا کا علاج کرنے کے لئے اس کے پاس گئے تو کلارا نے ان دونوں کو دیکھ کر ایسے چیخنا شروع کیا جیسے کوئی جانور تکلیف میں چلاتا ہے۔

## سانپ کی طرح رینگنے لگی

جب اس کا علاج شروع کیا تو اس لڑکی نے دیوار پر چڑھنا شروع کر دیا۔ اس لڑکی میں اتنی طاقت آگئی تھی کہ اس نے ان میں سے ایک آدمی کو اٹھا کر دیوار پر مار دیا۔ جس سے کلارا جرمانا کا اپنا بازو بھی ٹوٹ گیا تھا۔ اس کا علاج دو دن تک جاری رہا۔ دوسرے دن جب اس کا دوبارہ علاج شروع کیا گیا تو علاج کے دوران یہ لڑکی پانچ فٹ تک اوپر اُڑ گئی اور اس کے بعد ایک دم زمین پر گری اور سانپ کی طرح رینگنے لگ گئی۔ بالآخر اس دن کئی گھنٹوں کے علاج کے بعد اس کے جسم سے جلنے کی بو آنے لگی۔ کلارا جرمانا بے ہوش ہوگئی۔ پھر جب ہوش میں آئی تو یہ لڑکی بالکل ٹھیک ہو چکی تھی لیکن جب اس کی عمر 22 سال کی ہوئی تو اچانک دل کا دورہ پڑنے کی وجہ سے اس کی موت واقع ہوگئی۔ Clara Germana کے واقعہ پر بہت سے آرٹیکل اور ڈاکومینٹری انٹرنیٹ پر موجود ہیں۔

**اہم نوٹ** واقعی انگریز جادو جنات نظر بد اور پراسرار دنیا کو مانتے ہیں' کون کہتا ہے نہیں مانتے؟

تفصیلات جاننے کیلئے ابھی عبقری ویب سائٹ پر موجود "جادوئی لائبریری" کا وزٹ کیجئے جہاں انگریزوں کی لکھی ہوئیں سینکڑوں کتب اور لنکس موجود ہیں۔ www.ubqari.org مین بار پر (اوپر والی لائن) موجود بٹن "جادوئی لائبریری" پر کلک کیجئے اور پراسرار جادوئی دنیا میں داخل ہوجائیں۔

# سالہا سال پرانا خاندانی مرض ختم! آپ بھی آزمائیے

کامران رسول' گوجرانوالہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں شائع ہونے والے سینکڑوں ٹوٹکے آزما چکے ہیں جس سے بہت نفع ہوا ہے۔ آج عبقری رسالہ کے لئے اپنے ذاتی آزمودہ ٹوٹکے تحریر کر رہا ہوں تاکہ خیر اور بھلائی کے اس عظیم مقصد میں میرا حصہ بھی شامل ہوجائے۔

میری بھانجی کو قے اور متلی کی شکایت شروع ہوئی' ڈاکٹر کے پاس لے گئے' ادویات بھی استعمال کیں مگر آرام نہ آیا۔ الٹی رکنے کا نام نہیں لے رہی تھی' بچی کی طبیعت کافی خراب ہو چکی تھی' کھایا پیا بھی نہیں جا رہا تھا۔ میری چچی کو اس متعلق علم ہوا تو انہوں نے بتایا کہ اسے پیاز کا پانی نکال کر پلائیں' بچی شاید پینے سے انکار کرے مگر اسے سمجھا بجھا کر اگر پلا دیں گے تو ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔ چنانچہ والدہ نے پیاز کا پانی نکالا اور بھانجی کو کسی طرح ایک چمچ وہ پانی پلا دیا۔ تھوڑی ہی دیر میں اس کی الٹیاں رک گئیں اور وہ بالکل ٹھیک ہوگئی۔ ہاضمہ بھی درست ہو گیا۔ یہ بہت ہی لاجواب ٹوٹکہ ہے' قے اور متلی میں بچوں کو پیاز کے پانی کا ایک چمچ اور بڑوں کو دو چمچ استعمال کروائیں' اس سے فوری طور پر افاقہ ہوتا ہے۔

## بواسیر کا خاندانی روگ ختم

ہمارے رشتہ داروں میں ایک گھر ہے جن کا تقریباً ہر فرد بواسیر کے مرض میں مبتلا تھا۔ جگہ جگہ علاج کروایا' وقتی طور پر فائدہ ہوتا اور پھر دوبارہ تکلیف شروع ہو جاتی۔ انہیں ٹوٹکہ بتایا کہ ثابت اسپغول اور تارا میرا کے بیج ہموزن مکس کر لیں اور دن میں تین سے چار بار پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ انہوں نے اس ٹوٹکہ کو استعمال کرنا شروع کیا جس سے بہت افاقہ ہوا' کچھ عرصہ مسلسل استعمال کرنے سے انہیں بواسیر کے مرض سے مکمل نجات مل گئی۔ یہی ٹوٹکہ قبض کا آخری علاج ہے' آزمائیں اور شفاء پائیں۔

نسوانی حسن شفاء
بھرپور حسن اور پُراعتماد زندگی!
احساس کمتری کی شکار خواتین کیلئے اُمید کی کرن!
صرف چند دن کے استعمال سے پائیں
نسوانی حسن میں حیرت انگیز اضافہ

# پکا جواری اپنا سب کچھ لٹا چکا تھا ولی بن گیا

محترم علامہ لاہوتی صاحب السلام علیکم! آپ کا بہت احسان مند اور ممنون ہوں کیونکہ آپ کی وجہ سے میں بھٹکی ہوئی راہوں اور ظلمت کے اندھیروں سے باہر نکلا ہوں۔ حرام کی بجائے حلال راہیں اور حلال رزق نصیب ہوا۔

چند سال پہلے کی بات ہے میں بڑے مالی بحران کا شکار تھا۔ اس وقت میں جوا کھیلتا تھا۔ جوے کا ایسا نشہ اور لت لگی تھی کہ بس انتظار میں رہتا تھا میرا نمبر کب لگے گا۔ جوئے کا نمبر ایک ہندسہ کبھی آگے کبھی پیچھے ہوتا رہتا تھا۔ ابلیس بس سبز باغ دکھاتا تھا کہ اب نمبر لگے گا۔ قصہ مختصر میں اپنا بہت زیادہ نقصان کر بیٹھا میرا کاروبار ختم گھریلو زندگی تباہ ہوگئی۔ پھر میں نے لوگوں سے قرض لے کر جوے پر لگانا شروع کر دیا۔ جب لوگوں کو پتہ چلا کہ یہ جوا کھیلتا ہے انہوں نے مزید قرض دینے سے بھی انکار کر دیا۔ میرا ایک بھائی بیرون ملک ہوتا ہے میں نے اس سے پیسے مانگے اس نے انکار کر دیا۔ بھتیجے سے پیسے مانگے اس نے بھی انکار کر دیا۔ میں اتنا پریشان ہوا کہ زندگی میں نہ سکھ رہا نہ چین رہا۔ ٹینشن کی وجہ سے کھانا بھی نہیں کھا سکتا تھا۔ بھلا ہو عبقری کا جس میں جنات کا پیدائشی دوست کا کالم شائع ہوتا ہے۔ ایک دن باہر کسی دکان سے مجھے عبقری مل گیا۔ اس میں ایسی کشش تھی کہ میں نے اٹھا کر پڑھنا شروع کر دیا۔ جب جنات کے پیدائشی دوست پر نظر گئی تو اس میں ایسا کھویا کہ دنیا بھول گیا۔ میں نے اس کالم میں ایک عمل پڑھا۔ میں اتنا پریشان اور مصیبتوں کا مارا ہوا تھا کہ مجھے اس عمل کے سوا کوئی راستہ نظر نہیں آیا۔ میں نے پورے یقین اعتماد اور جنون کے ساتھ یہ عمل کرنا شروع کر دیا۔ میں ہوتا میری تنہائی ہوتی اور اللہ ہوتا تھا، عمل کے دوران میرے آنسوؤں سے قمیض تر ہو جاتی۔ میں اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگ مانگ کر روتا اور رحم کی بھیک مانگتا۔ چند دن ہی گزرے تھے کہ بھائی نے بھی رقم بھیج دی اور بھتیجے نے بھی پیسے دے دیئے۔ قرض خواہوں کے پیسے واپس کیے تو جان کو سکون ہوگیا۔ اب اللہ کا شکر ہے کہ بھائی اور بھتیجے کو بھی قرض واپس کر چکا ہوں۔ عمل یہ ہے: دو رکعت نفل حاجت پڑھنے ہیں۔ پہلی رکعت میں جب سورہ فاتحہ پڑھتے ہوئے اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچیں تو اس کی بہت زیادہ تکرار کریں۔ پھر باقی سورت پوری کر کے رکعت مکمل کریں اور دوسری رکعت میں بھی اسی طرح اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ کی خوب گڑگڑا کر بھکاری اور محتاج بن کر تکرار کریں۔ پھر نفل مکمل کر کے عاجزی سے دعا مانگیں' ان شاء اللہ حاجات ضروری پوری ہوں گی۔ اس عمل میں اتنی برکتیں ہیں کہ گمان سے باہر ہیں، وہ کام ہو جاتے ہیں جو ناممکن ہوتے ہیں۔ (د،ا۔ کراچی)


## روحانی دھونی

خوشبودار' معطر' صحتمند' جراثیم سے پاک گھر

گھر سے حشرات الارض' کھٹمل' پسو' جوئیں' بچھو' سانپ' کیڑے مکوڑے ختم

جادو' بد اثرات' بندشیں' آسیب اور شریر جنات کا گھر سے خاتمہ

دھونی دینا انتہائی آسان


# علامہ لاہوتی صاحب سے استخارہ کروائیں

**علامہ لاہوتی سے سات موتی لوٹ لیں!**

لیکن جلدی کریں' لوٹنے والے بہت' لینے والے بے قرار یہ 7 روحانی پیکیج ہیں جو آپ علامہ لاہوتی صاحب سے ہر ماہ لیں گے' لینے کے لئے کوپن پُر کرنا ضروری ہے' کوپن کے بغیر آپ کو شامل نہیں کیا جائے گا اور جواب باری آنے پر دیا جائے گا۔ **1**۔ علامہ لاہوتی صاحب سے استخارہ کروائیں' آپ کو آپ کے استخارے کے مطابق خاص اسم دیں گے۔

**2**۔ علامہ لاہوتی کو اپنی آمدن میں شریک کریں' یعنی اپنی تنخواہ یا آمدن کے ہر ہزار میں سے سوا آنہ نکالیں' روزانہ یا مہینے کے بعد۔ کرنسی کے مطابق تقریباً 25 پیسے بنتے ہیں۔ ان پیسوں کو خرچ نہ کیجئے' پورا سال اکٹھا کیجئے' سال کے بعد یہ پیسے یا اس سے زیادہ' سوال نہ کرنے والے ضرورت مندوں کو دیں یا ان پیسوں کا لنگر پکا کر 9'10 محرم یا 12 ربیع الاول کو تسبیح خانہ لاہور لے آئیں اور اپنے ہاتھوں سے تقسیم کیجئے۔

**3**۔ علامہ لاہوتی صاحب سے دعا کروائیں' وہ اپنی خاص تنہائیوں میں مشکل کشا عملیات میں آپ کے مسائل سامنے رکھتے ہوئے آپ کے لئے خصوصی دعا فرمائیں گے۔

**4**۔ علامہ لاہوتی صاحب سے روحانی دوستی کریں' اس کے لئے اپنا اور والدہ کا نام لکھوا کر بھجوائیں' وہ روحانی عروج اور کمال سے آپ کا ذاتی زائچہ بنائیں گے جو شرک سے پاک ہوگا۔ پھر آپ پر روحانی توجہ رہے گی۔

**5**۔ علامہ لاہوتی صاحب کو اپنی اولاد کی عزت' کامیابی اور ترقی کے لئے اولاد کے نام اور عمر بھیجیں۔ ان کے گرد حفاظتی نورانی حصار اور کڑا دیں گے۔

**6**۔ اپنا گھر' کاروبار' دفتر وغیرہ کا نام علامہ لاہوتی صاحب کو لکھیں' وہ نورانی حروف میں اس کو گھیر لیں گے' برکت' ترقیاں دیکھیں۔

**7**۔ آپ گورنمنٹ جاب یا کسی بھی شعبہ میں اپنا سکیل' شعبہ' ڈیپارٹمنٹ' پوری وضاحت سے لکھیں' علامہ لاہوتی صاحب آپ کے لئے ترقی' عروج اور حاسدین سے بچنے کے لئے عمل کریں گے۔ یہ تمام چیزیں پانا چاہتے ہیں تو ابھی کاغذ قلم اٹھائیں' علامہ لاہوتی صاحب کو یہ تمام چیزیں تحریر کریں اور روزانہ پہلا کلمہ ایک تسبیح پڑھ کر اس تحریر پر دم کریں' کوپن کی فوٹو کاپی نہ کروائیں' اصل رسالہ سے کاٹ کر بھجوائیں۔

جو کوپن شائع ہوا اس کو پُر کرنے سے پہلے وقت دیکھنا ہے' جس وقت آپ نے پُر کرنا ہے وہ وقت' وہ دن' وہ جگہ آپ نے لکھنی ہے۔ یہ ساری چیزیں علامہ لاہوتی صاحب اپنی خاص ساعتوں میں شمار کریں گے اور پھر کوپن اور تحریر دونوں ساتھ عبقری کو پوسٹ کر دیں۔

## کوپن

نام.................... عمر....................

والدہ کا نام.................... شہر....................

آپ کا/والد یا شوہر کا شعبہ....................

گھر کے تین افراد کا نمبر....................

مسئلہ تفصیل سے لکھئے....................

کوپن پُر کرنے کا وقت اور جگہ.................... کلمہ طیبہ کی ایک تسبیح پڑھ کر کوپن پر دم کریں۔

**نوٹ**: یہ سات روحانی پیکیج ہیں جو آپ علامہ لاہوتی سے ہر ماہ لیں گے' لینے کے لیے کوپن پُر کرنا ضروری ہے' کوپن کے بغیر آپ کو شامل نہیں کیا جائے گا

جب بھی کوپن مکمل کر کے بھیجیں' جوابی لفافہ پر ڈاک ٹکٹ لگا کر بھیجیں ورنہ آپ کو جواب موصول نہیں ہوگا۔

# اصحاب کہف سے دوستی! دیہاتی عامل کے انوکھے انکشافات

عبدالرحمٰن، کبیروالا

رمضان المبارک کا مہینہ تھا، ایک جعلی پیر ہمارے علاقے میں آنکلا۔ جب بندوں نے مجھے بتایا تو میں نے سوچا اس کو جا کر دیکھتا ہوں۔ جب وہ نظر آیا تو میں نے سات مرتبہ کہف پڑھ کر اس کی طرف پھونک ماری وہ پریشان ہو گیا اور آسمان کی طرف دیکھنے لگا، میں نے تمام ساتھیوں کو بتایا کہ یہ بنگالی جادوگر ہے لوٹ مار کرنے اور عزتیں خراب کرنے آیا ہے۔ میں نے ایک دن سوچا جا کر دیکھتا ہوں یہ آج کل کر کیا رہا ہے؟ اس نے وہی کام شروع کر دیئے جو میں نے کہا تھا۔ میں نے لفظ کہف پڑھ کر تصور میں اس پر پھونک مارنا شروع کر دیا۔ وہ ہمارا علاقہ چھوڑ کر بھاگ گیا۔

## محبت کے عمل کا ناجائز استعمال اور برا انجام

میرے پاس ایک آدمی آیا کہ مجھے محبت کا عمل بتا دو۔ میں نے کہا کہ کیا کرو گے کہنے لگا: جائز استعمال کروں گا۔ میں نے بتا دیا۔ عمل کی زکات ادا کرنے کا طریقہ بھی بتا دیا۔ چند دن بعد مجھے پتا چلا کہ وہ اس عمل کا غلط استعمال کر رہا ہے۔ میں بہت پریشان ہوا اور آخر کار میں نے سوچا کہ اس کے پاس وہ عمل ہے کہ جس کے اوپر جادو، جن، دیو، پری، خبیث جنات کا اثر نہیں ہوتا۔ حتیٰ کہ گولی تک کا اثر نہیں ہوتا، کوئی نجومی، عامل، جادوگر اس عمل کا توڑ نہیں کر سکتا ہے۔ میں نے سات مرتبہ کہف پڑھ کر کہا کہ اے اصحاب کہف ہمارے تعلق کو کتنا عرصہ گزر گیا، آپ اس آدمی کے عمل کو سلب کر دیں اور اس کی تاثیر کھینچ لیں۔ پھر ایسا ہی ہوا اس آدمی کا عمل ختم ہو گیا، تاثیر سلب ہو گئی اور وہ مرتے مرتے بچا اور مشہور ہو گیا کہ اگر اس عمل کا غلط استعمال کرو گے تو مارے جاؤ گے۔ میں نے اصحاب کہف کا شکریہ ادا کیا اور انہیں اعمال کا ہدیہ پیش کیا۔ اصحاب کہف اور لفظ کہف سے میری دوستی اس طرح ہوئی کہ میرے گھر پر جادو جنات کا حملہ تھا۔ میرے والدین بھی اس مصیبت سے گزر چکے تھے۔ بڑے بڑے عاملین سے علاج، دم کروایا تھا مگر کچھ اثر نہیں ہوا۔ اگر میں ان بزرگوں کا نام بتا دوں تو لوگ حیران رہ جائیں گے مگر قربان جاؤں حضرت حکیم محمد طارق محمود صاحب پر اور حضرت علامہ لاہوتی پر، اللہ تعالیٰ ان کی نسلوں کو تا قیامت آباد و شاداب رکھے۔ ان کی بدولت ہمیں ایسے اعمال اور ان کی مکمل تاثیر ملی جس کا کائنات میں کوئی مقابلہ نہیں جن اعمال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی براہ راست مدد ہے۔ مجھے عبقری سے لفظ کہف کا وظیفہ ملا۔ وظیفہ کیا تھا جنات و جادو، دیو، چڑیل کے لئے ننگی تلوار، کالے جادو والوں کی موت تھا۔ اس وظیفے سے صرف کالے عمل سلب نہیں ہوتے بلکہ کالے جادوگر کی بربادی ذلت اور موت ہو جاتی ہے۔ بندہ نے اس کو پڑھنا شروع کر دیا۔ صبح و شام سات مرتبہ پڑھ کر گھر جان و مال بچوں کا حصار کرتا اور اس سے ہر طرح کی پریشانی ختم ہو جاتی حتیٰ کہ ظالم جادوگر کو اپنی جان کی پڑ گئی۔ ایک دفعہ میں عشاء کے بعد جب بستر پر لیٹا اور غنودگی سی طاری ہوئی تو میں نے دیکھا کہ اصحاب کہف میرے گھر میں آئے اور انہوں نے دو کالے جنات جادوگروں کو پکڑ لیا ہے اور اصحاب کہف کا کتا ان کے پیچھے تھا۔ انہوں نے ہتھیار اور زرہ پہنے ہوئے تھے۔ اب میں تمام قارئین عبقری کو ایک راز بتاتا ہوں کہ جو عمل بھی پڑھو اس کے اوّل سات مرتبہ کہف پھر درود شریف اور آخر میں درود شریف اور پھر سات مرتبہ کہف پڑھو۔ ان شاء اللہ دنیا و جہاں کا کوئی عامل، جادوگر، بنگالی جادوگر، دیو آپ کے عمل کو کبھی بھی ختم نہ کر سکے گا۔ اس عمل کا توڑ یعنی لفظ کہف کا توڑ جناتی دنیا، جادوگر کی دنیا، جعلی عامل، بنگالی عامل، افریقی عامل کے پاس بھی نہیں ہے مگر خیال کرنا جو آزماؤ گے عبقری کو لکھنا نہ بھولنا۔ اس میں سب کا بھلا ہے۔ اس عمل کے مزید مشاہدات لکھ رہا ہوں۔ ایک دفعہ میرا بھائی بیمار تھا اور ڈاکٹر کے پاس گیا ہوا تھا اور کافی وقت گزرنے کے بعد بھی وہ نہ آیا تو ہمیں تشویش ہوئی۔ میں نے سات مرتبہ کہف پڑھ کر اصحاب کہف سے عرض کیا: میرے بھائی کو حفاظت سے واپس گھر پہنچا دیں۔ وہ تھوڑی دیر بعد صحیح سلامت واپس آ گیا۔

## زبان سے نکلی بات ہو بہو پوری ہوئی

ایک مرتبہ ہمارا گدھا کسی نے کھول دیا اور ہم تلاش کر کے تھک گئے۔ اتنے میں میرے ذہن میں آیا کہ میں اصحاب کہف سے عرض کرتا ہوں۔ میں نے سات مرتبہ کہف پڑھ کر کہا کہ ہمارا گدھا نہ آگے جائے نہ پیچھے، جہاں پر ہو وہاں کھڑا رہے تو جب میں تلاش کرتا کرتا ایک جگہ پہنچا تو ایک لڑکا اس کو پکڑے ہوئے کھڑا تھا اور مجھے کہنے لگا کہ یہ گدھا آپ کا ہے تو میں نے کہا کہ ہاں ہمارا ہے۔ وہ کہنے لگا یہ نہ آگے چلتا ہے نہ پیچھے چلتا ہے اسکو کیا ہوا ہے۔

ہمارے ہاں ایک نلکا لگا ہوا ہے اس کا پانی میٹھا ہے۔ لوگ وہاں سے پانی بھرتے ہیں لیکن اس کو کم از کم دس منٹ چلانا پڑتا ہے پھر پانی اوپر آتا ہے۔ میں نے نلکا چلانا شروع کیا تو سات مرتبہ کہف پڑھا تو فوراً پانی نکل آیا۔ ہمارے گھر کے ساتھ میرے تایا چچا کے گھر ہیں، وہ اپنے مکانات بنا رہے ہیں۔ ایک دفعہ وہ دونوں آپس میں لڑ پڑے، مجھے پتہ چلا تو میں نے سات مرتبہ کہف پڑھ کر اس کے مؤکلات کو کہا کہ ان کی لڑائی بند کروا دو، فوراً لڑائی بند ہو گی۔ جب صبح ہوئی تو پھر لڑائی شروع ہو گئی، ایک کہنے لگا کہ میں مکان نہیں بنا تا جب کہ دوسرا کہہ رہا تھا کہ بنا لیتے ہیں۔ جب مجھے پتہ چلا تو میں نے سات مرتبہ کہف پڑھ کر اصحاب کہف کو کہا کہ جو نہیں مانتا اس کو فوراً منوا دو تو الحمدللہ تقریباً 10 یا 15 منٹ میں ان کی صلح ہو گئی۔

## عبقری نیا سلسلہ! آئیے آپ کو عامل کامل بنا دیں!

ہر شخص کی زندگی میں ایسے مسائل آتے ہیں کہ اس کو ان کے حل کیلئے کسی نہ کسی عامل کی ضرورت پڑتی ہے اگر تو وہ صحیح جگہ پہنچ جائے جہاں شریعت کے مطابق اس کو وظائف و اعمال بتا دیئے جائیں تو اس کا مال بھی بچ جاتا ہے اور ایمان بھی اگر خدانخواستہ کسی اور جگہ پہنچ جائے تو مال تو جاتا ہی ہے بعض اوقات عزت اور ایمان تک چلا جاتا ہے مگر اب نہیں! ماہنامہ عبقری دکھیوں کے دکھوں کا مداوا ڈھونڈ لایا روحانی صدری رازان کا طریقہ با اجازت اعمال ہر ماہ آپ کو بتائے سکھائے جائیں گے، خود بھی دکھوں سے نجات پائیں اور دکھیوں کو با اجازت بتائیں۔ ہر ماہ عبقری کا شدت سے انتظار کیجئے آپ کی صحت کاروبار رزق اولاد شادی اور دیگر مسائل کیلئے اگست 2024ء سے ہر ماہ ایک عمل وظیفہ دیا جائے گا۔

خواتین کے امراض مخصوصہ کا واحد حل
خاتون شفاء پر
ماہواری کی بندش اور تکلیف کا آخری علاج
ایام کی کثرت، رحم کی کمزوری، ہارمونز، سیلان و ورم و ضعف میں مفید ہے۔

ہاں ہاں آپ کے ہاتھ میں ایک خاص رنگ کی خاص چیز ہوگی جس پر کچھ خاص حرف لکھے ہوں گے بس گھر میں رکھ دیں رکھتے ہی عرشی نظام حرکت میں آئے گا فرشی نظام آپ کے موافق، تمام رکاوٹیں، بندگلیاں اور بندشیں یہ گئیں وہ گئیں۔ 28 جولائی۔۔!

# ہاتھ کی انگلی میں پوشیدہ شفایابی کا راز جان لیجئے!

**قارئین! کیا آپ ادویات کھا کر عاجز آچکے ہیں یا ایسے مرض میں مبتلا ہیں کہ ادویات کھانے سے بھی قاصر ہیں۔ آپ چاہتے ہیں کوئی ایسا حل یا طریقہ علاج مل جائے جس سے آپ کو ان ادویات سے نجات مل جائے اور آپ بھی تندرستی کی نعمت سے مالا مال ہو جائیں؟ تو جی ہاں یہ ممکن ہے۔**

الرجی کی بیماری لاحق ہونے کی بہت سی وجوہات ہیں جس میں کوئی ایسی چیز کھانا یا جسم پر لگانا، جسے آپ کا جسم قبول نہ کرے تو اس سے الرجی ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد جسم پر خارش اور بے چینی محسوس ہوتی ہے۔ مختلف اشیا جیسے مونگ پھلی، اخروٹ، بادام، کاجو، انڈے، گائے کا دودھ اور مخصوص مچھلی کھانے سے بھی لوگ الرجی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ سانس کی الرجی ہو یا پھر کھانے کی وجہ سے، اس کی علامات میں سانس لینے میں دشواری، جلن یا آنکھوں میں خارش، سوجی ہوئی سرخ آنکھیں، کھانسی، صدمے میں چلے جانا، خرخراہٹ، ناک بہنا، جلد سُرخ ہو جانا، جسم پر نشانات یا دانے ہو جانا، ناک، منہ، گلے یا جلد پر خارش ہونا وغیرہ شامل ہیں۔ زیادہ تر بچے الرجی کا شکار ہوتے ہیں اور ان کی ناک، آنکھیں، گلا، پھیپھڑے یا جلد زیادہ متاثر ہوتی ہے۔

## سوجوک طریقہ علاج

سوجوک تھراپی میں ہاتھوں کہ پنجوں اور پیروں کے تلوؤں کے مخصوص پوائنٹس پر دباؤ ڈال کر علاج کرنے کا طریقہ موجود ہے جو اب تک کہ اپنی مدد آپ کے تحت علاج کرنے کہ طریقوں میں اوّل درجہ رکھتا ہے۔ سوجوک تھراپی نہایت آسان، مگر طاقتور، مؤثر، استعمال میں نہایت با اثر مضر اثرات سے پاک اور سستا طریقہ علاج جس میں کسی قسم کی دوائی، انجکشن، ایکسرے، لیب ٹیسٹ، الٹراساؤنڈ، ایم آر آئی وغیرہ کی ضرورت پیش نہیں آتی اور اس کا اثر کچھ ہی منٹوں یا چند ہی ایک سیکنڈ میں محسوس ہونے لگتا ہے۔


## الرجی کورس

**ہر موسم میں الرجی کا آزمودہ علاج**

**دائمی نزلہ، الرجی، ناک کی ہڈی کا بڑھنا جلدی مسائل کیلئے مؤثر ہے**


مونگ کے بیج طویل عرصے سے اپنی خصوصیات کے لیے پہچانے جاتے ہیں۔ ان میں سوزش اور اینٹی آکسیڈینٹ اثرات کے ساتھ مرکبات ہوتے ہیں، جو انہیں الرجی جیسی بیماریوں میں مبتلا افراد کے لیے ممکنہ طور پر فائدہ مند بناتے ہیں۔ سوجوک طریقہ علاج میں الرجی سے متعلقہ پوائنٹس ہاتھ کی پشت پر درمیانی انگلی کے دوسرے جوڑ سے کچھ اوپر واقع ہوتے ہیں جہاں مونگ کی بیج لگائے جاتے ہیں۔

## چند منٹ کے عمل سے شفاء پائیں

قارئین اگر آپ میں بھی الرجی کی علامات موجود ہیں اور آپ ڈاکٹروں، حکیموں اور ہسپتالوں کی گرد بھی نہیں چھاننا چاہتے یا ادویات کھا کھا کر اور ٹیسٹ کروا کروا کر تھک چکے ہیں مگر اس مرض سے نجات اب ایک خواب لگتا ہے تو پریشان ہرگز نہ ہوں۔ عبقری آپ کے اس صحت یابی کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے آپ کے ساتھ ہے۔ سب سے پہلے کوئی بھی تیل لے لیں اور تصویر میں موجود نشاندہی والے حصے پر اچھی طرح تیل کی مالش کریں۔ مالش کے دوران آپ اس حصہ پر درد بھی محسوس کریں گے مگر اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں 'ایک منٹ' 'دو منٹ' پانچ منٹ جتنی سہولت ہو مالش کریں۔ اب ایک کاٹن (ڈاکٹری) ٹیپ اور کچھ مونگ کے بیج لے لیں۔ ان بیجوں کو ٹیپ کی مدد سے تصویر پر موجود نشاندہی والے حصے پر اچھی طرح لگالیں اور اس لگی ہوئی پٹی کو جیسے سہولت ہو تھوڑے تھوڑے وقفے سے دباتے رہیں۔ اب اس پٹی کو رات کو سونے سے پہلے یا دن میں جیسے سہولت ہو ایک سے دو گھنٹہ روزانہ لگائیں۔ آپ انشاء اللہ بفضل خدا کچھ ہی دنوں میں مثبت نتائج دیکھیں گے اور الرجی جیسے موذی مرض سے بہت جلد نجات حاصل کرلیں گے۔



# مسجد کی خدمت نے بیماریوں اور بدبختی کا صفایا کر دیا

(آسیہ، لاہور)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے ایک جاننے والی خاتون سے ملاقات ہوئی۔ چند سال قبل ان کے حالات بہت خراب تھے' اکثر ان کے گھر میں مفلسی اور فاقہ ہوتا تھا۔ مختلف بیماریوں میں مبتلا تھے۔ لیکن اس بار جب وہ خاتون ملی تو بہت خوش تھی اور پوری طرح صحت مند دکھائی دے رہی تھیں۔ میرے استفسار پر انہوں نے بتایا کہ ہمارے حالات کو دیکھ کر کوئی جادو' کوئی نحوست ہر کوئی طرح طرح کی باتیں کرتا۔ شوہر نے مزید دربدر ہونے کی بجائے بخت اور مقدر کو اللہ تعالیٰ سے منوانے کا فیصلہ کیا۔ وہ ایک قریبی مسجد میں نماز کے لئے جاتے تھے' وہاں کی صفائی انہوں اپنے ذمہ لی' مسجد میں جھاڑو وغیرہ دیتے۔ اس کے علاوہ برکت کے لیے جن نلکوں سے نمازی حضرات وضو کرتے ہیں وہاں سے برکت کے لئے تھوڑا سا پانی گھر لے آتے اور اسے باقی پانی میں شامل کر کے ہم کھانے پکانے اور پینے میں سارا دن استعمال کرتے۔ خدمت اور اس برکتی پانی کی وجہ سے ہمارے حالات بدل گئے۔ اللہ پاک کا خاص فضل اور رحمت ہوئی، مجھے تہجد کی نماز کی توفیق ملی' نعمتیں اور برکتیں ہمارے گھر میں داخل ہو گئیں۔ اب اللہ کا شکر ہے کسی چیز کی کمی نہیں ہے' اللہ تعالیٰ جھولیاں بھر بھر کر عطا کر رہا ہے۔ شکر گزاری کا جذبہ بھی نعمتیں حاصل کرنے کا اہم سبب ہے۔ جب وہ خاتون اپنا مشاہدہ بتارہی تھی تو مجھے آپ کی بات یاد آگئی جو روحانی محفل میں آپ نے فرمائی تھی کہ میرے حضرت بھی مسجد کا پانی منگوا کر پیتے تھے کیونکہ اس میں روحانیت اور شفاء کے انوکھے راز ہیں۔


**کولین ڈراپس**

بچے کا سکون | ہر ماں کا اطمینان

نوزائیدہ بچوں کے پیٹ کے امراض کیلئے بہترین دوا
بچوں کی بدہضمی، متلی، الٹی اور بھوک کی کمی کا مکمل علاج


شہادت کی انگلی سے جسم کے کس حصہ پر آپ صرف ایک دائرہ بنائیں گے اور ایک لفظ بس! جتنے سال گزرے زندگی کے وہ بھی کارآمد اور آئندہ عمر دراز، غم ختم، دکھوں کے دن رات کٹ گئے۔ صدیوں سے آزمودہ عمل، شیخ الوظائف خود کروائیں گے۔ کراچی محفل کا انتظار کریں۔

# عاملین کاملین کی زندگی کا نچوڑ! اس نقش کی تاثیر ہر عمل پر بھاری

**گھروں کی رونقیں سدا بحال** گھر ہمیشہ آباد رہیں، گھروں میں محبتیں اور صلہ رحمی رہے۔ گھر امن کا گہوارہ رہیں۔ کبھی گھروں میں توڑ نہ ہو اس کے لئے نقش دریائے نیل کا درج ذیل عمل کریں۔ جس نے یہ عمل کیا اس کا گھر ہمیشہ ہمیشہ شاد و آباد رہے گا۔

**جان مال عزت کی حفاظت:** کوئی نظام حفاظت کا نہیں کسی وقت بھی جان، مال اور عزت تار تار ہوسکتی ہے۔ ایسے غیر محفوظ حالات میں عرشی مدد اور حفاظت کیلئے نقش دریائے نیل کا درج ذیل عمل کریں۔

**ڈاکٹروں نے لاعلاج کردیا:** اس ماہ نقش دریائے نیل کا عمل کریں اور ایک بالشت کالے رنگ کا کپڑا لے کر اس پر دم کرکے جسم پر پھیریں اور کپڑا جلادیں۔ لاعلاج مریض اللہ کی رحمت سے شفاء پاجائے گا۔

**نقش دریائے نیل کا عمل (ماہ جولائی):** اس ماہ روزانہ کسی بھی وقت دریائے نیل کے نقش پر شہادت کی انگلی پھیرتے ہوئے اول و آخر 3 بار درود شریف، 21 مرتبہ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ پڑھیں۔ اس عمل کا ثواب حضور نبی اکرم ﷺ، آپؐ کے تمام گھرانے (آپ ﷺ کے گھرانے میں اہل بیت اطہارؓ، آپ ﷺ کے داماد، امہات المؤمنینؓ، بیٹے، بیٹیاںؓ، نواسے، نواسیاں شامل ہیں) امیر المؤمنین حضرت عمرؓ، یاران عمرؓ (حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علی المرتضیٰؓ، حضرت امام حسنؓ و حسینؓ) امام زین العابدینؒ، امام جعفر صادقؒ ان کی آل اولاد، عشرہ مبشرہ صحابہؓ اور ان کی آل اولاد کو ہدیہ کریں۔ یہ عمل وضو بے وضو ہر حالت میں کرسکتے ہیں۔ جو شخص نقش دریائے نیل والا عبقری شمارہ (ماہ نومبر 2023ء) 7، 17، 33، 70، 111 لوگوں تک پہنچائے گا تو ان سب لوگوں کے بقدر اس کی حاجتیں اور مرادیں پوری ہوں گی۔ ہدیہ: اس ماہ 11 روپے، 111 روپے گھر کے ہر فرد یا پورے گھر کی طرف سے صدقہ کردیں۔ نوٹ: اس نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروائیں ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے۔

**عاملین کی زندگی کا نچوڑ:** عاملین کاملین نے جس عمل میں وہ تاثیر پائی جس کے سامنے کائنات کی ہر طاقت ہیچ ہوجائے۔ وہ نقش دریائے نیل کا عمل ہے۔ 9، 10 محرم تسبیح خانہ آ کر لے جایئے۔

**ہر بندش، ہر رکاوٹ کا توڑ:** زندگی کے کسی نظام میں رکاوٹ یا بندش ہو اور کام نہ چل رہا ہو اس کا واحد حل نقش دریائے نیل کا عمل ہے۔ اس ماہ کا عمل کرکے زندگی کی ہر بندش سے چھٹکارا پائیں۔

**آپ کی اولاد بے مثال:** اولاد میں روگ، علت اور ذلت کبھی نہ ہو اور اولاد آنکھوں کی ٹھنڈک ہو، لوگ آپ کی اولاد کی مثالیں دیں۔ اولاد کی ان صفات کی نیت سے اس ماہ کا نقش دریائے نیل کا عمل کریں

**ڈر خوف اور ڈیپریشن سے چھٹکارا:** کسی ڈر یا خوف میں مبتلا ہیں، ڈیپریشن، اینگزائٹی کا روگ ہے اور ہر وقت دل میں ایک گھبراہٹ ہے تو نقش دریائے نیل کا اس ماہ کا عمل کریں اور پر امید اور پرسکون ہوجائیں۔

**7 مرادیں دل میں رکھ لیں:** 9، 10 محرم میں نقش دریائے نیل کے خاص عمل میں شامل ہوں، اس ماہ نقش دریائے نیل کا عمل بھی کرتے رہیں اور سات مرادیں دل میں رکھ لیں۔ ان شاء اللہ 7 مرادیں پوری ہوں گی۔

دریائے نیل کا کرشمات سے بھرا خاص نقش عبقری شمارہ نومبر 2023ء کے صفحہ 4 پر شائع ہوچکا ہے۔ ہر ماہ اس نقش کا ایک خاص عمل دیا جارہا ہے جسے کرنے والا کبھی نامراد نہ ہوگا۔ اس نقش والے رسالہ کو 9، 10 محرم الحرام کی محفل میں تسبیح خانہ لاہور لے آئیں، شیخ الوظائف نقش پر خاص عمل کروائیں گے جس سے نقش کی وہ تاثیر جو شیخ الوظائف کو ملی، آپ بھی پالیں گے۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروقؓ کی طرف سے دریائے نیل کو لکھا گیا خط جو کہ حضرت عمرو بن العاصؓ نے دریائے نیل میں ڈالا، جس کی برکت سے وہ دریا آج بھی بہہ رہا ہے۔ خط میں لکھے گئے ان الفاظ کی برکتیں آج بھی موجود ہیں جن کی تاثیر شیخ الوظائف کو ملک شام 2023ء کے روحانی سفر میں عطا کی گئی۔ اس خط کے مستند حوالہ جات درج ذیل ہیں۔


**اسم اعظم کی دم شدہ**

**کالی کڑوی شفاء**

کالے جادو کی وجہ سے اگر آپ لاعلاج بیماریوں میں مبتلا ہوگئے ہیں

بلڈ پریشر، امراض قلب، شوگر، کینسر، ہیپاٹائٹس، جگر، جادو کی وجہ سے ہڈیوں نے کام کرنا چھوڑ دیا ہو تو کالی کڑوی شفاء بے حد مفید ہے



**اہل سنت کتب:** (1) تفسیر ابن کثیر، مصنف: امام المفسرین حافظ عمادالدین ابو الفدا اسمعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی سورۃ السجدۃ، جلد: 6، ناشر: دارالسلام۔ (2) البدایہ والنہایہ، مصنف: امام المفسرین ابو الفدا اسمعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی فصل فی البحار الانہار، ج: 1 ناشر: دار الحدیث، قاہرہ۔ (3) العظمہ ابی الشیخ الاصبہانی، باب صفۃ البحر والحوت وعجائب مافیہما، ج: 4، ناشر: دارالعاصمہ، الریاض۔ (4) تاریخ ابن کثیر، تاریخ الخلفاء، مصنف: علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ناشر: دارالاشاعت، کراچی۔ (5) تاریخ مدینہ دمشق، امام ابن عساکر، جلد 44، مکتبہ رشید۔ (6) تفسیر ابن کثیر، جلد 3 ناشر: ضیاء القرآن، مصنف: امام المفسرین حافظ عمادالدین ابو الفدا اسمعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی۔

**اہل تشیع کتب:** (1) الکامل فی اللغۃ والادب، مصنف: علامہ ابوالعباس المبرد ناشر: دارالمعرفہ، بیروت۔ (2) صبح الاعشیٰ فی صناعۃ الانشاء، مصنف: ابوالعباس احمد بن علی قلقشندی، ناشر: دارالفکر بیروت۔ (3) کتاب الاغانی، مصنف: علامہ علی بن حسین الاصفہانی، ناشر: دار صادر بیروت۔ (4) تاریخ الفخری فی آداب السلطانیہ، مصنف: محمد بن علی ابن طباطبائی، ناشر: شرکت انتشارات علمی تہران۔ (5) الخطط التوفیقیۃ الجدیدہ، مصنف: ملا علی پاشا مبارک، ناشر: دارالکتب المصریہ قاہرہ۔ (6) شرح نہج البلاغۃ جلد 6، نسب عمرو بن العاصؓ وطرف من اخبارہ" مصنف: ابن ابی الحدید، ناشر: دارالکتب العلمیہ، بیروت لبنان۔

The Short History of Saracens, Writer: Sayed Ameer Ali, Published in London 18917.(7)


## محرم الحرام میں کوئی حسرت باقی نہ رہے گی!

آپ کی کوئی ایسی حاجت جو آج تک ادھوری ہے، رب سے تونگری، وسعت و برکت کے فیصلے کروانا چاہتے ہیں تو 9، 10 محرم تسبیح خانہ لاہور میں گزاریں، 26 محرم کے تعویذ کا مجرب عمل، کالی تھیلی، دعائے حضرت علیؓ، روحانی جانثاروں کی الوداعی دعا، اسم اعظم، نظر بد کا سالانہ دم، نقش دریائے نیل اور ایسے آزمودہ عمل کروائیں جائیں گے کہ کوئی حسرت باقی نہ رہے گی۔

**کشادہ، پرتکلف لنگر اور رہائش کا بہترین انتظام ہوگا۔**

# عرق گلاب ہمراہ گلیسرین
(120ml)




- چہرے کی جلد کو آلودگی' مضر اثرات سے محفوظ رکھے۔
- جلد کو نرم' ملائم اور خوبصورت بنائے۔
- ڈھلتی عمر کے اثرات کو گھٹائے۔
- چہرے کی خشکی کو دور کرے۔

# تلبینہ

غذا بھی ‹ دوا بھی ‹ شفاء بھی




عبقری تلبینہ دودھ کے علاوہ شہد' کھیر' فرنی' مشروبات' مشروب عبقری' آئس کریم کے ہمراہ بھی بنا سکتے ہیں۔

بچوں' عورتوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک

# فولادی ٹانک

مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک




پرانا نام: فٹنس فولاد ٹانک

- تھیلی سیمیا کے مریضوں کیلئے شفاء ہے
- جسم کو توانا' فربہ اور خوبصورت بناتا ہے
- حافظہ کو قوی' دانتوں کو مضبوط بنائے
- حاملہ خواتین کیلئے لاجواب ٹانک

# روحانی پھکی

لاکھوں نے آزمایا اور خوب ہی پایا




لاعلاج جسمانی بیماریوں کیلئے شفاء کا خزانہ

بے خوابی' خون کی کمی' پیٹ کے کیڑے' مرگی کے دورے' سیلان الرحم' نظر کی کمزوری' جادو' آسیب' نظر بد اور بھی بہت سے امراض کا حل

اسم اعظم کے خصوصی دم اور برکت سے مزین پھکی

# عبقری جراثیم شفا صابن

نرم و ملائم خوبصورت جلد کا مہکتا احساس!

صحت بھی حفاظت بھی




چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں

# تنسینا ٹانک

پرانا نام تندرستی ٹانک




نیا نام نئی پیکنگ نام ولا انتہائی شفایابی پرانی

- قوت مدافعت اور نظام انہضام کو بڑھاتا ہے۔
- خون کی کمی کو دور کرے اور جلد کو چمکدار بنائے
- دماغی واعصابی کمزوری اور جسمانی دردوں میں انتہائی مفید
- جگر و معدہ کی اصلاح کرے' حافظہ مضبوط' یادداشت بڑھائے
- بچوں' خواتین' بوڑھوں اور نوجوانوں کیلئے یکساں مفید

عبقری گروپ آف میڈیا
★ ماہنامہ عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ اخبار کرائم پوسٹ
+92 332 755 2382, +92 321 434 3500

ubqari | ubqariofficial1 | ubqari
UbqariTasbeehKhana | www.ubqari.org
ubqari | /ubqari.org

یوٹیوب چینل سبسکرائب کرنے کیلئے یوٹیوب QR CODE سکین کریں
YouTube